”ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کتنے غضب اور ظلم کی بات ہے کہ ہمارے بزرگوں کو بدنام کرتے ہیں اور وہابی کے لقب سے یاد کرتے ہیں ہمارے قریب میں ایک قصبہ ہے جلال آباد وہاں پر ایک جبہ شریف ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب ہے اس کی زیارت حضرت حاجی صاحب رحمۃاللہ علیہ اور مولانا شیخ محمد صاحب کیا کرتے تھے اور حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃاللہ علیہ نے اس کے متعلق میرے خط کے جواب میں تحریر فرمایا تھا کہ اگر منکرات سے خالی وقت میں زیارت میسر آنا ممکن ہو تو ہرگز دریغ نہ کریں بتلائیے یہ باتیں وہابیت کی ہیں ان بدعتیوں میں دین تو ہوتا نہیں جس طرح جی میں آتا ہے جس کو چاہتے ہیں بدنام کرنا شروع کر دیتے ہیں خود تو بددین ہیں دوسروں کو بددین بتلاتے ہیں“۔

(ملفوظات: ج4 ص32 ملفوظ 55)

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

"ایک جماعت ہے جو ہم لوگوں کو وہابی کہتی ہے لیکن ہماری سمجھ میں آج تک یہ بات نہیں آئی کہ ہمیں کس مناسبت سے وہابی کہتے ہیں کیونکہ وہابی وہ لوگ ہیں جو ابن عبدالوہاب کی اولاد میں سے ہیں یا وہ لوگ ہیں جو اس کا اتباع کرتے ہیں ابن عبدالوہاب کے حالات کتابوں میں موجود ہیں ہر شخص ان کو دیکھ کر معلوم کرسکتا ہے کہ وہ نہ اتباع کی رو سے ہمارے بزرگوں میں ہیں نہ نسبت کی رو سے البتہ آج کل جن لوگوں نے تقلید چھوڑ کر غیر مقلدی اختیار کرلی ان کو ایک اعتبار سے وہابی کہنا درست ہوسکتا ہے کیونکہ ان کے اکثر خیالات ابن عبدالوہاب سے ملتے ہیں ہم لوگ حنفی ہیں کیونکہ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ اصول چار ہیں کتاب اللہ حدیث رسول اجماع امت اور قیاس مجتہد سوان چار کے اور کوئی اصل نہیں اور مجتہد بہت سے ہیں لیکن اجماع امت سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ چار امام یعنی امام ابوحنیفہ امام شافعی امام احمد بن حنبل اور امام مالک رحمہم اللہ کے مذاہب سے باہر ہوجانا جائز نہیں نیز یہ بھی ثابت ہے کہ ان چاروں میں جس کا مذہب رائج ہو اس کا اتباع کرنا چاہیے تو چونکہ ہندوستان میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب رائج ہے اس لیے ہم انہیں کا اتباع کرتے ہیں ہم کو جو لوگ وہابی کہتے ہیں قیامت میں اس بہتان کی ان سے باز پرس ضرور ہوگی"۔ (اشرف الجواب)

خود رضاخانیوں کو بھی اس بات کا اقرار ہے کہ وہابی اصل اور آج کل کے عرف کے اعتبار سے غیر مقلدین کو کہا جاتا ہے چنانچہ بریلوی مناظر مفتی حنیف قریشی کہتا ہے:

"اہل حدیث جماعت پر لفظ وہابی کا عمومی اطلاق ہوتا ہے"۔ (مناظرہ گستاخ کون: ص 65)

بریلوی حکیم الامت مولوی منظور اوجھیانوی المعروف احمد یار گجراتی صاحب اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ وہابی غیر مقلدین کو کہا جاتا ہے چنانچہ لکھتا ہے:

"اسمٰعیل کے معتقدین دو گروہ بنے ایک تو وہ جنہوں نے اماموں کی تقلید کا انکار کیا جو غیر مقلد یا وہابی کہلاتے ہیں"۔ (جاء الحق: ص 13)

خود کاشف اقبال رضاخانی نے جب اہل السنۃ والجماعۃ کے خلاف کتاب لکھی تو اس کا نام

''دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف'' رکھا اور جب غیر مقلدین کے خلاف کتاب لکھی تو اس کا نام ''وہابیت کے بطلان کا انکشاف'' لکھا سوال یہ ہے کہ اگر یہ دونوں ایک ہی ہیں تو دو الگ الگ ناموں سے دو مختلف کتابیں لکھنے کی کیا ضرورت تھی؟

مفتی حنیف قریشی ایک اور مقام پر کہتا ہے:

''آپ کے سرخیل مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کتاب فتاویٰ ثنائیہ جلد اول صفحہ 99 پر لکھتے ہیں: یہ بات وہابیت کی تاریخ میں واضح طور پر موجود ہے کہ وہابی کی اصطلاح کا عموم اطلاق جماعت اہل حدیث پر ہوتا ہے''۔ (مناظرہ گستاخ کون: ص 64)

اگر یہ کہا جائے کہ محمد بن عبد الوہاب کے عقائد کو فتاویٰ رشیدیہ میں عمدہ کہا گیا ہے اس وجہ سے ہم آپ کو وہابی کہتے ہیں۔ عرض ہے کہ ان کے کن عقائد کو عمدہ کہا گیا ہے اس کی وضاحت وہاں نہیں، وہاں مجملاً ان کے عقائد کو اچھا کہا گیا ہے مگر کسی کے عقائد کو اچھا کہہ دینے سے اس ذات کی طرف نسبت کیسے ہوسکتی ہے؟ کیا رضاخانیوں کے نزدیک امام مالک، امام شافعی، امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے عقائد عمدہ نہ تھے، مگر بایں ہمہ ان میں سے کوئی بھی رضاخانی اپنی نسبت میں حنبلی، شافعی، مالکی نہیں لگاتا۔

اپنے گھر کی خبر لو:

بریلوی جامع المعقول والمنقول غلام محمد پیپلانوی لکھتے ہیں:

''وہابی دو قسم کے پائے جاتے ہیں ایک مسلمان وہابی دوم منافق وہابی''۔

(نجم الرحمان: ص 36 رنوری کتب خانہ لاہور)

بریلوی شمس الاسلام مولانا معین الدین اجمیری مرحوم لکھتے ہیں:

''اعلیٰ حضرت نے ایک دنیا کو وہابی کرڈالا ایسا بدنصیب کون ہے جس پر آپ کا خنجر وہابیت نہ چلا ہو وہ اعلیٰ حضرت جو بات بات میں وہابی بنانے کے عادی ہوں وہ اعلیٰ حضرت جن کی تصانیف کی علت غائیہ وہابیت جنہوں نے اکثر علماء اہل سنت کو وہابی بنا کر عوام کالانعام کو ان سے بدظن کرادیا جن کے اتباع کی پہچان کہ وہ وعظ میں اہل حق سنیوں کو وہابی کہہ کر گالیوں کا

مینہ برسائیں جنہوں نے وہابیت کے حیلہ سے علماء ربانیین کی جڑ کاٹنے میں وہ مساعی جمیلہ کیں کہ جن کا خطرہ حسن بن صباح جیسے مدعی امامت ونبوت کے دل میں بھی نہ گذرا ہوگا اور جن کے فتنہ وفساد کے سامنے حسن بن صباح کے خدائی بھی گرد ہوں اگر حسن بن صباح زندہ ہوکر آجاوے تو اس کو اعلیٰ حضرت کے کمالات کے بالمقابل سوائے زانوئے ادب نہ کرنے کے چارہ کار نہوغرض ایسی مقتدر جماعت کا پیشوا جن کی زبانیں سوائے وہابی اور روہبڑے اور لہبڑے کے دوسرے الفاظ سے اثناء وعظ میں آشنا ہی نہیں ہوتیں اگر درپردہ وہابی ثابت ہوجاوے تو پھر تعجب کی کوئی حد نہیں رہتی خلقت کہتی ہے وہ اعلیٰ حضرت جو اپنے آپ کو وہابی کش ظاہر فرماتے ہیں بالآخر خود وہابی ثابت ہوئے اور اس طرح وہ وہابی کش کے درحقیقت خود کش ہیں خلقت اپنے اس جزمی دعوے کے ثبوت میں اعلیٰ حضرت کے چند اقوال پیش کرتی ہے"۔(تجلیات انوار المعین :ص 42)

اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں پہلی بات تو یہ کہ احمد رضاخان نے کئی سنی علماء کو وہابی بنا ڈالا دوسرا احمد رضاخان بریلوی خود بہت بڑا وہابی تھا اور یہ بات پوری خلقت میں مشہور تھی ۔

بریلوی وہابی کس کو کہتے ہیں :

مولانا معین الدین اجمیری صاحب لکھتے ہیں :

"خلقت کہتی ہے کہ اعلیحضرت صرف وہابی ہی نہیں بلکہ ان کے سرتاج ہیں لیکن ہم کو خلقت کے اس خیال سے اتفاق نہیں اصل یہ ہے کہ وہابیت کے مفہوم سمجھنے میں خلقت نے غلطی کی وہ وہابی اس کو سمجھتی ہے جو اکابر کی شان میں گستاخی اور ائمہ کے دائرہ اتباع سے خارج ہوا اور اعلیٰ حضرت صرف اس کو وہابی کہتے ہیں جو ان کے مجددیت کا منکر ہو پھر وہ خواہ خلقت کے نزدیک کیسا ہی زبردست سنی ہو لیکن اعلیٰ حضرت کے نزدیک وہابی ہے اور جو حضرت کی تجدید کا اعتراف کرے پھر وہ وہابی ہی کیوں نہ ہو لیکن وہ اعلیٰ درجہ کا سنی ہے"۔(تجلیات انوار المعین :ص 44)

اس سے مندرجہ ذیل باتیں معلوم ہوئیں:

(۱) ہندوستان میں عام خلقت کا ء اَثر یہی تھا کہ احمد رضا خان نہ صرف خود وہابی ہیں بلکہ وہابیوں کے سرتاج ہیں۔

(۲) یہ ء اَثر اس لیے تھا کہ احمد رضا خان اکابر کی شان میں گستاخی کا ارتکاب کرنے والا اور ائمہ کے دائرہ اتباع سے خارج ہونے والا تھا۔

(۳) حضرت مولانا معین الدین صاحب کا تجزیہ یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت اور ان کے ماننے والوں کے نزدیک جو احمد رضا خان کو مجدد نہ مانے ان کی بزرگی کا قائل نہ ہو تو وہ خواہ کتنا ہی پکا سنی ہو ان کے مذہب میں وہ وہابی ہے۔اور ایک شخص کتنا ہی بڑا وہابی کیوں نہ ہو مگر احمد رضا خان کو مجدد مانتا ہو تو ان کے نزدیک سنی ہے۔

ہم پر رضا خانیوں کی طرف سے وہابیت کا الزام بھی صرف اسی وجہ سے ہے کہ ہم احمد رضا خان بریلوی کی بزرگی کے قائل نہیں اور ہمارے بزرگوں نے بھی جو بعض مقامات پر اہل بدعت کے مقابلے میں خود کو وہابی کہا تو وہ اس بناء پر کہ وہ خود کو احمد رضا خان کا نہ تو متبع مانتے ہیں اور نہ اس کے دعوی مجددیت کی حمایت کرتے ہیں۔

نواب احمد رضا خان صاحب کے نزدیک وہابی ہمارے اپنے ہیں:

بریلوی محقق دوراں رئیس القلم سید عبدالکریم سید علی ہاشمی لکھتا ہے:

''اگرچہ احمد رضا خان سید احمد زینی دحلان کے شاگرد اور مرید تھے آپ نے ہندی وہابیوں کی سرکوبی کے لیے اسی شدت سے کام نہیں لیا جو علمائے حرمین کا طریقہ تھا کیوں کہ وہ لوگ وہابیوں کو غیر سمجھتے تھے اور احمد رضا یہاں کے وہابیوں کو غیر نہیں سمجھتے تھے بلکہ سنیوں کی اولاد سمجھتے تھے اور یقین رکھتے تھے کہ وعظ و پند سے وہ سدھر جائیں گے''۔(المیزان کا امام احمد رضا نمبر:ص 614)

وہابیوں کا مذہب صوفیاء کا مذہب ہے:

بریلوی فرید ملت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن فرماتے ہیں:

''آپ نے فرمایا کہ بے شک اسی طرح ہے وہابی نہ صحابہ کرام کو برا کہتے ہیں نہ ولایت سے انکار کرتے ہیں ...... اس کے بعد فرمایا کہ توحید کے بارے میں وہابیوں کے عقائد صوفیاء کرام سے ملتے جلتے ہیں وہابی کہتے ہیں کہ انبیاء اور اولیاء سے مدد مانگنا شرک ہے بے شک غیر خدا سے امداد مانگنا شرک ہے توحید یہ ہے کہ خاص حق تعالیٰ سے مدد طلب کرے چنانچہ اياك نعبد و اياك نستعين (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے مدد مانگتے ہیں) کا مطلب یہی ہے''۔

(مقابیس المجالس: ص 797)

علماءِ حق پر وہابیت کی تہمت کس نے لگائی؟

خرم ملک فاروق ملک صاحبان لکھتے ہیں:

''پنجاب یوپی اور دوسرے تمام صوبوں سے مسلم مجاہدین تواتر سے آرہے تھے اب سکھوں نے مذہبی حربہ استعمال کیا انہوں نے سید احمد شہید کو وہابی مشہور کیا اور عام مسلمانوں کو بھڑکا دیا کہ آپ صحیح اسلامی عقائد کے حامل نہیں سرحد اور پنجاب میں سید صاحب کے مذہبی نظریات کے خلاف شدید ردعمل شروع ہوا فتوے جاری ہونے لگے اور سید صاحب کی سیاسی قوت کو شدید دھچکا لگا''۔

(مطالعہ پاکستان رائج ڈگری کلاسز صدارتی ایوارڈ اعزاز فضیلت: ص 54 / خرم بکس اردو بازار لاہور)

تو کاشف اقبال رضاخانی صاحب آپ بھی تو کہیں ان سکھوں کی روحانی اولاد نہیں جو آباء معنوی کی پیروی میں علمائے حق پر وہابیت کی تہمت لگارہے ہیں؟ اہل السنۃ والجماعۃ علمائے دیوبند پر وہابیت کا الزام سب سے پہلے احمد رضاخان بریلوی نے لگایا چنانچہ شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق لکھتے ہیں:

''اسی وجہ سے اہل عرب خصوصاً اس کے اور اس کے اتباع سے دلی بغض تھا اور رہے اور اس قدر رہے کہ اتنا قوم یہود سے ہے نہ نصاریٰ سے نہ مجوس سے نہ ہنود سے غرض کہ وجوہات

مذکورۃ الصدر کی وجہ سے ان کو اس کے طائفہ سے اعلیٰ درجہ کی عداوت ہے اور بے شک جب اس نے ایسی ایسی تکالیف دی ہیں تو ضرور ہونا بھی چاہیے وہ لوگ یہود و نصاریٰ سے اس قدر رنج و عدوات نہیں رکھتے جتنی کہ وہابیہ سے رکھتے ہیں چونکہ مجدد المضلین اور اس کے اتباع کو اہل عرب کی نظروں میں خصوصاً اور اہل ہند کی نگاہوں میں عموماً ان کے بہی خواہ اور دوسروں کو ان کا دشمن دین کا مخالف ظاہر کرنا مقصود ہونا ہے اس لیے اس لقب سے بڑھ کر ان کو کوئی لقب اچھا معلوم نہیں ہوتا جہاں کسی کو متبع شریعت و تابع سنت پایا جھٹ وہابی کہہ دیا تاکہ لوگ متنفر ہوجائیں اور ان لوگوں کے مصالح اور تر لقموں میں جو طرح طرح کے مکاریوں سے حاصل ہوتی ہیں فرق نہ پڑے ۔صاحبو! شراب پیو ڈاڑھی منڈواؤ گور پرستی کرو نذر لغیر اللہ مانو زناکاری اغلام بازی ترک جماعت وصوم وصلاۃ جو کچھ کرو یہ سب علامات اہل السنت والجماعت ہونے کی ہو اور اتباع شریعت صورۃً وعملاً جس کو حاصل ہو وہ وہابی ہوجائے گا مشہور ہے کہ کسی نواب صاحب نے کسی اپنے ہم نشین سے کہا کہ میں نے سنا ہے تم وہابی ہو انہوں نے جواب دیا حضور میں تو ڈاڑھی منڈاتا ہوں میں کیسے وہابی ہوسکتا ہوں میں تو خالص سنی ہوں دیکھیے علامت سنی کی ڈاڑھی منڈانا ہوگیا دجال المجددین نے اس رسالہ میں اس غرض خاص سے ان اکابر کو وہابی کہا تاکہ اہل عرب دیکھتے ہی غیظ وغضب میں آکر تلملا جائیں اور بلا پوچھے پچھے بغیر ءاَمل تکفیر کا فتویٰ دے دیویں اور پھر لفظ وہابیت کو متعدد جگہوں میں مختلف عنوانوں سے الفاظ خبیث سے یاد کیا حالانکہ عقائد وہابیہ اور ان اکابر کے معتقدات و اعمال میں زمین و آسمان بلکہ اس سے زائد کا فرق ہے"۔(الشہاب الثاقب:ص 184،185)

وہابیت کا ایک خوفناک تصور:

بریلوی مجاوروں پیشہ ور واعظوں اور علماء سوء کو چونکہ علم ہے کہ ان کی عوام جب تک جاہل رہے گی ان کے نذرانے چلتے رہیں گے اسی لیے جہاں انہوں نے عوام کو یہ باور کرایا ہوا ہے

کہ ہر متبع سنت اور بدعات وشرک سے منع کرنے والا وہابی ہے ۔ان کے ذہنوں میں وہابیت کاایسا خوفناک تصور بٹھایا ہوا ہے کہ کوئی شخص وہابیت کے اس تصور کے بعد ان کے قریب بھی نہیں پھٹکے گا۔مولانا ابو الکلام آزاد بھی اسی ماحول میں پلے بڑھے اپنے والد مولانا خیر الدین دہلوی جن کا شمار بریلوی اکابر میں ہوتا ہے کی تربیت کا نتیجہ بتاتے ہیں کہ انہوں نے اپنے گھراور مریدین کے درمیان وہابیت کا کیا تصور قائم کیا ہوا تھا:

"ہمیں اس وقت یقین تھا کہ وہابی ان لوگوں کو کہتے ہیں جو اول تو نبی ﷺ کی فضیلت کے قائل ہی نہیں اگر قائل ہیں بھی تو صرف اتنے جیسے چھوٹے بھائی کے لیے بڑا بھائی، معجزات کے بھی منکر ہیں، ختم نبوت کے بھی قائل نہیں، آنحضرت ﷺ سے ان کو تو ایک خاص بغض ہے ۔جہاں کوئی بات ان کی فضیلت ومنقبت کی آئی تو انہیں مرچیں لگیں مجلس میلاد کے اس لیے منکر ہیں کہ اس میں آنحضرت ﷺ کے فضائل بیان کیے جاتے ہیں ۔درود پڑھنے کو بھی برا جانتے ہیں کہتے ہیں کہ یارسول اللہ مت کہو کیونکہ رسول اللہ کی یاد انہیں کیوں پسند آنے لگی جہاں کوئی بات رسول کی فضیلت اولیاء اللہ کی منقبت بزرگان دین کی بزرگی کی کہی جائے یا کی جائے فوراً اسے شرک و بدعت کہہ دیتے ہیں اس لیے کہ انہیں ان سب سے بغض و کینہ ہے اوران کی توہین وتذلیل ان کو خوش آتی ہے بحیثیت مجموعی وہابیوں کے بدترین خلائق ہونے کافر ہونے کافروں میں بھی بدترین قسم کے کافر ہونے میں کسی ردوکد کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی تھی وہابیت کے متعلق یہ فضا تھی جس میں میں نے پرورش پائی"۔

(آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی:ص 278،279)

ظاہر ہے کہ وہابیت کے اس مکروہ تصور کو ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان بھی اپنے لیے قابل قبول تصور نہیں بناسکتا۔اہل بدعت کی اسی سوچ اور تصور کے مقابلے میں علمائے اہل السنت والجماعت نے خود پر وہابیت کے الزام جس سے مقصود درپردہ اس قسم کے مکروہ عقائد کی نسبت تھی ہمیشہ سے سخت تردید کی اور ہم اب بھی کرتے ہیں۔

الحمد للہ یہاں تک تو ہم نے کھل کر وضاحت کر دی کہ ہماری طرف وہابیت کی نسبت محض افتراء اور غلط ہے ہم اہل السنت والجماعت اور فروع میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد ہیں ہمارے اکابر نے اگر بعض مقامات پر خود کو وہابی کہا ہے تو وہ بھی بطور طنزاً تعریضاً ایسا کہا اس کے ہرگز یہ معنی نہ تھے نہ ہیں کہ معروف معنی میں بھی وہ وہابی ہیں، معاذ اللہ۔ دیکھیں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک معروف شعر ہے:

ان کان رفضا حب آل محمد	فلیشھد الثقلان انی رافضی

[ترجمہ] اگر آل محمد کی محبت رافضیت ہے تو اے جن وانس گواہ رہو میں رافضی ہوں۔

اب کوئی اس شعر کی بنیاد پر کہہ سکتا ہے کہ معاذ اللہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ رافضی تھے حالانکہ وہ اپنی رافضیت پر گواہ بھی قائم کر رہے ہیں؟ ہرگز نہیں بلکہ امام صاحب تو تعریضاً ایک بات کہہ رہے ہیں کہ اگر تم نے اہل بیت سے محبت کو رافضیت کا نام دے دیا ہے تو ٹھیک ہے مجھے رافضی سمجھو مگر میں اہل بیت کی محبت نہیں چھوڑ سکتا۔ یہی ہمارے اکابر کا مقصود تھا کہ اگر تم نے سنت کی دعوت بدعات رسومات وخرافات سے منع کرنے کو ''وہابیت'' سمجھ لیا ہے تو ہم وہابی ہی سہی مگر دعوت توحید وسنت نہیں چھوڑ سکتے۔

بریلوی علماء کا اقرار کے دیوبندی وہابیت کے مخالف ہیں:

مولوی غلام مہر علی لکھتا ہے:

''اگر وہابیوں کو برا کہنا ہی پیٹ پرستی ہے اور دنیا پرستی کی دلیل ہے تو پھر فیروز الدین صاحب کے سب اکابر دیوبندی مولوی بھی حرام خور ثابت ہوں گے''۔

(دیوبندی مذہب: ص 137)

ظاہر ہے کہ یہ حرام خوری اسی صورت میں ثابت ہو سکتی ہے جب اکابر دیوبند نے وہابیوں کو برا بھلا کہا ہو۔

مولوی حسن علی رضوی آف میلسی لکھتا ہے:

''علاوہ ازیں جس طرح علماء اہلسنت کو علماء نجد کے ساتھ اعتقادی اختلافات ہیں اسی

طرح علماء دیوبند کو بھی علماء نجد و محمد بن عبد الوہاب سے شدید اختلاف و نفرت ہے لہٰذا اگر علماء اہلسنت کا نجدی سعودی مکتب فکر سے اختلاف کوئی گناہ ہے تو خود اکابر علماء دیوبند بھی اس گناہ کے مرتکب ہیں ......علماء دیوبند علماء نجد کے ساتھ اپنے اکابر دیوبند کا شدید اختلاف و نفرت ملاحظہ کریں"۔

(رضائے مصطفیٰ: جمادی الاخریٰ 1407ھ: ص 3،2)

جب پاکستان میں اپنے لوگوں سے نذرانے وصول کرنے ہوں تو دیوبندی وہابی بن جاتے ہیں اور جب سعودی عرب کو مشترکہ طور پر گالیاں دینے کا موقع تلاش کرنا ہو تو دیوبندی وہابیوں کے شدید مخالف بن جاتے ہیں عجیب منافقت ہے۔اب آتے ہیں ان حوالوں کی طرف جس کو کاشف اقبال رضا خانی نے پیش کیا۔

نوٹ: یہ تمام حوالہ جات مولوی کاشف اقبال صاحب نے مولوی غلام مہر علی رضا خانی کی کتاب "دیوبندی مذہب صفحہ 133 تا 135 سے سرقہ کیے ہیں۔

پہلا حوالہ: مولوی اشرف علی تھانوی کہتے ہیں کہ میں تو کہا کرتا ہوں اگر میرے پاس دس ہزار روپیہ ہو سب کی تنخواہ کر دوں پھر دیکھو خود ہی سب وہابی بن جاویں۔افاضات الیومیہ: ج ۲ ص ۲۵۰"۔(دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف: ص 37)

جواب: حضرت حکیم الامت مجدد دین وملت رحمۃ اللہ علیہ کا پورا ملفوظ اس طرح ہے:

"ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے اکابر اہل بدعت کی مذمت میں غلو نہیں فرماتے تھے کیونکہ یہ اہل بدعت اگر اپنے علماء کے کہنے سے غلطی اور دھوکا میں ہیں تو معذور ہیں اللہ تعالیٰ معاف فرمادیں اور اگر قصداً ایسا کرتے ہیں تو مواخذہ فرمائیں گے ہم کیوں اپنی زبان کو گندہ کریں اس لیے بزرگوں کو کچھ زیادہ کہتے ہوئے یا لکھتے ہوئے نہیں دیکھا پھر فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں اگر میرے پاس دس ہزار روپیہ ہو سب کی تنخواہ کر دوں پھر دیکھو خود ہی سب وہابی بن جائیں اہل باطل کے پاس روپیہ وافر ہے اس کے لالچ میں ان کی خواہش کی موافقت کرتے ہیں اہل حق بیچاروں کے پاس روپیہ کہاں مگر

اس پر بھی ان کو شب و روز و ان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوھا کا مشاہدہ ہوتا ہے‘‘۔

(ملفوظات حکیم الامت: ج 2 ص 202 ملفوظ نمبر 359)

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کی بات بالکل صاف اور واضح ہے کہ چونکہ اہل بدعت اہل باطل بریلویت رضاخانیت کے پاس ان کے انگریز آقا کی طرف سے روپیہ پیسہ وافر مقدار میں آتے ہیں اس لیے جاہل لوگ ان کی پیروی کرتے ہیں کہ دنیوی منفعت ہوگی اور اہل حق کو وہابی کہہ کر بدنام کرتے ہیں چونکہ نہ وہابیت کا مسئلہ ہے نہ حنفیت دیوبندیت کا مسئلہ، اصل مسئلہ پیٹ کا ہے اس لیے اگر ابھی ان نام نہاد اہلسنت کی تنخواہ باندھ دوں تو خود بخود سارے وہابی بن جائیں پھر وہابیت پر سارے فتوے بھول جائیں گے اس وقت سب سے بھلی چیز ان کو وہابیت ہی نظر آئے گی۔

دوسرا حوالہ: نجدی عقائد کے معاملہ میں اچھے ہیں ۔افاضات الیومیہ: ج ۴ ص ۳۳ ؍ یہی تھانوی صاحب نجدی عقائد کو پختہ بتلاتے ہیں کہتے ہیں کہ خدا معلوم کیا ذہن میں آیا ہوگا جس کی بناء پر یہ کہا گیا ویسے تو عقائد میں نہایت ہی پختہ ہیں ۔افاضات الیومیہ: ج ۴ ص ۵۲۔

(دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف: ص 38)

جواب: ملفوظات کی پوری عبارت اس طرح ہے:

’’ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عرفات میں اب خطبہ نہیں ہوتا تو فرمایا یہ کیوں یہ تو سنت ہے اور پھر نجدیوں کو اتباع سنت کا دعوی ہے پھر سنت کو کیوں ترک کیا عرض کیا وہ عرفات میں نجدی روتے تو بہت ہیں فرمایا رونا تو خطبہ کا قائم مقام نہیں ہوسکتا خطبہ کا ٹھیک طریقہ تو جب تھا کہ روتے بھی اور خطبہ بھی ہوتا اور بے خطبہ رونا تو ایسا ہے جیسے ایک میانجی بے محل روئے تھے، ایک میانجی متوسط الحال شخص کے ہاں بچے پڑھانے پر ملازم تھے وہ شخص کہیں باہر جا کر پانچ سو روپیہ ماہوار کے ملازم ہو گئے انہوں نے گھر اطلاعی خط بھیجا میانجی کے سوا اور کوئی خط پڑھنے والا نہ تھا گھر والوں نے میانجی کو خط

پڑھنے کے لیے دیا خط پڑھ کر میانجی نے رونا شروع کر دیا گھر والوں کو پریشانی ہوئی اور وجہ پوچھی کہا کہ وجہ تو بعد میں بتاؤں گا پہلے تم بھی روو، وہ بھی رونے لگے غل مچا محلہ والے سن کر آگئے رونے کی وجہ پوچھی ،میانجی نے کہا تم بھی روو، محلہ والے بھی رونے لگے پھر لوگوں نے رونے کا سبب دریافت کیا تو میانجی نے کہا خط میں لکھا ہے میاں پانچ سو روپیہ کے ملازم ہو گئے تو لوگوں نے کہا اس میں رونے کی کیا بات ہے یہ تو خوش ہونے کی بات ہے، کہنے لگے نہیں رونے ہی کی بات ہے چنانچہ سنو! میں تو یوں رویا کہ اب وہ بچوں کو انگریزی پڑھائیں گے، بجائے میرے کسی ماسٹر کو مقرر کریں گے ،میرا روزگار گیا، اور گھر والوں کے رونے کی یہ بات ہے کہ بجائے ان کے اب وہ کسی میم صاحبہ کو لائیں گے ان کے روٹی کپڑے میں کھنڈت پڑے گی، اور اہل محلہ کے رونے کی یہ بات ہے کہ میاں کو موٹر کے لیے اور گھوڑوں کے لیے مکان اور اصطبل کی ضرورت ہوگی تو اہل محلہ ہی سے یہ مکانات خالی کرائے جائیں گے اس لیے سب کو رونا چاہیے ،میانجی تھے بڑے دوراندیش کیا جوڑ لگایا ہے ۔تو بعض رونا بھی بے جوڑ ہوتا ہے بندۂ خدا خطبہ کیوں ترک کر دیا سنت کو تو بدعت نہیں کہہ سکتے خدا معلوم کیا ذہن میں آیا ہوگا جن کی بنیاد پر یہ کیا گیا، ویسے تو عقائد میں نہایت ہی پختہ ہیں ،ہاں ایک کمی ہے جس کو میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ نجدی ہیں تھوڑے سے وجدی بھی ہوتے تب بات ٹھیک ہوتی ۔خشک زیادہ ہیں کھرا پن ہے''۔

(ملفوظات: ج 4 ص 28 ملفوظ نمبر 50)

ترجمان رضاخانیت نے کس قدر دھوکا دہی ،فراڈ ،اور دجل سے کام لیا ہے ۔حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ تو ان نجدیوں کا رد کر رہے ہیں اس آدمی نے الٹا حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ پر الزام لگا دیا کہ نجدیوں کی حمایت کر رہے ہیں انہیں اچھا کہہ رہے ہیں ۔اگر حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو عقیدہ میں پختہ کہہ دیا تو یہ کہاں لکھا ہوا کہ ایسا کہنے والا حنفیت سے نکل کر نجدیت میں داخل ہو جاتا ہے؟ کیا مرزائی اپنے عقائد پر پختہ نہیں تو کیا رضاخانی اب

مرزائی بن گئے؟

دوسرا اور تیسرا: اس کے بعد کاشف اقبال رضاخانی صاحب نے فتاویٰ رشیدیہ کے حوالے دیئے کہ وہابی متبع سنت کو کہتے ہیں اور محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کے عقائد اچھے تھے۔ یہ حوالہ جات ماقبل میں نقل کیے جاچکے ہیں اور ان کی وضاحت بھی ہو چکی ہے لہٰذا مکرر یہاں ان پر تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

چوتھا حوالہ: ''پھر مولوی رشید احمد گنگوہی نے اپنا اور وہابیہ کا عقائد میں متحد ہونا بتلایا ہے لکھتے ہیں کہ: عقائد میں سب متحد مقلد غیر مقلد ہیں البتہ اعمال میں مختلف ہوتے ہیں (فتاویٰ رشیدیہ: ص62) ایک جگہ اور لکھا ہے: عقائد سب (مقلد و غیر مقلد) کے متحد ہیں اعمال میں فرق...... ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ: ص266)''۔

(دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف: ص38)

جواب: ہم آپ کے سامنے اولاً مکمل سوال و جواب نقل کرتے ہیں اس کے بعد اپنی معروضات عرض کریں گے:

''سوال: مولانا سید نذیر حسین صاحب کو جو دہلی میں محدث ہیں جو لوگ ان کو مردود اور خارج از اہل سنت جانتے ہیں اور لا مذہب کہتے ہیں آیا یہ کہنا ان کا صحیح ہے یا نہیں باوجود صحیح نہ ہونے کے ایسے لوگ فاسق بدکار ہیں یا نہیں؟ اور مولانا صاحب کے عقائد اور اعمال موافق اہل سنت والجماعت ہیں یا نہیں اور حضرت سلمہ کے عقائد اور مولانا صاحب کے عقائد میں کچھ فرق ہے یا متفق ہیں گو بعض جزئیات میں یا اکثر میں تخالف ہو تو یہ کچھ ایسا امر نہیں ہے جس کی وجہ سے ان کو ایسا گمان کیا جائے جواب بطور بسط کے ارقام فرمائیں کیونکہ ایک عالم ان کو لعن طعن کرتا ہے اور بدتر فاسقین سے جانتا ہے۔ فقط۔

جواب: بندہ کو ان کا حال معلوم نہیں اور نہ میرے ساتھ ان کی ملاقات ہے لیکن جو لوگ ان کے حال کے بیان میں مختلف ہیں اگرچہ ان کو مردود اور خارج اہل سنت سے کہنا بھی سخت بے جا ہے عقائد میں سب متحد مقلد غیر مقلد ہیں البتہ اعمال میں مختلف ہوتے

ہیں ۔واللہ تعالیٰ اعلم“۔

(فتاویٰ رشیدیہ:62۔تالیفات رشیدیہ:ص208)

جواب کااول جملہ”بندہ کو ان کا حال معلوم نہیں“خود بتارہا ہے کہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے غیر مقلدین حضرات کے عقائد پوری طرح نہیں آئے تھے مولانا نذیر حسین صاحب کے متعلق اگرچہ منفی خبریں ان تک پہنچی مگر ان کے بالمقابل دیگر حضرات سے ان کی تعریف بھی پہنچی لہٰذا معلوم ایسا ہوتا ہے کہ حضرت کے سامنے پوری صورتحال واضح نہ تھی اور چونکہ اس وقت زیادہ زور قرأت خلف الامام ،بیس رکعات تراویح،اور تقلید پر تھا جیسا کہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے ان پر مستقل کتاب بھی لکھی ہے تو حسن ظن یہی رکھا کہ چونکہ یہ حضرات خود کو مسلمان اور عامل بالحدیث کہتے ہیں اس لیے ان کے عقائد بھی اہل سنت کی طرح ہوں گے اور شوافع کی طرح صرف فروع میں احناف کے ساتھ اختلاف ہے اسی لیے عقائد میں دونوں کو متحد کہہ دیا مگر جیسے جیسے ان کی حقیقت کھلتی گئی حضرت کا موقف بھی سخت ہوتا گیا۔چنانچہ بعد میں ان کا فتویٰ یہ تھا:

”کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین کہ زید آمین پکار کر تو نہیں پڑھتا مگر مولوی نذیر حسین دہلوی کا نہایت مداح ہے یہاں تک کہ جو اشتہار درباره گرفتاری ان کی مکہ معظمہ میں مشتہر ہوا تھا اس نے اس کو پھاڑ ڈالا اور حنفیوں کو اور غیر مقلدوں کو برا کہنے والے کو برا جانتا ہے پس ایسے شخص کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟ فقط۔

الجواب:جو مولوی نذیر حسین دہلوی کا مداح ہے بے شک غیر مقلد ہے اور اس کی امامت درست نہیں اول تو ان لوگوں کے عقائد واعمال وہ ہیں جو جامع شواہد میں لکھے ہیں جس سے ان کا فاسق اور مبتدع ہونا معلوم ہوتا ہے دوسرے یہ فرقہ تعصب کر کے خواہ مخواہ اعمال میں مخالفت حنفیوں کی کرتے ہیں بہت سے افعال ایسے ہیں کہ اس سے نماز فاسد ہوتی ہے عندالحنفیہ تو ایسے شخص کے امام بنانے میں اپنی نماز کا خراب کرنا ہے لہٰذا ایسے شخص کے پیچھے نماز نہ پڑھے۔واللہ تعالیٰ اعلم“۔

(باقیات فتاویٰ رشیدیہ: ص 164)

حضرت کی سوانح تذکرۃ الرشید میں بھی غیر مقلدین حضرات کے متعلق ایک تفصیلی فتویٰ ہے جس سے صورتحال مزید واضح ہو جاتی ہے:

''زید اپنے آپ کو حنفی بتاتا ہے مگر مولوی نذیر حسین دہلوی کا مداح ہے اور آمدورفت بھی رکھتا ہے یوں کہتا ہے کہ جامع شواہد میں جو عقائد غیر مقلدین کے درج ہیں وہ غلط ہیں صاحب جامع نے غیر مقلدین پر تہمت کی ہے زید مذکور اکثر بلکہ ہمیشہ غیر مقلدین کے ساتھ شریک ہو کر ان کی مسجد میں نماز پڑھتا ہے اب حنفیہ کی مسجد کا امام بننا چاہتا ہے اور کہتا ہے کہ غیر مقلدوں کی مداح کرنے والے شخص کی امامت میں تو کیا حرج ہوسکتا ہے میں تو حنفیہ کی کتابوں سے رافضی اور خارجی کی امامت کا ثبوت دے دوں ایسے شخص کی امامت اور وعظ سننا جائز ہے یا ناجائز شرح قول فیصل تحریر فرما دیجیے کہ نزاع باہمی رفع ہو۔

جواب: غیب کی بات تو اللہ ہی جانتا ہے مگر اصل حال یہ ہے کہ اس زمانہ میں غیر مقلد تقیہ کر کے اکثر اپنے آپ کو حنفی کہہ دیتے ہیں اور وہ واقع میں حنفیہ کو مشرک بتلاتے ہیں خود مولوی نذیر حسین نے مکہ معظمہ میں غیر مقلد ہونے سے تبری اور حلف کیا اور حنفی اپنے آپ کو بتلایا اور ہندوستان میں وہ ہر روز سخت غیر مقلد تھے اور اب بھی وہ ویسے ہی ہیں سو جب امام کا یہ حال تو ان کے مقتدی کیسے کچھ ہوں گے اور مولوی نذیر حسین کا حنفیوں کو بدتر از ہنود کہنا معتبر لوگوں سے سنا گیا ہے اور خود مخلص شاگرد ان کے تقلید شخصی کو شرک بتاتے ہیں تو یہ شخص مداح ان کا کس طرح حنفی ہوسکتا ہے یہ دعویٰ اس کا قابل قبول نہیں بظاہر حال اور جامع الشواہد سے لاریب دوسرے غیر مقلدین بھی تبری کہتے ہیں مگر جس رسائل سے صاحب جامع شواہد نے نقل کیا ہے اس میں ہرگز تحریف نہیں چند موقع سے بندہ نے بھی مطالعہ کر دیکھی ہے اور یہ عقائد بعض غیر مقلدین کے بعض معتبروں کی زبانی دریافت ہوئے اور وہ خود اقرار کرتے ہیں پس یہ قول اس کا قابل طمانیت اور حال زید کا

جواس سوال میں درج ہے بظاہراس کے غیر مقلد ہونے کی تصدیق کرتا ہے۔اور یہ کہنااس کا کہ حنفیہ سے صحت امامت رافضی اور خارجی کی دیتا ہوں غلط ہے یہ بھی دلیل اس کے غیر مقلد ہونے کی ہے۔جو رافضی خارجی کفر کے درجے میں ہیں ان کی امامت کہیں نہیں لکھی اور جو فسق کے درجہ میں ہے اور کفر کے درجہ کو نہیں پہنچا اس کی امامت کراہت تحریمہ ہوجاتی ہے اور اس کے امام بنانے والا برضا گناہ گار ہوتے ہیں اور پہلے وقت کے رافضی خارجی اکثر ایسے ہوتے تھے۔پس غیر مقلدین اس وقت کے جیسا کہ صاحب شواہد نے نقل کیالا اقل کے فاسق ہوں گے اور جو غیر مقلد حنفیہ کو مشرک کہتے ہیں اور تقلید شخصی کو شرک بناتے ہیں بے شک فاسق ہیں سو ان کی امامت مکروہ تحریمہ ہے اور دانستہ ان کو امام بنانا حرام ہے اگرچہ نماز مقتدیوں کی بکراہت تحریمہ ادا ہوجاوے اور نماز بھی جب ادا ہو کہ کوئی مفسد نماز نہ ہووے ورنہ اس گروہ کو اس سے بھی باک نہیں ہے قے ہونے اور خون نکلنے سے یہ لوگ وضو نہیں کرتے اور ان کو ناقض وضو نہیں جانتے بھلا اگر ایسے وضو سے امام ہوں گے تو حنفیہ کی نماز کب ان کے پیچھے درست ہوسکتی ہے۔گنگوہ میں ایک غیر مقلد نے اول فرض ظہر کو جمعہ کے دن تنہا قبل جمعہ کے پڑھا پھر بے خبری میں جو مولوی جان کر ان کو لوگوں نے امام جمعہ بنادیا تو جمعہ لوگوں کو پڑھادیا اور پھر لوگوں سے خود اقرار اس قصہ کا کیا۔اب دیکھو تقیہ اور دھوکا دہی ان کا کام ہے جو عالم ہیں اور مولوی برکت علی شاگرد نذیر حسین کا تھا حنفیہ کے قاعدہ کے موافق اس کا جمعہ بعد ظہر کے برباد گیا۔یہ حال ہے ان لوگوں کا پس بشرطیکہ کوئی مفسد صلوۃ کا بھی امام غیر مقلد نہ کرے تو بھی ایسے غیر مقلدوں کو جو حنفیہ کو مشرک بتادیں امام بنانا حرام ہے چہ جائیکہ ان پر اعتماد بھی نہ ہو۔اور وہ غیر مقلد عامل بالحدیث جو ہوائے نفسانی سے خالی اور محض لوجہ اللہ انصاف اور صدق سے عمل کریں اور کسی مقلد کو برا نہ کہیں اور سب کو حق پر جانیں ظاہر میں نظر نہیں آتے کوئی مخفی ہوگا۔اس زمانہ کے چھوٹے بڑے پڑھے اور جاہل سب زبان سے تو اپنے آپ کو حنفی بتلاتے ہیں مگر تقلید شخصی شرک

ہی جانتے ہیں اور کہتے ہیں سب دعوے ان کے دروغ اور عند التحقیق فریب معلوم ہوئے ۔پس ایسے شخص کی امامت ہرگز ادا نہ کریں اور ایسے شخص کا وعظ سننا بھی عوام کو نہیں چاہیے کہ مآل اس کا اچھا نہیں اور مآل عدم التقلید بہت بد ہوتا ہے ۔فقط واللہ اعلم‘‘ ۔(تذکرۃ الرشید: ج 1 ص 178، 179 / ادارہ اسلامیات لاہور)

اس فتوے میں حضرت نے اول تو صاف اس بات کو واضح کر دیا کہ یہ لوگ تقیہ کرتے ہیں اور تقیۃً خود کو حنفی کہتے ہیں اس لیے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے بھی اولاً انہوں نے خود کو حنفی اور اپنے عقائد موافق اہل السنۃ والجماعۃ ہی بتلائے ہوں گے اس لیے حضرت نے یہ کہہ دیا تھا کہ مقلد و غیر مقلد عقائد میں سب متحد ہیں مگر بعد میں جب تقیہ کی چادر اتری اور ان کے حقیقی عقائد سامنے آئے جیسا کہ اس فتوے اور اس سے ما قبل فتوے سے واضح ہے تو سختی سے ان کا رد کیا ان کی امامت کو مکروہ تحریمی اور وعظ سننے کو ناجائز قرار دیا۔ان کو خارج از اہل سنت قرار دے کر بدعتی شمار کیا۔ہمارے دیگر اکابر کا موقف بھی غیر مقلدین کے متعلق یہی ہے کہ ان کے ساتھ ہمارا اصولی اختلاف ہے نہ کہ فروعی چنانچہ بطور مثال صرف ایک حوالے پر اکتفا کرتا ہوں:

غیر مقلدین کے ساتھ ہمارا اصولی اختلاف ہے نہ کہ فروعی:

’’نقل معاہدہ اہل حدیث وفقہ مدخولہ عدالت کمشنری دہلی سے گزرا مضمون معلوم ہوا ان جھگڑوں میں بولنے کو لکھنے کو جی نہیں چاہا کرتا کیونکہ کچھ فائدہ نہیں نکلتا ناحق وقت ضائع ہوتا ہے مگر آپ نے دریافت فرمایا ہے ناچار عرض کیا جاتا ہے کہ اس کا مضمون بظاہر صحیح ہے مگر حقیقت میں دھوکا دیا ہے کیونکہ ہمارا نزاع غیر مقلدین سے فقط بوجہ اختلاف فروع و جزئیات کے نہیں ہے اگر یہ وجہ ہوتی تو حنفیہ و شافعیہ کی کبھی نہ بنتی لڑائی دنگا رہا کرتا حالانکہ ہمیشہ صلح و اتحاد رہا بلکہ نزاع ان لوگوں سے اصول میں ہوگیا ہے کیونکہ سلف صالح کو خصوصاً امام اعظم علیہ الرحمۃ کو طعن و تشنیع کے ساتھ ذکر کرتے ہیں اور چار نکاح سے زائد کو جائز رکھتے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ کو درباره تراویح کے بدعتی بتلاتے ہیں اور

مقلدوں کو مشرک سمجھ کر مقابلہ میں اپنا لقب موحد رکھتے ہیں اور تقلید ائمہ کو رسم مثل جاہلان عرب کی کہتے ہیں کہ وہ کہا کرتے تھے وجدنا علیہ آبائنا معاذ اللہ استغفر اللہ خدا تعالیٰ کو عرش پر بیٹھا ہوا مانتے ہیں فقہ کی کتابوں کو اسباب گمراہی سمجھتے ہیں اور فقہاء کو مخالف سنت ٹھہراتے ہیں اور ہمیشہ جویائے فساد وفتنہ انگیزی رہتے ہیں علی ہذا القیاس بہت سے عقائد باطلہ رکھتے ہیں کہ تفصیل وتشریح اس کی طویل ہے اور محتاج بیان نہیں بہت بندگان خدا پر ظاہر ہے خاص کر جو صاحب ان کی تصنیفات کو ملاحظہ فرماویں پر یہ امر اظہر من الشمس ہو جاوے گا پھر اس پر عادت تقیہ کی ہے موقع پر چھپ جاتے ہیں اکثر باتوں سے مکر جاتے ہیں اور منکر ہو جاتے ہیں پس بوجوہ مذکورہ ان سے احتیاط سب امور دینی و دنیاوی میں بہتر معلوم ہوتی ہے''۔(امداد الفتاوی: ج 4 ص 562)

نوٹ: اس فتوے پر مندرجہ ذیل حاشیہ ہے:

''البتہ جس غیر مقلد میں یہ امور نہ ہوں اس کا حکم مثل شافعی المذہب کا ہے''۔

بریلوی اکابر کی طرف سے غیر مقلدین (اہلحدیث) علماء کی تعریف:

بریلوی محقق عصر اور بقول عبد الحکیم شرف قادری ''محسن اہلسنت''، حکیم محمد موسیٰ امرتسری معروف اہلحدیث علماء مولانا عبد اللہ غزنوی اور مولانا عبد الجبار غزنوی کے متعلق لکھتے ہیں:

''مولانا غلام علی صاحب امرتسر کی فضا کو ایک حد تک سازگار بنا چکے تھے کہ مولانا سید عبد اللہ غزنوی مرحوم امرتسر تشریف لے آئے ایک روایت کے مطابق امرت سر میں ان کا ورود مولانا قصوری ہی کی تحریک پر ہوا تھا حضرت مولانا عبد اللہ غزنوی (متوفی سنہ ۱۲۹۸ھ) اور ان کے صاحبزادے مولانا عبد الجبار غزنوی نے اپنی نیک صالحیت اور خدا پرستی کا لوگوں کے دلوں میں خوب سکہ بٹھایا ان کے مسلک سے اختلاف رکھنے والے اہل علم حضرات اور عوام سب اس بات پر متفق رہے کہ یہ لوگ نہایت نیک اور مخلص ہیں اسی طرح مولانا قصوری سے اختلاف رکھنے والے بھی ان کے اخلاص وتقویٰ کے قائل تھے مولانا قصوری اور مولانا غزنوی میں باہمی یگانگت ومحبت کے باوجود دو ایک مسائل میں اختلاف بھی

تھااور وہ صرف علمی اختلاف تھا نہ کہ خلاف''۔(تذکرہ علماء امرتسر:ص40)

ذرااس حوالے پر بھی نظر کرم ہو:

''امرتسر کے علماء کرام سے اہلحدیث مسلک کے مبلغ اول مولانا ابوعبداللہ غلام العلی قصوری تھے ان ہی کی تحریک پر مولانا سید محمد داؤد غزنوی کے جدامجد مولانا سید عبداللہ غزنوی کا امرتسر میں ورود ہوا مولانا قصوری نہایت متقی اور زاہد و عابد انسان تھے ارشاد خداوندی لم تقولون مالا تفعلون کے پابند رہتے ہوئے وہ وعظ و نصیحت کا فریضہ سرانجام دیتے رہے یہی وجہ ہے کہ ان کو اپنے مقصد میں بہت زیادہ کامیابی و کامرانی نصیب ہوئی مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسری مرحوم مولانا قصوری کے شاگرد ارشد مولانا میر احمد اللہ کے تلمیذ رشید تھے انہوں نے اپنی تصنیف شمع توحید مطبوعہ ۱۹۳۸ء کے آخر میں امرتسر کی بالاجمال تاریخ ذکر کی''۔(تذکرہ علماء امرتسر:ص33)

غور فرمائیں! کہ آپ کے مسلک کے مایہ ناز عالم دین اہلحدیث وہابیوں کے (ایک اہلحدیث عالم اس وقت کی اصطلاح کے مطابق وہابی۔(علماء امرتسر:ص38) کو کس طرح خراج تحسین پیش کررہے ہیں اور مولانا ثناء اللہ امرتسری کو''مرحوم'' لکھ رہے ہیں اب تسلیم کرو کہ ہمارے علماء بھی''وہابی'' اور''وہابی نواز'' تھے اور تقیہ کرکے سنی بنے ہوئے تھے۔انہی مولانا ثناء اللہ امرتسری مرحوم کے بارے میں لکھتے ہیں:

''مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ مرحوم پر کسی نے قاتلانہ حملہ کیا تھا مگر خوش قسمتی سے بچ گئے اس حملے کی یادگار کے طور پر رسالہ شمع توحید تصنیف فرمائی''۔(تذکرہ علماء امرتسر:ص34)

مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ مرحوم۔(تذکرہ علماء امرتسر:ص44)

جو مولانا ثناء اللہ مرحوم کے استاد۔(تذکرہ علماء امرتسر:ص49)

مولوی کاشف اقبال رضاخانی صاحب لکھتے ہیں:

''وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری''۔(وہابیت کے بطلان کاانکشاف:ص25)

اسی شیخ الاسلام کو آپ کے علماء''مرحوم'' لکھ رہے ہیں۔مولانا غلام اللہ قصوری کے تذکرے

میں لکھتے ہیں:

''مولانا کے زمانہ قیام امرتسر میں حنفی وہابی کا جھگڑا بہت زوروں پر تھا مولانا خود بڑے متشدد حنفی تھے مگر آپ نے ہمیشہ اس قسم کے مناظروں اور مباحثوں سے احتراز کیا وہ اس قسم کی بحثوں کو جمعیت اسلامی کے لیے سخت مہلک سمجھتے تھے''۔(تذکرہ علماء امرتسر:ص75)

حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی مرحوم کے مرید وخلیفہ مولانا انوار احمد صاحب کے متعلق لکھتے ہیں:

''مولانا علیہ الرحمۃ بڑے عالی ظرف اور معتدل مزاج صوفی بزرگ تھے فرقہ بندی اور پارٹی بازی وغیرہ قسم کے گھٹیا خیالات سے آپ کو دور کا تعلق بھی نہیں تھا ان کے اساتذہ کرام اور مشائخ عظام حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی مولانا علامہ احمد حسن کانپوری حضرت رحمت اللہ کیرانوی ثم مکی حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی اور حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی رحمہم اللہ تعالیٰ کا جیسا معتدل مسلک تھا ویسا ہی ان کا تھا بریلوی دیوبندی اور وہابی قسم کے جھگڑوں کو ہرگز پسند نہ فرماتے تھے''۔

(تذکرہ علماء امرتسر:ص106)

لوجی! اس آدمی نے تو کمال ہی کر دیا اور رضاخانیت کا جنازہ نکال دیا کہ یہ سارے مشائخ دیوبندی بریلوی وہابی اختلافات کو ہرگز پسند نہ فرماتے تھے۔ بریلوی مسعود ملت پروفیسر مسعود صاحب اپنے والد بریلوی مفتی اعظم مفتی مظہر اللہ دہلوی کے متعلق لکھتے ہیں:

''اعلیٰ حضرت کے اساتذہ گرامی نواب قطب الدین ؒ اور مولوی نذیر حسین صاحب ؒ اپنے عہد کے جید علماء میں شمار کیے جاتے تھے''۔(تذکرہ مظہر مسعود:ص17)

پروفیسر مسعود احمد صاحب نذیر حسین دہلوی صاحب جن کے متعلق حنیف قریشی لکھتا ہے:

''بانی جماعت اہلحدیث امام غیرمقلدین نذیر حسین دہلوی''۔(گستاخ کون:ص67)

اور کاشف اقبال رضاخانی صاحب لکھتے ہیں:

''وہابیہ کے محدث نذیرحسین دہلوی''۔(وہابیت کے بطلان کاانکشاف:ص19)

مولوی نذیرحسین دہلوی کو''رحمۃ اللہ علیہ''اور''جید علماء'' میں شمار کررہے ہیں۔اور خواجہ غلام فرید چاچڑاں جن مولوی نذیرحسین دہلوی کے متعلق فرماتے ہیں:

''قطب الموحدین حضرت خواجہ محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا کہ حضور لوگ مولوی نذیرحسین کو غیر مقلد اور وہابی کہتے ہیں وہ کیسے آدمی تھے آپ نے فرمایا کہ سبحان اللہ وہ تو ایک صحابی معلوم ہوتے ہیں آپ نے فرمایا کہ کسی شخص کی عظمت کے لیے یہی کافی دلیل ہے کہ دنیا میں اس کی مانند کوئی نہ ہو چنانچہ آج کل کے زمانے میں علم حدیث میں ان کا کوئی نظیر نہیں ہے نیز وہ اس قدر بے نفس ہیں کہ اہل اسلام کے کسی فرقے کو برا نہیں کہتے اگرچہ لوگ ان کو منہ پر برا کہتے ہیں لیکن وہ کسی کو برا نہیں کہتے یہ بات کس میں ہے اب اگرچہ وہ بہت ضعیف ہوچکے ہیں تاہم وہ اپنا کام خود کرتے ہیں حتی کہ مہمان کو کھانا بھی خود اٹھا کر دیتے ہیں وہ کسی شخص سے یہ نہیں پوچھتے کہ تم صوفی ہو یا کیا مذہب رکھتے ہو''۔
(مقابیس المجالس:ص796)

پانچواں حوالہ: المہند کا دیا جس کی تفصیل ما قبل میں گزر چکی ہے۔

چھٹا حوالہ: وہابی ہونا تو اہل دیوبند کے لیے عظیم نعمت ہے لکھا ہے کہ چاہے فاسق یا بے غیرت کہے کہیں یا وہابی یا بے علت کہیں اپنے حق میں صیقل زرنگار ہے۔(تقویۃ الایمان وتذکرۃ الاخوان:ص352)۔(دیوبندیت کے بطلان کاانکشاف:ص39)

جواب: کتاب کا نام تذکرۃ الاخوان نہیں تذکیر الاخوان ہے جو بعض ناشرین نے تقویۃ الایمان کے ساتھ چھاپ دی ہے۔ یہ کتاب مولانا محمد سلطان شاہ صاحب مرحوم کی ہے نہ کہ شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ان کا مقصود بھی تعریضاً یہ بات کرنا ہے کہ اگر رسومات سے منع کرنے کی وجہ سے تم ہمیں وہابیت کا طعنہ دو تو ہمیں یہ منظور ہے۔

ساتواں حوالہ: پھر تھانوی کے نزدیک ان کے ہاں نہ جانے کتنی قوت ہے کہتے ہیں کہ دیوبندیوں وہابیوں کو اپنی قوت معلوم نہیں...... یہ ایسی بات ہے جیسے مشہور ہے کہ

بھیڑیئے کو اپنی قوت معلوم نہیں"۔افاضات الیومیہ:ج 7ص 82۔(دیوبندیت کے بطلان کاانکشاف:ص39)

جواب: پورا ملفوظ ملاحظہ ہو:

"ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب بصیرت و تجربہ کہا کرتے تھے کہ ان دیوبندیوں وہابیوں کو اپنی قوت معلوم نہیں یہ اپنے آپ کو ہیچ در ہیچ ناکارہ سمجھتے ہیں مخالفین کو ان کی قوت معلوم ہے یہی وجہ ہے کہ مخالفین ان پر حسد کرتے ہیں یہ ایسی بات ہے جیسے مشہور ہے کہ بھیڑیئے کو اپنی قوت معلوم نہیں"۔

(ملفوظات:ج7ص 97 ملفوظ نمبر 112)

اب کوئی اس عقل وخرد سے عاری شخص سے پوچھے کہ آخر اس میں حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے کب اپنے آپ کو وہابیوں کا مقلد یا اپنی حنفیت کا انکار کیا ہے؟اس میں تو صرف یہ کہا ہے کہ دیوبندیوں وہابیوں کو اپنی طاقت کا علم نہیں اور واقعی بات درست ہے کہ الحمد للہ اہل السنۃ والجماعۃ دیوبند صرف تھوک دیں تو یہ رضاخانی اسی میں بہہ جائیں۔ان رضاخانیوں نے کبھی مردمیدان بن کر اہل حق کا مقابلہ وسامنا نہ کیا کبھی روافض،تو کبھی سیکولر وجمہوری لادین حکومتوں تو کبھی انگریز کی پشت پناہی اور ان کے ڈالروں کے بل بوتے پر آستین کا سانپ بن کر اہل حق کو ڈسا اور مٹانے کی ناکام کوشش کی۔

دیوبندیوں کے نزدیک چار مصلے برے ہیں:

آٹھواں حوالہ: مندرجہ بالا عنوان لگا کر رضاخانی ترجمان لکھتا ہے:دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی اہل سنت کے چار مصلے برے ہیں چنانچہ لکھتے ہیں کہ البتہ چار مصلے کو مکہ معظمہ میں مکرر کیے ہیں یہ امر زبوں ہے۔(سبیل الرشاد:ص 21۔تالیفات رشیدیہ:ص 517)"۔

(دیوبندیت کے بطلان کاانکشاف:ص39۔انوار شریعت:ج2ص 319)

جواب: پہلے آپ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی پوری عبارت ملاحظہ فرمائیں اس کے

بعد ہم آپ کے سامنے رضاخانیوں کا دجل ظاہر کریں گے:

''البتہ چار مصلے جو مکہ معظمہ میں مکرر کیے ہیں لاریب یہ امر زبوں ہے کہ تکرار جماعت و افتراق اس سے لازم آگیا کہ ایک جماعت ہونے میں دوسرے مذہب کی جماعت بیٹھی رہتی ہے اور شریک جماعت نہیں ہوتی اور مرتکب حرمت ہوتے ہیں''۔

(تالیفات رشیدیہ:ص 517)

رضاخانیوں نے یہ دھوکا دینے کی کوشش کی کہ معاذ اللہ مکہ معظمہ میں جو چار مصلے حنفی، مالکی، حنبلی، شافعی کے ہیں جن پر ہر مسلک والا اپنے ہم مسلک امام کی اقتداء میں نماز پڑھتا تھا یہ سب اہل سنت معاذ اللہ برے ہیں حالانکہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ مقصود ہرگز نہیں اور ہو بھی کیسے سکتا ہے کہ وہ اپنی اسی کتاب ''سبیل الرشاد'' میں زور وشور سے ائمہ مجتہدین اور حنفی، حنبلی، شافعی، مالکی مسالک کا دفاع کر رہے ہیں ۔ملاحظہ ہو ذرا غیر مقلدین کے ایک اعتراض کا جواب حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے قلم سے:

''پس صحابہ کا طریقہ اوران کی اتباع راہ نجات ہے اور وہی فرقہ ناجیہ ہے لہٰذا جملہ مجتہدین اوران کے اتباع اور جملہ محدثین فرقہ ناجیہ اہل السنۃ والجماعۃ ہو گئے بحکم حدیث صحیح ۔البتہ جو جہال کے محدثین مقبولین کو اپنی تقلید کے جوش وتعصب میں طعن وتشنیع کرتے ہیں یا جو عامل بحدیث بزعم خود ہو کر فقہاء مجتہدین راسخین پر سب وشتم کرتے ہیں اور فقہ کے مسائل مستنبط عن النصوص کو بنظر حقارت دیکھ کر زشت و زبوں جانتے ہیں وہ لوگ خارج از فرقہ ناجیہ اہلسنت اور متبع ہوائے نفسانی اور داخل گروہ اہل ہوا کے ہیں فقط......اور حنفی اور شافعی وغیرہ القاب میں کوئی گناہ یا کراہت نہیں کیونکہ یہ سب مجتہدین محمدی ہیں کہ متبع سنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہیں سو جو حنفی ہے مثلاً وہ موحد بھی ہے اور محمدی بھی ہے اور حنفی کے یہ معنی کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو وہ اعلم وافضل جانتے ہیں اور دیگر ائمہ کو بھی علی الحق عقیدہ رکھتے ہیں اور علی ہذا شافعی وغیرہ اور یہ لقب برابر علمائے اہل حق میں قدیم سے شائع ہو رہا ہے بلانکیر کہ کسی نے اس پر اعتراض نہیں کیا اور خیر القرون میں بھی بایں معنی

تلقب ثابت ہوا ہے کہ علوی اس شخص کو بولتے تھے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو افضل جانتا تھا عثمانی اس کو کہتے تھے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو افضل جانتا تھا چنانچہ صحیح بخاری میں یہ لقب بایں معنی موجود ہے۔ پس جب نظیر اس کی موجود ہے تو اس پر اعتراض کرنا اوراس کو بدعت جاننا کام اہل علم کا نہیں البتہ عوام اور نادان اپنے جہل کے سبب ایسے کلام کیا کرتے تھے۔ آخر لقب محمدی کرنا بھی تو خود اسی فرقہ کا ایجاد ہے کسی حدیث سے اس کا حکم جواز استخراج کرسکتے ہیں؟ اور اگر وہ اس لفظ کو بوجہ اتباع فخر عالم علیہ السلام کے بتاتے ہیں تو چونکہ صحابہ فخر عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعمال مختلفہ سے ابوحنیفہ وشافعی وغیرہما مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم نے اپنا مذہب خود مقرر کیا ہے تو حنفی ہونے کا لقب بھی اسی پر قیاس کر لیجیے کہ بوجہ اتباع ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وشافعی رحمۃ اللہ علیہ کے ٹھہرا ہے اور اتباع ائمہ نہیں مگر اتباع صحابہ وفخر عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پھر اس تلقب میں کیا عجب ہوسکتا ہے"۔

(سبیل الرشاد مندرجہ تالیفات رشیدیہ: ص515 تا517)

اللہ اکبر! جو شخص اتنے زور وشور سے براہین عقلی ونقلی سے حنفیت کو ثابت کررہا ہو ان کی طرف نسبت کو بیان کررہا ہو اس کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ ان کو برا کہہ رہے ہیں عوام کو دھوکا دینا نہیں تو اور کیا ہے۔ رضاخانی نے جو عبارت پیش کی اس میں حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا مقصود صرف اتنا ہے کہ یہ جو طریقہ چل پڑا کہ چار دفعہ ایک جماعت ہوتی ہے حنفی حنفی کے پیچھے، مالکی مالکی کے پیچھے، شافعی شافعی کے پیچھے، حنبلی حنبلی کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں یہ طریقہ درست نہیں ایک تو اس سے امت مسلمہ کی جو عظیم اجتماعیت کا مظاہرہ عالم اسلام کے اس مرکز میں ہوتا ہے اسے گزند پہنچتی ہے دنیا کے سامنے یہ اثر جاتا ہے کہ یہ مسلمان تو ایک دوسرے کے پیچھے نماز تک پڑھنے کے لیے تیار نہیں یہ اثر ابھرتا ہے کہ گویا ہم ایک دوسرے کو گمراہ سمجھتے ہیں معاذ اللہ۔ پھر جب دوسرے مسلک والا نماز پڑھ رہا ہو تو پہلے مسلک والے کو باوجود جماعت ہونے کے انتظار میں بیٹھے رہنا پڑتا ہے ثالثاً ایک ہی مسجد میں تکرار جماعت ہورہی ہوتی ہے۔ اب جواب دیں کہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے کون سی قرآن وحدیث کے خلاف بات کہہ

دی ہے؟

علماء احناف رضاخانی فتوے کی زد میں:

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"ذکر العلامة الشیخ رحمه الله السندی تلمیذ المحقق ابن الهمام فی رسالته ان مایفعله اهل الحرمین من الصلوة بأئمة متعددة و جماعات مترتبة مکروه اتفاقا و انه نقل عن بعض مشائخنا انکاره صریحا حین حضر الموسم بمکة سنة احدی و خمسین و خمس مائة منهم الشریف الغزنوی و انه افتی الامام ابو القاسم الحبان المالکی سنة خمسین و خمس مائة بمنع الصلوة بأئمة متعددة و جماعات مترتبة و عدم جوازها علی المذهب العلماء الاربعة و رد علی من قال بخلافه و نقل انکار ذالك عن جماعة من الحنفية والشافعية والمالكية حضرو الموسم سنة احدی و خمسین و خمس مائة"۔

(فتاویٰ شامی: ج2 ص289 ر و منحۃ الخلق حاشیۃ البحر الرائق: ج1 ص366 ر دار الکتاب الاسلامی)

[ترجمہ] محقق ابن الہمام کے شاگرد علامہ سندھی نے اپنے ایک مستقل رسالے میں لکھا کہ یہ جو اہل حرمین کرتے ہیں متعدد ائمہ اور پے در پے جماعتوں کے ساتھ نماز پڑھنے کو بالاتفاق مکروہ کہا اور ہمارے بعض مشائخ (حنفیہ) میں سے جن میں سے ایک شریف غزنوی ہے اس عمل کا صریح انکار کیا جبکہ وہ ۵۵۱ھ میں حج کے موقعہ پر مکہ مکرمہ پہنچے ۔اور بلاشبہ ابو القاسم الحبان المالکی نے ۵۵۰ھ میں اس طرح متعدد (مسالک کے) امام اور پے در پے جماعتوں کے ساتھ نماز کے ناجائز اور ممنوع ہونے کا مذاہب اربعہ کی رو سے فتویٰ دیا اور ان لوگوں کی تردید کی جو اس کے خلاف کہتے ہیں ۔

رضاخانی ملاحظہ فرمائیں کہ کن کن ائمہ اربعہ نے اس فعل کی مذمت بیان کی اور کتنے علماء

اسلام مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے پیچھے کھڑے ہیں تمہارا فتویٰ کن کن مقدس ائمہ پر لگ رہا ہے۔

آج پوری دنیا کا عمل محدث گنگوہی ؒ کے فتویٰ پر ہے:

الحمد للہ! اللہ نے اپنے اس ولی کامل کی خواہش کو پورا کیا اور آج پوری دنیا کے مسلمانوں کا عمل حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے فتوے پر ہے اور ہر مسلک والا (سوائے رضا خانی مذہب کے) مسلمان خانہ کعبہ میں ایک ہی امام کے پیچھے نماز پڑھ کر جمعیت اسلامی کا عظیم الشان مظاہرہ کرتے ہیں اور احمد رضا خان کے ہندوستانی دین و مذہب کے ماننے والے ان سے الگ ہو کر ''من شذ شذ فی النار'' کے مصداق ہیں۔

احمد رضا خان نے چار مصلے ہونے کے باوجود حنفی امام کے پیچھے نماز پڑھنے سے انکار کر دیا تھا:

مولانا احمد رضا خان بریلوی صاحب کہتے ہیں:

''نماز صبح کے سوا کہ ہمارے نزدیک اس میں اسفار یعنی وقت خوب روشن کر کے پڑھنا افضل ہے اور شافعہ کے نزدیک تغلیس یعنی خوب اندھیرے سے پڑھنا، تین مصلوں پر نماز پہلے ہو جاتی ہے اور مصلائے حنفی پر سب کے بعد باقی چار نمازیں سب سے پہلے مصلائے حنفی پر ہوتی ہیں۔ ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک وقت عصر دو مثل سایہ گزر کر ہے اس کے بعد نماز حنفی ہوتی ہے اس کے بعد باقی تین مصلوں پر۔ وہ لوگ اپنے لیے اسے بہت تاخیر سمجھتے، آخر کوشش کر کے حنفیہ سے یہ کرا لیا کہ تمام عصر مطابق قول صاحبین رضی اللہ تعالیٰ عنہما مثل دوم کے شروع میں پڑھ لیں اس بار کی حاضری میں یہ جدید بات دیکھی اگرچہ کتب حنفیہ میں یہاں قول صاحبین پر بھی بعض نے فتویٰ دیا مگر اصح واحوط و اقدم قول سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے اور فقیر کا معمول ہے کہ کسی مسئلہ میں بے خاص مجبوری کے قول امام سے عدول گوارا نہیں کرتا جس کی تفصیل جلیل میرے رسالے اجلی اعلام بان الفتوی مطلقاً علی قول الامام میں ہے

اذاقال الامام فصدقوہ فان القول ماقال الامام

ہم حنفی ہیں نہ کہ یوسفی وشیبانی میں اس بار جماعت میں بنیت نفل شریک ہوجاتا اور فرض عصر مثل دوم کے بعد میں اور حضرت مولانا شیخ صالح کمال حضرت مولانا سید اسمٰعیل و دیگر بعض محتاطین حنفیہ اپنی جماعت سے پڑھتے''۔(ملفوظات: حصہ دوم،ص 144)

لیجیے!!! آپ کے اعلیٰ حضرت تو وہاں حنفی مصلے پر بھی فرض نماز پڑھنے کو تیار نہیں اور وہاں بھی اپنی تجدد پسندی اور اختلافی وافتراقی مزاج کی وجہ سے ''من شذ شذ فی النار'' کے مصداق اپنی الگ جماعت کروار ہے ہیں۔

علماء وائمہ حرمین پر رضاخانیوں کے کفر کے فتوے:

بریلوی شیخ الحدیث فیض احمد اویسی لکھتا ہے:

''امام حرم (مکہ معظمہ ومدینہ طیبہ) ہمارے دور میں وہابی عقائد سے منسلک ہے اسی لیے برے عقیدہ والے کی اقتداء میں نماز نہیں ہوتی ہمارے اسلاف ...... نے کبھی گندے عقیدے والے کی اقتداء میں نماز نہیں پڑھی''۔(امام حرم اور ہم: پیش لفظ)

مولوی ضیاء الدین رضاخانی لکھتا ہے:

''اس وقت نماز ان کے پیچھے نہیں ہوتی کیونکہ بعض عقائد کفر کی حد تک پہنچے ہوئے ہیں احتیاط اسی میں ہے کہ اپنی نماز اگر ممکن ہوسکے تو الگ جماعت کے ساتھ ادا کرے اور اگر بہتر ہو تو انفرادی طور پر ادا کرے ویسے فساد سے بچنے کے لیے اور مسلمانوں میں بدگمانی سے دور رہنے کے لیے اگر کوئی پڑھتا ہے تو ٹھیک ہے''۔

(امام حرم اور ہم: ص 15)

''مسلمانوں کی بدگمانی سے بچنے کے لیے'' معلوم ہوا کہ ساری دنیا کے مسلمان ائمہ حرمین کو مسلمان سمجھتے ہیں اور ان کے پیچھے نماز نہ پڑھنے والے ہندی مشرکین کو برا سمجھتے ہیں۔

مفتی غلام محمد شرقپوری رضاخانی لکھتا ہے:

''امام کعبہ اور امام مسجد نبوی عبد الوہاب نجدی اور دیگر عبارات کفریہ کے قائلین کو اپنا

پیشوا مانتے ہیں اور ان کو کافر نہیں مانتے لہٰذا امام کعبہ اور امام مسجد نبوی کافر ٹھہرے مرتد ٹھہرے اور جو ان کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر ہے اور ایسے اماموں کے پیچھے نماز پڑھی ناجائز ہے اور ان کا ذبیحہ مردار ہے"۔

(کیا ہر فرقہ کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے؟ ص 22)

مزید تفصیل کے لیے ترجمان مسلک دیو بند حضرت مولانا ابو ایوب قادری صاحب زید مجدہ کی کتاب "دست و گریبان جلد دوم کا مسئلہ اول" پڑھیں ۔مولانا سعید قادری چشتیاں نے اپنی کتاب "تقدیس حرمین" میں پاکستان کے ۴۹ رضاخانی بریلوی مفتیوں کے فتاویٰ کو نقل کیا ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ ائمہ حرمین وہابی گستاخ ہیں لہٰذا ان کے پیچھے نماز نہیں ہوتی جماعت کے وقت بجائے جماعت میں شریک ہونے کے بیت الخلاء آباد کیا کرو ۔مفتی مختار رضاخانی اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ وہاں لاکھوں مسلمان نماز پڑھتے ہیں ائمہ کے پیچھے صرف ہم الگ بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں لاکھوں کے ہجوم میں کسی ایک آدمی کا بیٹھے رہنا اور نماز میں شامل نہ ہونا کئی فتنوں کا باعث ہوگا نظریہ ضرورت کے ماتحت حل یہ ہے کہ جماعت میں عام مسلمانوں کے ساتھ شامل ہو جائے"۔

(تقدیس حرمین: ص 160، 161)

مفتی فیض احمد اویسی لکھتا ہے:

"سوال: حرمین طیبین میں لاکھوں نماز کا ثواب ملتا ہے، جماعت سے نہ پڑھی گئی تو؟
جواب: خود امام کی نماز نہ ہو تو تمہاری نماز کہاں جائے گی لاکھوں کے لالچ میں ایک نماز بھی جائے گی جس کا قیامت میں مواخذہ ہوگا"۔(امام حرم اور ہم: ص 34)

پاکستانی حکومت، فوج و عوام بریلوی فتوے کی زد میں:

رضاخانیوں کے نزدیک سعودی معاذ اللہ وہابی گستاخ ہیں اب ان وہابیوں کے سربراہ شاہ عبد اللہ صاحب مرحوم کا انتقال کچھ عرصہ پہلے ہوا تو ان کے جنازے میں وزیر اعظم پاکستان جناب نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے

سعودی عرب جا کرشرکت کی ان کا نماز جنازہ پڑھا۔(روزنامہ ایکسپریس ۔نوائے وقت ۔دنیا۔جنگ کا مین پیج ۲۴ جنوری ۲۰۱۵)

غضب خدا کا خارجیوں کے جنازے میں شرکت دہشت گرد سربراہ کے جنازے میں شرکت!!! رضاخانیو! جوش خطابت کا اظہار کریں۔۔۔!!!

آگے ملاحظہ ہو:

آرمی چیف نے سعودی سفارت خانہ جا کر شاہ عبداللہ کی وفات پر تعزیت کی اور اپنے تاثرات لکھے شاہ عبداللہ کی وفات عالمی سانحہ ہے آرمی چیف ۔

(۲۹ جنوری ۲۰۱۵، ایکسپریس، جنگ، نوائے وقت)

رضاخانیو! وقت اِمتحان ہے ڈریئے مت، موت تو آنی ہے پھر حق کلمہ کہنے کی پاداش میں موت آجائے تو اس سے بہتر موت کیا ہوگی؟ اس لیے ہمت کریں۔ہم امید کرتے ہیں کہ رضاخانی جلد سے جلد خارجیوں کے ان حمایتیوں کے خلاف بھی ایک بیان ریکارڈ کروائیں گے اور اگر انہوں نے ایسا نہیں کیا تو عوام سمجھ جائے کہ امریکی ڈالروں پر پلنے والے ان جمعراتی مولویوں کو پاک فوج اور پاکستان کی عوام کی نظروں میں علماء دیوبند کی عظمت ہضم نہیں ہورہی ہے اور وطن کی محبت نہیں بلکہ دل کا بغض ایسے بیانات کرنے پر ان کو ابھارتا ہے۔

اسی طرح سعودی یمن کی جنگ میں جب امام حرم حضرت شیخ خالد الغامدی حفظہ اللہ جب پاکستان کے دورے پر آئے تو عوام وحکومت سے انہیں بھرپور پذیرائی ملی ،پاکستانی پارلیمنٹ سے خطاب کیا اور یکم مئی ۲۰۱۵ بروز جمعہ فیصل مسجد میں نماز پڑھائی جس میں وزیر مذہبی امور، صدر ممنون حسین سمیت پیر کرم شاہ کے بیٹے امین الحسنات نے بھی شرکت کی۔

نواں اور دسواں حوالہ: دیوبندی تبلیغی جماعت کے مولوی محمد یوسف واضح دوٹوک کہتے ہیں کہ ہم خود اپنے بارے میں بھی صفائی سے عرض کرتے ہیں کہ ہم بڑے سخت وہابی ہیں (سوانح مولانا محمد یوسف: ص ۲۰۲ طبع کراچی) دیوبندی محدث اور تبلیغی

جماعت کے شیخ مولوی محمد زکریا بھی واضح طور پر کہتے ہیں مولوی صاحب میں خود تم سے بڑا وہابی ہوں ۔(سوانح مولانا محمد یوسف:ص 204)۔(دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف:ص39)

جواب: پوراواقعہ اس طرح ہے:

حضرت مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مرض الموت میں سب سے بڑا مسئلہ جس نے حضرت کے متعلقین اورا کابروقت کوفکروتشویش میں مبتلا کردیا تھا وہ یہ تھا کہ دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نیابت کون کرے گا؟اور دعوت کا وہ کام جو بڑے یقین، درد،سوز اور ذوق وشوق ،انہماک کو چاہتا ہے جو اس وقت بظاہر کسی میں نہیں ہے کیسے چلے گا؟ اس وقت مرکز میں بڑے بڑے بزرگ اور مشائخ جمع تھے،حضرت مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری،حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب ،مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی ،حافظ فخر الدین صاحب خلیفہ مجاز حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری قابل ذکر ہیں ۔ان سب کو اس معاملے میں تشویش وفکر تھی ،اس سلسلہ میں جو کچھ ہوا وہ تفصیل سے مولانا محمد منظور نعمانی نے منضبط کیا ہے درج ذیل ہے ۔انہی کے الفاظ میں اس مسئلہ کے متعلق پڑھیے۔۔۔

’’حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی علالت ،وصال سے دو تین مہینے پہلے اگرچہ بہت نازک شکل اختیار کر چکی تھی،لیکن حضرت کے بعض خاص حالات کی وجہ سے خدام کو ان کی زندگی اور صحت کے بارے میں اچھی امیدیں تھیں ۔مگر دو ہفتے پہلے سے حالت اتنی نازک اور سقیم ہوگئی کہ بظاہر اسباب صحت کے لیے امید کی گنجائش نہ رہی ۔یہ عاجز اور رفیق محترم مولانا علی میاں بھی حضرت کے دوسرے بیسیوں خدام اور محبین کی طرح وہیں مقیم تھے ہم لوگوں کو حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کے ساتھ ساتھ حضرت کی دینی دعوت سے بھی اچھا خاصا تعلق ہوگیا تھا،اس لیے قدرتی طور پر حضرت کی زندگی کے مسئلہ کے ساتھ ہم ان کے بعدان کی دعوت کے انجام کے بارے میں بھی فکر مند تھے ۔ہمارا

احساس یہ تھا کہ جتنے لوگ اس وقت اس دعوت کے کام سے جڑے ہوئے ہیں ان کا تعلق اور ان کی محبت دراصل حضرت کی شخصیت سے ہے۔دعوت سے ان کا تعلق آپ کی اس ذاتی محبت کی وجہ سے ہے اس لیے یہ امید نہیں کہ حضرت کے بعد یہ کام اسی طرح چلتا رہے گا اور جس طرح لوگ حضرت کے سامنے اس کام کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں وہ آپ کے بعد بھی اسی طرح دیتے رہیں گے۔

ایک رات کو اس ناچیز اور رفیق محترم مولانا علی میاں نے اس بارے میں دیر تک غور و فکر اور باہم مشورہ کیا اور ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ حضرت کے بعد اگر یہاں اس دعوتی کام کے مرکز نظام الدین میں کسی ایسی شخصیت کا قیام رہے جس کے ساتھ حضرت مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی دعوت سے تعلق و محبت رکھنے والے پورے حلقے کو محبت و عقیدت ہو تو پھر یہ کام ان شاء اللہ اسی طرح چلتا رہے گا اور اس وقت ایسی شخصیت ہماری نظر میں حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ (رحمۃ اللہ علیہ) کی تھی اور ممدوح کی بے انتہاء محبت وشفقت نے ہم لوگوں کو انتہائی محبت وعقیدت کے باوجود کسی قدر بے تکلف بھی کر دیا تھا اس لیے ہم نے یہ طے کیا کہ اس بارے میں حضرت موصوف سے صاف صاف بات کریں اور اصرار کریں کہ وہ ابھی یہ فیصلہ فرمالیں اور ہمیں اس بارے میں مطمئن کر دیں کہ حضرت کے وصال کے بعد ان کے جانشین کی حیثیت سے وہ نظام الدین میں مستقل قیام فرمائیں گے۔ہم نے طے کیا کہ آج صبح ہی حضرت ممدوح سے وقت لے کر تنہائی میں اس مسئلہ پر گفتگو کریں گے۔

صبح صادق ہوئی، فجر کی اذان ہوتے ہی میں حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ نماز کے بعد ایک خاص معاملہ میں آپ سے کچھ عرض کرنا ہے اس کے لیے وقت مقرر فرمادیجیے۔فرمایا کہ نماز کے بعد متصلاً قاری سید رضاء حسن (مرحوم) کی درسگاہ میں بیٹھ جائیں چنانچہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد حضرت شیخ وہاں تشریف لے آئے اور یہ عاجز بھی حاضر ہوگیا اور اس ناچیز نے مختصر تمہید کے بعد اپنی اور حضرت مولانا علی میاں کی طرف

سے وہ بات عرض کی جورات کے مشورہ میں ہم دونوں نے طے کی تھی۔میں نے عرض کیا کہ حضرت مولانا کے مرض اور ضعف کی رفتار دیکھتے ہوئے اب امید ٹوٹتی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ دل میں یہ فکرا بھر رہی ہے کہ حضرت کے بعداس دینی کام کا کیا ہوگا ہم لوگوں کو اندازہ ہے اور جناب والا کو بھی اس سے غالباً اتفاق ہوگا کہ اس وقت جتنے عناصر کام میں لگے ہوئے ہیں ان سب کا اصل تعلق حضرت والا کی ذات سے ہے اوراس ذاتی تعلق کی وجہ سے وہ اس کام میں جڑے ہوئے ہیں ۔اس کا کافی اندیشہ ہے کہ حضرت کے بعد آہستہ آہستہ یہ شیرازہ منتشر ہوجائے گااور یہ امت کا بہت بڑا خسارہ ہوگا۔ہمارے نزدیک اس کا صرف ایک حل ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت کے بعد جناب والا یہاں قیام کا فیصلہ فرمالیں اور یہ کام جناب کی رہنمائی اور سرپرستی میں ہو۔ہمارا یہ اندازہ ہے اور ہمیں اپنے اس اندازے پر پورا اعتماد ہے اگر ایسا ہوا تو یہ سب عناصر اسی طرح جڑے رہیں گے کیونکہ ان سب کو جناب کے ساتھ بھی الحمدللہ عقیدت ومحبت کا خاص تعلق ہے ۔اسی کے ساتھ ہم نے یہ بھی عرض کیا کہ اگر ایسا نہ ہوا تو تھوڑے دنوں کے بعد یہ سارا مجمع منتشر ہوجائے گا ۔اور ہم خود اپنے بارے میں صفائی کے ساتھ عرض کرتے ہیں کہ ہم خود بڑے سخت ''وہابی'' ہیں ہمارے لیے اس بات میں کوئی خاص کشش نہیں ہوگی کہ یہاں حضرت کی قبر مبارک ہے،یہ مسجد ہے جس میں حضرت نماز پڑھا کرتے تھے اور یہ حجرہ ہے جس میں حضرت رہا کرتے تھے ۔اوراگر جناب نے یہاں قیام فرمایا تو ان شاء اللہ ہم سب کا تعلق اس کام سے اوراس جگہ سے ایسا ہی رہے گا جیسا آج ہے ۔

حضرت شیخ الحدیث نے میری پوری بات بڑی غور سے سنی اور جب میں اپنی پوری بات عرض کر چکا تو فرمایا۔مولوی صاحب! حضرت چچا جان کی حالت دیکھ کر جوفکر آپ کو ہورہی ہے میرا خیال یہ ہے کہ وہ یہاں سب کو ہورہی ہے اور سب اس سوچ میں ہیں ۔لیکن یہ بات ایسی نہیں کہ ہم اور آپ اس کا کوئی انتظام کرلیں اور وہ ہوجائے ۔اللہ تعالیٰ کا معاملہ اپنے خاص بندوں کے ساتھ جو اس کے لیے مرتے مٹتے ہیں یہ ہے کہ وہ ان کی چیز کو

ضائع نہیں فرماتا۔ان کے بعد بھی ان کا کام اور ان کے فیض کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔اکثر و بیشتر تو ایسا ہوتا ہے کہ ان کی زندگی میں کچھ لوگ ان کی محنت و تربیت سے تیار ہو جاتے ہیں اور وہ لوگوں کی آنکھوں کے سامنے ہوتے ہیں اور ان سے امید ہوتی ہے کہ اس بندہ کے بعد ان شاء اللہ اس کا سلسلہ اور فیض ان کے ذریعہ جاری رہے گا، مشائخ کے ہاں خلافت واجازت کا سلسلہ دراصل اسی کی ایک عملی اور انتظامی شکل ہے۔خلافت و اجازت کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ ان کو شیخ کی نسبت کچھ حاصل ہوگئی ہے۔اور اللہ کے بندوں کو اللہ سے ملانے کا جو کام شیخ سے لیا جارہا ہے وہ ان شاء اللہ ان سے بھی لیا جائے گا۔اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک بندے کی عمر بھر کی محنت اور تربیت سے ایک آدمی بھی ایسا بنتا ہو نظر نہیں آتا جس سے توقع کی جاسکے کہ اس کے ذریعہ اس بندے کا جلایا ہوا چراغ روشن رہے گا،لیکن ان بندہ کا وصال ہوتے ہی اچانک اس کے لوگوں میں سے کسی ایک میں غیر معمولی تبدیلی ہوتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ جانے والے کی نسبت دفعتہً اس کی طرف منتقل ہوگئی ہے۔ایسا بہت کم اور شاذ و نادر ہی ہوتا ہے لیکن جب ہوتا ہے تو نسبت کا یہ انتقال بہت غیر معمولی اور خارق عادت قسم کا ہوتا ہے۔حضرت چچا جان کے لوگوں میں؛ میں کسی کے متعلق نہیں سمجھتا کہ وہ تیار ہو چکا ہے اور ان کے اس کام کو وہ جاری رکھ سکے گا۔اور مجھے اللہ سے پوری امید ہے کہ وہ اس کام کو ضائع نہیں فرمائے گا۔اس لیے مجھے توقع ہے کہ یہاں غالباً دوسری شکل واقع ہونے والی ہے،اللہ تعالیٰ چاہے گا تو کسی کو یہ دولت مل جائے گی اور پھر اس کو تم بھی دیکھ لو گے اور میں بھی دیکھ لوں گا۔اور پھر یہ کام ان شاء اللہ اسی سے لیا جائے گا۔اگر اللہ تعالیٰ کا فیصلہ میرے بارے میں ہوا تو مجھ سے کسی کے کہنے کی ضرورت نہیں، پھر میں خود یہاں رہوں گا بلکہ اگر تم سب مل کر مجھے نکالنا چاہو گے جب بھی میں یہی رہوں گا۔اور اگر کسی اور کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہوا تو تم بھی اس کو دیکھ لو گے اور میں بھی دیکھ لوں گا، پھر اللہ تعالیٰ اسی سے یہ کام لے گا بس انتظار کرو۔اللہ سے دعا کرو۔اور اگر دیکھو ان میں سے کوئی بات بھی نہیں

ہوئی تو مولوی صاحب ! میں تم سے خود بڑا ''وہابی'' ہوں تمہیں مشورہ دوں گا کہ حضرت چچا جان کی قبر اور حضرت کے حجرہ کے درو دیوار کی وجہ سے یہاں آنے کی کوئی ضرورت نہیں''۔

(سوانح مولانا محمد یوسف: ص200 تا204)

خلاصہ کلام: دیکھا قارئین کرام! کتنی بڑی بے ایمانی کی اور تمام اقتباس کو سیاق و سباق سے کاٹ کر صرف چند لفظ لکھ دیئے۔ اس طویل گفتگو کو پڑھنے کے بعد آپ آسانی سے اندازہ لگالیں کہ ان بزرگان نے یہ بات بطور ''طنز و مزاح'' میں کی کہ کوئی جانشین مقرر کیجیے ورنہ اہل بدعت کی طرح پیر صاحب کے مرنے کے بعد اس کی قبر و مزار پر دھندا کرنا یہ ہم سے نہ ہوگا اس معاملے میں ہمیں وہابی سمجھ لو۔ اس میں یہ کہاں ہے کہ ہم حنفی نہیں؟۔

گیارھواں حوالہ: پھر مولوی اشرف علی تھانوی نے خود اپنے وہابی ہونے کا بھی اقرار کیا اشرف السوانح میں ہے کہ عزیز الحسن لکھتے ہیں کہ ایک بار چند عورتیں نیاز دلانے کے لیے جامع مسجد میں کہ اس وقت طلبہ بھی وہیں رہتے تھے جلیبیاں لائیں طالب علم تو آزاد ہوتے ہیں لے کر بلا نیاز دلائے سب کھالی ...... تمام عورتیں اپنے مردوں کو بلا لائیں ...... پھر حضرت والا نے ان لوگوں کو سمجھا دیا کہ بھائی یہاں وہابی رہتے ہیں یہاں فاتحہ نیاز کے لیے کچھ مت لایا کرو۔ اشرف السوانح: ج1 ص48۔

(دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف: ص40)

یہی اعتراض حسن علی رضوی نے رضائے مصطفیٰ: شوال ۱۳۹۸ھ کے صفحہ 11 پر بھی کیا ہے۔

جواب: پورا واقعہ ملاحظہ ہو:

''اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایک بار چند عورتیں نیاز دلانے کے لیے جامع مسجد میں کہ اس وقت طلبہ بھی وہیں رہتے تھے جلیبیاں لائیں طالب علم تو آزاد ہوتے ہیں لے کر بلا نیاز دلائے سب کھالی۔ کیونکہ بقول حضرت والا انہیں تو ''ناز'' تھا نیاز کیا دیتے اس پر بڑی برہمی پھیلی تمام عورتیں اپنے مردوں کو بلا لائیں ایک طالب علم نے بڑی عقلمندی کی فوراً

حضرت والا کے پاس دوڑ کر اطلاع کی کہ جلدی چلیے وہاں تو ہنگامہ برپا ہو رہا ہے ۔ چنانچہ حضرت والا فوراً تشریف لے گئے اور اس وقت نہایت حسن تدبیر سے ہنگامہ کو فرو کیا اس طرح کہ دو چار طالب علموں کو تھپڑ لگائے اور خفا ہوئے کہ بلا اذن کسی کی چیز کھالینا جائز کہاں؟ جب حضرت والا طالب علموں کو مارنے لگے تو پھر محلہ والے خود ہی ان کو بچانے لگے اور حمایت کرنے لگے پھر حضرت والا نے جلیبیوں کی قیمت پوچھ کر سب کھانے والوں سے ایک ایک پیسہ لے کر تین آنے جمع کر کے جلیبیوں کی قیمت ادا کی اس سے سب خوش ہو گئے اور معاملہ وہیں کا وہیں رفع دفع ہو گیا پھر حضرت والا نے ان لوگوں کو سمجھا دیا کہ بھائی یہاں وہابی رہتے ہیں یہاں فاتحہ نیاز کے لیے کچھ مت لایا کرو ۔اس سے انہوں نے حضرت والا کو تو وہابی نہ سمجھا ان طالب علموں کو سمجھا غرض اس قسم کے برتاؤ سے محلہ والے حضرت والا کا دم بھرنے لگے تھے اور محلے والے ہی کیا سب کانپور والوں کے قلوب میں حضرت والا کی محبت اور عظمت جا گزیں ہو گئی“۔

(اشرف السوانح: ج 1 ص 84)

رضاخانی مولوی صاحب نے مکمل واقعہ پیش نہیں کیا الحمد للہ حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کے تقویٰ واتباع شریعت کا اندازہ لگا لیں کہ طالب علم کو نہ صرف سزا دی بلکہ حق دار کو اس کا حق بھی واپس کر دیا۔جس کو ایک مسلمان کے حقوق کا اتنا خیال ہو اتنی رعایت کرتا ہو وہ ہستی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق میں کوتاہی یا حق تلفی کیسے کر سکتی ہے؟

باقی یہاں پر بھی وہابی بطور ”تعریض“ کے کہا گیا ہے کہ یہ ساری مصیبت دنگا فساد کی نوبت تمہاری اس رسمی نیاز کی وجہ سے ہوئی لہٰذا یوں سمجھو کہ یہاں وہابی رہتے ہیں اور دوبارہ نیاز مت بھیجنا تاکہ دوبارہ اس قسم کی نوبت نہ آئے ۔الحمد للہ حضرت کی سنیت وحنفیت اس قدر واضح تھی کہ اس اقرار کے باوجود بھی اہل علاقہ کو اس پر یقین نہ تھا اور آپ کو حنفی سنی ہی سمجھ رہے تھے۔

بارھواں حوالہ: دیوبندی شیخ احمد علی لاہوری کی سنیے کہ ہماری مسجد میں ۴۰ سال سے

(اہل حدیث) نماز پڑھ رہے ہیں میں ان کو حق پر سمجھتا ہوں ۔ملفوظات طیبات:ص ۱۲۶۔

(دیوبندیت کے بطلان کاانکشاف،ص)

جواب : ملفوظات طیبات اس وقت راقم کے پاس موجود نہیں نہ اس کا علم ہے کہ کس کے جمع کردہ ہیں ۔لہٰذا سر دست اتنا عرض ہے کہ آپ کے مذہب میں بزرگوں کے ملفوظات معتبر نہیں ہوتے چنانچہ نصیرالدین سیالوی ابن اشرف سیالوی لکھتا ہے:

''بزرگوں کے ملفوظات میں کچھ باتیں ان سے غلط منسوب ہو جاتی ہیں''۔

(عبارات اکابر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ: ج1ص 391)

مفتی حنیف قریشی اینڈ کمپنی لکھتے ہیں:

''ملفوظات کے ذریعہ صاحب ملفوظ پر طعن نہیں کیا جاسکتا کیونکہ اکثر صوفیاء سے منسوب ملفوظات میں رطب ویابس کی بھرمار ہے اوران کی کوئی تاریخی ویقینی حیثیت نہیں''۔

(گستاخ کون:ص 530)

اعتراض ۔۔۔کانپور میں اشرف تھانوی کا تقیہ کرکے سنی بن کر رہنا لمحہ فکریہ:

یہ عنوان قائم کرکے صفحہ ۴۰،۴۱ پر تذکرۃ الرشید سے دو اقتباسات سیاق وسباق سے کاٹ کر پیش کیے اور نتیجہ یہ نکالا کہ کانپور میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ معاذ اللہ تقیۃً سنی بن کر رہ رہے تھے۔

جواب: بریلوی نے یہاں بدترین دجل و فریب کا مظاہرہ کیا اول دجل؛ دراصل حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ابتداءً ایسی محفل میلاد جو منکرات سے یکسر خالی ہو میں شرکت کے صرف جواز کی حد تک قائل تھے اس میں بھی انہوں نے صاف طور پر لکھا ہے کہ وہ میلاد کو نہ تو عبادت سمجھتے ہیں نہ دین کا حصہ نہ کارخیر کو اس پر موقوف سمجھتے ہیں نہ اسے عشق رسالت کی کوئی نشانی البتہ چونکہ بعض علماء کے اقوال اس کے جواز پر ملتے ہیں تو میرے نزدیک اس کا

درجہ زیادہ سے زیادہ مباح کا ہے اور چونکہ میں جس علاقے میں رہنے والا ہوں ان کی زیادہ تر تعداد میلاد منانے والوں کی ہیں اس لیے ان محافل میں شریک ہو جاتا ہوں اس سے ایک بڑا فائدہ تو یہ ہے کہ یہاں کے لوگ اتنا مسجدوں میں نہیں آتے جتنا ان محافل میں آتے ہیں اس لیے یہاں اصلاح عقائد و اعمال کا موقع مل جاتا ہے لہٰذا جب یہ عمل مباح ہے تو اس شدت سے اس پر انکار نہیں کرنا چاہیے خاص کر میں جس جگہ پر رہ رہا ہوں وہاں انکار کی صورت میں میرا رہنا دشوار ہو جائے گا اس سے جہاں دیگر مفاسد پیدا ہوں گے وہاں کچھ مالی پریشانی کا سامنا بھی کرنا پڑے گا کہ مجھے مدرسہ چھوڑنا پڑے گا جس سے کچھ مالی منفعت ہو جاتی ہے یا تنخواہ ملتی ہے غرض حضرت تھانوی یہاں مالی منفعت کا ذکر مدرسے کے حوالے سے کر رہے ہیں نہ کہ میلاد کے حوالے سے اسی خط میں حضرت تھانوی کی چند عبارات ملاحظہ ہوں جس سے ان کا اصل موقف بالکل صاف ہو جائے گا:

’’امر اول شرکت بعض مجالس کی الحمد للہ مجھ کو نہ غلو و افراط ہے نہ اس کو موجب قربت سمجھتا ہوں مگر توسع کسی قدر ضرور ہے۔ اور منشاء اس توسع کا حضرت قبلہ و کعبہ کا قول و فعل ہے مگر اس کو حجت شرعیہ نہیں سمجھتا بعد ارشاد اعلیٰ حضرت کہ خود بھی میں نے جہاں تک غور کیا اپنے فہم ناقص کے موافق یوں سمجھ میں آیا کہ اصل عمل تو محل کلام نہیں‘‘۔

(تذکرۃ الرشید: ص116)

آگے ایک مقام پر فرماتے ہیں:

’’نہ کسی دن ان اعمال کی (یعنی میلاد کی) وقعت ذہن میں آئی نہ خود رغبت ہوئی اور نہ اوروں کو ترغیب دی بلکہ اگر کبھی اس قسم کا تذکرہ آیا تو یہی کہا گیا کہ اول یہی ہے کہ خلافیات سے بالکل اجتناب کیا جائے مگر جس جگہ میرا قیام ہے وہاں ان مجالس کی کثرت تھی اور بے شک ان لوگوں کا غلو بھی تھا چنانچہ ابتدائی حالت اس انکار پر میرے ساتھ بھی لوگوں نے مخالفت کی مگر میں نے اس کی کچھ پرواہ نہ کی تین چار ماہ گزرے تھے کہ حجاز کا اول سفر ہوا تو حضرت قبلہ نے خود ہی ارشاد فرمایا کہ اس قدر تشدد مناسب نہیں جہاں ہوتا

ہوا نکار نہ کرو جہاں نہ ہوتا ہو ایجاد نہ کرو اور اس کے بعد جب میں ہندوستان کو واپس آیا تو طلب کرنے پر شریک ہونے لگا اور یہ عزم رکھا کہ ان لوگوں کے عقائد کی اصلاح کی جاوے چنانچہ مختلف مواقع ومجالس میں ہمیشہ اس کے متعلق گفتگو کرتا رہا اور جتنے امور اصل عمل سے زائد تھے سب کا غیر ضروری ہونا اور ان کی ضرورت کے اعتقاد کا بدعت ہونا صاف صاف بیان کرتا رہا''۔(تذکرۃ الرشید:ص 117)

آگے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''فیصدی نوے موقع پر عذر کر دیا اور دس جگہ شرکت کرلی اور شرکت بھی اس نظریہ سے کہ ان لوگوں کو ہدایت ہوگی اور یوں خیال ہوتا ہے کہ اگر خود ایک مکروہ کے ارتکاب سے دوسرے مسلمانوں کے فرائض و واجبات کی حفاظت ہو تو اللہ تعالیٰ سے امید تسامح ہے بہرحال وہاں بدوں شرکت قیام کرنا قریب بمحال دیکھا اور منظور تھا وہاں رہنا کیونکہ دنیوی منفعت بھی ہے کہ مدرسے سے تنخواہ ملتی ہے اور بفضلہ تعالیٰ وعظ وغیرہ کے بعد تو لینے کی مطلقاً میری عادت نہیں''۔(تذکرۃ الرشید:ص118)

معلوم ہوا کہ ان مجالس میں شرکت کی وجہ حضرت کے وعظ سے کئی سود خوروں فاسقوں کا صالح نمازی بن جانا تھا۔اگر تقیہ ہی کرنا ہوتا تو ابتداء میں اس کی مخالفت کیوں کی جس کی وجہ سے لوگوں کی مخالفت بھی مول لینا پڑی مگر حضرت نے اس کی کچھ پروا نہ کی۔الحمد للہ حضرت جس بات کو حق سمجھتے کھلم کھلا اس کا ظہار کرتے۔مگر جب دیکھا کہ یہاں کے لوگ نماز کے لیے اتنے حاضر نہیں ہوتے جتنے ان محافل میں لہٰذا ایسی محافل میں شرکت کے لیے چلے جاتے جہاں منکرات نہ ہوتی اور وہاں نماز روزے اور اصلاح نفس کی تلقین کرتے۔

حضرت نے صاف طور پر فرمایا کہ وعظ پر کچھ لینے دینے کی میری عادت نہیں جس کو بریلوی مناظر ہضم کر گیا اور یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ حضرت تھانوی میلاد پر تنخواہ لیتے تھے۔مگر حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے طویل خط وکتابت کے بعد جب ان پر یہ صورت واضح ہوئی کہ ان مجالس میں بھی شرکت مناسب نہیں تو خود اعلان کر دیا کہ اب میں ان مجالس میں کبھی

شرکت نہیں کروں گا۔اگر تقیہ کرنا تھا تو اعلان کیوں کیا؟ حضرت کو وہاں تقیہ کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی؟ اہل کانپور آپ سے حد درجہ عقیدت رکھتے تھے آخر وقت تک ان حضرات کا آپ سے عقیدت کا کیا معاملہ رہا اس کے لیے صرف ایک واقعہ عرض کر دیتا ہوں کہ جب حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے حکم پر آپ نے رفتہ رفتہ انتہائی حسن تدبیر سے کانپور سے نکل کر تھانہ بھون میں سکونت اختیار کر کے اس کو اپنے رشد و ہدایت کا مرکز بنایا تو جب اس بات کی اطلاع اہل کانپور کو ملی کہ اب آپ اس شہر کو چھوڑ چکے ہیں تو:

’’جب کانپور والوں کے پاس حضرت والا کا اس مضمون کا خط پہنچا تو ان کے قلق و اندوہ کی کوئی انتہا نہ تھی حضرت والا کی واپسی کانپور کی برابر کوشش کرتے رہے بالآخر آپس میں مشورہ کر کے بصر الحاح یہ درخواست پیش کی کہ مدرسہ کا کوئی کام آپ کے ذمہ نہ ہوگا بس کانپور میں صرف قیام رکھا جائے اور ہم لوگ بجائے پچاس روپیہ ماہوار کے سو روپیہ ماہوار کی خدمت ہمیشہ کرتے رہیں گے اس سے اندازہ کرلیا جائے کہ اہل کانپور حضرت والا کے کس درجہ گرویدہ تھے حضرت والا نے خشک جواب دینے کے بجائے لکھ کر بھیجا کہ میں نے وطن کی سکونت حضرت حاجی صاحب (قدس اللہ سرہ العزیز) کے ایما سے اختیار کی ہے حضرت ہی کو لکھا جائے‘‘۔(اشرف السوانح: ج1 ص328)

بھلا ایسی محبت کرنے والوں کے درمیان کسی کو تقیہ کرنے کی کیا ضرورت غرض میلاد کی ان بعض مجالس میں شرکت معاذ اللہ کسی تقیہ کی وجہ سے نہیں تھی بلکہ حضرت اس کے جواز کی طرف مائل تھے جس سے بعد میں رجوع فرمالیا۔

(دفاع اہل السنۃ والجماعۃ 175 تا 214)

صفحہ 110 تا 128 علامہ ساجد خان نقشبندی مدظلہ العالی صاحب پر فتوے لگانے کی کوشش کی ہے جو اس نے ’’بہجۃ الاسرار‘‘ کے دفاع والی کتاب میں بھی پیش کئے تھے ہم نے اسی کے رد میں ان فتاوی کا جواب لکھ دیا تھا جو کتاب کے شروع میں لگا دئے گئے ہیں۔ملاحظہ فرمالیں۔

باب سوم

وہ مسائل جن میں رضا خانیوں نے احناف سے اعتزال کا راستہ اپنایا اور جواب میں فرقہ حسام الحرامی کی لایعنی تاویلات کا دندان شکن جواب

مسئلہ علم غیب

علامہ صاحب کا دعوی کیا تھا؟

علامہ صاحب نے علم غیب کے متعلق فقہائے احناف کے اقوال پیش کرنے کے بعد یہ لکھا کہ:

''قارئین کرام! ہم نے انتہائی اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے آپ کے سامنے مسلکِ حنفیت کا موقف رکھا کہ وہ صراحۃً نبی کریم ﷺ کیلئے علم غیب کا عقیدہ رکھنے والے کو کافر کہتے ہیں، یہ عقیدہ کسی وہابی کا ایجاد کردہ نہیں بلکہ سادات احناف کا ہے، اہلسنت دیوبند کا قصور صرف اتنا ہے کہ وہ اس عقیدے کے ناقل ہیں، اب دوسری طرف منکرین فقہ حنفی یعنی اہلِ بدعت کا عقیدہ بھی ملاحظہ ہو:

اہلِ بدعت عقیدہ

یہ حضرات تمام انبیاء اولیاء بلکہ شیطان کیلئے بھی علم غیب کا عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ علم غیب جانتے ہیں اس سلسلے میں مندرجہ ذیل کتب تصنیف کی گئیں: (۱) جاء الحق، (۲) مقیاس حنفیت (۳) انباء المصطفیٰ، (۴) خالص الاعتقاد، (۵) الکلمۃ العلیاء۔ بلکہ مولانا معین الدین بریلوی تو لکھتے ہیں:

''ہمارے صدر الافاضل نے علم غیب پر سب سے پہلی جامع کتاب الکلمۃ العلیا لاعلاء علم المصطفیٰ لکھی''، (ملخصا)۔ (حیات صدر الافاضل ص46، فرید بک سٹال، لاہور)

معلوم ہوا کہ اس مسئلہ میں فساد ڈالنے والے یہ بدعتی ہیں، اس لئے کہ اگر یہ عقیدہ پہلے سے چلا آرہا ہوتا تو پہلی جامع مانع کتاب لکھنے کی ضرورت کیا تھی؟ اب حنفیوں کا عقیدہ اور حنفیت کے باغی بدعتیوں کا عقیدہ دونوں آپ کے سامنے ہیں! فیصلہ آپ نے کرنا ہے کہ حنفیت کا عقیدہ اپنا کر اپنے حقیقی حنفی ہونے کا ثبوت دیتے ہیں یا بریلوی عقیدہ اپنا کر کفر کا طوق گلے کی زینت بناتے ہیں!!!!

ہمارا چیلنج

ہم یہاں امام اہل السنۃ محدّث اعظم پاکستان حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۴۳۰ھ) کے اس چیلنج و مطالبے کو دہراتے ہیں جو آج سے کئی سال پہلے انہوں نے کیا اور الحمدللہ آج تک اس مطالبے کو کوئی پورا نہیں کرسکا اور ان شاء اللہ تاقیامت کوئی مائی کالال اس کو پورا نہیں کرسکتا دیدہ باید:

''ہم فریق مخالف سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کم ازکم دو حوالے صرف حضرات فقہاء احناف ؒ کے اس مسئلہ پر پیش کردے کہ جو شخص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے علم غیب کلی نہیں مانتا اور اس کا عقیدہ نہیں رکھتا تو وہ کافر ہے کیا ہے کوئی مردِ میدان......فَهَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ؟''

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، ص 20،21)

اب اس کے مقابل رضاخانی کو چاہئے تھا کہ علمائے دیوبند سے حوالہ پیش کرتا کہ ''علم غیب'' عین اسلام ہے یا کلی علم غیب عین اسلام ہے۔ اس کے بجائے خود سے ابتدائے آفرینش سے لیکر الی یوم القیامۃ کا عقیدہ پیش کرکے دجل و فریب کی انتہا کرتے ہوئے اسے علم غیب سے تعبیر کرکے پھر علمائے دیوبند سے پیش کررہا ہے کہ یہ کفر نہیں۔

حالانکہ فی نفسہ خود علامہ صاحب نہ تو ابتدائے آفرینش سے الی یوم القیامۃ کو علم غیب مانتے ہیں نہ کفر۔ لہذا علامہ صاحب اور علمائے دیوبند کا سرے سے کوئی اختلاف ہی نہیں جو موصوف پیش کرنا چاہ رہے ہیں۔ علم غیب کیا ہے آئیے علامہ صاحب ہی سے وضاحت کردیتے ہیں۔

علم غیب کی تعریف

قارئین کرام! علم غیب خاصہ باری تعالی ہے۔ شریعت کہ اصطلاح میں اس علم کو علم غیب کہا جاتا ہے:

''جو ذاتی، ازلی کلی تمام کلیات پر حاوی ہو''

بالفاظ دیگر علم غیب اللہ تعالی کا خاصہ ہے۔ کسی انسان کو اس کے حاصل کرنے پر قدرت

ہی نہیں ہے۔مخلوق کو عطاء کیا ہوا علم یا کوئی جزئی علم ”علم غیب“ نہیں۔ہمارے اکابر میں سے اگر کسی نے ”اخبار غیب“ یا ”بعض معلومات“ پر ”علم غیب“ کا اطلاق کیا ہے تو اس سے مراد یا تو ”علم غیب لغوی“ ہے یا ”تعبیر کی خطاء“ ہے۔جس کی تفصیل ان شاء اللہ اپنے مقام پر آجائے گی۔

غرض علم غیب اصطلاحی میں تین قیود ہوں گی:

(۱)ذاتی یعنی کسی کا عطا کردہ نہ ہو عطائی کا یعنی دینے کا ذکر آجائے تو علم غیب نہ رہے گا۔

(۲) کلی حاوی ہو۔حاوی سے مراد یعنی ”تمام غیوب“ اس لئے یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ کلی و جزئی تو معلومات کی صفات ہیں۔

(۳)ازلی ہو۔لہذا علم حادث بھی علم غیب نہیں کہلاتا۔

یہ علم غیب اللہ رب العزت کا خاصہ ہے لہذا کسی مخلوق کیلئے اسے ثابت کرنا خواہ کلی طور پر یا جزئی طور پر صریح شرک ہے اور ایسا شخص دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفیؒ لکھتے ہیں:

”اَلْعِلْمُ الْمُخْتَصُّ بِهٖ هُوَ عِلْمُ الْغَيْبِ“ (تفسیر مظہری، ج1 ص358)

جو علم اللہ کے ساتھ خاص ہے وہ علم غیب ہے۔

(دروس مناظرہ از علامہ نقشبندی صاحب)

مزید تفصیل ”دروس مناظرہ“ میں ملاحظہ ہو۔موصوف کو چاہیئے تھا کہ اس علم غیب کا اسلام ہونا علمائے دیوبند یا سادات احناف سے دکھاتا جو اس کے بس کی بات نہیں۔حقیقت میں رضا خانی تقیہ میں شیعوں کے باپ اور دجل و فریب میں یہودیوں کے استاد واقع ہوئے ہیں انہوں نے شیطان کی آنت کی طرح اپنا ہر عقیدہ ایک کتاب میں کچھ دوسری میں کچھ لکھا ہے اسی لئے علامہ نقشبندی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ ایسا مکار فرقہ ہے جب تک ان کی تمام کتب پر دسترس نہ ہو ان کا مکر و فریب پکڑنا مشکل ہے۔خود علم غیب میں نقشبندی صاحب نے رضا خانیوں کے کئی عقائد پیش کئے۔ایک ہی مسئلہ میں مختلف عقیدے انہوں نے گھڑے ہی

اس لئے ہیں کہ بوقت ضرورت جان چھڑائی جاسکے۔

بہرحال رضاخانیوں کا اصل عقیدہ علم غیب کے باب میں "ذاتی وکلی علم محیط" کا ہے۔علامہ صاحب دروس مناظرہ میں اس پر یوں تبصرہ کرتے ہیں:

"**خلاصہ کلام**: حقیقت یہ ہے کہ رضاخانی حضرات نبی کریم ﷺ کیلئے علم غیب ذاتی کلی غیر متناہی کے قائل ہیں چنانچہ واضح طور پر ان کا یہ عقیدہ گزرچکا ہے کہ اللہ تعالی کا کل علم غیب نبی کریم ﷺ کے قبضہ قدرت میں دے دیا گیا ہے۔مگر اہل السنۃ والجماعۃ کی علمی گرفت سے بچنے کیلئے تقیہ اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم بعض مانتے ہیں یا روز اول سے الی یوم القیامۃ مانتے ہیں۔چنانچہ جن حضرات نے بعض یا متناہی کا قول نقل کیا ہے انہوں نے دوسرے مقام پر اس سے متضاد غیر متناہی اور کلی کا قول بھی نقل کیا۔حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ عوام کو دھوکا دیتے ہیں کہ ہم کل علم غیب نہیں مانتے اور ساتھ میں "جمیع ما کان و ما یکون" کا دعوی بھی کرتے ہیں مفتی احمد یار گجراتی لکھتا ہے:

"اس میں تمام معلومات الہیہ جاننے کی نفی کرنا مقصود ہے"۔

(جاء الحق،ص 99)

اور اپنے اس موقف پر دلیل دیتے ہوئے میر سید شریف کی عبارت نقل کرتے ہیں:

"الاطلاع علی جمیع المغیبات لا یجب للنبی
تمام غیبوں پر مطلع ہونا نبی کیلئے ضروری نہیں"۔

(جاء الحق،ص 99)

معلوم ہوا کہ بریلوی اصطلاح میں "جمیع" کا لفظ تمام معلومات الہیہ کیلئے بولا جاتا ہے۔اور دعوی میں اسی جمیع کو لکھواتے ہیں یعنی "جمیع ما کان و ما یکون" تو معلوم ہوا کہ یہ لوگ نبی کریم ﷺ کیلئے کلی معلومات الہیہ کے قائل ہیں۔اس لئے ان کے دھوکے میں ہرگز نہ آئیں۔

غلام رسول سعیدی لکھتا ہے:

"غیب پر مسلط کرنے کا معنی ہے غیب پر غالب کرنا اور غیب پر غالب کرنے سے متبادر یہ ہوتا ہے کہ غیب کے ہر فرد کا رسولوں کو علم ہے"۔

(تبیان القرآن، ج 12 ص 303)

''غیب پر مسلط'' ہونے کا بریلوی شیخ الحدیث نے غیب کے ہر ہر فرد کا علم مانا یعنی کلی علم غیب اب ملاحظہ ہو مولانا احمد رضا خان صاحب کا ترجمہ:

فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِنْ رَّسُولٍ

(سورہ جن آیت 26، 27)

تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

بریلوی جماعت نام نہاد دعوت اسلامی کے امیر جناب الیاس عطاری لکھتے ہیں:

''سرکار ﷺ کے علم غیب پر اعتراض کرنا کہ فلاں فلاں بات کا سرکار ﷺ کو علم نہیں تھا یہ منافقین کا طریقہ ہے اور صاحبان ایمان، عاشق رحمت عالمیان غلام نبی غیب دان کے کان اس سے بہرے ہیں کہ وہ اللہ عزوجل کے محبوب دانا غیوب ﷺ کے علم غیب شریف کے خلاف کوئی بات سنے اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروروں درود''۔

(رسائل عطاریہ، حصہ دوم، ص 83)

اگر نبی کریم ﷺ کا علم غیب کلی نہ مانیں محدود مانیں تو لازم آئے گا کہ محدود کے دائرے سے باہر فلاں فلاں بات کا علم غیب نبی کریم ﷺ کو نہیں اور عطاری صاحب اسے منافقین کا طریقہ شمار کر رہے ہیں اور ساتھ میں کہہ بھی رہے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ ہی آپ سے نہ چھپا تو اب کونسی چیز آپ سے چھپی رہ سکتی ہے پس معلوم ہوا کہ رضا خانیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کو کلی غیب غیر متناہی تفصیلی حاصل ہے۔

چنانچہ مفتی احمد یار گجراتی صاحب لکھتے ہیں:

''بعض علماء صالحین سے سنا گیا کہ بعض عارفین نے کوئی کتاب لکھی ہے جس میں ثابت کیا ہے کہ حضور ﷺ کو تمام علوم الٰہیہ معلوم کرا دئے گئے تھے یہ کلام بظاہر تو بہت سے دلائل کے خلاف ہے نہ معلوم کہ قایل نے اس سے کیا مراد لی ہے۔۔۔ یہ عبارت یہاں اس لئے پیش کی گئی کہ بعض لوگوں نے حضور علیہ

الصلوۃ والسلام کا علم خدا تعالیٰ کے علم کے برابر مانا اور فرق صرف ذاتی و عطائی کا کیا مگر شیخ عبدالحق نے ان کو مشرک نہ کہا بلکہ عارف کہا"۔
(جاالحق،ص86)

یہ عبارت اس پر صریح دال ہے کہ معاذ اللہ حضور ﷺ کا علم اللہ تعالیٰ کے علم کے برابر جاننے والے بھی عارف باللہ ہے معاذ اللہ ۔حالانکہ خود رضاخانیوں کے شارح بخاری مفتی شریف الحق امجدی فتوی دیتے ہیں:

"یہ کہنا کہ اللہ عزوجل کے پاس جو علم غیب تھا سب اپنے حبیب پاک ﷺ کو عطا فرمادیا،کفر ہے، کیونکہ اس میں اللہ عزوجل اور حضور ﷺ کے علم میں مساوات لازم آتی ہے اور اللہ عزوجل کا علم غیر متناہی بالفعل ہے۔ یہ محال ہے کہ کسی مخلوق یا خود حضور اقدس ﷺ کا علم پاک غیر متناہی بالفعل ہو اور نہ یہ تحت قدرت باری تعالیٰ داخل کہ وہ کسی مخلوق کو اپنا سب علم عطا فرمائے ۔اس بیان کرنے والے پر توبہ وتجدید ایمان وتجدید نکاح لازم ہے ۔وہ اعلانیہ بیان کرنے والا یوں توبہ کرے کہ میں نے یہ بیان کیا تھا (جملہ مذکورہ کو دہرائے) یہ کلمہ کفر ہے اس سے میں توبہ کرتا ہوں اللہ عزوجل نے اپنا سب علم حضور اقدس ﷺ کو نہیں عطا فرمایا"۔
(فتاوی شارح بخاری،ج1ص514)

مگر مفتی احمد یار گجراتی صاحب تو بغیر توبہ وتجدید ایمان ہی اس جہاں اپنا انجام بھگتنے پہنچ چکے ہیں ان کے اذناب سے درخواست ہے کہ اس شخص سے اعلان برات کریں ورنہ اپنے ہی شارح بخاری کے فتوے کو اپنے گلے کا طوق بنالیں۔

خان صاحب بریلوی مفتی شریف الحق امجدی کے فتوے کی زد میں

مفتی شریف الحق صاحب اس عقیدہ کو کفر کہہ رہے ہیں مگر ان کے خان صاحب بریلوی کہتے ہیں:

"علم الٰہی سے مساوات کا دعوی بے شک باطل ومردود ہے مگر تکفیر اس پر بھی نہیں ہوسکتی جبکہ بعطائے الٰہی مانے"۔

(فتاوی رضویہ قدیم، ج6ص 77، دارالعلوم امجدیہ کراچی 1992)

اور یہ رضاخانی کتب میں مرقوم ہے کہ کفر کو کفر نہ کہنا بھی کفر ہے لہذا خان صاحب بریلوی نے ایک کفریہ عقیدہ کو کفر نہ کہہ کر خود کفر کا ارتکاب کرلیا ہے۔

یہی موصوف یعنی مفتی احمد یار گجراتی لکھتے ہیں:

''تو معلوم ہوا کہ ما کان و ما یکون کا علم حضور علیہ السلام کے علم کے دفتر کا ایک نقطہ ہے''۔

(جاالحق،ص 84)

مفتی جلال الدین امجدی لکھتے ہیں:

''تمام ما کان و ما یکون کا علم پیارے مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم عظیم کا ایک قطرہ ہے''

(فتاوی فیض الرسول، ج1ص 18)

لہذا یہ رضاخانیوں کا دھوکا ہے کہ وہ صرف ابتدائے آفرینش سے الی یوم القیامۃ کا علم مانتے ہیں یہ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کا قطرہ بھی نہیں کیونکہ مایکون میں مابعد القیامۃ بھی شامل ہے اور امجدی صاحب اسے بھی ''قطرہ'' ہی قرار دے رہے ہیں تو الی یوم القیامۃ تو قطرہ بھی نہ بنے گا۔

یہ تمام عبارات اس بات پر شاہد عدل ہیں کہ ابتدائے آفرینش سے الی یوم القیامۃ کا کلی علم غیب مانتے جسے یہ لوگ ما کان و ما یکون کہتے ہیں محض ایک ڈھکوسلہ ہے یہ لوگ معاذ اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے کلی لامتناہی بالفعل علم مانتے ہیں صرف ذاتی و عطائی کا فرق کرتے ہیں اور بعض تو عطائی کے بھی قائل نہیں۔

اس پر ایک ناقابل تردید حوالہ ملاحظہ ہو۔رضاخانی شیخ الحدیث والتفسیر فیض احمد اویسی صاحب شیخ سہروردی رحمہ اللہ کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''پس چاہیئے کہ بندہ جیسا کہ اللہ تعالی کو برابر اپنے تمام حالات پر ظاہر و باطن میں واقف اور خبردار جانتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ظاہر و باطن میں خبر دار اور حاضر و ناظر جانے''۔

(ندائے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ص 42)

معلوم ہوا کہ یہ لوگ علم غیب کے معاملے میں نبی کریم ﷺ کو اللہ کے برابر ہی سمجھتے ہیں معاذ اللہ صرف ذاتی وعطائی کا فرق کرتے ہیں۔ شیخ سہروردی رحمہ اللہ کی کتاب کا کوئی حوالہ موصوف نے نہیں دیا بالفرض ایسا ہو بھی تو رضاخانیوں نے لکھا ہے کہ بزرگوں کی کتب میں تحریفات ہو چکی ہیں۔

بہرحال بریلوی حضرات اپنا جو بھی عقیدہ لکھوائیں اس پر بھرپور گرفت کریں اور ان کے اپنے اکابر کی تضاد بیانیوں کو ان کے سامنے بیان کرکے ان پر ان سے واضح موقف لکھوائیں۔

موصوف کا ان صفحات میں سارا زور اس پر ہے کہ اللہ کا علم ذاتی ہے ہم تو رسول اللہ ﷺ کیلئے عطائی مانتے ہیں اللہ کا علم غیر محدود ہے ہم تو رسول اللہ ﷺ کا علم غیب محدود مانتے ہیں تو ہمیں کافر کیوں کہا جارہا ہے تو علامہ صاحب جواب دیتے ہیں:

حکم

علم غیب خاصہ خداوندی ہے اس لئے فقہاء احناف کے فتاوی کی روشنی میں کسی مخلوق کیلئے علم غیب کا عقیدہ رکھنے والا کافر و مشرک ہے۔ اسی طرح ہمارے امام اہلسنت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''خان صاحب کا یہ دعوی کہ روز اول سے روز آخر تک کی تمام اشیاء اور ہر ذرہ ذرہ کا تفصیلی علم آنحضرت ﷺ کو حاصل ہے ایک نرا کفریہ دعوی ہے اس لئے نہیں کہ اس سے اللہ تعالی کے علم کے ساتھ مساوات لازم آتی ہے...... اور نہ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کیلئے بالاستقلال اور ذاتی طور پر ان مذکورہ اشیاء کا علم ثابت کیا جارہا ہے...... بلکہ اس لئے یہ نظریہ اور عقیدہ کفریہ ہے کہ اس سے بے شمار نصوص قطعیہ قرآنیہ کا رد یا کم از کم تاویل لازم آتی ہے''۔

(اتمام البرہان، ص 27,26)

کتنا دوٹوک اور صاف عقیدہ ہے۔

(دروس مناظرہ، ص 231 تا 235)

موصوف کی زبانی:

''یہ رضا خانی مولوی علامہ نقشبندی صاحب کے متعلق کتب لکھنے کے بجائے اتنی ہی دیر نقشبندی صاحب کی کتب ہی پڑھ لیتا تو آج اس طرح ذلیل و رسوا نہ ہوتا''۔

ایک تازہ حوالہ ملاحظہ ہو رضا خانی بزرگ مولانا شاہ فضل رسول بدایونی لکھتا ہے:

''ان آیات محکمات سے صفات ذاتیہ ثبوتیہ میں کہ جنہیں حیات، علم، سمع، بصر، مشیت، قدرت اور ارادہ کہتے ہیں شرکت واضح ہے اور ان صفات کے اعتبار سے شرکِ شرعی کوئی صورت قبول نہیں کرتا۔ یوں ہی صفات ذاتیہ سے ناشی و متعلق صفات اضافیہ اور افعال میں بھی شرکت ثابت ہے اور جیسے تصرف بہ قدرت اور علم کی غیب دانی وغیر ذالک۔۔۔ یہ صفات و افعال اس اعتبار سے کہ ذات الٰہی جل مجدہ کیلئے خاص صفات اور خاص افعال ہیں یعنی جس طرح اللہ کیلئے ہیں یعنی وہ صفت حیات جو اللہ تعالیٰ کیلئے ہے ویسی حیات اور جیسی قدرت اس کیلئے ہے ویسی قدت، علم، سمع اور بصر جو خدا تعالیٰ کیلئے ہیں اور تصرف جیسا کہ خدا تعالیٰ کیلئے ہے دوسرے کیلئے ثابت کرنا بھی مدار شرک نہیں رکھتا۔۔۔ کیونکہ مخلوق کیلئے صفات ذاتیہ میں شرکت ثابت کئے بغیر (صرف) الوہیت کا عقیدہ رکھنے سے بھی شرک ہو جاتا ہے اور اگر الوہیت کا عقیدہ نہ ہو تو تمام صفات کو ثابت کرنے سے بھی شرکِ شرعی نہیں ہوتا''۔

(البوارق المحمدیہ، ص 307، 308)

استغفر اللہ! یہ ازلی نجس مشرک کہتا ہے کہ جیسا اللہ کا علم و علم غیب ہے، سمع، بصر، قدرت، تصرف ہے اسی طرح یہ تمام صفات ذاتیہ مخلوق کیلئے ثابت کرنا شرک نہیں بلکہ مخلوق تو ان صفات ذاتیہ میں پہلے ہی سے اللہ کے شریک ہے۔ العیاذ باللہ۔

علامہ نقشبندی صاحب کے نزدیک تمہاری یہ کفریات و شرکیات تھیں جس کے سبب ان کا فتویٰ جس میں وہ صرف ناقل ہیں اصل تو سادات احناف کا فتویٰ ہے بالکل درست ہے۔ اور دیگر علمائے دیوبند کے پیش نظر چونکہ تمہاری یہ کفریات و شرکیات نہیں تھیں تو انہوں نے حسن

ظن سے کام لیا۔اگر شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ بقول احمد رضاخان جناب فاضل بریلوی اللہ و رسول ﷺ کو ننگی ننگی گالیاں دینے کے بعد بھی ''حسن ظن'' کی بنا پر مسلمان ہوسکتا ہے تو علمائے دیوبند نے بھی ایسا ہی حسن ظن رکھ لیا تمہارے متعلق۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ خود رضاخانی نے بھی اپنے اکابر کے ان عقائد کو کفریہ وشرکیہ تسلیم کیا ہے چنانچہ لکھتا ہے:

''نفی علم ذاتی کی ہے کہ یہ خاصہ الوہیت ہے''۔(باغی دیوبندی،ص 131)

بلاشبہ غیر خدا کیلئے ایک ذرہ کا علم ذاتی نہیں اس قدر خود ضروریات دین سے اور منکر کافر ہے''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص134)

اور ہم ثابت کر چکے ہیں کہ رضاخانی غیر اللہ کیلئے نہ صرف علم ذاتی مانتے ہیں بلکہ تمام صفات ذاتیہ میں مخلوق کو اس کا شریک کہتے ہیں ''جیسے'' اور ''ایسے'' کے الفاظوں نے ہر قسم کی تاویلات کی پٹاری کو بند کر دیا ہے۔لہذا تمہارا یہ عقیدہ علم غیب خود تمہارے قلم سے کفر ہوا تو علامہ نقشبندی صاحب پر بکواس کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ تمہاری زبان صفحات کالے کرنے کے بجائے اپنی ہی کتب یا کم از کم نقشبندی صاحب کی کتب کا مطالعہ کر لیتے تو آج اس طرح ذلیل و رسوا نہ ہوتے مگر جس کا پیر و مرشد جناب فاضل از فضلہ کائنات کا ذلیل ترین انسان ہو اس کے ماننے والے ابدی ازلی ارذل نہ ہوں تو کیا ہوں؟

خلاصہ کلام یہ وہ اصل کفریہ شرکیہ عقیدہ ہے جس کو موصوف نے ہاتھ بھی نہیں لگایا اور جس کو علامہ نقشبندی صاحب رضاخانیوں کا اصل عقیدہ قرار دیتے ہیں اس سے ہٹ کر موصوف نے خواہ مخواہ قیمتی صفحات سیاہ کرتے ہوئے صفحہ 129 تا135 علم غیب کے باب میں اپنے اکابر کی مجمل تقیہ والے اقوال پیش کئے جس کا کتاب سے و موضوع سے کوئی تعلق ہی نہیں اور اسے ہم بھی علم غیب نہیں مانتے۔پھر اپنی صفت احمد رضاخانی یعنی گالیوں کا اظہار کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''وہابی مولوی ساجد خان تو عقل تین طلاقیں دے کر فارغ عن العقل ہو چکا ہے اس

جاہل کوعلم ہی نہیں کہ اہلسنت کا عقیدہ کیا ہے اور جناب ذلت مآب جہالت میں گنگوہی کے استاد پڑھنے کی زحمت بھی گنوارا نہیں کرتے‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی، جلداول،ص135)

اندازہ لگائیں ان کی بے شرمی اور بکواسی مزاج کا کہ ابتدائے کائنات سے دخول الجنۃ تک کے عقیدہ پرعلامہ نقشبندی صاحب موصوف کی کتاب لکھنے سے پہلے ہی درس میں رد کر چکے ہیں مگر یہ بے شرم کہتا ہے کہ ہمارا عقیدہ تو یہ ہے جس کا نقشبندی صاحب کو علم ہی نہیں۔

علامہ نقشبندی صاحب نے رضاخانیت کو کتنا پڑھا ہے؟ اس کا گواہ تو دوست و دشمن سب ہیں۔نیٹ پر علامہ صاحب کے پیج کو دیکھ لے جس میں تمہیں ثبوت مل جائیں گے کہ علامہ صاحب کی تحقیقات سے رضاخانی استفادہ کررہے ہیں یہ وہ بے شرم ہے کہ اس کی اپنی ٹیم کا ذلت مآب تیمور رضاخانی مناظرہ میں ایک اصول صرف اس لئے نہیں لکھتا کہ ساجد خان اسے کتاب میں لکھ لے گا یعنی علامہ نقشبندی کی نظر رضاخانیت پر اتنی گہری ہے مگر ذلالت خباثت میں احمد رضاخان کے استاد جناب ذلت مآب ابلیس وبشکل انسان پیر مظفر حسین شاہ اور اس کی ٹیم اگر تسلیم نہیں کرتی تو تعجب نہیں ماضی میں ان کے مرشد ابو جہل کا بھی یہی وطیرہ تھا۔ موصوف نے جو خان صاحب بریلوی کی عبارات پیش کی ان میں سے بہت سی عبارات علامہ نقشبندی صاحب کے دروس مناظرہ میں بمع رد مل جائیں گی مگر ان کے پاس بکواس کے علاوہ اور ہے کیا جو کریں؟۔

VVVVVVVVVVVVVVVVVVVVV

علمائے دیوبند کی عبارات

اس کے بعد ضرورت تو نہیں کہ ہم موصوف کی طرف سے پیش کردہ علمائے دیوبند کی عبارات پر کوئی تبصرہ کریں کیونکہ ان کے پیش نظر رضاخانیوں کی وہ عبارات ہیں جو واقعی علم غیب کی اصطلاحی تعریف میں نہیں آتی لہذا اس بنا پر تکفیر کا فتوی بھی نہیں لیکن چونکہ علامہ نقشبندی صاحب رضاخانیت کے دجل وفریب اور رگ رگ سے واقف ہیں اس لئے ہم نے ان کے حوالے سے رضاخانیوں کا اصل عقیدہ پیش کر دیا رضاخانی میں جرات ہے تو جو عقیدہ ہم نے تمہارا پیش کیا اس کا اسلام ہونا سادات احناف خصوصا دیوبند سے کھاو دیدہ باید۔ پھر بھی ہم محض موصوف کو ان کی علمی اوقات دکھانے کیلیے مختصرا ان عبارات پر تبصرہ کر لیتے ہیں۔

موصوف نے جتنی عبارات پیش کی اس سے موصوف کا استدلال یہ ہے کہ علامہ نقشبندی صاحب علم غیب کے قائل کو کافر کہتے ہیں (حالانکہ نقشبندی صاحب نے فتاوی احناف پیش کئے ہیں) اور یہ علمائے دیوبند معاذ اللہ ایسے عقیدہ کے حامل کو کافر نہیں کہتے۔

تو اس استدلال اور تمام عبارتوں کا اصولی جواب یہ ہے کہ جو غلام نصیر الدین سیالوی نے لکھا کہ:

”آخری بات یہ کہ انور شاہ کشمیری نے فیض الباری میں لکھا ہے کہ شیخ اکبر فرعون کے ایمان کے قائل تھے حالانکہ امام شعرانی نے اس کی تردید فرمائی ہے لیکن آپ کے امام العصر کی بات آپ کیلئے حجت ہے امام شعرانی کو تو آپ صوفی قرار دے کر ان کا مذاق بناتے ہیں جس طرح اظہار العیب میں آپ نے ان کا تمسخر اڑایا ہے اب آپ سے گذارش یہ ہے کہ شیخ اکبر فرعون کے ایمان کے قائل ہونے کے باوجود اگر اس کا ایمان ثابت نہیں ہوسکتا تو پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے تکفیر نہ کرنے سے آپ کے اکابر کا ایمان بھی ثابت نہیں ہوسکتا“۔

(عبارات اکابر کا تحقیقی وتنقیدہ جائزہ، حصہ اول، ص57،56)

پس جس طرح شیخ اکبر کے کہنے سے فرعون کا ایمان ثابت نہیں ہوتا پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تکفیر نہ کرنے سے اکابر دیوبند کا معاذ اللہ ایمان ثابت نہیں ہوتا اسی طرح

بعض دیوبندی علما کا بالفرض علم غیب کے باب میں آپ کی یا آپ کے اکابر خصوصا جناب فاضل بریلوی کی تکفیر نہ کرنے سے اس کا ایمان ثابت نہیں ہوسکتا وہ پھر بھی بے ایمان ہی رہے گا جیسا کہ علامہ نقشبندی صاحب نے سادات احناف سے ثابت کیا۔

اب چلتے ہیں فردا فردا عبارات کی طرف۔موصوف نے ص135 پر مفتی رفیع عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا حوالہ دیا۔

اولا: تو مفتی صاحب دیوبندی بریلوی اختلاف میں حجت نہیں جیسا کہ ذلت مآب جناب ارشد چشتی نے کشف القناع جلداول میں صراحت کی ہے۔

ثانیا جس رسالے سے حوالہ پیش کیا گیا وہ اصول نمبر 3 و 4 کے تحت ہمارا معتبر رسالہ نہیں۔

رابعا ماقبل میں مستند رضاخانی پیر کرم شاہ ازہری کا حوالہ گزر چکا کہ وہ دیوبندی بریلوی دونوں کو اصول میں ایک مانتے ہیں بس موصوف کرم شاہ کے قول کو مان لیں ہم حضرت مفتی رفیع عثمانی صاحب کے قول کو مان لیں گے۔

صفحہ 136، 137 پر قصص الاکابر کا حوالہ پیش کیا اولا تو اصول نمبر 3 و 4 ہمارا معتبر حوالہ نہیں۔پلمبر رضاخانی لکھتا ہے:

''تو یہ بات نقل حکایت کے طور پر ہے پروفیسر صاحب نے شہزادہ خرم کے الفاظ نقل کئے ہیں اپنے عقیدے کا اظہار نہیں کیا''۔

(دست و گریبان کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ،ص359)

تو یہ الفاظ بھی نقل حکایت ہے نہ کہ اپنے عقیدہ کا اظہار۔

ثانیا اس حکایت میں حسن ظن ہے کہ وہ علم غیب جو مدار کفر ہے اور حضرات بریلویہ کا نہیں مانتے ہم آگے ثابت کریں گے کہ رضاخانی وہی علم غیب مانتے ہیں جو مدار کفر ہے۔

ثالثا اس میں حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''شرک'' کی نفی کی ہے نہ کہ کفر کی۔علامہ نقشبندی صاحب کے ''دروس مناظرہ'' میں وضاحت ہے کہ رضاخانی اگر جمیع ماکان و مایکون کا عقیدہ رکھیں تو یہ شرک تو نہیں البتہ نصوص قطعیہ کے معارض ہو کر کفر ہے۔علامہ

نقشبندی صاحب نے فقہا احناف سے بھی کفر کا فتوی نقل کیا نہ کہ شرک کا۔ایک چیز شرک نہیں ضروری نہیں کہ وہ کفر بھی نہ ہو۔قرآن کا منکر مشرک نہیں مگر کافر ہے تو حضرت تھانویؒ شرک کی نفی کر رہے ہیں نہ کہ کفر کی۔

اس کے بعد ص 137 و 138 پر ملفوظات کا حوالہ دیکر گالم گلوچ کا بازار گرم کیا گیا ہے جس کا منہ توڑ جواب علامہ نقشبندی صاحب مدظلہ العالی سے ہم نقل کر دیتے ہیں۔

''کسی کیلئے علم کلی محیط کا عقیدہ رکھنا کفر ہے کیونکہ اس سے بیسیوں نصوص قطعیہ کا انکار یا تاویل لازم آتی ہے۔چنانچہ امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''خان صاحب کا یہ دعوی کہ روز اول سے روز آخر تک کی تمام اشیاء اور ہر ذرہ ذرہ کا تفصیلی علم آنحضرت ﷺ کو حاصل ہے ایک نرا کفریہ دعوی ہے اس لئے نہیں کہ اس سے اللہ تعالی کے علم کے ساتھ مساوات لازم آتی ہے......اور نہ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کیلئے بالاستقلال اور ذاتی طور پر ان مذکورہ اشیاء کا علم ثابت کیا جارہا ہے......بلکہ اس لئے یہ نظریہ اور عقیدہ کفریہ ہے کہ اس سے بے شمار نصوص قطعیہ قرآنیہ کا رد یا کم از کم تاویل لازم آتی ہے''۔

(اتمام البرہان،ص 26,27)

ہر باطل کی طرح اہل بدعت بھی جب اپنے اس گمراہانہ عقیدہ پر کوئی ٹھوس دلیل پیش نہ کر سکے تو امتیوں کے شاذ وغیر معصوم اقوال کے در پر ہوئے اور محکم کو چھوڑ کر متشابہات میں لگ گئے۔چنانچہ اہل بدعت نے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ایک ملفوظ پیش کیا:

''ایک شخص نے مجھ سے پوچھا کہ ایک شخص حضور ﷺ کے علم غیب کا قائل ہے اور اس کے متعلق کیا حکم ہے میں نے کہا کہ جو شخص علم بلا واسطہ کا قائل ہے وہ تو کافر ہے اور جو علم بواسطہ کا قائل ہو یعنی خدا کی عطا کے واسطہ کا وہ کافر نہیں اگرچہ وہ علم محیط ہی کا قائل ہو گو یہ اعتقاد کذب تو ہے مگر ہر کذب کفر نہیں''۔

(ملفوظات حکیم الامت، ج ۸ ص ۹۵)

جواب: اس سلسلہ میں اولاً گذارش تو یہ ہے کہ یہ "ملفوظات" ہیں اور بزرگوں کے ملفوظات اہل بدعت کے ہاں "معتبر" نہیں۔

"اس حدیث کو باوجود راویوں کے ثقہ ہونے کے موضوع قرار دیا گیا ہے تو اسی طرح یہ بھی ممکن ہے کہ اس واقعہ کے راوی ثقہ ہوں لیکن واقعہ صحیح نہ ہو...... بزرگوں کے ملفوظات میں کچھ باتیں ان سے غلط منسوب ہو جاتی ہیں"۔

(عبارات اکابر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ: ج 1 ص 391،392 رمطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی)

پنڈی مناظرہ میں مفتی حنیف قریشی رضاخانی کی ٹیم جماعتی موقف کے طور پر لکھتی ہے:

"ملفوظات کے ذریعہ صاحب ملفوظ پر طعن نہیں کیا جاسکتا کیونکہ اکثر صوفیا سے منسوب ملفوظات میں رطب و یابس کی بھرمار ہے اور ان کی کوئی تاریخی ویقینی حیثیت بھی نہیں۔

(مناظرہ پنڈی گستاخ کون، ص530)

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب "ملفوظات حکیم الامت" میں بھی کچھ باتیں "رطب و یابس" موجود ہیں جن کی تردید خود حکیم الامت کی دیگر تصنیفات کرتی ہیں یہ "ملفوظ" بھی انہی میں سے ہے۔ چنانچہ حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کی آخری تصنیف میں "بوادر النوادر" میں ان سے بعض صوفیا کے اقوال کے بارے میں وضاحت طلب کی گئی کہ وہ حضور ﷺ کیلئے کلی علم مانتے ہیں تو اول تو حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے قاعدہ پیش کیا کہ نصوص کے مقابل میں امتیوں کے اقوال کی کوئی حیثیت نہیں پھر فرماتے ہیں:

"علم غیب بلا واسطہ یا علم غیب غیر متناہی کا گو بواسطہ ہو خواص باری تعالی سے ہونا عقیدہ قطعیہ او رنصوص قطعیہ سے ثابت ہے غیر باری تعالی کیلئے اس کا قائل ہونا کفر وشرک ہے اور کوئی مسلمان اس کا قائل نہیں"۔

(بوادر النوادر، ص744)

جب وہ خود وضاحت کے ساتھ کہہ رہے ہیں کہ علم محیط باری تعالیٰ یعنی علم غیر متناہی اگر چہ بواسطہ یعنی اللہ ہی کی طرف سے ہو چونکہ نصوص قطعیہ سے اس کا خاصہ خداوندی ہونا ثابت ہو چکا لہذا غیر کیلئے اس کا اثبات کفر ہے مان رہے ہیں تو معلوم ہوا کہ ملفوظات کی عبارت یا تو کسی ''رضاخانی کاتب'' کی بے ایمانی ہے یا کسی کا سہو ونسیان اور غفلت ہے۔سیالوی صاحب کا حوالہ گزر چکا کہ راوی ثقہ ہونے کے باوجود روایت موضوع ہو سکتی ہے تو جامع ملفوظات ثقہ بھی ہو ملفوظات موضوع ولا یعنی ہے۔

ڈاکٹر اشرف آصف جلالی کے شاگرد مولانا محمد جاوید اقبال لکھتے ہیں:

''بعد والا پہلے والے کیلئے ناسخ شمار ہوگا اور ٹکراو کی صورت میں قول آخر ہی کا اعتبار ہوتا ہے''۔(القول السدید،ص 155)

بوادالنوادر چونکہ حکیم الامت کی آخری تصنیف ہے لہذا اب اسی کا اعتبار ہوگا اور ما قبل کے ایسے اقوال بالفرض ثابت بھی ہوں تو ''منسوخ'' سمجھے جائیں گے۔

حکیم الامت ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

''علم ذاتی وعلم محیط بالکل بحیث لایشذ منہ شیئ خواص باری تعالیٰ میں سے ہے اس میں نہ کوئی رسول شریک ہے نہ غیر رسول''۔(بوادرالنوادر،ص 750)

یہاں پر بھی ''علم محیط'' کو خواص باری تعالیٰ میں سے تسلیم کیا گیا ہے جو ظاہر ہے کسی مخلوق کیلئے ماننا کفر وشرک ہے۔''

ایک دو حوالے مزید ہم سے لے لو:

''ملفوظات کی آڑ لیکر اہل سنت پر اعتراض کرنا علمی جہالت اور بد دیانتی ہے''۔
(ملفوظات اعلیٰ حضرت پر اعتراضات کا علمی تحقیقی جائزہ،ص 11)

جناب حشمت علی رضوی فاضل بریلوی لکھتا ہے:

''کسی کے ملفوظات اس کے لکھے ہوئے نہیں ہوتے ملفوظات کی ترتیب کا یہ قاعدہ ہوتا ہے کہ کسی بزرگ کی خدمت میں اس کے مسترشدین ومتوسلین جو حاضر ہوا کرتے ہیں اس کے

ارشادات سن کر اپنے اپنے مقام پہنچ کر اپنی یادداشت کے مطابق قلم بند کر لیتے ہیں ملفوظات میں اگر کوئی غلطی واقع ہوجائے تو قلم بند کرنے والے کی یادداشت کیئی غلطی سمجھی جائے گی اس غلطی کی بنا پر خود صاحب ملفوظ پر اعتراض کرنا بے ایمانی اور خباثت نفسانی ہے"۔(کلمہ حق،ص42)

تو بے ایمان اور خبیث انسان! آگے جہاں بھی ملفوظات قصص حکایات کا حوالہ آئے گا وہاں ہم جواب دیئے بغیر اگر گزرجائیں تو اس حوالے کو اس موقع پر طوق بنالینا۔

رضاخانی شعیب رضوی نامی ایک لوسی ٹیڈی کتے نے فیس بک(Facebook) پر اس کے جواب میں کہا کہ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہ و دارالعلوم دیوبند یا فلاں نے"ملفوظات حکیم الامت ؒ"کی توثیق کی ہے۔

تو اولا اصول نمبر 3و4 یہ ہم پر حجت نہیں۔

ثانیا ہماری یہ گفتگو الزاما ہے جاہل انسان!۔

ثالثا اصول نمبر 1 کے تحت کسی کتاب کی توثیق کسی مصنف کی توثیق اور اس کی ہر ہر بات کا مستند ہونا الگ بات ہے۔ ہم"ملفوظات حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ"کو مانتے ہیں اس سے استفادہ کرتے ہیں بلکہ الہامی ملفوظات مانتے ہیں لیکن جہاں کوئی ملفوظ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی اپنی تصنیف یا دیگر اصولی باتوں سے ٹکرائے گا تو باصول رضاخانی تصنیف و اصولی باتوں کو ترجیح حاصل ہوگی۔ مگر یہ ان جاہلوں کو کون سمجھائے؟

ملفوظات کے جواب میں الزامی حوالہ

اب اس کے بعد ایک حوالہ اسی قسم کا ہماری طرف سے بھی ملاحظہ فرمالیں۔

رضاخانی ارشد چشتی لکھتا ہے:

"ہم بھی ایسے شخص کی تکفیر کے قائل ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے علم پاک کو اللہ عزوجل کے علم پاک کے برابر تسلیم کرتا ہو"۔

(کشف القناع،ج1،ص 247)

حالانکہ جناب فاضل بریلوی ایسے شخص کی تکفیر نہیں کرتے چنانچہ لکھتے ہیں:

''علم الٰہی سے مساوات کا دعوی بے شک باطل و مردود ہے مگر تکفیر اس پر بھی نہیں ہو سکتی جبکہ بعطائے الٰہی مانے''۔

(فتاوی رضویہ قدیم، ج6،ص 77)

اور یہ بھی رضاخانی اصول ہے کہ عقیدہ کفریہ کو کفر نہ کہنا خود کفر ہے لہذا رضاخانی کے نزدیک کفریہ عقیدہ کو کفر نہ کہہ کر خان صاحب کافر ہوئے۔ پس جو جواب تم اس تعارض کا دو وہی ہماری طرف سے علامہ صاحب اور حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کے موقف میں بظاہر تعارض کا لےلو۔

خیرالفتاوی کا حوالہ

آگے موصوف نے ص138، 139 پر خیرالفتاوی کا حوالہ دیا ہے جس میں دو باتیں ہیں ایک تو ابتدائے آفرینش سے لیکر یوم القیامۃ تک کے علم کو کفر و شرک نہیں کہا گیا۔

ثانیا بریلویہ کے متعلق کہا گیا چونکہ وہ کلی علم غیب نہیں مانتے اس لئے ہم ان کی تکفیر نہیں کرتے۔

جہاں تک پہلی بات کا تعلق ہے دروس مناظرہ کے حوالے سے ہم واضح کر چکے ہیں کہ بے شک نفس ابتدائے آفرینش الی یوم القیامۃ کا علم علم غیب نہیں اسے علم غیب کہنا خود رضاخانیوں کی جہالت ہے۔ لہذا خیرالفتاوی کا فتوی بالکل درست ہے۔

ثالثا خیرالفتاوی کے مفتیوں نے حسن ظن کے بنا پر یہ کہا کہ بریلوی کلی علم غیب نہیں مانتے اس لئے ہم فتوی نہیں لگاتے ہم نے ماقبل میں ثبوت دے دئے کہ رضاخانی کلی ذاتی علم غیب مخلوق کیلئے مانتے ہیں لہذا خیرالمدارس کے مفتیوں کے ہاں بھی رضاخانی کافر مشرک بے ایمان ہوئے اس عقیدہ کی بنا پر۔

پھر حوالہ بھی مکمل نقل نہیں کیا امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر قربان جو کہتے تھے کہ جو رضاخانی حوالے میں دجل و فریب خیانت نہ کرے وہ حلالی بریلوی ہی نہیں حرامی بریلوی ہے۔ حلالی اصلی نسلی بریلوی وہ ہوگا جو کبھی بھی کوئی حوالہ مکمل سیاق

وسباق کے ساتھ نقل نہیں کرے گا ہر صورت میں اس میں خیانت کرے گا۔ چنانچہ اس فتوے کے نقل میں بھی خیانت کی گئی اس لئے کہ آگے ہی صراحت کے ساتھ لکھا ہوا ہے:

''البتہ اگر کوئی بریلوی بالکل نصوص صریحہ کے خلاف رسول خدا ﷺ کیلئے اس قسم کا علم غیر متناہی جو صفت خداوندی ہے ثابت کرے تو کافر اور مشرک ہوگا۔ بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جماعت بریلویہ کے مقتدر علما سے پہلے ان کے عقائد کی تحقیق کر لی جائے پھر نہایت ہی غور و فکر کے بعد ان کے متعلق فیصلہ کیا جائے''۔

(خیر الفتاوی، جلد اول، ص208)

اور ہم نے ما قبل میں نا قابل تردید ثبوت دے دئے اور تحقیق کر لی کہ رضاخانی اللہ کے علم خاص ذاتی غیر متناہی میں رسول اللہ ﷺ کو شریک مانتے ہیں اسی کو علم غیب کہتے ہیں بلکہ بدایونی تو ایسا خبیث ہے جو تمام صفات ذاتیہ وافعالیہ میں بندوں کو معاذ اللہ اللہ کا شریک مانتا ہے لہذا خیر المدارس کے ان مفتیوں کے فتوے کی اس شق سے یہ سارے بے ایمان و کافر ہوئے۔

اور فتوی ہماری تائید میں ہو گیا نہ مخالفت میں۔ ہاں جو اپنے ان مقتدر علما کے عقیدہ کے ساتھ نہیں اور ان کے اس کفریہ شرکیہ عقیدہ پر لعنت بھیجتا ہے تو ہمارا اس باب میں ان پر کفر کا فتوی نہیں مگر ضال مضل بدعتی پھر بھی ہیں۔

رابعا: بالفرض ایسا ہی جیسا کہ موصوف نے ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی تو خود موصوف ہمارا یہ اصول لکھ چکے ہیں کہ:

''خود وہابیہ اسمعیلیہ کا اصول ہے کہ ایک چیز ایک اعتبار سے عین دین اور دوسرے اعتبار سے غیر دین ہو سکتی ہے تو یہ فتوی بھی وہابیہ اسمعیلیہ کے اسی اصول کے مطابق ہے امام اعظم علیہ الرحمۃ نے جس اعتبار سے فرمایا ہے اس اعتبار سے درست ہے اور جس اعتبار سے دیگر علما نے کہا وہ درست''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی، ص89)

پس یہی جواب ہمارا ہے کہ جس اعتبار سے علامہ ساجد نقشبندی صاحب نے کہا اس اعتبار سے رضاخانیوں کے عقیدہ علم غیب بالکل کفر ہے اور جس اعتبار سے خیر الفتاوی میں ہے اس اعتبار سے وہ درست۔

لیکن لیجئے ہم اتمام حجت کر لیتے ہیں موصوف اس فتوے کو نقل کرتے ہوئے بڑے فخر سے لکھتے ہیں:

''وہابی مولوی خیر محمد اور اس کی ٹیم نے وہابی مولوی ساجد خان کا جوتوں سے مزید منہ کالا کر دیا یہ وہابی چلاتا تھا ہمیں کافر بنانے پر اس کے اپنے وہابی مولوی ہی اس کو کفر و شرک نہیں مانتے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول، ص138)

اب ذرا حضرت خیر محمد جالندھری صاحب کا فتوی رضاخانی مناظر غلام مہر علی کے قلم سے ملاحظہ ہو:

''الجواب: محترمی سلمہ بعد سلام مسنون آنکہ جس لڑکے کے رشتے کے متعلق دریافت کیا گیا ہے وہ بریلوی عقائد کا معلوم ہوتا ہے اکثر بریلویوں کے عقیدے آج کل ایمان کی حدود سے نکل چکے ہیں جیسے علم غیب کل کا رسول اللہ ﷺ کیلئے قائل ہونا، حضور صلعم کو حاضر ناظر اعتقاد کرنا غیر اللہ سے مدد مانگنا وغیرہ وغیرہ ایسے غلط عقائد والے شخص سے صحیح العقیدہ لڑکی صالحہ کا نکاح کرنا جائز نہیں۔۔۔

(احقر خیر محمد عفا اللہ عنہ مہتمم مدرسہ عربی خیر المدارس ۶ شوال سنہ ۱۳۷۳ھ)

نوٹ: یہ فتوی قلمی بندہ کے پاس محفوظ ہے''۔

(دیوبندی مذہب، ص494)

رضاخانی غلام مہر علی کو اس فتوے پر اس قدر یقین تھا کہ باقاعدہ چیلنج دیا کہ میں اس کو جالندھری صاحبؒ کی زندگی میں چھپوا رہا ہوں وہ اس کا انکار کر کے دیکھیں۔ تو ہم نے جالندھری صاحب کے فتوے ہی سے علم غیب کے مسئلہ میں رضاخانیوں کو اسلام سے تہی دامن

ہونا ثابت کر دیا۔

اب موصوف منہ کالا کرنے کیلئے بدبودار جوتوں کا ہار لائے تو ضرور لیکن آنکھیں کھول کر دیکھیں موصوف نے وہ ہار مولوی غلام مہر علی اس کتاب کی تائید کرنے والے مظفر حسین شاہ کراخانی کو پہنا کر ان سب کا منہ کالا کروا دیا۔اور علامہ نقشبندی صاحب کو سرخرو کر دیا۔

بریلوی فتنے کا نیا روپ

پھر موصوف نے حضرت مولانا عارف سنبھلی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت پیش کی:

''چوتھی صورت عقیدہ علم غیب کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کیلئے اللہ تعالیٰ کے برابر جمیع غیوب کا علم محیط تفصیلی تو نہ مانا جائے لیکن ابتدائے آفرینش عالم سے لے کر قیامت تک یا محشر کے حساب کتاب اور داخلہ جنت و نار تک جمیع اشیاء یعنی تمام کائنات حاضرہ وغائبہ کی ایک ایک جزئی کے علم محیط تفصیلی کا عقیدہ رکھا جائے۔

مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی نے اپنے رسالوں ''الدولۃ المکیہ'' اور ابناء المصطفیٰ'' اور ''خالص الاعتقاد'' وغیرہ میں اور مولوی نعیم الدین مراد آبادی نے ''الکلمۃ العلیاء'' میں اپنا عقیدہ یہی لکھا ہے اور اسی کی وکالت کی ہے۔

اس عقیدہ کے بارے میں پہلی بات تو یہ ہے کہ اس کو علم غیب سے تعبیر کرنا بالکل مہمل اور جاہلانہ بات ہے لیکن بریلوی عوام وخواص نے اس کا عنوان علم غیب ہی مقرر کر رکھا ہے۔ اس لئے ہم نے اس کو عقیدہ علم غیب کی چوتھی صورت قرار دیا ہے۔

یہ عقیدہ ہمارے نزدیک شرک یا کفر تو نہیں ہے

(بریلوی فتنے کا نیا روپ، ص 93)

یہ عبارت ہمارے خلاف نہیں کیونکہ ہم ماقبل میں تفصیل سے ذکر کر چکے ہیں کہ یہ عقیدہ محض رضا خانی اکابر کا دھوکا ہے ان کا اصل عقیدہ علم غیب ذاتی غیر متناہی محیط کا ہے اور اس کے متعلق حضرت مولانا عارف سنبھلی صاحب کیا فرماتے ہیں ملاحظہ ہو:

''دوسری صورت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم اور دوسرے انبیائے

علیہم السلام اور اولیائے کرام کے متعلق یہ تو مانا جائے کہ ان کو وہ ''ذاتی علم'' تو ایک ذرہ کا بھی نہیں ہے جس کا ذکر پہلے نمبر میں کیا گیا ہے لیکن یہ عقیدہ رکھا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو علم غیب کی صفت مستقل طور سے عطا فرمادی ہے اور گویا غیب کو دیکھنے والی آنکھ ان کو دے دی گئی ہے جس کی وجہ سے سارا غیب ان کے سامنے ہے۔ کوئی چیز اور کوئی حال ان سے مخفی اور پوشیدہ نہیں ہے اور اس معاملہ میں اب وہ مستقل اور مختار ہیں۔ ایسا نہیں کہ وحی آئے تو معلوم ہو اور نہ آئے تو معلوم نہ ہو بلکہ غیب کی کنجی ان کے حوالے ہوگئی ہے جس کی وجہ سے تمام غیب کا علم اب ان کے اپنے اختیار میں ہے اور یہ صفت ان کی ذات میں ودیعت کر دی گئی ہے۔ وہ تو جیسا کہ ہم پہلے تفصیل سے بتلا چکے ہیں۔ یہی وہ عقیدہ ہے جو مشرکین اپنے دیوتاؤں کے بارے میں رکھتے تھے اور بہت سے جاہل عوام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم اور اولیائے کرام کے بارے میں بالکل یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔

بہت سے جاہل عوام اسی علم غیب کا عقیدہ رکھتے ہیں

راقم الحروف کو ایک دفعہ اب سے چند برس پہلے بریلوی خیالات رکھنے والے ایک ایسے صاحب سے علم غیب ہی کے موضوع پر گفتگو کرنے کا اتفاق ہوا جو عالم مولوی تو نہ تھے لیکن اردو خواں تھے میں نے ان سے جب یہ کہا کہ ہم لوگوں کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کو وحی کے ذریعہ غیب کی ہزاروں، لاکھوں باتوں کی اطلاع دی ہے تو انہوں نے برجستہ کہا کہ وحی کے ذریعہ جو کچھ خدا تعالیٰ نے بتلایا وہ علم غیب کہاں ہوا۔ علم غیب کا مطلب تو یہ ہے کہ آپ ﷺ کو غیب کا علم دے دیا گیاہ اور آپ ﷺ کو سب سے خود بخود معلوم ہے۔ جہاں تک ہم نے اندازہ کیا ہے ایسا عقیدہ رکھنے والے یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ سارا عالم غیب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کی نگاہ کے سامنے ہے اور آپ کا علم تمام مغیبات کو محیط ہے۔ مشرکین اپنے دیوتاؤں کیلئے یہی علم غیب مانتے تھے۔ یہ بالکل وہی عقیدہ ہے جو کہ مشرکین کا اپنے معبودوں کے بارے میں تھا اور یہ بلا شبہ شرک ہے اور فقہ وفتاویٰ وغیرہ کی کتابوں میں ''علم غیب'' کے جس عقیدے پر کفر کا حکم لگایا گیا ہے۔ وہ یہی ہے اور چونکہ یہ

عقیدہ رکھنے والے اس علم غیب کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کی یا اولیاء اللہ کی ذات کی صفت مانتے ہیں اور اس صفت میں ان کو مستقل اور مختار کہتے ہیں اس لئے بعض مصنفین نے اس کو ''ذاتی'' یا ''مستقل علم غیب'' بھی کہا ہے اور یہ تعبیر بھی غلط نہیں ہے لیکن بعض لوگوں کو اس سے غلط فہمی ہو جاتی ہے وہ سمجھتے ہیں کہ یہ پہلی والی شکل ہے حالانکہ وہ تو دنیا میں کھلے بت پرستوں اور یہود و نصاریٰ کا بھی عقیدہ نہیں ہے۔کسی گمراہ سے گمراہ مسلمان کا وہ عقیدہ کیسے ہوسکتا ہے وہ تو بالکل خارج از بحث ہے۔

بعض بریلوی مصنفین کی عبارتوں سے مفہوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کا بھی یہی عقیدہ ہے لیکن ان عبارتوں میں تاویل کی گنجائش ہے۔اس لئے ہم قطعیت کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان لوگوں کا یہی عقیدہ ہے، ہاں یہ کہتے ہیں کہ اگر واقع میں ان کا ایسا ہی عقیدہ ہے تو بلا شبہ یہ عقیدہ مشرکانہ ہے۔

حضرت شاہ عبد العزیز صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے تفسیر فتح العزیز میں نصاریٰ کی طرح افراط اور غلو کی گمراہی میں مبتلا ہونے والوں کے مشرکانہ اور کافرانہ عقائد بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:۔

> ''یا رتبہ ائمہ و اولیاء را برابر رتبہ انبیاء و مرسلین گرداند، و انبیاء و مرسلین را لوازم الوہیت از علم غیب و شنیدن فریاد ہر کس در ہر جا و قدرت بر جمیع مقدورات ثابت کند''۔
>
> یا اماموں اور ولیوں کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے نبیوں اور رسولوں کے برابر ماننے اور نبیوں اور رسولوں کیلئے وہ صفات ثابت کرے جو الوہیت کے لوازم میں سے ہیں مثلاً علم غیب اور ہر شخص کی فریاد ہر جگہ سن لینا اور تمام مقدورات پر قدرت''۔(ترجمہ فتح العزیز۔ج 1۔ص:52)

اس عبارت میں ''علم غیب'' کے لفظ سے وہی دوسری صورت مراد ہے اور جیسا کہ تفصیل سے ہم بتلا چکے ہیں۔عرب کے مشرکین بھی اپنے دیوتاؤں کیلئے علم غیب کی یہی صورت ثابت کرتے تھے اور جاہل، گمراہ مسلمانوں کا عقیدہ بھی یہ ہے، وہ بھی مانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ

نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کی ذات میں ''علم غیب'' کی صفت رکھ دی ہے اوراب یہ آپ کی ذاتی، اختیاری، مستقل صفت ہے اور یہ عقیدہ بلاشبہ مشرکانہ ہے اور عقائداور فقہ کی کتابوں اور دوسرے اکابر علماء امت کی تحریروں میں ہے اس پر کفر کا حکم لگایا گیا ہے۔
عقائد اہلسنت کی مشہور درسی کتاب شرح عقائد نسفی میں ہے۔

کتب عقائد وفقہ کی وہ عبارات

جن میں اس عقیدہ کو کفر قرار دیا گیا ہے!

وبالجملة العلم بالغيب امر تفردبه الله تعالیٰ لاسبيل اليه للعباد الا باعلام منه او الهام
(شرح عقائد نسفی ص:123)

''الحاصل علم غیب ایسی چیز ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی میں ہے، بندوں کی اس تک رسائی نہیں مگر صرف اس طور پر کہ اللہ تعالیٰ نے (وحی کے ذریعے) ان کو بتلادیں یا الہام فرمادیں۔''

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ غیب کا ایسا علم جو اللہ تعالیٰ کی وحی یا الہام کے بغیر بطور خود حاصل ہو یہ اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے۔
مشہور محقق حنفی عالم ملا علی قاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح فقہ اکبر میں پہلے یہی بات بالکل انہی الفاظ میں لکھی اس کے بعد فرمایا:۔

ثم اعلم ان الانبياء لم يعلموا المغيبات ميں الاشياء الاما علمهم الله تعالیٰ احيانا و ذكر الحنفيه تصريحا بالتكفير باعتقاد ان النبى صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالیٰ قل لايعلم من فى السموت والارض الغيب الا الله كذافى المسائره۔ (شرح فقہ اکبر ص:182)

معلوم ہونا چاہئے کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام غیب کی صرف انہی باتوں کو جانتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے وقتاً فوقتاً ان کو بتلادیں اور فقہاء

حنفیہ نے اس عقیدہ کو کہ ''رسول اللہ ﷺ کو ''علم غیب تھا'' صراحتہ کفر قرار دیا ہے کیونکہ عقیدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''قل لا یعلم من فی السموت والارض الغیب الا اللہ'' کے بالکل معارض اور مقابل ہے۔(شیخ ابن الھمام نے) مسائرہ میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔

اور جیسا کہ ملا علی قاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے اس بیان سے بھی معلوم ہوا یہی بات قریب قریب انہی الفاظ میں شیخ ابن الھمام رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کتاب مسائرہ میں بھی لکھی ہے۔(المسائرہ۔ص:202)

ملا علی قاری اور شیخ ابن الھمام نے فقہاء حنفیہ کے جس تکفیری حکم اور فتوے کا حوالہ دیا ہے وہ کتاب النکاح کا مشہور جزئیہ ہے جو فقہ وفتاویٰ کی اکثر کتابوں میں ذکر کیا گیا ہے۔

ابن نجیم جن کو محرر مذہب ابی حنیفہ کہا جاتا ہے انہوں نے فتاویٰ قاضی خان اور خلاصتہ الفتاویٰ کے حوالے سے ''البحر الرائق'' میں نقل کیا ہے۔

لو تزوج بشھادۃ اللہ و رسولہ لا ینعقد النکاح و یکفر لاعتقادہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعلم الغیب۔

اگر کسی شخص نے اللہ و رسول کو گواہ قرار دے کے کسی عورت سے نکاح کیا تو یہ نکاح شرعاً صحیح نہ ہوگا اور وہ شخص رسول اللہ صلی لالہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کے علم غیب کا عقیدہ رکھنے کی وجہ سے کافر قرار دیا جائے گا۔

اور عالمگیری اور عینی اور بزازیہ اور درمختار وغیرہ فقہ وفتاویٰ کی کتابوں میں بھی یہ مسئلہ اسی طرح لکھا گیا ہے۔[1]

بریلویوں کی مہمل تاویل

ہمیں معلوم ہو کہ بریلوی مولوی صاحبان ان عبارتوں کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ ان میں پہلی قسم کے ذاتی علم غیب کا عقیدہ رکھنے والے پر کفر کا فتوی لگایا گیا ہے۔اور اس کو ہم بھی

شرک وکفر کہتے ہیں ۔لیکن ظاہر ہے کہ یہ بالکل مہمل بات ہے ان عبارتوں میں یہ تاویل کسی طرح نہیں چل سکتی ۔ہم تفصیل سے بتلا چکے ہیں کہ پہلی قسم کے ''ذاتی علم'' کا عقیدہ تو ابوجہل وابولہب جیسے مشرکین بھی نہیں رکھتے تھے ۔کوئی جاہل سے جاہل مسلمان بھی اس کا عقیدہ کیسے رکھ سکتا اور وہ تو عقل کی رو سے بھی محال ہے ۔اوراس سے بھی زیادہ واضح قرینہ یہ ہے کہ اس ذاتی علم میں تو غیب اورشہادت میں کوئی فرق نہیں ۔عالم شہادت کے ایک ذرہ کا وہ ذاتی علم کسی مخلوق کیلئے ماننا شرک وکفر ہے ۔حالانکہ ان عبارتوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کفر کا یہ حکم ''غیب کا علم'' ماننے کی بنیاد پر ہے ۔عام علم ماننے کی بنیاد پر نہیں ،پس اگر ان عبارتوں سے پہلی قسم والا ''ذاتی علم'' مراد لیا جائے تو ان فقہاء ومتکلمین کی سب یہ عبارتیں بالکل مہمل اور بے معنی ہوجائیں گی ۔بہرحال متکلمین وفقہاء کے اس حکم کفر کا تعلق عقیدہ علم غیب کی پہلی صورت سے نہیں بلکہ دوسری صورت سے ہے ۔اس سلسلے میں ایک عبارت حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی ناظرین کرام پڑھ لیں ۔ارشاد الطالبین میں فرماتے ہیں :

مسئلہ

اولیاء را علم غیب نباشد مگر از مغیبات بطریق خرق عادت بکشف یا الہام آنہا را علم دہند وعلم غیب ہر اولیاء را گفتن کفر است **قال اللہ تعالیٰ قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا اعلم الغیب** (ارشاد الطالبین ۔ص:19)

وہ علم جو اللہ کے ساتھ خاص ہے وہ ایسا علم جو علی وجہ الاحاطہ اور علی سبیل الشمول ہو کہ ان میں سے ہر ایک کا علی وجہ الاتم تفصیلی علم اس پر مشتمل ہے جامع صغیر کی شرح میں علامہ مناوی لکھتے ہیں کہ حضرت بریدہ کی سابق حدیث میں جو آیا ہے کہ ان پانچ چیزوں کا علم سوائے خدا تعالی کے کسی کو نہیں اس سے مراد یہ ہے کہ ان کے کلیات و جزئیات کا علی سبیل الاحاطۃ والشمول علم صرف اللہ تعالی ہی کو ہے اور یہ اس کے منافی نہیں کہ اللہ اپنے بعض خاص بندوں کو ان پانچ میں سے بعض مغیبات پر مطلع کر دے کیونکہ یہ تو چند گنے چنے واقعات اور معدودے چند جزئیات ہیں۔

لیجئے یہ تو کہتا ہے کہ حضور ﷺ کو کائنات وغیر کائنات کے کلیات و جزئیات کا علم ہے مگر

علامہ آلوسی تو کہتے ہیں کہ نہیں نہیں مشرکو! یہ تو اللہ کا خاصہ ہے ہاں حضور ﷺ کو اس میں کچھ معدودے علوم ضرور عطا کئے گئے ہیں۔

علامہ آلوسی حنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

وَ فِیْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ عِلْمَ ھٰذِہِ الْخَمْسِ لَمْ یُوْتَ لِلنَّبِیِّ ﷺ وَ یَلْزَمُہٗ اَنَّہٗ لَمْ یُوْتَ لِغَیْرِہٖ علیہ الصلوٰۃ والسلام من باب اولی

(روح المعانی، ج11 ص108)

اور بعض احادیث (جن کا ذکر ماقبل میں ہو چکا ، صراحتا، از ناقل) اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ان پانچ چیزوں کا علم نبی کریم ﷺ کو نہیں دیا گیا پس لازم ہے کہ آپ کے علاوہ کسی اور کو بھی بدرجہ اولی ان چیزوں کا علم نہیں دیا گیا۔

علامہ آلوسی حنفی اور قاضی ابی سعود متوفی 951ھ لکھتے ہیں:

لله غیب السموت والارض خَاصَّۃً لَالِاَحَدٍ غیرِہٖ استقلالا ولا اشتراکا

(روح المعانی، ج7 ص435 تفسیر ابی سعود، ج5 ص130)

آسمانوں اور زمیوں کا کلی غیب اللہ ہی کیلئے خاص ہے کسی دوسرے کو اس کا علم نہیں نہ ذاتی طور پر نہ عطائی طور پر۔

لا یُقالُ: یَجُوزُ عَلی هَذا أنْ یُقالَ: أُعْلِمَ فُلانٌ الغَیْبَ بِالبِناءِ لِلْمَفْعُولِ أیْضًا عَلی مَعْنی أنَّ اللَّهَ تَعالی أعْلَمُهُ وعَرَّفَهُ ذَلِكَ بِطَرِیقٍ مِن طُرُقِ الإعْلامِ والتَّعْرِیفِ ومَتی جازَ هَذا جازَ أنْ یُقالَ: عَلِمَ فُلانٌ الغَیْبَ بِقَصْدِ نِسْبَةِ عِلْمِهِ الحاصِلِ مِن إعْلامِهِ إلَیْهِ لِأنّا نَقُولُ: لا كَلامَ في جَوازِ أُعْلِمَ بِالبِناءِ لِلْمَفْعُولِ وإنَّما الكَلامُ في قَوْلِكَ: ومَتی جازَ هَذا جازَ أنْ یُقالَ إلَخْ فَنَقُولُ: إنْ أُرِیدَ بِالجَوازِ في

تالي الشَّرْطِيَّةِ الجوازُ مَعْنًى أي الصِّحَّةُ مِن حَيْثُ المَعْنى فَمُسَلَّمٌ لَكِنْ لَيْسَ كُلُّ ما جازَ مَعْنًى بِهَذا المَعْنى جازَ شَرْعًا اسْتِعْمالُهُ وإنْ أُرِيدَ الجوازُ شَرْعًا بِمَعْنى عَدَمِ المَنعِ مِن اسْتِعْمالِهِ فَهو مَمْنُوعٌ لِما فِيهِ مِنَ الإيهامِ والمُصادَمَةِ لِظَواهِرِ الآياتِ كَآيَةِ قُلْ لا يَعْلَمُ مَن في السَّماواتِ والأرْضِ الغَيْبَ إلا اللَّهُ وغَيْرِها وقَدْ سَمِعْتُ عَنِ الإمامِ الرَّبّانِيِّ قَدَّسَ سِرَّهُ النُّورانِيَّ أنَّهُ حَطَّ كُلَّ الحَطِّ عَلى مَن قالَ اللَّهُ سُبْحانَهُ: لا يَعْلَمُ الغَيْبَ مُتَأوِّلًا لَهُ بِما تَقَدَّمَ لِما فِيهِ مِنَ المُصادَمَةِ لِلنُّصُوصِ القُرْآنِيَّةِ وغَيْرِها وفي ذَلِكَ مِن سُوءِ الأدَبِ ما فِيهِ وقَدْ شَنَّعُوا أيْضًا عَلى مَن قالَ: أكْرَهُ الحَقَّ وأُحِبُّ الفِتْنَةَ وأفِرُّ مِنَ الرَّحْمَةِ مُرِيدًا بِالحَقِّ المَوْتَ وبِالفِتْنَةِ المالَ أوِ الوَلَدَ وبِالرَّحْمَةِ المَطَرَ لِما في ظاهِرِهِ مِنَ الشَّناعَةِ والبَشاعَةِ ما لا يَخْفى.

(تفسیر روح المعانی، ج20،ص11)

لیجئے علامہ آلوسی تو کہتے ہیں کہ عالم الغیب علم الغیب یہ شریعت کی مخصوص اصطلاح ہے جو اللہ کیلئے خاص ہے نبی پر اس کا اطلاع ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ اس صورت میں قرآن مجید کی نصوص کے ساتھ تعارض آئے گا۔

علامہ نقشبندی صاحب نے جو کچھ کہا علامہ آلوسی کا ایک ایک لفظ اس کی تصدیق کرتا ہے۔

مزید تفصیل کیلئے ''دروس مناظرہ'' کا مطالعہ کریں۔

علامہ آلوسیؒ گمراہ ہے جناب ذلت مآب فاضل بریلوی

جناب فاضل بریلوی لکھتا ہے:

''یہ آلوسی بغدادی کون ہے؟ بظاہر کوئی نیا شخص ہے اور آزادی زمانہ کی ہوا کھائے ہوئے ہے''۔

(حیات اعلیٰ حضرت، ج3،ص365)

اب خان صاحب فاضل بریلوی کے ہاں علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ ’’آزادی زمانہ کی ہوا کھائے‘‘ ہوئے گمراہ شخص ہے اور ذلت مآب رضاخانی اس کے ساتھ ’’رحمۃ اللہ علیہ‘‘ ؛ لکھ رہے ہیں جبکہ رضاخانی لکھتا ہے:

’’سنابلی کا یزید کو رحمۃ اللہ علیہ لکھنا۔۔۔دیکھیں ایک طرف یہ کہنا دوسری طرف یزید کو رحمۃ اللہ علیہ بھی لکھنا یہی بانسری مفتی صاحب نے بھی کئی جگہ بجائی کہ ہمارا مقصد یزید کا دفاع نہیں مگر آپ سارا کچھ اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کر چکے ہیں یہ یزید کا دفاع نہیں تو کیا ہے؟‘‘۔

(فجر منیر، ص314)

جناب فاضل بریلوی علامہ آلوسی کا رد کرتا ہے موصوف رحمۃ اللہ علیہ لکھ کر دفاع کرتا ہے یعنی اپنے ہی بقول ذلت مآب اسمعیلی مرزائی احمد رضاخان فاضل بریلوی کا منہ کالا کرتا ہے۔

(۴) قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ

موصوف نے قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی پہلی عبارت یوں نقل کی:

’’خلق الانسان یعنی محمدا ﷺ (علمه البیان) یعنی القرآن فیه بیان ما کان وما یکون من الازل الی الابد‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول، ص153)

جواب: حالانکہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ’’ان یقال‘‘ مجہول کے صیغے سے ذکر کیا ہے اور جناب فاضل بریلوی مجہول کا صیغہ قول ضعیف کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے:

’’حضور ﷺ کے ارشاد لاعدوی سے مرضِ جذام مستثنیٰ ہے، یعنی اس مرض کے سوا کوئی شے کسی دوسری شے کی طرف تجاوز نہیں کرتی، چنانچہ اشعۃ اللمعات میں شیخ محقق علّامہ کرمانی شافعی مصنّف الکوکب الدراری شرح صحیح بخاری کی طرف اس کو منسوب کیا ہے، اقول (میں کہتا ہوں) اس نے یہ نہیں کہا ہے بلکہ اس کو نقل کیا ہے، لیکن وہ اس پر راضی نہیں ہوا، بلکہ اس نے تو صیغہ تمریض یعنی صیغہ ضُعف سے اسے ذکر کیا اور لفظ ’’قیل‘‘ سے اس کی حکایت

کی ہے......الخ‘‘۔

(فتاویٰ رضویہ: ج24،ص257)

دوسری جگہ فاضل بریلوی صاحب لکھتے ہیں:

’’اشعۃ اللمعات کا جونسخہ میرے پاس ہے میرے خیال میں اس میں بغوی کی عبارت میں تبدیلی ہوگئی ہے، کیونکہ شیخ نے بغوی کے کلام کا جوہو بہوترجمہ نقل کیاہے اس کے باوجود بغوی نے بھی یہ نہیں کہا، بلکہ اس نے کلمہ تمریض کے ساتھ اسے نقل کیاہے، (الفاظ فاضل بریلوی کے یوں ہے: انما نقلہ بقیل ممرضا)‘‘۔

(فتاویٰ رضویہ:26/258)

معلوم ہوا کہ صیغہ تمریض یعنی مجہول کے ساتھ نقل کرنے والا قول بھی ضعیف ہوتا ہے اور ناقل اس سے راضی بھی نہیں ہوتا۔رضاخانیوں کا جیسا مذہب ضعیف ہے ویسے ان کے اقوال و دلائل بھی ضعیف۔

ثانیا: یہ عبارت خود رضاخانیوں کے بھی مخالف ہے کیونکہ اس میں ازل تا ابد تک ما کان و ما یکون کا علم مانا گیاہے بقول رضاخانیوں کے اور ازل کہتے ہیں ماضی میں غیر متناہی اور ابد کہتے ہیں مستقبل میں غیر متناہی تو عبارت سے تو معلوم ہوا کہ معاذ اللہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ حضور ﷺ کیلئے غیر متناہی علم مان رہے ہیں جبکہ موصوف جناب خود موصوف گھوسوی کا قول نقل کرتے ہیں:

’’مساوات تو جب لازم آئے کہ اللہ عزوجل کیلئے بھی اتناہی علم ثابت کیا جائے اور یہ نہ کہے گا مگر کافر ذرات عالم متناہی ہیں اور اس کا علم غیر متناہی‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی، جلداول،ص131)

معلوم ہوا کہ اللہ کا علم غیر متناہی اور مخلوق کیلئے غیر متناہی علم ماننے والا خدا سے مساوات کرکے کافر ہوا۔اب یا تو معاذ اللہ امام بیہقیؒ کو اپنے فتوے سے کافر مانو یا ہماری تاویل مان لو کہ یہاں ما کان و ما یکون سے بعض ما کان و ما یکون غیوب ہیں جو وحی کے ذریعہ بطور اظہار غیب آپ کو بتلائے گئے۔ما عموم کیلئے نہیں آتا بلکہ بعض وخصوص کیلئے بھی آتا ہے تفصیل

’’ازالۃ الریب‘‘و’’دروس مناظرہ‘‘میں ملاحظہ ہو۔

اس کے بعد موصوف نے صفحہ 154،155 پر قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت پیش کی کہ اولیا اللہ کو بھی کرامۃ علم غیب حاصل ہوسکتا ہے۔

بزرگوں کی کتب میں علم الغیب کے لفظ کا مطلب

اصل میں قاضی ثنا اللہ پانی پتی رحمہ اللہ علیہ کی عبارت میں ’’لا یلزم نقص بحصول علم الغیب ‘‘ کے لفظ پر موصوف پھولے نہیں سمارہے۔حالانکہ علامہ ساجد نقشبندی صاحب نے اس قسم کی عبارات کی وضاحت خود دروس مناظرہ میں کی ہے کہ ان عبارات میں ’’علم الغیب‘‘ سے مراد وہ علم غیب اصطلاحی نہیں جو اللہ کا خاصہ ہے اور فقہا نے جس کے کفر ہونے کا فتوی دیا۔بلکہ اس سے مراد اظہار غیب اور انبا الغیب ہی ہے ہاں تسامحا اسے علم الغیب سے تعبیر کردیا جو مناسب تعبیر نہیں۔ملاحظہ ہو:

’’یاد رکھئے کہ انباء الغیب،اخبار الغیب،اظہار الغیب،اطلاع علی الغیب،علم غیب لغوی یہ سب مترادف الفاظ ہیں۔یہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کو حاصل ہیں اور پیارے نبی کریم ﷺ کا حصہ ان میں سب سے وافر ہے جو اس کا انکار ہے وہ کافر،زندیق وملحد ہے۔

مگر ان غیوب یا اس علم پر’’علم غیب‘‘ کا اطلاق ہرگز نہیں ہوتا اور یہ کھلا الحاد و زندقہ ہے۔کیونکہ اصطلاح میں علم غیب اسی کو کہتے ہیں جو ذاتی ازلی اور کلی ہو۔اگر ایک شخص کہے کہ میں نبی کریم ﷺ کیلئے اخبار غیب مانتا ہوں لیکن اس پر اطلاق علم غیب کا کروں گا تو یہ درست نہیں اور اسی طرح ہے جیسے کوئی مسجد سے اعلان کرے کہ لا صلوۃ لا صلوۃ اور مراد یہ لے کہ صلوۃ سے مراد میری شرعی اصطلاح یعنی نماز نہیں بلکہ’’تحریک صلوین ‘‘ہے۔ایک شخص اپنے پیر کو معاذ اللہ’’رسول‘‘ کہے اور مراد یہ لے کہ اس رسول سے مراد لغوی رسول یعنی’’پیغام رساں،ڈاکیہ،میسنجر ‘‘ ہے۔تو ظاہر ہے کہ یہ کھلی تلبیس اور الحاد ہے اس کی اجازت قطعا نہیں دی جاسکتی۔ہمارے اکابر کی جن کتب میں علم غیب کا اطلاق مخلوق کیلئے کیا گیا ہے تو وہاں تاویل کریں گے اور ان کی عبارتوں کو قرآن وحدیث کے

مطابق کریں گے اور حسن ظن رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان کا تسامح تھا اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔۔۔۔۔

بر سبیل تسلیم

اگر بالفرض اس روایت کو درست تسلیم کرلیا جائے تو یہ عبارت مولانا احمد رضا خان صاحب کے اصول پر کفریہ عبارت ہے۔۔۔۔اہل علم حضرت ملاحظہ فرمائیں کہ یہاں ''علم الغیب'' ہے مرکب غیر مفید ہے یعنی علم کی اضافت غیب کی طرف ہے۔اور یہ جملہ مرکب اضافی ہے اور مولانا احمد رضا خان صاحب کہتے ہیں:

''علم جب کہ مطلق بولا جائے خصوصاً جب کہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے''۔

(ملفوظات حصہ سوم،ص 36 رضوی کتب خانہ بریلی)

عبارت مؤوّل ہے

کسی کیلئے علم غیب کا عقیدہ رکھنا ہمارے نزدیک کفریہ عقیدہ ہے اور مولانا احمد رضا خان کی مندرجہ بالا عبارت کی رو سے تفسیر ابن کثیر کی یہ عبارت آپ کے مذہب میں بھی ''کفریہ'' ہوئی کیونکہ اس سے علم غیب ذاتی متبادر ہو رہا ہے۔لہذا اس عبارت کو ظاہر پر محمول نہیں کیا جائے گا بلکہ تاویل کی جائے گی۔اور تاویل یہ کہ اس عبارت میں علم غیب سے مراد علم غیب اصطلاحی نہیں جو کلی ذاتی ازلی ہو بلکہ مراد علم غیب لغوی ہے یعنی غیب کی کسی بات کا علم، (ثبوت بفرد ما) اور ظاہر ہے کہ غیب کی کسی بات کا جان لینا بطور انباء الغیب یا اخبار الغیب کسی کے ہاں بھی کفر نہیں۔علم غیب لغوی و اصطلاحی کی یہ تفریق ہماری خانہ زاد نہیں بلکہ آپ کے مسلک کے شیخ الحدیث مولانا غلام رسول سعیدی صاحب جن کے بارے میں مفتی منیب الرحمن صاحب لکھتے ہیں:

''مصنفاتِ علامہ سعیدی،شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کو ہمارے عہد کے دو ممتاز

اکابر علماء اہلسنت علامہ عبدالحکیم شرف قادری اور علامہ محمد اشرف سیالوی مداللہ ظلہما نے مسلک اہلسنت وجماعت کیلئے مستند و متفق علیہما قرار دیا ہے، یہ امر ملحوظ رہے کہ یہ دونوں اکابر ہمارے مسلک کیلئے حجت و استناد کی حیثیت رکھتے ہیں"۔

(تفہیم المسائل۔ج3۔ص17۔ضیاء القرآن پبلی کیشنز طبع دوم ۲۰۰۹)

معلوم ہوا کہ نہ صرف اشرف سیالوی بلکہ تبیان القرآن وشرح مسلم بھی بریلوی مسلک میں حجت و استناد کا درجہ رکھتی ہیں۔اسی تبیان القرآن میں مولانا غلام رسول سعیدی صاحب لکھتے ہیں:

"اعلیٰ حضرت امام احمد رضا متوفی 1340ھ لکھتے ہیں:

علم غیب عطا ہونا اور لفظ عالم الغیب کا اطلاق ......ہماری تحقیق میں لفظ عالم الغیب کا اطلاق حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ خاص ہے کہ اس سے عرفا علم بالذات متبادر ہے کشاف میں ہے اَلْمُرَادُ بِهِ الْخَفِيُّ الَّذِيْ لَا يَنْفُذُ فيه ابتداءً إِلاَّ عِلْمُ اللَّطِيفِ الخبير ولهذا لا يجوز ان يُّطلقَ فيقال فلان يعلم الغيب غیب سے مراد وہ پوشیدہ چیز ہے جس میں ابتدا صرف اللہ تعالیٰ کا علم نافذ ہوتا ہے اس لئے مطلقا یہ کہنا جائز نہیں کہ فلاں شخص غیب کو جانتا ہے......علامہ سید شریف قدس سرہ حواشی کشاف میں فرماتے ہیں وانما لم يجز اطلاق في غَيْرِهِ تعالى لانه يُتَبَادرُ منه تَعَلُّقُ عِلْمٍ به ابتداءً فيكون مناقضاً وَاَمَّا اذا قُيِّدَ قيل اعلمه الله تعالى الغيب او اطلعه عليه فلا محذورَ فيه (اللہ تعالیٰ کے غیر کیلئے علم غیب کا اطلاق کرنا اس لئے جائز نہیں ہے کیونکہ اس سے متبادر یہ ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ علم کا تعلق ابتداء سے ہے تو یہ تو قرآن مجید کے خلاف ہو جائے گا لیکن جب اس کو مقید کیا جائے اور یوں کہا جائے کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے غیب کی خبر دی ہے یا اس کو غیب پر مطلق فرمایا ہے تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں۔(فتاوی رضویہ، ج9،ص81 دارالعلوم امجدیہ)

نیز اعلی حضرت فرماتے ہیں......علم جب کہ مطلق بولا جائے خصوصا جب کہ غیب کی طرف مضاف ہوتو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے''۔(ملفوظات حصہ سوم،ص 34 مدینہ پبلشنگ کراچی)

اعلی حضرت بریلوی اور شبیر احمد عثمانی دونوں نے ہی یہ تصریح کی ہے کہ علوم اولین و آخرین کے حامل ہونے اور بکثرت غیوب پر مطلع ہونے کے باوجود نبی ﷺ کو عالم الغیب کہنا اور آپ کی طرف علم غیب کی نسبت کرنا ہر چند کے از روئے لغت اور معنی صحیح ہے لیکن اصطلاحا صحیح نہیں ہے''۔

(تبیان القرآن ج4،ص 487)

معلوم ہوا کہ اگر کسی کی عبارت میں ''علم الغیب'' کا لفظ آجائے تو اس سے مراد اصطلاحی علم غیب نہیں ہوگا جس میں آپ کا اور ہمارا کفر و اسلام کا اختلاف ہے بلکہ لغوی اعتبار سے غیب کی باتوں کا بطور انباء معلوم ہونا مراد ہوگا مگر چونکہ یہ اطلاق بھی ایہام شرک وکفر سے خالی نہیں اس لئے اس کے اطلاق کی اجازت نہیں دی جائے گی اور اگر کسی کتاب میں اس کا اطلاق ہو تو اسے تعبیر کی غلطی پر محمول کیا جائے گا۔

نواب احمد رضا خان صاحب کے بارے میں سیفیوں کے آفتاب ہدایت سید احمد علی شاہ لکھتے ہیں:

''آج کے عہد میں اس قسم کے اختلافی مسائل میں ہم اہل سنت کیلئے امام اہل سنت اعلی حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول فیصل ہے''۔

(مجموعہ رسائل، جلد دوم،ص 291 ناشر جامعہ امام ربانی کراچی)

لہذا اب سیفی حضرات مولانا احمد رضا خان اس لغوی و اصطلاحی کی تفریق علم الغیب کے مسئلہ میں تسلیم کریں۔

اخبار الغیب پر علمِ غیب کا اطلاق تسامح ہے

ما قبل کی تفصیل سے واضح ہو چکا کہ جن بعض اکابر نے اخبار الغیب وغیرہ پر علم غیب کا اطلاق کیا اس سے مراد ''لغوی علم غیب'' ہے نہ ''اصطلاحی علم غیب''، لیکن اگر آل بدعت پھر بھی نہیں مانتے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ ان اکابر کا ''تسامح'' ہے ان کی توجہ اس طرف نہیں گئی اور اس کی نظیر خود آل بدعت کی کتاب سے ملاحظہ ہو:

''فرہنگ آصفیہ جلد دوم ص 565 میں ہے ''کملی'، کمبل کی تصغیر ہے۔ایک قسم کی ادنی پوستین جو بکریوں اور بھیڑوں کی کھال سے تیار کی جاتی ہے اسے غریب درویش لوگ پہنا کرتے ہیں۔فیروز اللغات ص 766 میں ہے ''کملی'، کمبل کی تصغیر ہے۔چھوٹا کمبل بنا علیہ حضور اقدس ﷺ کے لباس کو کملی کہنا ممنوع ہے۔شامی میں ہے

مجرد ایهام المعنى المحال کاف للمنع کسی ناروا معنی کا ایہام منع کیلئے کافی ہے۔اس کی نظیر راعنا ہے۔۔۔۔اور یہاں کملی میں ایک ہی زبان میں تصغیر ہے۔اگرچہ دوسرا معنی بھی ہے اس لئے یہ بدرجہ اولی ممنوع ہوگا اگرچہ بولنے والے کی نیت تصغیر کی نہ ہو دوسرا معنی ہو''۔

(فتاوی شارح بخاری، ج 1 ص 535،536)

''صیغہ تصغیر کا استعمال مطلقاً ممنوع ہے۔۔اس لئے ایسے الفاظ جن کے کچھ معنی درست ہوں کچھ خبیث اور شرع میں وارد نہ ہوں اس کا استعمال اللہ عزوجل اور رسول اللہ ﷺ کی شان میں ممنوع ہے''۔

(فتاوی شارح بخاری، ج 1 ص 537)

''حضور اقدس ﷺ کو کملی والے یا اللہ کا دلبر کہنا جائز نہیں ''کملی'، کمل کی تصغیر ہے ۔حضور اقدس ﷺ یا انبیائے کرام سے جس چیز کا تھوڑا سا بھی تعلق ہو اسے صیغہ تصغیر سے ذکر کرنا جائز نہیں ۔تصغیر کا مطلب ہوتا ہے کسی چیز کا چھوٹا پن اور اس کی تحقیر کیلئے کوئی صیغہ استعمال کیا جائے''۔

(فتاوی شارح بخاری، ج1،ص 538)

''مجدداعظم اعلی حضرت امام احمد رضاقدس سرہ نے المعتمد المستند میں تصریح فرمائی ہے کہ حضور اقدس ﷺ کے متعلقات کو بصیغہ تصغیر ذکر کرنا مطلقا ناجائز ہے علما نے لکھا ہے جس نے حضور اقدس ﷺ کے موئے مبارک کو شعیر کہا وہ کافر ہوگیا اس پر فرمایا (ترجمہ) یعنی حضور اقدس ﷺ کے متعلقات میں تصغیر کا استعمال مطلقا ممنوع ہے اگر چہ محبت کے طور پر ہو بلکہ تصغیر کبھی تعظیم کیلئے آتی ہے اس کے باوجود صرف ایہام ممنوع اور حرام ہونے کیلئے کافی ہے۔اس سے ظاہر ہوگیا کہ صیغہ تصغیر کسی بھی نیت سے شان نبوت میں استعمال کرنا ممنوع ہے خواہ بہ نیت محبت ہو خواہ بہ نیت تعظیم ہو خواہ بہ نیت اختصار وجہ اس کی یہ ہے کہ تصغیر کی اصل وضع تحقیر کیلئے ہے ۔۔۔جب تصغیر کا صیغہ بولا جائے گا تو ذہن اول وہلہ میں تحقیر ہی کی طرف منتقل ہوگا''۔

(فتاوی شارح بخاری، ج1،ص 539)

خلاصہ کلام کہ کملی چونکہ تصغیر ہے اور تصغیر اصل میں تحقیر کیلئے وضع ہے عرف میں جب تصغیر جیسے کملی کا لفظ بولا جاتا ہے تو تحقیر ہی کی طرف ذہن منتقل ہوتا ہے۔خود امجدی صاحب کے بقول:

''تصغیر کا زیادہ تر استعمال تحقیر کیلئے ہوتا ہے''۔

(فتاوی شارح بخاری، ج1،ص 517)

لہذا اس کا استعمال نبی کریم ﷺ کی شان میں کفر وگستاخی ہونا چاہیئے۔پھر اگر اس تصغیر سے نیت تعظیم ہو تب بھی بقول امجدی صاحب کے ذو معنی لفظ ہے اچھے اور خبیث دونوں معنی کو لئے ہوئے ہے ایسے لفظ کے بارے میں رضاخانی مذہب میں کفر ہے۔

مگر یہی مفتی لکھتا ہے:

''حضرت صدر الشریعہ یا بعض اکابر کے کلام میں اگر یہ لفظ آگیا ہے یہ عدم توجہ کی بنا پر

جیسے مدینہ طیبہ کو یثرب کہنا منع ہے ۔حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اشعۃ اللمعات میں نقل فرمایا ہے کہ بعض علما نے فرمایا کہ جو مدینہ طیبہ کو یثرب کہے اسے کوڑے مارے جائیں اور یہ بہت سے بزرگوں کے کلام میں موجود ہے ۔حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے لکھا:

بلبیک حجاج بیت الحرام　　　　به مدفون یثرب علیه السلام

حضرت جامی کا مشہور شعر ہے:

کے بود یارب کہ رو د یثرب و بطحا کنم　　　　گہہ بمکہ منزل و گہہ در مدینہ جا کنم

ظاہر ہے کہ عدم توجہ کا ثمرہ ہے ۔اسی طرح جن اکابر کے کلام میں لفظ کملی وارد ہے وہ اسی بنا پر ہے کہ اس جانب توجہ نہ ہوئی کہ یہ کلمہ تصغیر ہے ورنہ وہ ہرگز استعمال نہ کرتے ''۔

(فتاوی شارح بخاری، ج ا،ص ۵۴۰)

''اور جو بعض اکابر کے کلام میں آ گیا ہے اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اکابر سے بھی بوجہ بے التفاتی اس قسم کی لغزش ہوتی چلی آئی ہے''

(فتاوی شارح بخاری، ج ا،ص ۵۳۷)

پس اس بریلوی اصول کی بنیاد پر جب نبی کریم ﷺ کی توہین پر مشتمل لفظ بھی معاذ اللہ عدم توجہی کی بنیاد پر اکابر استعمال کر سکتے ہیں تو اگر کسی نے علم غیب کا اطلاق بھی کرلیا تو یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں ۔لیکن اب جس طرح معلوم ہونے کے بعد ''کملی'' کا اطلاق حضور ﷺ پر حرام ہے اسی طرح علم کے بعد حضور ﷺ کے علم پر علم غیب کا اطلاع بھی حرام ہوگا۔

(دروس مناظرہ،ص 208،219)

خود ایک رضاخانی لکھتا ہے:

''جہاں اللہ تعالیٰ کی ذات کیلئے حاضر و ناظر کا اقرار ہے وہاں علمیت مراد ہے اور جہاں نفی ہے وہاں لغوی اور حقیقی معنی مراد ہیں''۔

(کنز الایمان اور مخالفین تحریف شدہ ایڈیشن، ص 403)

پس جہاں علم غیب کو کفر کہا گیا جو اصل وجہ تنازعہ مابین اہلسنت دیوبند وفرقہ حسام الحرامی رضا خانیہ ہے اس سے مراد علم غیب اصطلاحی کلی محیط ذاتی ہے اور کائنات وغیر کائنات کا کلی جزئی علم ہے۔ اور جہاں کسی سلف کی کتاب میں علم غیب کا لفظ ہے اس سے مراد لغوی یعنی غیب کی بعض باتوں کا علم ہے جس کا کوئی منکر نہیں۔

پس یہاں علم غیب سے مراد اصطلاحی علم غیب نہیں بلکہ اظہار غیب ہے جس کے ہم منکر نہیں خود علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی ما قبل وضاحت فرماتے ہیں:

''و عند رفع الحجاب لایکون ھذا من علم الغیب بل من علم الشھادۃ و ان کان من قبیل المعجزۃ والکرامۃ۔

(تفسیر مظہری، جلد 7، ص 253)

ترجمہ: جب ان علوم غیبیہ میں سے بطور معجزہ و کرامت انبیا و اولیا کو دے دیا جائے تو وہ علم علم غیب ہی نہیں رہتا بلکہ علم الشھادۃ ہو جاتا ہے۔

معلوم ہوا کہ قاضی صاحبؒ بطور کرامت اولیاء اللہ کے غیوب کے علوم میں سے بعض علم ملنے کا ذکر کر رہے ہیں مگر یہ علم غیب نہیں جیسا کہ خود قاضی صاحب نے وضاحت کی۔ قاضی صاحب علم غیب اولیاء اللہ کیلئے مان بھی کیسے سکتے ہیں جبکہ وہ خود اسے کفر مانتے ہیں۔ اور اللہ کے ساتھ خاص مانتے ہیں۔ آگے صفحہ 156 پر جو عبارت پیش کی اس میں اسرار اور غیوب کے علوم کا ذکر ہے ہم غیوب کے علوم کے منکر نہیں انباء الغیب، اطلاع الغیب، اظہار غیب کے طریق پر سینکڑوں غیبی علوم اللہ تعالی نے انبیاء کو عطا فرمائے خصوصا پاک پیغمبر ﷺ کو مگر یہ علم غیب نہیں نہ یہ رضا خانیوں کا عقیدہ ہے۔ ہم رضا خانیوں کو چیلنج کرتے ہیں کہ آپ کا عقیدہ یہ ہے کہ:

''تمام انبیا کو ذرہ ذرہ کا علم غیب کائنات وغیر کائنات کے علوم کلی جزئی عطا کئے بلکہ یہ حضور ﷺ کے علوم کا ایک قطرہ ہے'' یہ عقیدہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی سے ثابت کرو اور منہ مانگا انعام

وصول کرو۔ بے شرمی کی انتہا یہ کہ اپنا جو غلط عقیدہ کتاب میں لکھا اس پر کوئی ایک عبارت پیش کرنے کی اب تک ہمت نہ ہوسکی اور نہ تاقیامت ہوسکتی ہے۔

علم غیب پر قاضی صاحبؒ کا دوٹوک موقف

گر کسے گوید کہ خدا و رسول برین عمل گواہ اند کافر شود

مسئلہ: اگر کوئی کہے کہ خدا اور رسول اس عمل پر گواہ ہیں تو وہ کافر ہو جاتا ہے

(بستان السالکین ترجمہ ارشاد الطالبین، ص 47,48،)

اور اپنی دوسری کتاب میں لکھتے ہیں:

''مسئلہ اگر کسے بدون شہود نکاح کرد و گفت کہ خدا و رسول خدا را گواہ کردم یا فرشتہ را گواہ کردم کافر شود''۔(مالا بد منہ، ص 146 میر محمد کتب خانہ کراچی)

اگر کوئی شخص بدون گواہ کے نکاح کرے اور کہے کہ میں نے خدا اور اس کے رسول کو یا فرشتہ کو گواہ کیا تو کافر ہو جائے گا۔

'بندگان خاص الٰہی را در صفات واجبی شریک داشتن یا آنہا را در عبادت شریک ساختن کفر است چنانچہ دیگر کفار بہ انکار انبیاء کافر شدند ہمچناں نصاری عیسی را پسر خدا و مشرکان عرب ملائکہ را دختران خدا گفتند و علم غیب بآنہا مسلم داشتند کافر شدند''۔

(مالا بد منہ، ص 11,12، مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی)

حق تعالی کے خاص بندوں کو اس کی صفات واجبی میں شریک ٹھرانا یا انکو بندگی میں شریک بنانا کفر ہے جس طرح دوسرے کفار نبیوں کے انکار سے کافر ہوئے اسی طرح نصاری عیسی علیہ السلام کو خدا کا بیٹا اور عرب کے مشرک فرشتوں کو خدا کی بیٹی کہہ کر اور فرشتوں کیلئے علم غیب کا عقیدہ مان کر کافر ہو گئے (یہی عقیدہ مشرکین پاک و ہند کا بھی ہے) نبیوں اور فرشتوں کو خدا تعالی کی صفات میں شریک بنانا جائز نہیں۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفیؒ لکھتے ہیں:

''اَلْعِلْمُ الْمُخْتَصُّ بِہٖ ھُوَ عِلْمُ الْغَیْبِ''(تفسیر مظہری، ج 1 ص 358)

جوعلم اللہ کے ساتھ خاص ہے وہ علم غیب ہے۔

جس علم کو وہ اللہ کے ساتھ خاص مان رہے ہیں بقول فرقہ رضا خانیہ اگر معاذ اللہ اولیا اللہ انبیا کیلئے مان لیں تو اپنے ہی فتوے سے مشرک ہو جائیں بریلوی اصول میں یہ ممکن نہیں۔

رَایٰ الْمَنْصُوْرُ فِیْ مَنَامِہٖ صُوْرَۃَ مَلَکِ الْمَوْتِ وَسَالَہٗ عَنْ مُدَّۃِ عُمُرِہٖ فَاشَارَ بِاصَابِعِہٖ الْخَمْسِ فَعَبَّرَھَا الْمُعَبِّرُوْنَ بِخَمْسِ سَنَوَاتٍ وَّ بِخَمْسِ اشْھُرٍ وَّ بِخَمْسَۃِ ایَّامٍ فَقَالَ ابُوْحَنِیْفَۃَ ھُوَ اِشَارَۃٌ'' اِلٰی ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ فَاِنَّ الْعُلُوْمَ الْخَمْسَ لَایَعْلَمُھَا اِلَّا اللّٰہُ

(تفسیر مظہری۔ج5ص 465)

خلیفہ منصور نے خواب میں ملک الموت کو دیکھا تو اس سے اپنی عمر کے متعلق دریافت کیا کہ میں مزید کتنا عرصہ زندہ رہوں گا؟ تو ملک الموت نے اپنی پانچ انگلیوں سے اشارہ کیا۔ تو تعبیر بتانے والوں میں سے کسی نے بتایا کہ آپ مزید پانچ سال جئے گیں کسی نے پانچ ماہ کسی نے پانچ دن کی تعبیر بتائی۔ خلیفہ نے یہی خواب امام اعظم کے سامنے رکھا کہ اس کی تعبیر کیا ہے؟ تو امام اعظمؒ نے جواب دیا کہ پانچ انگلیوں سے اشارہ سورہ لقمان کی ان آخری پانچ آیات (ان اللہ عندہ علم الساعۃ الآیہ) کی طرف ہے بلا شبہ ان پانچ چیزوں کا علم سوائے خدا کے کسی کو نہیں۔

اگر رضا خانیوں میں غیرت ہے تو ایسا صاف دوٹوک موقف علم غیب کے حصول کے باب میں قاضی صاحب سے پیش کر کے دکھائے جس طرح ہم نے امام اعظم کے حوالے سے عدم حصول میں دکھایا۔

قُلْ یَا مُحَمَّدُ اِنَّمَا عِلْمُھَا عِنْدَ اللّٰہِ لَمْ یُطْلِعْ عَلَیْہِ احَداً مِّنَ الْاَنْبِیَآئِ وَ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَمَا یُدْرِیْکَ ای شیءٍ یُعْلِمُکَ وَقْتَ قِیَامِھَا اِذْ لَمْ یُطْلِعِ اللّٰہُ عَلَیْہِ احَداً مِّنْ خَلْقِہٖ

(تفسیر مظہری، ج5،ص 563)

اے محمد ﷺ فرما دیجئے کہ قیامت کا علم تو اللہ ہی کو ہے انبیاء وملائکہ میں سے کسی کو بھی اس کا علم عطائی طور پر بھی نہیں دیا اور کس نے آپ کو بتایا ہے؟ کہ وہ کب واقعی ہو گی؟ جب اللہ نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو اس پر مطلع ہی نہیں کیا۔

قُلْ یَا مُحَمَّدُ فِیْ جَوَابِھِمْ لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ مِنْھُمُ الْاَنْبِیَآءُ علیہم السلام مَنْ مُوْصُوْل'' اَوْ مُوْصُوْف'' اَلْغَیْبَ یَعْنِیْ مَا غَابَ عَنْ مَشَاعِرِ ھِمْ وَ لَمْ یَقُمْ عَلَیْہِ دَلِیْل'' عَقْلِیٌّ'' اِلَّا اللّٰہُ

(تفسیر مظہری، ج5،ص 347)

اے محمد ﷺ آپ ان کے سوال کے جواب میں فرما دیجئے کہ آسمان کی مخلوق یعنی فرشتے اور زمین کی مخلوق یعنی جنات و انسان اور ان میں انبیاء علیہم السلام بھی شامل ہیں ان میں سے کسی کو علم غیب نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔

(۵) علامہ اسمٰعیل حقی صاحبؒ روح البیان

صفحہ 158 تا160 علامہ اسمٰعیل حقی کو پیش کیا۔ علامہ اسمٰعیل حقی ہمارے معتبر مفسر نہیں علامہ نقشبندی صاحب نے ''دروس مناظرہ'' میں ان کی حیثیت پر خوب کلام کیا۔ امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اسمٰعیل حقی آفندیؒ (المتوفی ۱۱۳۷ھ) اگرچہ ایک طلائف نگار بزرگ اور صوفی ہیں اور باب تفسیر میں اور علی الخصوص آئمہ تفسیر کے مقابلہ میں ان کی کوئی خاص وقعت بھی نہیں''۔

(ازالۃ الریب،ص104)

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

''صاحب روح البیان جو ایک خشک صوفی اور حاطب لیل اور جامع رطب و یابس مصنف ہے''۔ (ازالۃ الریب،ص226)

موصوف کو بھی یہ بات معلوم تھا اس لئے اپنے زعم میں بہت دوڑ کی کوڑی لائے کہ

مقالات کوثری پر علامہ بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی تائید ہے اور اس میں شیخ امام زاہد کوثری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''آپ عالم، مفسر، اصولی، فقیہ، متکلم، صوفی اور واعظ بھی تھے، آپ طریقت کے اعتبار سے جلوتی ہیں اور مسکن کے اعتبار سے بروساوی ہیں اور مذہب کے اعتبار سے حنفی ہیں''۔

(ملخصا حنفیت کے باغی دیوبندی، جلداول، ص159)

جواب: تو اس سے زیادہ سے زیاہ علامہ حقی ؒ کی توثیق ہوگئی ان کا بزرگ ہونا ثابت ہوگیا۔ یہ ثابت نہیں ہوا کہ ''روح البیان'' میں لکھی گئی ہر فضول، رطب و یابس بات بھی معتبر ہو۔ شروع میں اصول نمبر 1 میں اس پر تفصیل گزر چکی ہے۔ بلکہ اگر موصوف تفسیر روح البیان کو بھی معتبر ثابت کر دیں تب بھی کام نہیں چلے گا چنانچہ جناب مصطفی رضا خان صاحب لکھتے ہیں:

''کتاب کا مستند اور معتمد ہونا اور بات ہے اور کتاب میں جو کچھ ہے وہ سب معتمد علیہ ہونا اور بات ہے''۔

(فتاوی مصطفویہ، ص272)

لہذا جو کچھ آپ نے نقل کیا اول تو اس سے آپ کا عقیدہ ثابت نہیں ہوتا بالفرض ہو بھی تو مردود ہے کہ مولف و کتاب کا معتمد ہونا اور بات ہے اور اس میں لکھی گئی ہر بات کا معتمد ہونا اور بات ہے یعنی کتاب کے معتمد ہونے کے باوجود بھی اس میں بکواس ہو سکتی ہے بس اپنے لکھے ہوئے کو بھی بکواس ہی سمجھیں۔

موصوف کو امام زاھد کوثری ؒ کی طرف سے اسمعیل حقی ؒ کے القابات تو نظر آتے ہیں لیکن یہی امام زاھد کوثری رحمۃ اللہ علیہ ان کی تفسیر روح البیان کے بارے میں جو یہ شگوفے نقل کرتے ہیں:

''الا انه لایتحاشی عن النقل عن کل من هب و دب علی غلوه فی وحدة الوجود''۔

(مقالات کوثری، ص358)

ترجمہ: وحدۃ الوجود میں غلو کی وجہ سے تفسیر میں ہر ادھر ادھر کی بے پر کی ذکر کرنے سے نہیں کتراتے۔

وہ نظر کیوں نہیں آرہے ہیں؟ آخری بات امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق دارالعلوم دیوبند لکھتا ہے:

''اس پس منظر میں بندہ کا یہ احساس قوی سے قوی تر ہوگیا کہ حضرت مولانا صفدر رحمۃ اللہ علیہ نہ صرف اکابر علما دیوبند کے علم، نظریات اور عقائد کے حامل ہیں بلکہ ان کے ترجمان اور شارح بھی ہیں اس لئے رد بدعت اور رد غیر مقلدیت سمیت تمام مختلف فیہ مسائل میں مولانا کی مکمل مدلل تحریریں حرف آخر کی حیثیت رکھتی ہیں''۔

(امام اہل السنۃ کا عادلانہ دفاع، ص 22، 23)

اب موصوف کے گروپ کا رضاخانی لکھتا ہے:

''جناب کی شومئی قسمت کہ نا تو مصنف کی ایسی حیثیت ہے کہ اسے اعلیٰ حضرت کے مقابلے میں پیش کیا جاسکتا ہے اور نہ کتاب اس درجہ کی ثقہ ہے کہ اس کی ہر بات کا اعتبار کیا جاسکے''۔

(کنزالایمان اور مخالفین، ص 393)

ہم اس اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے کہتے ہیں کہ جناب کی شومئی قسمت! جب امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ علمائے دیوبند کے علوم کے شارح و ترجمان ہیں اور رد بدعت میں ان کی تحریر حرف آخر ہے تو امام زاہد کوثری رحمۃ اللہ علیہ کو امام اہلسنت کے مقابلے میں یہ حیثیت حاصل نہیں لہذا اس باب میں کوثری رحمۃ اللہ علیہ کی تائید کی کوئی حیثیت نہیں موقف امام اہلسنت کا رد ہوگا۔

''مقالات کوثری'' کا یہ حوالہ جب رضاخانیوں کو ملا ہوگا تو کتنے خوش ہوئے ہوں گے کہ ہم نے اپنے عقائد کا سب سے مضبوط سہارا اسمعیل حقی کا معرکہ سر کرلیا مگر ہائے ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے۔

ایک رضاخانی پلمبر لکھتا ہے:

''اگر کسی نے اس کو غیر معتبر کہا تو ان کی اپنی معلومات ہیں اور اگر کسی نے معتبر کہا ہے تو انہوں نے اپنی معلومات کے مطابق کہا ہے اس لئے یہ اختلاف ہر گز مذموم نہیں''۔

(دست و گریبان کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، ص506)

کوثری ؒ کی اپنی معلومات ہیں اور ہماری و اسلاف کی اپنی معلومات کے مطابق غیر معتبر کہنا ہے یہ اختلاف مذموم نہیں۔

(۵) علامہ ابو السعود الحنفی ؒ

موصوف نے صفحہ 160 پر علامہ ابو السعود الحنفی کی عبارت نقل کی جس میں **وھو علوم الغیوب** کے الفاظ ہے۔

جواب: اولا تو یہ وہی عبارت ہے جس پر علامہ نقشبندی صاحب تفسیر ابن کثیر کے حوالے سے ''دروس مناظرہ'' میں گفتگو کر چکے ہیں کہ حضرت خضر و موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں بہت سے مفسرین نے اس روایت کو نقل کیا ہے لیکن اس میں دو راوی ایک محمد بن اسحق ہے جسے خود رضا خانیوں نے دجال کذاب کہا ہے دوسرا احسن بن عمارہ ہے جو متروک ہے۔

ایسی کمزور روایات سے استدلال کرتے ہوئے شرم آنی چاہیئے رہی بات ابوسعود کی اسے نقل کرنے کی تو ما قبل میں حوالہ گزر چکا کہ ہر وہ روایت جسے کوئی نقل کرے تو محض نقل روایت کسی کا عقیدہ و نظریہ نہیں ہوتا۔(فجر منیر ص164)

اب علامہ کا اصل عقیدہ ملاحظہ ہو:

وللہ تعالی خاصة لا لأحد غیرہ استقلالا ولا اشتراکا غیب السموات والأرض

(تفسیر ابی السعود، ج5، ص130)

زمین و آسمان کا علم غیب اللہ کیلئے خاص ہے اللہ کے سوا کسی کو حاصل نہیں نہ ذاتی نہ عطائی۔

یہ علامہ ابو السعود کا اصل عقیدہ ہے جس کے بعد ڈوب مر جانا چاہیئے رضا خانیوں کو۔

إذ لا علم بالأمور الغيبية ماضية كانت أو مستقبلة لغيره سبحانه۔۔۔لأن الغيب لا يعلمه إلا الله تعالى

(تفسیر ابی السعود، ج2،ص208)

ماضی مستقبل کے غیوب کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں ۔۔۔علم غیب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

ولا أعلم الغيب عطف على محل عندى خزائن الله أى ولا أدعى أيضا أنى أعلم الغيب من أفعاله تعالى حتى تسألونى عن وقت الساعة أو وقت نزول العذاب أو نحوهما

(تفسیر ابی السعود، ج3،ص136)

نہ میں (محمد ﷺ) علم غیب جانتا ہوں جو تم مجھ سے اللہ کے افعال کے بارے میں پوچھ رہے ہو کہ قیامت کب آئے گی عذاب وغیرہ کب آئے گا۔

وعلم الغيب وحيازة الخزائن مما نفاه صلى الله عليه و سلم عن نفسه بطريق التبرؤ والتنزه عنه فمن أى وجه عطف نفيه على نفيها قلت من جهة أن كلا النفيين رد لقياسهم الباطل الذى تمسكوا به فيما سلف فإنهم زعموا أن النبوة تستتبع الأمور المذكورة وأنها لا تتسنى ممن ليس على تلك الصفات فإن العثور على مكانها واغتنام مغانمها ليس من دأب الأراذل فأجاب صلى الله عليه و سلم بنفي ذلك جميعا فكأنه قال لا أقول وجود تلك الاشياء من مواجب النبوة ولا عدم المال والجاه من موانع الخير

(تفسیر ابی السعود، ج4،ص203)

لیجئے علامہ نے تو رضاخانیت کی لنکا ہی ڈبوڈی یہ کہہ کر کہ مشرکین یہ سمجھتے کہ نبی کیلئے خزائن الارض کا مالک ہونا علم غیب کا ہونا نوری ہونا ضروری ہے تو اس عقیدہ کے رد میں اللہ نے

پاک پیغمبر ﷺ سے ان چیزوں کی نفی کرائی کہ نبی علم غیب نہیں رکھتا (ملخصا)

غیرت ،شرم وحیاء ہے تو ایسے دوٹوک واضح طور پر اپنا خود ساختہ عقیدہ علامہ سے ثابت کر کے دکھاو۔

ما لهم لأهل السموات والأرض من دونه تعالى من ولي يتولى أمورهم وينصرهم استقلالا ولا يشرك في حكمه في قضائه أو في علم الغيب أحدا منهم

(تفسیر ابی السعود ،ج5،ص218)

زمین وآسمان میں کوئی بھی نہ ذاتی نہ عطائی اس کے علم غیب میں شریک ہے۔

قل لا يعلم من في السموات والأرض الغيب إلا الله بعدما حقق تفرده تعالى بالألوهية ببيان اختصاصه بالقدرة الكاملة التامة والرحمة الشاملة العامة عقبه بذكر ما هو من لوازمه وهو اختصاصه بعلم الغيب تكميلا لما قبله وتمهيدا لما بعده

(تفسیر ابی السعود،،ج6،ص296)

کہہ دیجئے زمین وآسمان میں کوئی بھی علم غیب اللہ کے سوانہیں جانتااس آیت کامقصد یہ ہے کہ الوہیت کے ساتھ اللہ کا تفرد اور قدرت کاملہ تامہ اور رحمت عامہ شاملہ کا اختصاص اللہ کے ساتھ ذکر کرنے کے بعد اب اس چیز کو ذکر کیا جو اللہ کی الوہیت کے لوازم و اختصاص میں سے ہے اور وہ علم غیب ہے۔(ملخصا)

شرم نہیں آتی علامہ تو علم غیب کو خدا کی الوہیت کے لوازم وخصوصیات میں سے شمار کریں اور تم ان پر یہ کفری بہتان باندھو کہ وہ تمہاری طرح یہ کفریہ عقیدہ رکھتے کہ رسول اللہ ﷺ علم الغیب جانتے ہیں معاذ اللہ۔

علامہ کی اور بھی بہت سی عبارات ہیں لیکن ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں ۔کیونکہ ہمیں معلوم ہے ہم جتنی بھی عبارات نقل کر دیں رضاخانیوں کو حیاوشرم پھر بھی نہیں آنی۔

(۶) شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

صفحہ 160 تا163 شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات پیش کی ہیں جس میں کہیں بھی رسول اللہ ﷺ کیلئے علم غیب ذاتی محیط کلی کا اثبات نہیں نہ ہی کائنات وغیر کائنات کے ذرے ذرے کا علم کلی جزئی مانا گیا بلکہ یا تو حضور ﷺ کے علوم کا اقرار ہے یا ماضی حال مستقبل کے بعض غیوب کا جس کے ہم منکر نہیں تفصیل کیلئے علامہ نقشبندی صاحب کی ''دروس مناظرہ'' ملاحظہ ہو۔

ثانیا رضاخانی غزالی مولانا احمد سعید کاظمی کے خلیفہ مفتی اقبال رضاخانی لکھتا ہے:

''اعلی حضرت ۔۔کے ان ارشادات سے ثابت ہوا کہ شیخ محقق قدس سرہ کی کتابوں میں بھی کہیں غیر تحقیقی باتیں آجاتی ہیں''۔

(تنبیہات، جلد اول،ص30)

پس ان تمام باتوں کو بھی جو آپ نے نقل کی ہے ''غیر تحقیقی'' ہی سمجھ لیں۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''یعنی نیستم من داناتر ااز توں بداں یعنی من وتو ہر دو برابریم درنادانستن آں بلکہ ہر سائل و مسئول ہمیں حال دارد کہ آنرا جز خداوند تعالی کسے نداند و وے تعالی ہیچکس راازملائکہ ورسل براں اطلاع ندادہ''۔(اشعۃ اللمعات،ج1،ص45)

یعنی میں اس وقت قیامت کو تم سے زیادہ نہیں جانتا یعنی میں اور تم دونوں اس کے نہ جاننے میں برابر ہیں بلکہ ہر سائل ومسول کا اس بارہ میں یہی حال ہے کہ اس کو خدا تعالی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا اور اللہ تعالی نے فرشتوں اور رسولوں میں سے کسی کو بھی اس کی اطلاع نہیں دی۔شیخ ایک حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

گفت جابر شنیدم آنحضرت راپیش از رحلت خود بیک ماہ تسالونی عن الساعۃ می پرسید مراازوقت قیام قیامت وانما علمھا عند اللہ و نیست علم بہ تعیین وقت آن مگر نزد خداوندا عزوجل یعنی ازوقت وقوع قیامت کبری می پرسید آن خود معلوم من نیست وآں راجز

خدا تعالی نداند

(اشعۃ اللمعات، ج3،ص 377)

ترجمہ: حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے آپ کی وفات سے صرف ایک ماہ قبل سنا آپ نے فرمایا کہ تم مجھ سے قیامت کے آنے کا وقت دریافت کرتے ہو حالانکہ اس کے وقت متعین کا علم اللہ تعالی کے سوا کسی کو نہیں یعنی تم قیامت کبری کے آنے کا وقت مجھ سے پوچھتے ہو اور وہ تو خود مجھے معلوم نہیں (میں تم کو کیا بتاؤں) اس کو اللہ تعالی کے بغیر اور کوئی بھی نہیں جانتا۔

شیخ فرماتے ہیں:

''حدیث میں ہے کہ حضو نے فرمایا بعض باتوں کا تفصیلی جواب مجھے حاضر نہ ہوا تو میں بہت زیادہ فکرمند ہوا اور ایسا فکرمند ہوا کہ اس سے پہلے کبھی اتنا فکرمند نہ ہوا تھا''۔

(مدارج النبوہ، جلد اول،ص 310 ترجمہ رضا خانیہ، فارسی 206)

آپ تو کہتے ہیں کہ شیخ کا عقیدہ ہے کہ معاذ اللہ حضور کو کلی جزئی علم ہے تو کیا قیامت اس کلی جزئی میں نہیں آتا؟ ''بعض باتوں کا تفصیل جواب نہ آنا'' کیا اس کلی جزئی میں نہیں آتا؟

(۷و۸) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ و شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ

صفحہ 163 پر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے فرزند کو پیش کیا۔ موصوف شرم و حیاء سے بالکل عاری ہیں کیونکہ ان کے لوگوں نے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ پر ان کے عقاید ہی کی وجہ سے اس پر وہابی ہونے کا الزام لگایا اگر شیخ معاذ اللہ علم غیب کے قائل تھے تو وہابی کیسے؟

رضا خانی محقق کہتا ہے کہ شاہ صاحب شیخ الاسلام ابن تیمیہ و ابن قیم و محمد بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہم اجمعین سے متاثر تھے بلکہ یہاں تک لکھا:

''وہ خالص حنفی نہیں رہے تھے''۔ (البوارق المحمدیہ،ص 87)

شرم نہیں آتی جو خالص حنفی ہی نہیں بقول آپ کے اسے سادات احناف میں شمار کرکے اپنا ہمنوا ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہو؟ مزید یہ محقق ہرزہ سرائی کرتا ہے:

''الحاصل شاہ صاحب نے یہ جو کچھ لکھا ہے سب اہل سنت و جماعت کے خلاف ہے''۔
(البوارق المحمدیہ، ص 181)

حضرت شاہ صاحب کا اصل عقیدہ ملاحظہ ہو شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

اَلْوُجْدَانُ الصَّرِيْحُ يَحْكُمُ بِاَنَّ الْعَبْدَ عَبْد'' وَّ اِنْ تَرَقّٰى وَ اَنَّ الرَّبَّ رَبّ'' وَّ اِنْ تَنَزَّلَ وَ اَنَّ الْعَبْدَ قَطُّ لَا يَتَّصِفُ بِالْوُجُوْبِ وَ بِالصِّفَاتِ اللَّازِمَةِ لِلْوُجُوْبِ وَلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا اَنْ يُّنْطَبَعَ شَيْء'' فِيْ لَوْحِ صَدْرِهٖ وَ لَيْسَ ذَالِكَ عِلْماً بِالْغَيْبِ اِنَّمَا ذَالِكَ الَّذِيْ يَكُوْنُ مِنْ ذَاتِهٖ وَاِلَّا فَالْاَنْبِيَاءُ وَالْاَوْلِيَاءُ يَعْلَمُوْنَ لَا مَحَالَةَ بَعْضَ مَا يَغِيْبُ عَنِ الْعَامَّةِ

(تفہیمات الٰہیہ، ج 1، ص 245)

وجدان صریح بتلاتا ہے کہ بندہ کتنی ہی روحانی ترقی کیوں نہ کرلے بندہ ہی رہتا ہے اور رب اپنے بندوں کے کتنا قریب کیوں نہ ہو جائے وہ رب ہی رہے گا بندہ واجب الوجود کی صفات یا وجوب کی صفات لازمہ سے کبھی متصف نہیں ہوتا علم غیب وہ جانتا ہے جو از خود ہو (کسی دوسرے کے بتلانے سے نہ ہو) ورنہ انبیاء و اولیاء یقینا ایسی بہت سی باتیں جانتے ہیں جو دوسرے عام لوگوں کی رسائی میں نہ ہو۔

شرم نہیں آتی رضاخانیت کے تابوت میں اس طرح کا کیل ٹھوکنے والے کو اپنا ہمنوا سمجھتے ہو؟۔

ثُمَّ لِيَعْلَمْ اَنَّهٗ يَجِبُ اَنْ يُّنْفٰى عنهم صِفاتُ الوَاجِبِ جَلَّ مجدُہ مِنَ الْعِلْمِ بِالْغَيْبِ وَالْقُدْرَةِ عَلَى خَلْقِ الْعَالَمِ اِلَى غَيْرِ ذَالِكَ وَلَيْسَ ذَالِكَ بِنَقْصٍ

(تفہیمات الٰہیہ، ج1،ص24)

پھر جان لیجئے کہ لازم ہے کہ انبیاء علیہم السلام سے واجب الوجود جل مجدہ کی صفات کی نفی کی جائے جیسے علم غیب اور عالم کی تخلیق وغیرہ اوران امور کی نفی ہرگز ان کی شان میں کمی نہیں کرتی۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے بیٹے اور جانشین حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بھی فرماتے ہیں:

''یا رتبہ آئمہ واولیاء برابر رتبہ انبیاء ومرسلین گردانند وانبیاء ومرسلین رالوازم الوہیت از علم غیب وشنیدن فریاد ہر کس و ہر جاوقدرت برجمیع مقدورات ثابت کنند''۔

(تفسیر عزیزی، ج1،ص52)

شرک وکفر کی باتوں میں سے ہے کہ آئمہ واولیاء کا رتبہ انبیاء علیہم السلام کے برابر جاننا اور انبیاء علیہم السلام کیلئے لوازم الوہیت جیسے علم غیب کا عقیدہ رکھنا یا ہر ایک کی پکار ہر ایک جگہ سے سن لینا یا تمام مقدورات پران کی قدرت (مختار کل) ماننا۔

کچھ شرم ہے تو توبہ کرلو اب بھی وقت ہے کیونکہ جہنم میں ہامان فرعون احمد رضا خان کے پڑوس ڈھونڈ رہے ہو؟ موصوف نے اپنی تائید میں شاہ صاحب کی فقط ایک عبارت کسی رسالہ سے سرقہ کرکے یوں نقل کی:

''ثم انه انجذب الی حین الحق فیصیر عبد الله فجلی له کل شیئ (حضور سید عالم ﷺ جو سید العارفین ہیں کی شان اقدس کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے جبکہ) عارف کا یہ حال ہے کہ جب وہ بارگاہ حق سبحانہ وتعالی کی طرف کھینچ جاتا ہے اور مقرب بارگاہ ایزدی قرار پاتا ہے تو اس کیلئے ہر شے روشن ہوجاتی ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی، جلداول،ص163)

موصوف کا استدلال عبارت میں ''فتجلی له کل شیئ'' سے ہے حالانکہ علامہ نقشبندی صاحب خود اس کی وضاحت ''دروس مناظرہ'' میں یوں کرچکے ہیں:

''حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

ثم لیعلم انہ یجب ان ینفی عنہم صفات الواجب جل مجدہ من العلم الغیب و القدرۃ علی خلق العالم الی غیر ذالک و لیس ذالک بنقص ...و ان استدل بقولہ علیہ الصلوۃ و السلام فتجلی لی کل کل شیء قلنا ھو بمنزلۃ قولہ تعالی فی التوراۃ تفصیلا لکل شیء و الاصل فی العمومات التخصیص بما یناسب المقام و لو سلم فھذا عند وضع اللہ یدہ بین کتفیہ ثم لما سری عنہ ذالک فلا بعد من ان یکون تعلیم تلک الامور ثانیا فی حالۃ اخری

(تفہیمات الٰہیہ، ج2،ص 25,24)

پھر جاننا چاہئے کہ واجب ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام سے باری تعالیٰ کی صفات کی نفی کی جائے مثلاً علم غیب اور جہاں کے پیدا کرنے پر قدرت وغیرہ اور اس میں کوئی تنقیص نہیں ہے ۔۔اور اگر (کوئی شخص نبی کریم ﷺ کے علم غیب پر) فتجلی لی کل شیء سے استدلال کرے تو ہم اس کو یوں جواب دیں گے کہ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ تورات کے بارے میں تفصیلا لکل شیء آیا ہے ۔اور اصل عمومات میں مقام کے مناسب تخصیص کرنا ہے اگر یہ تجلی ہر ایک چیز کیلئے تسلیم بھی کر لی جائے تو یہ صرف اس وقت کیلئے تھی جب کہ اللہ تعالیٰ نے دست قدرت آپ کی پشت پر رکھا تھا پھر جب اللہ تعالیٰ نے دست قدرت اٹھایا تو یہ تجلی اور انکشاف بھی جاتا رہا سو اس میں کوئی بعد نہیں کہ اس کے بعد دوسری حالت میں آپ کو دوبارہ ان امور کی تعلیم دی گئی ہو۔

غور فرمائیں شاہ صاحب فرما رہے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام سے صفات باری تعالیٰ یعنی علم غیب کی نفی کرنا واجب ہے اور اس میں ان کی کوئی تنقیص نہیں ۔اگر کوئی بریلوی اس حدیث سے استدلال کرے تو میرا (شاہ صاحب) کا جواب یہ ہے کہ اس میں کل عموم حقیقی کیلئے نہیں بلکہ احکام دین اور امور شریعت وغیرہ سے مخصوص ہے جیسا کہ ماقبل میں بتادیا گیا کہ وہ علم پاؤں

پر مسجد تک چلنے کی نماز کے انتظار کرنے کے متعلق تھا الخ اس حدیث میں فتجلی لی کل شیء کو اسی طرح سمجھنا چاہئے جس طرح قرآن پاک میں اللہ تعالی نے تورات کے متعلق تبیانا لکل شیء فرمایا جس طرح وہاں امور دین مراد ہیں اس میں بھی یہی مراد ہے۔ اور بالفرض اس سے تمام امور دین کا علم مراد بھی ہو تو اجمالی اسی وقت کے متعلق تھا بعد میں اللہ تعالی ان امور کی تفصیل وحی کے ذریعہ آپ کو بتاتا رہا جیسا کہ واضح ہے۔(دروس مناظرہ)

تو فتجلی لی کل شی سے کائنات کا ذرہ ذرہ مراد نہیں بلکہ ''امور دین'' مراد ہیں جو رضاخانی عقیدہ کا عشر عشیر بھی نہیں۔کہتا ہے کہ نقشبندی صاحب نے ہمارا مذہب نہیں پڑھا۔ جاہل جناب رضاخانی تصنیف و تالیف کے میدان میں تیرے دودھ کے دانت نکلنے سے پہلے نقشبندی صاحب تمہارے مذہب کا جنازہ پڑھا اور ڈھکوسلوں کا قلع قمع کر چکے ہیں۔

خلاصہ کلام جب شاہ صاحب خود انبیا سے علم غیب کی نفی کو واجب قرار دے رہے ہیں تو اولیا اللہ کیلئے کیسے ثابت کر سکتے ہیں؟ مگر جھوٹ، مکر، فریب، تحریف کی یہ صفات ہی دراصل اس ''فرقہ حسامی الحرامی'' کو ذلت مآب محرف اعظم جناب فاضل بریلوی سے ورثہ میں ملی ہے۔

موصوف کہتے ہیں کہ شاہ عبد العزیز صاحب نے ''اس آیت میں علم غیب کا حصر فقط رسول کے لفظ پر ہے''۔(تفسیر عزیزی، ج ۲، ص ۲۱۷، بحوالہ حنفیت کے باغی دیوبندی، ص ۱۶۳)

جواب: تو شاہ صاحب تو خود علم غیب کو لوازم الوہیت میں سے سمجھتے ہیں تو رسولوں میں اس کا حصر کر کے وہ تو معاذ اللہ رسولوں کی الوہیت کے قائل ہو گئے۔شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں:

''شایان حضرت رب العزت است مثل اثبات عموم علم و قدرت و غیب دانی و مشکل کشائی یا ذبح لغیر اللہ یا سجدہ لغیر اللہ وغیر ذالک''۔

(تفسیر عزیزی، جلد اول، ص 458)

(اگر ساحر افعال و عقائد کفر کا مرتکب ہو مثلا ارواح خبیثہ کیلئے ایسی صفات ثابت

کرے) جو اللہ کی شایان شان ہے جیسے عموم علم و قدرت غیب دانی و مشکل کشائی غیر اللہ کیلئے ذبح وسجدہ وغیرہ ذالک (تو کافر ہے)

تو شاہ صاحب کے نزدیک تو تم رسول اللہ کیلئے عموم علم کلی و جزئی اور صفت علم غیب وغیب دانی ثابت کر کے جادوگر و کافر ہوئے۔شاہ صاحب تفسیر عزیزی جلد دوم ص 222،223 پر احاطہ علمی کو صفت خداوندی کہتے ہیں اور اللہ کے ساتھ خاص کہتے ہیں کسی مخلوق کو حاصل نہیں مگر موصوف کے نزدیک یہ احاطہ علمی وعلم کلی رسول اللہ کو حاصل ہے معاذ اللہ۔

موصوف نے عبارت مکمل نقل کرنے میں بھی خیانت سے کام لیا کیونکہ یہاں معاذ اللہ علم غیب اصطلاحی مراد نہیں بلکہ اطلاع غیب مراد ہے چنانچہ آگے ہی فرماتے ہیں یعنی بالاصالت اطلاع برغیب خاصہ پیغمبران است و اولیا را اطلاع برغیب بطریق وراثت و تبعیت حاصل می شود"۔(تفسیر عزیزی جلد دوم،ص 217)

مزید کی بات یہ کہ اس اطلاع غیب سے بھی رضاخانیوں کی طرح حضرت شاہ صاحب کائنات کاذرہ ذرہ معلوم ہونا نہیں لیتے بلکہ صاف وضاحت کرتے ہیں کہ ان علوم غیبیہ سے مراد جو اولیا اللہ کو انبیا کے واسطے سے حاصل ہوتی ہیں وہ:

"مراد از غیب دریں آیت احکام شرعیہ آند"۔

(تفسیر عزیزی، جلد دوم،ص 217)

اس آیت میں غیب سے مراد احکام شرعیہ ہیں۔اس کھلی تحریف پر رضاخانیوں کو شرم آنی چاہئے۔موصوف نے جو عبارت پیش کی وہ خود رضاخانیوں کے بھی مدعی کے خلاف ہیں کیونکہ رضاخانی اولیاء اللہ اور شیاطین کیلئے بھی علم غیب مانتے ہیں حالانکہ بقول رضاخانی شاہ صاحب تو علم غیب کا حصر صرف رسولوں میں کر رہے ہیں۔

رضاخانی لوح محفوظ پر انبیاء و اولیاء اللہ کو مطلع مانتے ہیں مگر اسی صفحہ پر شاہ صاحب لکھتے ہیں:

"اطلاع برلوح بہ معنی مطالعہ آن لوح ونقوش آن بطریق صحیح مروی نیست"۔

(تفسیر عزیزی جلد دوم،ص 217)

پہلے تو لوح محفوظ پر اطلاع اس لوح اور اس کے نقوش کے مطالعہ کے معنوں میں طریق صحیح سے مروی نہیں ہے کہ کسی پیغمبر علیہ کو ہوئی ہو۔ (ترجمہ رضاخانی جلد 3،ص 361)

ایک اور مزے کی بات کہ رضاخانی کہتے ہیں کہ اولیاء اللہ بلکہ شیاطین بلکہ حجر اسود کو بھی علم غیب ہے اور علم غیب پر مطلع ہے حالانکہ شاہ صاحب اسی صفحہ پر لکھتے ہیں:

''اولیا اللہ را اگر چہ اظہار بر غیب حاصل نیست اما اظہار غیب بر ایشاں جائز و واقع است''۔

(تفسیر عزیزی جلد دوم،ص 217)

اولیاء اللہ کو اگر چہ غیب پر اطلاع حاصل نہیں لیکن ان پر غیب کا اظیار جائز اور واقع ہے۔

تو شاہ صاحب تو کہتے ہیں کہ اولیاء اللہ پر اطلاع غیب ہی نہیں ہاں کوئی نبی ملا ہوا غیب ان پر ظاہر کرنا چاہے تو ہوسکتا ہے۔

پھر مزے کی بات یہ کہ موصوف نے شاہ صاحب کی جو ادھوری عبارت نقل کی وہ شاہ صاحب نے اپنے عقیدہ پر طور پر نقل نہیں کیا بلکہ ایک اعتراض کے طور پر نقل کیا ہے ہم نے کتاب کے شروع میں اصول نمبر 2 میں وضاحت کر دی خان صاحب بریلوی سے کہ کتاب میں ہر منقول بات یا قیل وقال صاحب نقل کا عقیدہ نہیں ہوتا۔

شاہ صاحب کا عقیدہ واضح طور پر ہم نے نقل کر دیا ہے جس میں علم غیب کو وہ خاصہ خداوندی والوہیت قرار دیتے ہیں اس کے مقابل اگر رضاخانی میں جرات ہے تو شاہ صاحب سے اپنا یہ عقیدہ ثابت کرے کہ تمام اولیاء اللہ انبیاء شیاطین کو کائنات وغیر کائنات کے ذرے ذرے کا کلی جزئی علم دیا گیا ہے۔ دیدہ باید۔

(۹) حضرت مجدد الف ثانیؒ

موصوف نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوب کا ایک ٹکڑا نقل کیا:

''چنانچہ بر علم غیب مخصوص باوست سبحانہ خاص رسل را اطلاع می بخشد''۔

(مکتوبات امام ربانی فارسی، جلد ا،ص 656، ایچ ایم سعید کمپنی کراچی، مترجم وہابی جلد 1،

ص 489، ادارہ مجددیہ کراچی)

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول، ص 164)

موصوف نے لگتا ہے کہ یہ حوالہ اپنے کسی رسالے سے نقل کیا ہے کیونکہ ایچ ایم سعید کا جو نسخہ ہے اس میں مسلسل صفحات نمبر ہیں ہی نہیں بلکہ یہ مکتوب نمبر 310 اور صفحہ نمبر 160 ہے۔ جبکہ ادارہ مجددیہ کی جلد دوم بنتی نہ کہ جلد اول۔

جواب: اولا جناب فاضل بریلوی کہتے ہیں:

''اسی (مکتوبات امام ربانی میں از ناقل) میں لکھا ہے کہ کیا تم سمجھتے ہو کہ جو کچھ میں نے اگلی جلدوں میں کہا صحو سے کہا نہیں بلکہ زیادہ سکر ہے''۔

(ملفوظات، حصہ سوم، ص 324)

معلوم ہوا کہ مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا اکثر حصہ ''حالت سکر'' کا ہے اور اس سکر کے بارے میں رضا خانی لکھتا ہے:

''حضرات اولیائے کرام علیہم الرحمۃ والرضوان حالت سکر میں کبھی اہل سنت و جماعت کے عقائد کے خلاف عقائد کا بھی اظہار ہو جاتا ہے''۔

(حکیم ترمذی اور مسئلہ ختم نبوت، ص 73)

پس موصوف نے جو عبارت پیش کی اسے بھی ''حالت سکر'' کا کرشمہ سمجھیں۔

ثانیا: مکتوب بالکل واضح ہے اس میں ''اطلاع'' کے لفظ ہے یعنی انبیاء کو غیب پر مطلع کرتا ہے اطلاع، انباء، اظہار بر غیب کا کون کافر منکر ہے؟ ہمت ہے تو حضرت مجدد سے وہ عقیدہ دکھاؤ جو تم نے اس مسئلہ کیلئے خان صاحب بریلوی اور جناب امجد علی گھوسوی سے دکھایا۔ دیدہ باید۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں:

''اور غیب کا علم اللہ سبحانہ ہی کو ہے''۔ (مکتوبات ترجمہ رضا خانی جلد اول، ص 283)

حضرت مجددؒ فرماتے ہیں:

''عوام نے تخلق کے معنی کچھ اور سمجھے اور خواہ مخواہ گمراہی کے جنگل میں جا گرے وہ یہ خیال کرتے ولی کیلئے احیا جسم ضروری ہے اور اس پر اکثر اشیاء غیبی کا انکشاف ہونا چاہئے وغیرہ ذالک حالانکہ یہ باتیں ظنون فاسدہ میں سے ہیں''۔

(مکتوبات امام ربانی جلداول،ص 297،ترجمہ رضاخانی)

آپ کا تو عقیدہ ہے کہ ولی پر تمام کائنات منکشف ہے وہ مرد نہیں جو ساری دنیا کو مثل ہتھیلی نہ دیکھے (ملفوظات) جبکہ مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ سب گمان ظن ہیں عقیدہ نہیں اور ظن بھی فاسد باطل وگمراہ کن۔ایک رضاخانی کہتا ہے:

''اگر یہاں اس کتاب میں کچھ باتوں کا نقل ہونا شیخ کا مذہب ہے تو ایسی کئی باتیں اور بھی اس کتاب کا حصہ ہیں جو آپ کے موقف کے بالکل خلاف ہے آپ ان کو کیوں نہیں مانتے''۔(فجر منیر،ص 164)

تو جناب ان باتوں پر آپ چمگادڑ کی طرح آنکھیں کیوں بند کر دیتے ہیں؟

(۱۰ و ۱۱) گولڑوی وعبدالباری کے حوالے

پھر صفحہ 165 تا170 پیر گولڑوی کا تذکرہ شروع کر دیا کبھی کہتا ہے دیوبندی اس کو بزرگ مانتے ہیں کبھی کہتا ہے کافر مانتے ہیں۔جس کا عنوان سے کوئی تعلق ہی سرے سے نہیں جب آدمی کے پاس کہنے کو کچھ نہ ہو اور اپنے جاہل حواریوں میں 774 صفحات کی کتاب کا رعب بھی بٹھانا ہو تو ظاہر ہے اس کیلئے کچھ نہ کچھ تو ہانکنا پڑے گا۔پیر صاحب کی طرف منسوب کتب میں کیا لکھا کیا نہیں؟ ہماری بلا سے۔وہ رضاخانیوں کی طرف سے شائع شدہ ہیں ہمارے لئے حجت نہیں۔رضاخانی حشمت علی رضوی لکھتا ہے:

''حقیقت یہ ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب و شاہ عبد العزیز صاحب کی تصنیفات وتحریرات سنیوں کو اسمعیل دہلوی اور دوسرے وہابیوں کے ذریعہ سے ان کے تغیر وتبدل کے بعد پہنچیں تو شاہ صاحب کی کتب سنیوں کیلئے سب قابل اعتبار نہیں''۔

(کلمہ حق،ش 7،ص 36)

جن کتب کو رضاخانیوں نے پیر صاحب کے نام سے شائع کی وہ ہمارے لئے کیسے حجت ہوسکتی ہیں؟ ہاں تم پر حجت ضرور ہیں۔ بطور الزام ہم رضاخانیوں پر حجت قائم کرنے کیلئے اس سے حوالے ضرور نقل کریں گے۔ جن مولویوں کے حوالے نقل کئے اصول نمبر 4،3 کے تحت ہمارے لئے حجت نہیں ہمیں پیر صاحب کو کافر کہنے کا کوئی شوق نہیں لیکن اگر آپ کو ہماری عبارات سے انہیں کافر بنانا ہی ہے تو ہمیں بھی انہیں مسلمان بنانے کا کوئی شوق نہیں۔

موصوف نے ''فتاوی مہریہ'' سے ایک فتوی نقل کر کے پھر تین صفحات دیوبندیوں گالیاں دینے میں سیاہ کئے مثلا صرف دوتین گالیاں ملاحظہ ہوں:

''اسمعیلی کو اخانی گنگوہی ۔۔ رئیس المحرفین مکار دیوبند سرفراز گھکڑوی ۔۔ خبیث بلکہ اخبث قوم''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 169)

''تھانوی کے ماموں جیسے بے حیاو بے غیرت آدمی''۔(ایضاص 170)

حالانکہ اس فتاوی مہریہ کے بارے میں رضاخانی ملک المدرسین جامع لمعقول والمنقول لکھتا ہے:

''ملفوظات مہریہ اور فتاوی مہریہ اعلی حضرت گولڑوی ؒ کی تصنیف نہیں کہ ان میں جو کچھ لکھا ہے وہ حضورؒ کی تحریر ہو بلکہ یہ تو کوئی اور آدمی نقل کر رہا ہے''۔

(سیف العطا،ص 113)

اب ہم ہر وقت بھونکنے والے اس ابو حامد رضوی لوسی کتے کو کہیں گے یہ حال ہے اس فتاوی مہریہ کی جس کو لیکر تم نے شلوار اتار کر دبر ہماری طرف کرنے کی کوشش کی اور تین صفحات میں گو پر گوز مارتے رہے مگر وہ دبر تو جناب اعلی حضرت فاضل بریلوی کے منہ کی طرف ہوگئی قبر میں اس کی گندی پیپ پسینے خون کی بدبو کا عذاب کم تھا جو بوصیت اعلی حضرت ''اڑڑ کی دال'' کھا کر اب تم اس بیچارے کے منہ پر گوز پر گوز مارے جارہے ہو؟۔ علمائے دیوبند معاذ اللہ نہ خبیث ہیں نہ اخبث قوم ہے بلکہ اشد خبیث و اخبث و ذلت مآب تو جناب

رضاخان فاضل بریلوی جیسا بے حیاء بے غیرت کمینہ انسان ہے جس نے پیر مظفر حسین شاہ، ابوحامد رضوی، ارشد مسعود چشتی جیسے رذیل، شریر، کمینے حرام کے پلے پیدا کئے اور تم جیسی اس کی حرامی اولاد ''ردو، تصنیف'' کے نام پر اس مقدس کام کو گالم گلوچ کا میدان بنا رہے ہو۔ ہم نے بہت جگہ صبر کیا لیکن کب تک آدمی صبر کرے؟ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی سے لیکر مظفر حسین شاہ اور اس سے لیکر ارشد مسعود چشتی و ابوحامد رضوی لعنتی اور اس سے لیکر میثم کھسری جیسے حرام زادوں اور ان کے گماشتوں کو جب تک ان کی زبان میں جواب نہ دیا جائے یہ انسان کے بچے بننے کو تیار نہیں۔

کوئی ہمیں ادب نہ سکھائے جس کو ادب کا ہیضہ ہے پھر وہ جواب بھی خود لکھے ہمارے اکابر کو اس طرح ننگی گالیاں اور ہم چپ رہیں؟ تیل لینے گیا تمہارا ادب۔

جب خود اقرار کرتا ہے کہ پیر مہر علی شاہ بریلویوں کا بزرگ ہے دیوبندیوں کا اس سے دور کا بھی واسطہ نہیں (ملخصا، ص 167) تو جن دیوبندیوں کے حوالے تو نے پیش کئے وہ خود کالعدم ہو گئے اور تمہارے بزرگوں پر ہم ہزار بار لعنت بھیجتے ہیں نہ وہ ہمارے لئے حجت نہ ان کی کہی گئی کوئی بکواس ہمارے لئے حجت وہ ہمارے کسی فتوے سے کافر ہوتے ہیں تو ایک ہزار بار کافر ہوں۔ رضاخانی لکھتا ہے:

''بعدہ موصوف اپنی عادت سے مجبور ہو کر پھر وہی خلط مبحث سے کام لیتے ہوئے شیخ حمود کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ وہ جشن محفل میلاد کے خلاف ہے شیخ ابن باز کے فتوے کی تائید کرتے ہیں محفل میلاد کو بدعت کہتے ہیں۔ وہ ابن تیمیہ کو شیخ الاسلام کہتے، علم غیب کا منکر، ابن عربی کو کافر کہتے ہیں وغیرہ وغیرہ جن کا موغوع سے دور کا کوئی تعلق نہیں دراصل موصوف کے پاس اپنا پہلا مضمون شامل کرنے اور اپنے حجۃ الاسلام کے مناقب بیان کرنے کے باوجود مواد کی قلت اتنی تھی کہ ۹۶ صفحات میں مکمل کرنا مشکل تھا اس لیے بے چارہ کبھی ایمان والدین مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، کبھی علم غیب، کبھی میلاد النبی، کبھی ابن تیمیہ، کبھی ابن عربی وغیرہ کے متعلق لایعنی کلام سے اوراق کو سیاہ کرتا چلا گیا''۔

(دافع ازالۃ الوسواس ص 370)

یہی ہم کہتے ہیں کہ چونکہ موصوف کے پاس علامہ صاحب کے رد کیلئے کچھ نہ تھا لیکن کتاب کو بھی ضخیم بنانا تھا اس لئے پیر مہر علی شاہ صاحب کا تذکرہ چھیڑ دیا تو کبھی مولانا عبدالباری صاحب کا جرات ہے تو اس پر الگ کتاب لکھ، وہی حشر کروں گا جو ''بھجۃ الاسرار'' پر اور ''متکلم اسلام'' پر کتاب لکھنے پر کیا تھا۔ کان کھول کر اچھی طرح سن لو تم کیا تمہاری آنے والی نسلوں اور قبروں میں جانے والے مردودوں کے فہم وخیال میں بھی اگر کوئی اعتراض اشکال ہے تو واللہ تاللہ اس کا جواب بھی ہمارے پاس ہے اور جواب بھی تمہاری کتابوں سے۔

صفحہ نمبر 171 تا 175 پر پھر موضوع سے خارج مولانا عبدالباری فرنگی محلی مرحوم کے حوالے دئے جو نہ سادات احناف میں سے ہیں نہ دیوبند میں سے اور اس میں ہے بھی علم غیب نہیں اخبار غیب کا اثبات ہے بہر حال اس پر بھی ہماری وہی تقریر ہے جو پیر مہر علی شاہ صاحب کے حوالے کے جواب میں ہے۔

(۱۲) حفظ لایمان کا حوالہ دربار علم غیب

صفحہ نمبر 170، 171 پر حضرت مولانا مرتضی حسن چاند پوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ''حفظ الایمان'' کا حوالہ دیا گیا کہ اس میں ''بعض علم غیب'' مانا گیا ص 178 پر بھی اس حوالے کو دہرایا۔ حالانکہ وہ سوال وجواب رضاخانیوں سے ہیں کہ رضاخانی کل علم غیب مانتے ہیں یا بعض؟ بعض تو گدھے گھوڑے کو بھی۔۔ یہ ساری گفتگو الزامی ہے نہ حضرت کا اپنا عقیدہ۔

صفحہ 177 تا 185 وہ حوالے دئے جو اصول نمبر 3 و 4 ہم پر حجت نہیں نیز خود اپنے اصول ایک بات ایک لحاظ سے کفر دوسرے لحاظ سے عین ایمان کے تحت جواب کی حاجت نہیں۔

خود یہ اقرار کر چکا کہ اسمعیلی وہابی علم غیب کی بنا پر علمائے دیوبند کی تکفیر کرتے ہیں تو اب تکفیر نہ کرنے کا دعوی خود اپنے ہی دعوے کی تکذیب ہے نیز ما قبل میں علمائے دیوبند کی

عبارات کے متعلق جو اصول ہم نے نقل کئے ہیں انہی اصولوں کو ان عبارات کیلئے بھی جواب سمجھ لیا جائے۔

اس جاہل کی جہالت کا یہ حال ہے کہ ''انعام الباری'' کے بارے میں لکھتا ہے کہ ''تقی عثمانی لکھتا ہے''۔ (حنفیت کے باغی دیوبندی ،ص 181) حالانکہ وہ شیخ الاسلام صاحب کی کتاب ہی نہیں۔ پھر مزے کی بات کہ خود ان فتاوی میں وہ یہ بات نقل کرتا ہے کہ ہمارے بزرگوں نے کہا ہے کہ:

''زید کی نسبت جن عقائد کا ذکر کیا گیا ہے وہ ظاہراً اگر چہ کفر تک پہنچانے والے ہیں''۔

(فتاوی قاسمیہ بحوالہ حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول ،ص 184)

یہ الگ بات ہے کہ ان علماء نے علم غیب کو کفریہ عقیدہ مان کر قائل کو احتیاطاً تکفیر سے بچایا ہے۔علامہ صاحب نے بھی اپنی کتاب میں علم غیب کے عقیدہ کو کفر کہا ہے نہ علی العموم رضا خانیوں کو۔ اگر جرات ہے تو علامہ صاحب کی کتاب سے دکھاؤ کہ انہوں نے بالعموم تمام رضا خانیوں کو اس عقیدہ کی بنا پر کافر کہا ہو۔علامہ صاحب اور ان علماء کا موقف بالکل ایک ہے کہ عقیدہ کفریہ ہے قائل کی بالعموم تکفیر نہیں کریں گے۔ الا یہ کہ تاویل کی گنجائش ختم ہو جائے۔ اس عنوان کے شروع میں ان تمام باتوں پر تفصیلی بحث ہو چکی ہے۔

عجیب بات ہے فضل حق خیر آبادی کہتا ہے کہ حضرت شاہ اسمعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے کفر میں شک کرنے والا بھی کافر، جناب فاضل بریلوی کہتا ہے کہ عقائد سخت کفریہ ہیں فقہاء کے مذہب پر کافر لیکن میں مسلمان کہتا ہوں۔تو اگر علمائے دیوبند نے علم غیب کو کفر کہنے کے باوجود قائل کی تکفیر میں احتیاط کی ہے تو اس پر ''عوعو'' کرکے ''سگ اعلی حضرت'' بن کر صفحات کے صفحات سیاہ کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

فقہائے احناف کی پیش کردہ عبارات میں لایعنی تاویلات

(۲) علامہ نقشبندی صاحب نے پہلی عبارت ملا علی قاریؒ سے یہ پیش کی تھی:

(۱) ذَکَرَ الْحَنُفیۃ تصریحا بالتکفیر باعتقاده ان النبی علیہ الصلوۃ والسلام یعلم الغیب لمعارضۃ قولہ تعالی قل لا یعلم من فی السموت والارض الغیب الّا اللہ کذا فی المسایرۃ

،(شرح فقہ الاکبر ص:422،دار البشائر الاسلامیہ،بیروت)

حضرات فقہاء احناف نے صراحت کے ساتھ ایسا اعتقاد رکھنے والی کی تکفیر کی ہے جو نبی کریم ﷺ کیلئے علم غیب ثابت کرتا ہے اور اس کا عقیدہ رکھتا ہو کیونکہ یہ عقیدہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے سراسر منافی ہے کہ آپ فرمادیجئے کہ جو مخلوق آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ان میں کوئی بھی علم غیب نہیں جانتا ہاں صرف اللہ تعالیٰ ہی غیب کا علم رکھتے ہیں بس۔

موصوف اپنے زعم میں بڑی دور کی کوڑی لائے کہ ملا علی قاری نے اس سے پہلے یہ لکھا:

"ثم اعلم ان الانبیا علیہم الصلوۃ والسلام لم یعلموا المغیبات من الاشیا الاما اعلمھم اللہ تعالی احیانا"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول،ص 186)

اب اس میں ہمارے خلاف کیا ہے؟ بلکہ تائید ہے، کیونکہ اس میں تو ملا علی قاریؒ وضاحت سے کہہ رہے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام "علم غیب" نہیں جانتے الا یہ کہ کبھی کبھی اللہ انہیں بعض غیوب پر مطلع فرما دیتا ہے۔

اس میں تو اطلاع علی الغیب کا ذکر ہے اس کا منکر کون ہے؟ بلکہ اس عبارت میں بھی صریح وضاحت ہے کہ انبیاء علم غیب نہیں جانتے ؟ نیز اس میں ہمیں کائنات غیر کائنات یا ابتدائے آفرینش سے الی یوم القیامۃ ذرے ذرے کا کلی جزئی علم غیب کا لفظ تلاش کر کے دکھائیں کیونکہ آپ کا عقیدہ یہ ہے نہ کہ اطلاع بر غیوب۔ علامہ صاحب کہتے ہیں:

(۲) ہم اخبار الغیب، اظہار الغیب، اطلاع علی الغیب کے منکر نہیں اس طریق پر بیسیوں ماضی وحال کی غیب کی خبریں آپ کو بتائی گئی ہیں ۔لہذا اس کا اثبات موضوع سے خارج ہوگا۔(دروس مناظرہ،ص 249)

مزے کی بات ملا علی قاریؒ کی اس عبارت میں ''اعلام برغیوب'' کا ذکر ہے اور ''اعلام'' یعنی بتلانے کے بعد وہ علم غیب رہتا ہی نہیں چنانچہ علامہ نقشبندی صاحب اس کی بھی وضاحت فقیہ احناف ہی سے کر چکے ہیں:

''صاحب بزازیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وَمَا اَعْلَمَ اللّٰہُ تَعَالٰی لِخِیَارِ عِبَادِہٖ بِالْوَحْیِ اَوِ الْاِلْہَامِ الْحَقِّ لَمْ یَبْقَ بَعْدَ الْاِعْلَامِ غَیْباً

(فتاوی بزازیہ، ج1،ص80)(بحوالہ دروس مناظرہ)

اور غیوب کی وہ باتیں جو اللہ اپنے بندوں کو وحی یا الہام کے ذریعہ بتلاتا ہے تو بتلانے کے بعد وہ علم غیب رہا ہی نہیں۔

اب بتائیں اس عبارت کے نقل نہ کرنے سے ہم پر کونسا آسمان گر گیا ہے جو رضاخانی نے کئی صفحات گالیوں میں سیاہ کر دئے؟ رضاخانی کا یہ کہنا:

''ایک اور بات پہلے سے ہی بتادوں کلی اور جزئی ذاتی اور عطائی یا کسی بھی طرح کی تاویل اس کو کام نہیں آئے گی کیونکہ اس کے گھر ہی سے بحمداللہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ تحفظ دین کیلئے تکفیر کی جائے گی''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 187)

ہم اس میں کوئی ذاتی عطائی، کلی وجزئی کی تاویل نہیں کر رہے ہیں حضرت ملا علی قاریؒ کی اس عبارت کو کھلے دل سے تسلیم اور اپنا عقیدہ مانتے ہیں ۔باقی موصوف نے جو علامہ ابو ایوب قادری صاحب مدظلہ لعالی کی عبارت کی طرف اشارہ کیا وہ الزامی گفتگو تھی اور ہمارے خلاف بھی نہیں کیونکہ جو رضاخانی علم غیب اصطلاحی کے قائل ہیں ہم واقعی تحفظ دین کی خاطر

ان کے کافر ہونے کے قائل ہیں اور ملا علی قاریؒ سرے سے علم غیب کا قائل ہی نہیں بلکہ وہ تو قائل کو کافر کہہ رہے ہیں۔اگلی عبارات علامہ صاحب نے پیش کی:

(۲) لو تزوج بشهادة الله و رسوله لا ينعقده و يكفر لا عتقاده ان النبی ﷺ يعلم الغيب۔(البحر الرائق، ج 3ص 155، دار الکتب العلميه، بيروت)

اگر نکاح کیا اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو گواہ بنا کر تو نکاح منعقد ہی نہ ہوا اور یہ شخص کافر بھی ہو جائے گا بسبب اس اعتقاد کے کہ نبی کریم ﷺ علم غیب جانتے ہیں۔

(۳) رجل تزوج امراة و لم يحضر الشهود قال (خدائے را و رسول را گواه كردم)او قال (خدائی را و فرشتگان راگواه كردم)كفر،(فتاوی عالمگیری ج2ص 279، دار الفكر، بيروت)

ایک شخص نے کسی عورت سے بغیر گواہوں کے نکاح کیا اور اس نے یہ کہا کہ میں خدا تعالیٰ اور جناب رسول اللہ ﷺ کو گواہ بناتا ہوں یا اس نے یہ کہا کہ خدا تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کو گواہ بناتا ہوں تو ایسا شخص کافر ہو جائے گا۔

(۵) لو تزوج امراة بشهادة الله و رسوله لا يجوز النكاح و عن قاسم الصغار و هو كفر محض لانّه اعتقد انّ رسول الله ﷺ يعلم الغيب و هذا كفر،(مجمع الانهر شرح ملتقى الابحر ج1ص 472، دار الكتب العلميه، بيروت)

(۶) اگر کسے بدون شہود نکاح کرد وگفت کہ خدا و رسول خدا را گواہ کردم یا فرشتہ را گواہ کردم کافر شود،(مالابدّ منہ ص 146، میر محمد کتب خانہ۔کراچی)

اگر کسی نے بغیر گواہوں کے نکاح کیا اور کہا کہ اللہ و رسول یا فرشتوں کو گواہ بناتا ہوں تو کافر ہو جائے گا‘‘۔

موصوف اول تاویل کی پٹاری میں سے یہ نکال کر لائے کہ:

’’یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے اور علماء احناف ہی اس میں مختلف فیہ ہیں‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول، ص 188)

جواب: جب یہ اختلافی مسئلہ ہے تو اس کا مطلب ہے کہ علمائے احناف کا ایک گروہ اس علم غیب کے مسئلہ پر تکفیر کا قائل ہے تو 188 صفحات تک جو علامہ نقشبندی صاحب پر تو نے بکواس کی اور صفحات کے صفحات کالے کر دئے کہ ہائے ہماری تکفیر کر دی تو وہ ساری بکواس تو احناف پر لوٹ گئی وہ تکفیری تو احناف ہوئے۔

ایک طرف کہتے ہو: ''یہ جاہل سادات احناف کا نام لیتا ہے''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول ،ص179)اور اب مانتے ہو کہ ہاں سادات احناف بھی تکفیر کی طرف گئے تو علامہ نقشبندی صاحب ان کا نام لینے پر مجرم کیوں؟

موصوف کہتے ہیں کہ:

''علم غیب کا عقیدہ سنیوں کا اور حق پرستوں کا عقیدہ ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول ،ص174)

اور مان لیا کہ ایسے عقیدہ پر سادات احناف کے ایک گروہ کفر کا فتوی لگاتا ہے تو یہ عقیدہ حق کیسے ہوگیا؟

اس کے بعد موصوف نے صفحہ 189 تا196 پر مفتی احمد یار گجراتی اور دیگر رضاخانیوں کا تھوکا چاٹا کہ جی علامہ شامی اور دیگر فقہاء کہتے ہیں کہ ان فقہاء کا فتوی درست نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ وہ عرض اعمال کی وجہ سے ایسا کہہ رہا ہو اس لئے تکفیر درست نہیں۔

جواب: امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس بھونڈی تاویل کا جواب یوں دیا:

''عرض اعمال کی حدیث اپنی جگہ جید اور صحیح ہے جیسا کہ بقدر ضرورت اس کی بحث پہلے گذر چکی ہے لیکن جن لوگوں نے عرض اعمال کی حدیث کو آڑ بنا کر حضرات فقہاء کرام کی ان عبارات کی بے جا تاویل کی ہے۔ انہوں نے حضرات فقہاء کرام کی عبارت کی بے جا تاویل کی ہے اور تاویل بھی ایسی جس کا نہ ان عبارات سے تعلق اور نہ جوڑ بلکہ انہوں نے حضرات فقہاء کرامؒ کی عبارات پر مطلقا غور ہی نہیں کیا کیونکہ حضرات فقہاء کرامؒ تو یہ فرماتے

ہیں کہ وہ شخص اس لئے کافر ہے کہ:

لانہ یعتقد بان النبی ﷺ یعلم الغیب اذ لا شہادۃ لمن لا علم لہ اس شخص نے یہ عقیدہ قائم کرلیا ہے کہ آنحضرت ﷺ غیب جانتے ہیں کیونکہ جس کو علم نہ ہو وہ گواہ بھی نہیں بن سکتا۔

ملا جیون فرماتے ہیں انہ شرط للشہادۃ العلم (تفسیرات احمد یہ ص ۴۲۶) کہ شہادت کیلئے علم شرط ہے اور قائل خود بیچارہ چلا چلا کر یہ کہتا ہے:

تزوجت بشہادۃ اللہ و رسولہ کہ میں تیرے ساتھ خدا تعالی اور اس کے رسول کو حاضر سمجھ کر نکاح کرتا ہوں۔

اور حضرات فقہا کرامؒ اس عقیدہ اور نظریے کو یوں تعبیر کرتے ہیں کہ:

لو تزوج بشہادۃ اللہ و رسولہ اگر اس نے خدا تعالی اور اس کے رسول ﷺ کو گواہ بنا کر نکاح کیا۔

اور نیز وہ ببانگ دہل یہ کہتا ہے کہ خدائے را و رسول خدا را گواہ کردم کہ میں اس مجلسِ نکاح میں جناب رسول اللہ ﷺ کو حاضر تسلیم کرتا ہوں اور گواہ بناتا ہوں بالفاظ دیگر میں جناب رسول اللہ ﷺ کیلئے علم غیب ثابت کرتا ہوں کیونکہ جو حاضر نہ ہوا اس کو علم کہاں سے ہوگا؟ انعقاد نکاح کیلئے گواہوں کا مجلس میں حاضر ہونا شرعاً ضروری ہوتا ہے (شہادت علی التسامع کا یہ مسئلہ نہیں ہے اس کی ضروری بحث تبرید النواظر میں ملاحظہ کیجئے) اور تاویل کرنے والے حضرات یہ کہتے ہیں کہ شاید قائل کی یہ بات جناب رسول اللہ ﷺ پر پیش کی گئی ہو اور آپ کو اس کا علم ہوگیا ہو؟ کیونکہ اعمال آپ پر پیش کئے جاتے ہیں تو اس توجیہ القول بما لایرضی بہ قائلہ کو کون سنتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ ذمہ دار حضرات فقہا احنافؒ اس لایعنی اور بے کار توجیہ کو خاطر میں نہیں لاتے اور پوری ذمہ داری سے ایسے شخص کی تکفیر کرتے ہیں''۔

(ازالۃ الریب، ص 452،451)

بعض فقہاء کی یہ تاویل رضا خانیوں کو مفید نہیں کیونکہ بعض فقہاء کہہ رہے ہیں کہ عرض اعمال کے طور پر اگر ایسا کہا ہو تو تکفیر نہیں کی جائے گی۔ جبکہ رضا خانی تو حضور ﷺ کو عالم الغیب مانتے ہیں لہذا وہ ایسا علم غیب کی بنیاد پر ہی کہہ رہے ہیں تو ان پر یہ فتوی جوں کا توں رہے گا۔

ثالثاً رضا خانی نے پاک پیغمبر ﷺ کیلئے کلی جزئی کائنات وغیر کائنات کا علم محیط مان رہے ہیں جبکہ علامہ شامیؒ کی عبارت میں "یعرفون بعض الغیب" بعض غیوب کی معرفت انبیاء کو بطور اطلاع، انبا ہوتی ہے رضا خانی نے ترجمہ میں دجل وفریب کرتے ہوئے اسے "رسولوں کو بعض علم غیب ہے" کر دیا حالانکہ علم غیب اصطلاحی شے دیگر است اور بعض غیوب کی معرفت الگ چیز ہے۔ خود علامہ شامی کا علم غیب کے متعلق کیا عقیدہ ہے ملاحظہ ہو:

اِنَّ عِلْمَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ هُوَ بِاِعْلَامٍ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى لَهُمْ وَ عِلْمُنَا بِذَالِكَ هُوَ بِاِعْلَامِهِمْ لَنَا وَ هَذَا غَيْرُ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى الَّذِىْ تَفَرَّدَ بِهٖ وَهُوَ صِفَةٌ مِّنْ صِفَاتِهِ الْقَدِيْمَةِ الْاَزَلِيَّةِ الدَّائِمَةِ الْاَبَدِيَّةِ الْمُنَزَّهَةِ عَنِ التَّغَيُّرِ وَسِمَاتِ الْحُدُوْثِ وَالنَّقْصِ وَالْمُشَارَكَةِ وَالْاِنْقِسَامِ بَلْ هُوَ عِلْمٌ وَاحِدٌ عَلِمَ بِهَا جَمِيْعَ الْمَعْلُوْمَاتِ كُلِيَّاتِهَا وَ جُزْئِيَّتِهَا مَا كَانَ مِنْهَا وَمَا يَكُوْنُ لَيْسَ بِضَرُوْرِيٍّ وَّلَا كَسْبِيٍّ وَلَا حَادِثٍ بِخِلَافِ عِلْمِ سَائِرِ الْمَخْلُوْقِ اِذَا تَقَرَّرَ ذَالِكَ فَعِلْمُ اللّٰهِ الْمَذْكُورُ هُوَ الَّذِىْ يُمْدَحُ بِهٖ وَ اُخْبِرَ فِى الآيتين بِاَنَّهٗ لَا يُشَارِكُهٗ فِيْهِ اَحَدٌ فَلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اَحَدٌ اِلَّا هُوَ وَمَا سِوَاهُ اِنْ عَلِمُوْا جُزْئِيَّاتٍ مِنْهُ فَهُوَ بِاِعْلَامِهٖ وَاِطِّلَاعِهٖ لَهُمْ وَ حِيْنَئِذٍ لَا يُطْلَقُ اَنَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ اِذْ لَا صِفَةَ لَهُمْ يَقْتَدِرُوْنَ بِهَا عَلَى الْاِسْتِقْلَالِ بِعِلْمِهٖ وَ اَيْضًا هُمْ عَلِمُوْا وَاِنَّمَا عُلِّمُوْا

(مجموعۃ رسائل ابن عابدین ،سل الحسام الہندی لنصرۃ مولانا خالد النقشبندی ،ج2،

ص313)

بے شک انبیاء اور اولیاء کا علم انہیں خدا تعالی کے بتلانے سے ہوتا ہے اور ہمیں جو علم ہوتا ہے وہ انبیاء و اولیاء کے بتلانے سے ہوتا ہے اور یہ علم اس علم خداوندی سے مختلف ہے جس کے ساتھ صرف ذات باری تعالی متصف ہے خدا تعالی کا علم اس کی ان صفات قدیمہ ازلیہ دائمہ وابدیہ میں سے ایک صفت ہے جو تغیر اور علامات حدوث سے منزہ ہے اور کسی کی شرکت اور نقص انقسام سے بھی پاک ہے وہ علم واحد ہے جس سے خدا تعالی تمام معلومات کلیہ وجزئیہ ماضیہ ومستقبلہ کو جانتا ہے نہ وہ بدیہی ہے نہ نظری اور نہ حادث بخلاف تمام مخلوق کے علم کے کہ وہ بدیہی ونظری اور حادث ہے جب یہ بات ثابت ہوگئی تو خدا تعالی کا علم مذکور جس کے ساتھ وہ لائق ستائش ہے اور جس کی مذکورہ دو آیتوں میں خبر دی گئی ہے ایسا ہے کہ اس میں کوئی دوسرا شریک نہیں سو غیب صرف اللہ تعالی ہی جانتا ہے خدا تعالی کے علاوہ اگر بعض حضرات نے غیبی باتیں جانیں تو وہ خدا تعالی کے بتلانے اور اطلاع دینے سے جانیں۔

معلوم ہوا کہ علم غیب وہ ہے جو ذاتی ہو وہ مخلوق کو معلوم ہی نہیں ہوسکتا اور اللہ نے جو بعض غیوب انبیا اولیا کو دئے وہ علم غیب ہے ہی نہیں۔جب نہیں تو شامی خود مخلوق کیلئے علم غیب کے قائل کیسے ہوسکتے ہیں؟

آگے موصوف نے مولانا عارف سنبھلی کی عبارت اپنی آبادئی دجل و فریب کے تحت ادھوری نقل کی مکمل عبارت اس طرح ہے:

’’یہاں اس بات کا ذکر کردینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ علامہ ابن عابدین شامی نے ’’ردالمحتار،، میں فقہ کی بعض دوسری کتابوں کے حوالے سے نکاح والے اس مسئلہ میں دوسرا قول بھی نقل کیا ہے کہ ایسے شخص کو کافر نہ کہا جائے لیکن ساتھ ہی اس کی بنیاد یہ ذکر کی ہے کہ امت نے معاملات واعمال کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کی روح مبارک پر پیش کیا جانا بعض حدیثوں سے معلوم ہوا ہے اور یہ بھی ایک مسلمہ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کو بعض غیوب کو اطلاع دی جاتی ہے۔تو یہ امکان اور

احتمال ہے کہ اس شخص نے اسی بناء پر حضور ﷺ کو نکاح کا گواہ قرار دیا ہو تو اگر چہ یہ نکاح تو صحیح نہ ہوگا لیکن اس تاویل واحتمال کی گنجائش کی وجہ سے اس کو کافر نہ کہا جائے گا۔(یہ ان فقہاء کے کلام کا خلاصہ ہے جو تکفیر کے بارے میں اختلاف علامہ شامی سے نقل کیا ہے) لیکن اسی سے ظاہر ہے کہ ان فقہاء کو بھی اس بنیادی بات سے اختلاف نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم کے علم غیب کا عقیدہ موجب کفر ہے جیسا کہ ان کے کلام سے بالکل ظاہر ہے۔ ۱۲"

(بریلوی فتنہ کا نیا روپ،77)

سنبھلی صاحب واضح اقرار کررہے ہیں کہ جنہوں نے عرض اعمال کی تاویل کی ہے وہ محض ایک تاویل ہے علم غیب کے کفر ہونے کا ان کو بھی انکار نہیں۔

غرض بعض فقہاء کی تاویل توجیہ القول بمالایرضی بہ قائلہ کیونکہ خود فقہاء چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ تکفیر اس لئے کر رہے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو علم غیب وحاضر وناظر کی وجہ سے نکاح کی مجلس کی موجودگی کی بنا پر گواہوں میں شامل کر رہا ہے۔

ثانیا بعض فقہا علم غیب پر تکفیر سے منکر نہیں صرف ایک تاویل کر رہے ہیں لیکن چونکہ رضاخانی خود اقراری ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو ہر جگہ حاضر ناظر اور عالم الغیب اور کائنات وغیر کائنات کے ذرے ذرے کا علم غیب مانتے ہیں لہذا بعض فقہاء کی یہ تاویل انہیں کوئی فائدہ نہ دی گی اور عقیدہ کفریہ ہی رہے گا۔

آخری بات: چلیں بالفرض مان لیتے ہیں کہ اس فتوے سے کافر نہیں ہوگا کیونکہ احتمال ہے کہ حضور ﷺ پر عرض اعمال ہوتا ہو لیکن ملا علی قاری ؒ کے اس فتوے میں تو ایسی کوئی بات نہیں:

ذَكَرَ الْحَنْفية تصريحا بالتكفير باعتقاده ان النبى عليه الصلوة والسلام يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالى قل لا يعلم من فى السموت والارض الغيب الّا الله كذا فى المسايرة،

(شرح فقہ الاکبر ص:422،دار البشائر الاسلامیہ،بیروت)

حضرات فقہاء احناف نے صراحت کے ساتھ ایسا اعتقاد رکھنے والی کی تکفیر کی ہے جو نبی کریم ﷺ کیلئے علم غیب ثابت کرتا ہے اور اس کا عقیدہ رکھتا ہو کیونکہ یہ عقیدہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے سراسر منافی ہے کہ آپ فرمادیجئے کہ جو مخلوق آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ان میں کوئی بھی علم غیب نہیں جانتا ہاں صرف اللہ تعالیٰ ہی غیب کا علم رکھتے ہیں بس۔

یہاں تو کوئی ''تزویج وعرض اعمال'' نہیں، بلکہ تکفیر محض و محض اس بنا پر ہے کہ عقیدہ علم غیب چونکہ مخلوق کیلئے نصوص قطعیہ کے مخالف ہے اس لئے کافر۔تو فقہاء احناف کے کفر کا فتوی اب بھی اپنی جگہ برقرار ہے۔

آگے پھر ''مناظرے ومباحثے'' جیسی کتاب کا حوالہ دیا جو ہمارے لئے حجت نہیں۔

موصوف بکواس کرتے ہیں:

''وہابیت کو ادھر بھی رخ کرنا چاہئے اور علامہ عالم ابن ءعلا الحنفی کو بھی حنفیت سے خارج کرکے بدعت، بدعتی، کفر، کافر، شرک، مشرک، جیسے الفاظ کے تمغے دینے چاہئے یا صرف اہلسنت ہی ان خبثاء زمانہ کو ملے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی، جلد اول،ص192)

آپ نے بالکل درست کہا کہ ہمیں ان فتوں کیلئے ''خبثاء زمانہ رضاخانی'' ہی ملے ہیں۔ باقی جب تو خود اقرار کرچکا ہے کہ یہ مسئلہ احناف میں مختلف فیہ ہے یعنی احناف کا ایک گروہ اس مسئلہ پر ''بدعت، بدعتی، کافر، شرک، مشرک'' کے فتوے لگاتا ہے تو اپنا یہ مطالبہ ان احناف سے کر نہ کہ ہم سے۔ یاد رہے کہ علامہ ابن علاؒ علم غیب کو عین اسلام اور ضروریات دین نہیں کہہ رہے ہیں بلکہ وہ تو کہہ رہے ہیں کہ اگر کوئی علم غیب نہیں بلکہ عرض اعمال کا قائل ہو تو کافر نہیں اور رضاخانی چونکہ علم غیب کلی محیط کے قائل ہیں لہذا ابن علا حنفیؒ کے ہاں بھی مشرک کافر ہوئے۔

علامہ صاحب نے قاضی خانؒ کی عبارت پیش کی تھی:

(۴) رجل تزوج امراۃ بغیر شھود فقال الرجل والمراۃ (خدائے را و پیغامبر راہ گواہ کردیم) قالوا یکون کفرا لانّہ اعتقد انّ رسول اللہ ﷺ یعلم الغیب و ھو ما کان یعلم الغیب حین کان فی الاحیآء فکیف بعد الموت؟ (فتاویٰ قاضی خان ج3ص428، دار الفکر، بیروت)

ایک شخص نے بغیر گواہوں کے ایک عورت سے نکاح کیا اور بوقتِ نکاح عورت کو یوں کہا کہ ہم خدا تعالیٰ اور اس کے پیغمبر جناب رسول اللہ ﷺ کو گواہ بناتے ہیں حضرات (سادات) فقہاء کرام نے فرمایا کہ اس شخص کا یہ کہنا کفر ہے، کیونکہ اس نے یہ اعتقاد کرلیا ہے کہ آنحضرت ﷺ علم غیب جانتے ہیں حالانکہ آپ زندگی میں علم غیب نہیں جانتے تھے تو وفات کے بعد بھلا غیب کیسے جانتے ہیں؟

اس کے موصوف نے دو جواب دئے:

(۱) اس سے مراد علم غیب ذاتی ہے۔(۲) قالوا ضعف کیلئے آتا ہے اور اس مسئلہ کو قالوا سے قاضی خان نے تعبیر کیا ہے۔ باقی 196 تا 200 گالیاں و بکواسات۔

یہ بھی موصوف نے تھوکا چاٹا ہے امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے علم غیب ذاتی کی تاویل کا جواب ''ازالۃ الریب، ص452 تا 454'' پر دے دیا ہے وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

قالوا ضعف کیلئے آتا ہے اس کا جواب امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ''ازالۃ الریب، ص447 و 448'' پر ملاحظہ فرمالیں۔

آگے صفحہ 200 و 201 پر نقل کرتے ہیں کہ علامہ انور شاہ کاشمیریؒ و تقویۃ الایمان کے مقدمہ کے بقول فقہائے نے علم غیب ذاتی والے کی تکفیر کی ہے۔ بالکل! ہمیں اس سے قطعاً کوئی انکار نہیں اور رضاخانی بھی حضور ﷺ کیلئے علم غیب ذاتی مانتے ہیں ما قبل میں تفصیل گزر چکی ہے لہٰذا یہ حوالے ہمارے خلاف نہیں۔

صفحہ 201و202 پر ایسے صاحب کی عبارت نقل کی جو ہمارے لئے حجت نہیں۔
علامہ ساجد خان نقشبندی صاحب نے امام اعظم کا فتوی نقل کیا تھا کہ:
علامہ نسفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

رای المنصور فی منامه صورة ملک المو ت و سأله عن مدة عمره فاشار باصابعه الخمس فعبّرها المعبرون بخمس سنوات و بخمس اشهر و بخمسة ايّا م فقال ابو حنيفة هو اشارة الى هذه الآية فان العلوم الخمس لا يعلمها الا الله،
(تفسیر مدارک ج3ص723، قدیمی کتب خانہ، کراچی)

خلیفہ منصور نے خواب میں ملک الموت کو دیکھا تو ان سے اپنی عمر کے متعلق دریافت کیا کہ میں مزید کتنا عرصہ زندہ رہوں گا؟ تو ملک الموت نے اپنی پانچ انگلیوں سے اشارہ کیا تو تعبیر بتانے والوں میں سے کسی نے بتایا کہ آپ مزید پانچ سال حیات رہیں گے، کسی نے پانچ ماہ، کسی نے پانچ دن کی تعبیر بتائی۔ خلیفہ نے یہی خواب امام اعظمؒ کے سامنے رکھا کہ اس کی تعبیر کیا ہے؟ تو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا کہ پانچ انگلیوں سے اشارہ سورہ لقمان کی ان آخری پانچ آیات (ان اللہ عندہ علم الساعۃ....الآیہ) کی طرف ہے بلا شبہ ان پانچ چیزوں کا علم سوائے خدا کے کسی کو نہیں۔

موصوف اس کی تاویل کرتے ہیں کہ اس مراد یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کا علم ذاتی طور پر نہیں، عطائی کی نفی نہیں۔ (ملخصا حنفیت کے باغی دیوبندی، جلد اول، ص203)

علامہ نقشبندی صاحب اس پرانی پھکی کا جواب یوں دیتے ہیں:

بدعتی تاویل: اس میں نفی علم غیب ذاتی کی ہے عطائی کی نہیں۔

جواب: یہ تاویل نری دفع الوقتی ہے اول تو اس لئے کہ یہ بطور مفہوم مخالف کے کہا جا رہا ہے اور احناف کے ہاں قرآن کی آیات میں مفہوم مخالف معتبر نہیں۔ ثانیا چلو آپ قرآن کی وہ آیت پیش کرو جس میں ہو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطائی طور پر بھی قیامت کا علم دے دیا گیا تھا۔ نیز ہم نے ان آیات کی تفسیر میں صحابہ تابعین و مفسرین سے جو اقوال نقل کئے اس میں صاف

طور پر ''لم یطلع''، ''لا اظہر'' کے الفاظ منقول ہیں جو اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ان آیات میں جس علم کی نفی کی جارہی ہے وہ نفی ذاتی علم کی نہیں بلکہ عطائی علم غیب کی ہے۔

پھر کفار مکہ کا آپ کے متعلق قطعاً یہ عقیدہ نہ تھا کہ آپ ﷺ ذاتی علم غیب رکھتے ہیں بلکہ ان کا آپ سے اس قسم کے سوالات کرنا اس بنیاد پر تھا کہ اے محمد (ﷺ) آپ کے پاس جو غیب کی خبریں ہیں اور آپ جو کہتے ہیں کہ مجھے میرے رب کی طرف سے غیوب کی بہت سی خبریں دی جاتی ہیں تو ہمیں بتائیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟۔ چنانچہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اِعْلَمْ اَنَّ الْقَوْمَ لَمَّا طَالَبُوْهُ بِالْاِخْبَارِ عَنِ الْغُيُوْبِ

(تفسیر کبیر، ج5، ص425)

یہی بات علامہ خازن نے بھی تفسیر خازن، ج2، ص323 پر بھی فرمائی ہے۔

بدعتی حکیم الامت مفتی احمد یار گجراتی صاحب لکھتے ہیں:

''عرض کیا گیا جب بندے کی اپنی ہستی بھی ذاتی نہیں تو اس کی کوئی صفت کیسے ذاتی ہوسکتی ہے صفات تو مبنی ہیں ذات پر''۔

(تفسیر نعیمی، ج9، ص384)

لہذا یہ تاویل ہی عبث ہے کہ ذاتی کی نفی ہے جب ذاتی کا کوئی قائل ہی نہیں تو تردید و نفی کیسے؟

یہی بات علامہ آلوسی حنفی رحمہ اللہ نے بھی فرمائی ہے:

إنَّ عِلْمَ الغَيْبِ المَنفِيّ عَنْ غَيْرِهِ جَلَّ وعَلا هو ما كانَ لِلشَّخْصِ لِذاتِهِ أيْ بِلا واسِطَةٍ فى ثُبُوتِهِ لَهُ، وهَذا مِمّا لا يُعْقَلُ لِأحَدٍ مِن أهْلِ السَّماواتِ والأرْضِ لِمَكانِ الإمْكانِ فِيهِمْ ذاتًا وصِفَةً وهو يَأْبى ثُبُوتَ شَيْءٍ لَهم بِلا واسِطَةٍ

(روح المعانی، ج10،ص222)

(دروس مناظرہ،ص305،306)

بقول مفتی احمد یار جب بندہ کی اپنی ذات ذاتی نہیں تو کوئی صفت ذاتی کیسے ہوسکتی ہے؟ جب نہیں ہوسکتی تو اس کی نفی کرنے کی کیا ضرورت؟ پھر علامہ آلوسیؒ نے بھی وضاحت کی ہے کہ مخلوق سے علم غیب کی نفی کو ذاتی علم غیب پر محمول کرنا یہ ایسی بچکانہ بات ہے کہ کوئی عقل منداس کا قائل نہیں ہوسکتا جب بندہ ذاتا وصفۃ دونوں اعتبار سے ممکن ہے ذاتی نہیں تو کسی ذاتی بلاواسطہ شے کی نفی کا ان سے کیا مطلب؟

تو یہ احمق انسان! تو معاذاللہ امام صاحبؒ کی طرح عقل سے بعید بات کرنے کی نسبت کررہاہے۔

ہم تجھے چیلنج دیتے ہیں کہ امام صاحب سے ثابت کرکہ وہ ان علوم خمسہ کو عطائی طور پر پاک پیغمبر ﷺ کیلئے مانتے تھے۔

موصوف نے اس کے بعد مفتی احمد یار گجراتی سے سرقہ کرتے ہوئے لکھا کہ عینیؒ وقاریؒ نے کہا کہ اگران میں سے کسی چیز کا دعوی حضور ﷺ کی طرف کئے بغیر کیا تو کاذب ہوگا۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص203)

اس کا جواب امام اہلسنت ''ازالۃ الریب،ص346،347'' پر دے چکے ہیں۔

صفحہ 204 پر ملا جیونؒ کا جوحوالہ دیا اس کا جواب ''ازالۃ الریب،ص227تا229'' ملاحظہ فرمائیں۔مزید عبارات اور جزئی طور پر مافی الارحام وغد کے علم پر جوحوالے دئے اور صفحہ 210 تک جوبکواس کی اس کی تفصیل کیلئے حضرت علامہ ساجد نقشبندی صاحب حفظہ للہ کی ''دروس مناظرہ،ص273تا288'' ملاحظہ فرمائیں۔

اس کے بعد موصوف نے صفحہ 211تا216 تیسری دفعہ علمائے دیوبند کی ان ہی عبارات کو پیش کردیا جو اس سے پہلے بھی دو دفعہ پیش کرچکا ہے اور ہم شروع ہی میں ان عبارات کی وضاحت کرچکے ہیں۔اس کے بعد صفحہ 216تا220 علمائے دیوبند کے یہ

حوالے نقل کئے کہ وہ علم غیب کے عقیدہ کو کفر کہتے ہیں جس سے ہم اتفاق کرتے ہیں لیکن وہ ہمارے ان علمائے پر منطبق نہیں ہوتے جس پر موصوف کرنا چاہتے ہیں وضاحت ہم نے شروع میں کر دی ہے۔

خلاصہ کلام : آپ نے دیکھا کہ الحمدللہ موصوف نے ان 220 صفحات میں ہر گندی سی گندی غلیظ سے غلیظ گالی تو علامہ نقشبندی صاحب کو دی لیکن علامہ صاحب کے اس چیلنج کو توڑ نہ سکا:

''ہم یہاں امام اہل السنۃ محدّث اعظم پاکستان حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۴۳۰ھ سنہ) کے اس چیلنج و مطالبے کو دہراتے ہیں جو آج سے کئی سال پہلے انہوں نے کیا اور الحمدللہ آج تک اس مطالبے کو کوئی پورا نہیں کر سکا اور ان شاء اللہ تا قیامت کوئی مائی کالال اس کو پورا نہیں کر سکتا دیدہ باید:

''ہم فریق مخالف سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کم از کم دو حوالے صرف حضرات فقہاء احناف کے اس مسئلہ پر پیش کر دے کہ جو شخص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے علم غیب کلی نہیں مانتا اور اس کا عقیدہ نہیں رکھتا تو وہ کافر ہے کیا ہے کوئی مردِ میدان......فَهَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ؟''

(رضا خانیت بمقابلہ حنفیت، ص 21)

ہماری طرف سے ایک اور چیلنج

جناب لکھتے ہیں:

''اس کے آبا نے جو گستاخیاں کی ہیں ان کو سادات احناف سے بعینہ بلفظ ثابت کر دیتا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 21)

اب موصوف نے اپنا عقیدہ کتاب کے شروع میں یوں ذکر کیا:

''زمین وآسمان کا ہر ذرہ ہر نبی کے پیش نظر ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص130۔131)

ہم چیلنج دیتے ہیں کہ فقہ حنفی کی دو معتبر فقہ کی کتب سے بعینہ بلفظہ یہ عقیدہ اپنا علم غیب کا ثابت کردے ہم اس کا مسلک قبول کرنے کو تیار ہیں ۔مگر یہ کسی گٹر میں ڈوب کر احمد رضاخان کے منہ کی طرح ایک نیا گٹر نامہ تو لکھ ڈالے گا مگر چیلنج پورا نہیں کرپائے گا۔دیدہ باید۔

موصوف کے دین میں شیاطین کو بھی علم غیب ہے علامہ صاحب کی ''دروس مناظرہ'' میں تفصیل موجود ہے اس کا ثبوت بھی موصوف نے احناف سے دینا ہے۔

دوسرا مسئلہ

حاضروناظر

اپنے عقیدہ کے اظہار میں دھوکا

رضاخانیوں نے روافض ومماتیوں کی طرح سادہ لوح عوام کو دھوکا دینے کی کوشش کرتے ہوئے حاضر و ناظر کے عقیدہ کے بارے میں بھی جھوٹ سے کام لیا اور اپنا عقیدہ یوں لکھوایا:

''حاضر و ناظر کے بارے میں اہلسنت کا عقیدہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے جسم اقدس کے ساتھ روضہ مبارک میں تشریف فرما ہیں اور تمام کائنات آپ کے سامنے حاضر ہے جسے آپ ملاحظہ فرمارہے ہیں آپ جب چاہیں جہاں چاہیں تشریف لے جاسکتے ہیں اگر آن واحدہ میں امکنہ متعددہ پر تشریف لے جانا چاہیں تو ممکن ہے۔ساتھ ہی ساتھ یہ بات ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ ہمارا یہ دعوی ہر گز نہیں ہے کہ حضور اکرم، نبی مکرم ﷺ کا ظاہری جسم اقدس ہر ہر جگہ موجود ہے البتہ حضور اکرم ﷺ بیک وقت ایک سے زاید مقامات پر جلوہ فرما ہوسکتے ہیں۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص222)

موصوف آگے اپنے موروثی بے شرمی کا اظہار کرتے ہوئے یوں اتراتے ہیں:

''وہابیہ اسمعیلیہ احمدیہ ہمارے عقیدے کو بار بار پڑھیں اور اس کو اپنی عقل میں بٹھالیں پھر کوئی دعوی کرکے اسی کے مطابق دلائل بھی لائیں وہابی ہمارے عقیدہ کو نہ پڑھتے ہیں اور نہ ہی سمجھتے ہیں بس فضول قسم کے دعوے کرتے کرکے اس پر لایعنی قسم کے دلائل بیان کرکے اپنی آدھی پاگل وہابی قوم کو مزید پاگل بنانے کی کوشش کرتے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص223)

الحمدللہ! اکابر دیوبند نے تمہارے عقیدہ کو پڑھا بھی ہے اور سمجھا بھی ہے علامہ ساجد خان صاحب نقشبندی کے ''دروس مناظرہ'' صفحہ 439 سے لیکر 462 تک تمہارے 22 متضاد عقیدہ حاضر و ناظر کے متعلق نقل کئے اور اس پر بحث کی اور تم نے جس عقیدہ کو نقل کیا اور پھر اس پر بڑے اتراتے ہوئے شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت پیش کی اس پر دروس مناظرہ میں ''ص 463'' سے ''عرض اعمال سے حاضر و ناظر پر استدلال'' کے عنوان سے بحث

شروع کی اور صفحہ 477" تک رضاخانیت کا جنازہ نکالا ہے لیکن جن بے شرموں کے ہاں بچپن میں بغیر شلوار گھومنے والا رنڈیوں کے سامنے "اعلیٰ حضرت" دکھانے والے بے حیائی کو "تقوے کی معراج" سمجھا جائے انہیں شرم وحیاء کا واسطہ دینا خود حیاء کا منہ چڑانا ہے۔

سردست رضاخانی نے جو عقیدہ لکھوایا ہے اس پر چند تنقیحات مطلوب ہیں۔

تنقیح نمبر ۱:

موصوف نے جو کہا:

ہمارا یہ دعویٰ ہرگز نہیں ہے کہ حضور اکرم، نبی مکرم ﷺ کا ظاہری جسم اقدس ہر ہر جگہ موجود ہے البتہ حضور اکرم ﷺ بیک وقت ایک سے زاید مقامات پر جلوہ فرما ہو سکتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ آپ کے پاس اس کی کیا دلیل ہے اور کونسی دلیل قطعی ہے کہ ظاہری جسم اقدس ہر جگہ نہیں؟

تنقیح نمبر ۲: اگلے ہی صفحہ پر اپنے عقیدہ پر چار حرف

موصوف نے جو عقیدہ لکھوایا اس سے صاف واضح ہے کہ حاضر وناظر کا تعلق حضور ﷺ کے جسم سے ہے کیونکہ قبر اقدس میں جسم مطہر موجود ہے جب چاہیں جہاں تشریف لے جائیں اس کا تعلق بھی جسم اطہر ﷺ ہی کے ساتھ ہے مگر اگلے ہی صفحہ پر اپنے اس عقیدہ پر اپنے ہی مولوی عبدالحکیم شرف قادری کے ہاتھوں یوں لعنت بھجواتے ہیں:

"بے شک حاضر وناظر کے نظریہ کا تعلق سرکار دوعالم ﷺ کے جسم کے ساتھ نہیں اور نہ ہی آپ کی بشریت کے ساتھ ہے بلکہ اس نظریہ کا تعلق آپ ﷺ کی نورانیت اور روحانیت کے ساتھ ہے"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول، ص224)

معلوم ہوا کہ قبر اطہر میں موجود حضور ﷺ کے ساتھ نہ تو عقیدہ حاضر وناظر کا کوئی تعلق ہے اور نہ قبر اطہر میں موجود جسم اقدس کئی امکنہ میں جا سکتا ہے کیونکہ اس کا تعلق عقیدہ حاضر وناظر

کے ساتھ ہے ہی نہیں ’’ہاں آپ کی کوئی روحانیت ونورانیت‘‘ ہے جس کے ساتھ اس عقیدہ حاضر وناظر کا تعلق ہے۔

رضا خانیوں کو کھلا چیلنج

اب ہم رضا خانیوں کو کھلا چیلنج دیتے ہیں کہ سادات احناف سے کوئی ایک حوالہ پیش کرو جس میں ہو کہ قبر انور میں موجود آپ ﷺ کے جسم اطہر ﷺ اور آپ ﷺ کی بشریت یعنی انسانیت کے ساتھ عقیدہ حاضر وناظر کا کوئی تعلق نہیں بلکہ اس کا تعلق آپ ﷺ کی روحانیت سے ہے۔ دیدہ باید۔

تنقیح نمبر ۳:

مولانا عبد الحکیم شرف قادری جو کہہ رہا ہے کہ حاضر وناظر کا تعلق آپ ﷺ کی روحانیت ونورانیت سے ہے سادات احناف کے اقوال کی روشنی میں واضح کیا جائے کہ یہاں ’’نورانیت وروحانیت‘‘ سے کیا مراد ہے؟

تنقیح نمبر ۴:

پوری پاپائے رضا خانیت کو کھلا چیلنج ہے کہ سادات احناف کا کوئی ایک حوالہ پیش کرے جس میں ہو کہ عقیدہ حاضر وناظر کا تعلق آپ ﷺ کی بشریت یا جسم اطہر سے نہیں بلکہ روحانیت ونورانیت سے ہے۔ جیسا کہ شرف قادری کا عقیدہ ہے۔

تنقیح نمبر ۵:

یاد رہے کہ بشریت نام ہے ذات کا اور نورانیت وروحانیت نام ہے صفات کا گویا عقیدہ حاضر وناظر کا تعلق حضور ﷺ کی ذات سے نہیں صفات سے ہے تو اب جو عقیدہ حاضر وناظر کو حضور ﷺ کی ذات سے متعلق مانتے ہیں جیسے مظفر حسین شاہ اور اسمعیلی رضا خانی ابو فاجر رضوی

ان کا حکم شرعی واضح کیا جائے۔ کیونکہ ذات کا حمل صفت پر جائز نہیں۔

تنقیح نمبر ٦:

موصوف نے جو یہ کہا کہ جہاں آپ چاہیں جا سکتے ہیں آن واحد میں امکنہ متعددہ پر حاضر ہو سکتے ہیں سوال یہ ہے کہ آپ کا یہ حضور بشریت و ذات کا ہے یا روحانیت و نورانیت کا ہے بہر دو صورت اس پر دلیل کیا ہے؟

یاد رہے کہ ہم ''امکان'' کی بات نہیں کر رہے ہیں بلکہ ''وقوع'' کی کیونکہ امکان تو یہ بھی ہے کہ اعلیٰ حضرت احمد رضا خان فاضل بریلوی ''خنزیر'' ہوں لیکن ظاہر ہے وقوع میں ایسا نہیں۔

رضا خانی جسم کے ساتھ ہر جگہ حضور ﷺ کو حاضر و ناظر مانتے ہیں

رضا خانی نے موروثی دجل و فریب کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ:

''ہمارا یہ دعوی ہر گز نہیں ہے کہ حضور اکرم نبی مکرم ﷺ کا ظاہری جسم اقدس ہر ہر جگہ موجود ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص 222)

علامہ ساجد خان نقشبندی صاحب اس دھوکے کا رد یوں فرماتے ہیں:

''بدعتی نبی اکرم ﷺ کو جسم کے ساتھ حاضر و ناظر مانتے ہیں

مولانا احمد رضا خان صاحب لکھتے ہیں:

''حضور اولیاء ایک وقت میں چند جگہ حاضر ہونے کی قوت رکھتے ہیں۔

ارشاد: اگر وہ چاہیں تو ایک وقت میں دس ہزار شہروں میں دس ہزار جگہ کی دعوت قبول کر سکتے ہیں ......امثال اگر ہوں گے تو جسم کے انکی روح پاک ان تمام اجسام سے متعلق ہو کر تصرف فرمائے گی تو از روئے روح و حقیقت وہی ایک ذات ہر جگہ موجود ہے۔ یہ بھی فہم ظاہر میں ورنہ سبع سنابل شریف میں حضرت سیدی فتح محمد قدس سرہ الشریف کا وقت واحد میں دس مجلسوں میں تشریف لے جانا تحریر فرمایا اور یہ

کہ اس پر کسی نے عرض کی کہ حضرت نے وقت واحد میں دس جگہ تشریف لے جانے کا وعدہ فرمالیا یہ کیونکر ہوسکے گا شیخ نے فرمایا کہ کرشن کنہا کافر تھا اور ایک وقت میں کئی سو جگہ موجود ہوگیا فتح محمد اگر چند جگہ ایک وقت میں ہو کیا تعجب ہے یہ ذکر فرمایا کیا یہ گمان کرتے ہو کہ **شیخ ایک جگہ موجود تھے باقی جگہ مثالیں حاشا بلکہ شیخ بذات خود ہر جگہ موجود تھے**''۔

(ملفوظات، حصہ اول، ص 114,113)

خط کشیدہ الفاظ اس بات کی صراحت ہے کہ فاضل بریلوی جسم مثالی یا روح کو ہر جگہ حاضر و ناظر نہیں مانتے بلکہ اسی دنیاوی حقیقی جسم کو ہر جگہ حاضر و ناظر مانتے ہیں ۔اب یہاں رضاخانیوں کا اصول فٹ کریں جو کہتے ہیں کہ دیکھو شیطان کو جب علم غیب ہوسکتا ہے شیطان جب حاضر و ناظر ہوسکتا ہے تو حضور ﷺ کیوں نہیں؟ معاذ اللہ تو جب ایک ولی کا حاضر و ناظر ہونا اسی جسم کے ساتھ ہے تو نبی اکرم ﷺ کا بدرجہ اولی جسم کے ساتھ ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا لازم آیا۔ماقبل میں فیض احمد اویسی کی کشکول اویسی کے حوالے سے اس کی صراحت بھی ہو چکی ہے ۔نیز رضاخانی اللہ تعالی کو حاضر و ناظر ماننا بے دینی کہتے ہیں اس کی وجہ وہ لکھتے ہیں:

''وجہ یہ ہے کہ حاضر وہ ہے جو مکان میں ہو اور ناظر وہ ہے کہ جو آنکھ کی پتلی سے دیکھے اس معنی پر اللہ تعالی کیلئے ماننا یہ کفر صریح ہے کیونکہ اللہ تعالی مکانیت اور جسمانیت سے پاک ہے''۔

(ندائے یارسول اللہ، ص 36,35، مکتبہ اویسیہ بہاولپور)

نبیرہ اعلیٰ حضرت مولوی مفتی اختر رضا خان ازہری صاحب اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر کہنے سے متعلق لکھتے ہیں:

''جس طرح اللہ تعالیٰ کی صفت میں کسی کو شریک ماننا شرک ہے اسی طرح مخلوق کی صفت میں اللہ کی شرکت ماننا کفر ہے بحمدہ تعالیٰ ہم نے ثابت کر دیا ہے کہ

حاضر و ناظر کے معانی حقیقۃ اللہ کے شان نہیں ۔اس لیے کہ وہ تمام معانی لوازم اجسام ہیں"۔

(انواررضا،ص113)

معلوم ہوا کہ جسمانیت حاضر و ناظر کیلئے ضروری ہے اور حاضر و ناظر کے تمام معانی جسم کے لوازم میں سے ہیں لہذا یہ محض فریب ہے کہ ہم حضور ﷺ کو جسم کے ساتھ ہر جگہ حاضر و ناظر نہیں مانتے بلکہ رضاخانیوں کا یہی عقیدہ ہے مگر چونکہ یہ تقیہ میں رافضیوں سے بھی دو ہاتھ آگے ہیں لہذا موقع و مقام کی مناسبت سے اپنا عقیدہ تبدیل کرنے، چھپانے میں ذرا بھی شرم محسوس نہیں کرتے"۔

(دروس مناظرہ،ص 461و462)

رضاخانیوں میں غیرت ہوتی تو اس کارد کرتے اور پھر بکواس میں صفحات کے صفحات سیاہ کرتے۔

تنقیح نمبر ۷: حاضر و ناظر اور علم غیب ایک ہی ہے

موصوف نے صفحہ 224 و 225 پر امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے پیش کئے کہ علم غیب و حاضر و ناظر ایک ہی چیز ہے۔مگر نہ جانے کیوں اس پر ناراض ہوئے اور فرید ہزاروی کے حوالے سے دو سطر بکواس کو ضروری سمجھا حالانکہ امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جو بات کہی ہے وہی بات رضاخانیوں نے بھی کہی ہے۔ملاحظہ ہو:

"اگرچہ اس پر ماقبل میں تفصیل سے کلام ہو چکا ہے لیکن ایک صریح حوالہ بھی ملاحظہ ہو:

"حاضر و ناظر کا عقیدہ و نظریہ بھی اسی علم غیب کا ہی شعبہ اور حصہ ہے"

(گلشن توحید و رسالت، جلد دوم،ص 366)

(بحوالہ دروس مناظرہ،ص 485)

مظہر ابلیس حشمت رضوی لکھتا ہے:

''خلیفہ اعظم ﷺ کو حاضر و ناظر بنایا اس کے معنی یہ بھی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کو جو علم عظیم و وسیع ان کے رب علیم جل جلالہ نے عطا فرمایا وہ جملہ کائنات و حادثات و مخلوقات کو محیط ہے''۔(فتاوی حشمتیہ ،ص 84)

فیض احمد اویسی نے بھی شرح حدائق بخشش جلد دوم ص 428 میں علم غیب کلی اور حاضر و ناظر کو ایک ہی بنایا ہے۔

معلوم ہوا کہ آپ کے ہاں علم غیب و حاضر و ناظر ایک ہی چیز ہے مزید تفصیل کیلئے علامہ نقشبندی صاحب کی ''دروس مناظرہ'' ملاحظہ ہو اب آپ ہی کی زبانی:

''ہم نے مسئلہ علم غیب پر بحث کر کے ثابت کر دیا ہے کہ سادات احناف علم غیب کے قائل تھے اور یہ عقیدہ کفریہ نہیں ہے ۔۔۔اب حاضر و ناظر بھی وہی ہے تو یہ عقیدہ بھی سادات احناف کا ہوا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول ،ص 225)

تو جب علم غیب و حاضر و ناظر آپ کے ہاں ایک ہی ہیں اور علامہ صاحب نے اپنی کتاب اور ہم نے اس کتاب کی جلد اول میں ثابت کر دیا کہ سادات احناف علم غیب کے کفر کے قائل ہیں تو لامحالہ وہ لوگ حاضر و ناظر نبی کریم ﷺ کیلئے بطور عقیدہ کے بھی کفر کے قائل ہوں گے اور اس کفریہ عقیدہ سے بھی بیزار ہوں گے ۔لہذا اب اس پر مزید بحث کی حاجت نہیں۔

تنقیح نمبر ۸:

رضاخانی نے اپنی کتاب کے صفحہ 223 و 224 پر مفتی احمد یار گجراتی رضاخانی و احمد سعید کاظمی رضاخانی سے عقیدہ حاضر و ناظر پیش کرنے کی کوشش کی حالانکہ یہ دونوں تو اس باب میں ایک دوسرے پر لعنت بھیج رہے ہیں چنانچہ علامہ نقشبندی صاحب لکھتے ہیں:

''مفتی احمد یار گجراتی صاحب لکھتے ہیں:

''عالم میں حاضر ناظر کے شرعی معنی یہ ہیں کہ قوت قدسیہ والا ایک ہی جگہ رہ کر تمام عالم کو اپنے کف دست کی طرح دیکھے اور دور و قریب کی آوازیں سننے یا ایک آن میں

تمام عالم کی سیر کرنے اور صدہا کوس پر حاجتمند کی حاجت روائی کرے"۔

(جاءالحق،ص 145)

اس میں حاضر و ناظر، کلی علم غیب اور حاجت روائی تمام کو حاضر ناظر کے مفہوم میں داخل کر دیا گیا ہے۔البتہ اس عقیدے میں ذات کو صرف ایک جگہ مانا گیا ہے ہر جگہ ہر وقت اس کی موجودگی کا انکار کیا گیا ہے۔مفتی صاحب کی اس عبارت کا سر دست رد ہم خود انہی کے مذہب کے غزالی احمد سعید کاظمی صاحب سے کر دیتے ہیں:

"بعض حضرات نے فرط عقیدت کی بنا پر تصرفات استمداد اور علم غیب تینوں مسئلوں کو حاضر و ناظر کے مفہوم میں شامل کر دیا ہے اور اس طرح حاضر و ناظر کا مسئلہ مختلف فیہ مسائل کا ایک معجون مرکب بن کر رہ گیا ہے اور اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ بحث ومناظرہ کے وقت مدعی و مجیب کے لئے بیان دعوی میں مشکلات پیش آئیں۔۔۔۔لیکن یہ تینوں مسئلے الگ الگ مستقل حیثیت رکھتے ہیں حاضر و ناظر کے مفہوم میں داخل نہیں"۔

(تسکین الخواطر،ص 19)

اس کا مطلب ہے کہ عقیدہ حاضر ناظر کا یہ مطلب نہیں کہ حضور ﷺ عالم الغیب بھی ہیں اور حضور ﷺ حاجت روائی بھی کر سکتے ہیں یہ دونوں عقیدے اس مفہوم میں داخل نہیں بلکہ اس کا کچھ اور مطلب ہے"۔

(دروس مناظرہ،ص 448)

لیجئے احمد سعید کاظمی کے بقول احمد یار گجراتی نے جو عقیدہ پیش کیا وہ معجون مرکب ہے۔مگر رضاخانی ایسے بے شرم کہ اسی معجون مرکب کو اپنا عقیدہ بنا کر الٹا ہمیں کوس رہے ہیں کہ تم ہمارا عقیدہ نہیں پڑھتے۔

تنقیح نمبر ۹:

رضاخانی نے صفحہ نمبر 224 پر احمد سعید کاظمی کا نام تو لیا مگر اس باب میں اس کا عقیدہ پیش

نہیں کیا کیونکہ احمد سعید کاظمی کا عقیدہ اس کے بالکل متضاد ہے جو اس رضاخانی نے لکھوایا کیونکہ رضاخانی تو حاضر و ناظر میں اپنا عقیدہ یہ لکھوا رہا ہے کہ حضور اقدس ﷺ قبر سے تمام کائنات کو ملاحظہ فرمارہے ہیں یا مختلف مقامات پر جاسکتے ہیں لیکن احمد سعید کاظمی کہتا ہے کہ:

''مولانا احمد سعید کاظمی صاحب لکھتے ہیں:

''حضور ﷺ کیلئے جو لفظ حاضر و ناظر بولا جاتا ہے اس کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ نبی کریم ﷺ کی بشریت مطہرہ ہر جگہ پر ہر ایک کے سامنے موجود ہے بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ جس طرح روح اپنے بدن کے ہر جز میں موجود ہوتی ہے اسی طرح روح دو عالم ﷺ کی حقیقت منورہ ذرات ِعالم کے ہر ذرے میں جاری و ساری ہے جس کی بناء پر حضور ﷺ اپنی روحانیت اور نورانیت کے ساتھ بیک وقت متعدد مقامات پر تشریف فرما ہوتے ہیں''۔

(تسکین الخواطر،ص 20)

گویا کاظمی صاحب کے نزدیک نہ تو نبی کریم ﷺ جسم مبارک کے ساتھ ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں۔

(۲) نہ تو آپ ﷺ کی روح ہر جگہ حاضر و ناظر ہے۔

(۳) نہ تو اپنی قبر مبارک سے تمام جہاں کو دست اقدس سے ملاحظہ فرمارہے ہیں اس معنی میں حاضر و ناظر ہیں۔

بلکہ ان کے نزدیک روح محمدی ﷺ کی حقیقت عالم کے تمام ذرات میں جاری و ساری ہے اور آپ ﷺ اپنی روحانیت و نورانیت کے اعتبار سے حاضر ناظر ہیں یعنی نبی کریم ﷺ کی ذات ہر جگہ حاضر و ناظر نہیں بلکہ ان کی صفت نورانیت حاضر ناظر ہے۔

پھر عقیدے کا تضاد ملاحظہ فرمائیں کہ پہلے کہا کہ روح عالم ﷺ کی حقیقت ہر ذرے میں موجود ہے مگر آگے کہتے ہیں کہ روحانیت و نورانیت متعدد مقامات پر موجود ہے گویا تمام عالم میں موجود ہونے کی نفی کر دی بلکہ صرف متعدد جگہ پر نورانیت کو حاضر و ناظر مانتے ہیں۔

دراصل کاظمی صاحب ”حقیقت محمدیہ“ کو حاضر ناظر کہہ رہے ہیں اس مسئلہ کی تفسیر اپنے مقام پر آرہی ہے“۔

(دروس مناظرہ،ص449)

اب رضاخانی جواب دیں کہ مظفر حسین شاہ کے لے پاک ابوفاجر رضوی کو ہم سچا مان کر احمد سعید کاظمی کو لعنتی کذاب مانیں یا سعید کاظمی کو سچا مان کر پیر مظفر حسین شاہ کو لعنتی لعین لعان ملعون اشد ملعون مانیں؟

تنقیح نمبر ۱۰:

مفتی احمد یار گجراتی صاحب لکھتے ہیں:

”شیطان اور اس کی ذریت سارے جہاں کے لوگوں کو دیکھتے ہیں لوگ انہیں نہیں دیکھتے جہاں کسی نے کسی جگہ اچھے کام کا ارادہ کیا اسے اس کی نیت کی خبر ہوگئی فوراً بہکایا جب رب نے گمراہ کو اتنا علم دیا کہ وہ ہر جگہ حاضر و ناظر تو نبی کریم ﷺ جو سارے عالم کے ہادی ہیں انہیں بھی حاضر و ناظر بنایا“۔

(نورالعرفان،ص 184)

تو آپ کے نزدیک تو شیطان بھی حاضر و ناظر ہے بلکہ ”دروس مناظرہ“ میں ثابت کیا گیا کہ آپ لوگ حضور ﷺ سے زیادہ معاذ اللہ مقامات پر شیطان کو حاضر و ناظر مانتے ہیں لہذا موصوف نے اپنے عقیدہ کو بیان کرنے میں سخت دجل و فریب کا مظاہرہ کیا یاد رہے کہ بقول علامہ ساجد خان صاحب نقشبندی رضاخانیوں کے اس عقیدہ حاضر و ناظر پر ہمارے پاس (100 سو) تنقیحات“ ہیں جو ہم نے میدان مناظرہ کیلئے رکھی ہیں بندہ نے یہاں کوشش کر کے کچھ نقل کر دی ہیں۔

تلك عشرة كاملة

رضاخانی نے جوعقیدہ لکھا وہ کفریہ ہے

موصوف نے عقیدہ لکھوایا:

"حاضر و ناظر کے بارے میں اہلسنت کا عقیدہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے جسم اقدس کے ساتھ روضہ مبارک میں تشریف فرماہیں اور تمام کائنات آپ کے سامنے حاضر ہے جسے آپ ملاحظہ فرمارہے ہیں آپ جب چاہیں جہاں چاہیں تشریف لے جاسکتے ہیں اگرآن واحدہ میں امکنہ متعددہ پرتشریف لے جانا چاہیں تو ممکن ہے۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی،ص222)

اس پر اگرچہ کئی طریقے سے رد کیا جاسکتا ہے جیسے بقول علامہ نقشبندی صاحب سو سے اوپر تنقیحات ہیں لیکن ہم یہاں ایک اور طرز اختیار کرتے ہیں موصوف کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ متعدد مقامات پر بیک وقت حاضر و ناظر ہوسکتے ہیں اسی طرح آگے موصوف نے شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارتوں سے اپنا حاضر و ناظر ہونا کشید کیا کہ کائنات کے ہر ذرے ہر جوہر وعرض میں حضور ﷺ ہیں معاذاللہ حالانکہ ان کے امام المناطقہ عطاء بندیالوی حاضر وناظر میں اپنا عقیدہ لکھتا ہے:

"معلوم ہوا کہ تمام کائنات قیامت تک آنحضرت ﷺ کے سامنے اس طرح ہے جیسے کہ کسی کے سامنے ہتھیلی ہو جس ذات کے سامنے ساری دنیا ہتھیلی کی طرح ہو اس کو نہ تو کسی طرف آنے جانے کی ضرورت ہے اور نہ متعدد ہونے کی ضرورت"۔

(مسئلہ حاضر وناظر،ص25)

معلوم ہوا کہ بندیالوی کا عقیدہ یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنی قبر منور میں ہیں اور کہیں آنے جانے کی ضرورت نہیں لیکن رضاخانی کہتے ہیں نہیں جاسکتے ہیں اب جب جاسکتے ہیں متعدد امکنہ پر تو قباحت کیا آئے گی؟ خود بندیالوی کی زبانی ملاحظہ ہو:

"ایک تو مستند کتب میں تصریح ہے کہ تعدد مغائرت کو مستلزم ہے اور اتحاد اور تعدد دونوں اکھٹے متصور نہیں ہوسکتے تو اب خرابی یہ لازم آئے گی کہ خاتم النبیین متعدد اور مغائر ہو گئے حالانکہ

خاتم النبیین صرف ایک جزئی حقیقی ہے جس کا نام محمد ﷺ ہے"۔

(مسئلہ حاضر و ناظر ص 26)

آپ رضاخانی کہتا ہے کہ متعدد جگہ میں حضور ﷺ حاضر و ناظر ہو سکتے ہیں اور بندیالوی کہتا ہے تعدد مغائر ہے اتحاد ہے لامحالہ ماننا پڑے گا کہ رضاخانی کے ہاں کئی محمد ﷺ متعدد امکنہ میں حاضر و ناظر ہو سکتے ہیں اس صورت میں یہ بدبخت حضور ﷺ کی ختم نبوت ہی کا منکر ہو گیا اور آگے جتنی عبارات اپنے زعم میں اس نے اپنے اس خبیث کفریہ عقیدہ پر علمائے کی پیش کی ہیں بندیالوی کے بقول وہ سب بھی معاذ اللہ حضور ﷺ کی ختم نبوت کے منکر ہوئے۔

جسم کے ساتھ حاضر ناظر ہونے کا انکار

موصوف اپنے عقیدہ میں یہ بھی لکھتا ہے:

ہمارا یہ دعوی ہرگز نہیں ہے کہ حضور اکرم، نبی مکرم ﷺ کا ظاہری جسم اقدس ہر ہر جگہ موجود ہے۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول ص 222)

گویا موصوف جسم کے ساتھ حضور ﷺ کو حاضر و ناظر نہیں مانتے حالانکہ شریف الحق امجدی لکھتا ہے:

"حاضر کے معنی جسم کے ساتھ موجود ہونے والا"۔

(فتاوی شارح بخاری جلداول ص 117)

جب جسم کے ساتھ حاضر مان ہی نہیں رہے تو حضور ﷺ حاضر ہوئے ہی نہیں۔ کیونکہ حاضر کے تو معنی ہی جسم کے ساتھ حاضر ہونے کے ہیں۔

فیض احمد اویسی لکھتا ہے:

"بے شک نبی کریم ﷺ کے جسم شریف سے نہ کوئی زمانہ خالی ہے نہ مکان نہ کوئی جگہ اور نہ عرش نہ کرسی اور نہ قلم اور نہ جنگل اور نہ دریا نہ نرم زمین نہ سخت زمین اور نہ برزخ اور نہ قبر یعنی کائنات کے ذرہ ذرہ میں حضور ﷺ حاضر و ناظر ہیں"۔

(شرح حدائق بخشش، جلداول ص520)

بد بخت انسان! تیرے بزرگوں تو کائنات کے ذرہ ذرہ میں جسم کے ساتھ حضور ﷺ کو حاضر وناظر مان رہے ہیں تو تو کیسے انکار کرسکتا ہے؟ یاد رہے کہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ فلاں بزرگ سے نقل کررہا ہے کیونکہ جس سے بھی نقل کررہا ہے تیرے دعوے کا تو رد ہوگیا ثانیا محض کسی کی بکواس کو ہم اس لئے قبول نہیں کرسکتے کہ وہ بکواس کسی بزرگ کی ہے کتاب کے شروع میں اصول نقل کردئے گئے ہیں اس کو دیکھ لے۔

ہم عرض اعمال کے منکر نہیں رضاخانی کی عجیب جہالت

موصوف نے اس سارے بحث میں جتنے بھی صفحات سیاہ کئے ہیں ان کا تعلق یا تو عرض اعمال سے ہے یا حقیقت محمدیہ سے ہے جس کے نہ ہم منکر ہیں نہ رضاخانیوں کے کفریہ عقیدہ حاضر وناظر سے اس کا کوئی تعلق ہے۔ موصوف ہی کی زبانی:

"(رضاخانی) تو بالکل اجہل ہے اس کو اپنے گھر کا عقیدہ بھی معلوم ہوتا نہیں خواہ مخواہ یہ دوسروں پر چڑھ دوڑتا ہے اور دوسروں کا بھی عقیدہ ایسے خلط پن میں اور خلط ملط کر کے بیان کرتا ہے کہ الامان والحفیظ اس جاہل کو چاہئے تھا کہ سادات احناف کا عقیدہ بیان کرتا اور پھر ہمارا عقیدہ بھی ہمارے اکابرین کی کتب سے بحوالہ نقل کرتا اور ثابت کرتا کہ ہمارا یہ عقیدہ سادات احناف کے عقیدہ کے خلاف ہے اس وہابی ملا سے اس طرح کا کچھ بھی نہ بن سکا لیکن اس نے جو خلط مبحث کی ہے ہم اس پر کچھ روشنی ڈالتے ہیں اور اس کے دعوے کی قلعی کھولتے ہیں"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول ص254)

موصوف نے جو 225 تا 253 قریبا 25 سے زائد صفحات اس پر سیاہ کردئے کہ حضور ﷺ پر امتیوں کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں حضور ﷺ امتیوں کے احوال سے باخبر ہیں یا اللہ کی اذن سے جنت وغیرہ میں سیر کرسکتے ہیں یا موت کے فرشتے کے سامنے ذی روح کی روحیں ہیں یا اولیاء اللہ بطور کرامت متعدد امکنہ میں حاضر ہوسکتے ہیں تو احمق انسان:

"میں اس سے پوچھتا ہوں کہ بتائے اس کا انکار کس نے کیا ہے؟"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 254)

اب بتاؤ تیرے 25 صفحات کی بکواس کا جواب صرف یہ ادھی سطر ہے۔لیکن ہم پھر بھی تجھے انجیکشن لگائے بغیر نہیں جانے دیں گے سو مختصر تبصرہ ملاحظہ ہو۔

رضاخانی سعید اسعد نے بھی اپنا عقیدہ حاضر و ناظر یہی لکھا کہ آپ ﷺ پر اعمال پیش کئے جاتے ہیں اور پھر لکھا:

”اگر کوئی صاحب اس براہ راست مشاہدہ کو تسلیم نہ کریں اور نہ ہی قرآن کریم کے ذریعہ اس مشاہدہ کو مانیں بلکہ عرض اعمال کے ذریعہ ہمارے اعمال نبی اکرم ﷺ کا آگاہ ہونا تسلیم کریں تب بھی چشم ماروشن دل ماشاد“۔

(مسئلہ حاضر و ناظر ص 40)

اور علامہ نقشبندی صاحب دروس مناظرہ میں عرض اعمال تسلیم کر چکے ہیں سعید اسعد نے بھی اس کتابچہ میں اس امر کو تسلیم کیا ہے کہ دیوبندی عرض اعمال کے قائل ہیں لہذا رضاخانی نے اب اس باب میں حاضر و ناظر کے نام پر جتنی عبارات پیش کی ہیں جن کا تعلق عرض اعمال سے ہے نہ نقشبندی صاحب اس کے منکر ہیں نہ دیوبندی رضاخانی نے محض جہالت کی بنا پر ایک خود ساختہ نظریہ ہماری طرف منسوب کر کے پھر اس کا رد شروع کیا اپنا وقت بھی ضائع کیا اور اب ہمارا قیمتی وقت بھی جواب میں ضائع کر رہا ہے۔

رضاخانی اللہ کی طرح حاضر ناظر مانتے ہیں

فیض احمد اویسی لکھتا ہے:

”پس چاہئے کہ بندہ جیسا کہ اللہ تعالی کو برابر اپنے تمام حالات پر ظاہر و باطن میں واقف اور خبردار جانتا ہے رسول اللہ ﷺ کو بھی ظاہر و باطن میں خبردار اور حاضر و ناظر جانے“۔

(ندائے یارسول اللہ ص 42)

مزید یہ مشرک پلید لکھتا ہے:

”آنحضرت ﷺ اللہ تعالی کی حضوری سے کبھی علیحدہ نہیں ہوتے پس جب اللہ تعالی ہر جگہ

حاضر وناظر ہے تو پھر رسول اللہ ﷺ کے حاضر وناظر ہونے میں کیا شک ہوسکتا ہے"۔

(ندائے یارسول اللہ، ص93)

مزید مشرک زمانہ ملعون احمد یار گجراتی لکھتا ہے:

"اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازی جس طرح اللہ کو حاضر ناظر جانے اسی طرح محبوب ﷺ کو"۔

(تفسیر نعیمی، جلداول، ص58)

یعنی معاذ اللہ جس طرح اللہ ہر جگہ حاضر وناظر ہر آن ہر ایک کی خبر ہر ایک سے باخبر ہر ایک پر نظر اسی طرح حضور ﷺ کو بھی ہر جگہ ہر آن ہر ایک سے باخبر ہر جا حاضر وناظر جانو!!! اس کھلے شرک کے بعد بھی رضاخانی کمال ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بکواس کرتا ہے:

"اس ذات کے علاوہ کسی مخلوق خواہ وہ نبی کریم ﷺ ہی کیوں نہ ہو ہر جگہ ہر مقام ہر آن ہر گھڑی حاضر وناظر ماننا کفر ہے میں وہابی دیوبندی مولوی ساجد خان سے کہتا ہوں کہ پہلے بعینہ انہی الفاظ کو ہمارا عقیدہ اور ہمارے معتبر اکابرین سے ثابت کرے ایک لفظ بھی کم نہیں ہونا چاہئے"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول، ص255)

اب ہم اس مرزائی سے پوچھتے ہیں کہ جب تم اللہ کی طرح حضور ﷺ کو حاضر وناظر مان رہے ہو تو کیا معاذ اللہ:

(۱) تمہارے مولوی نے خود مانا کہ اللہ ہر جگہ حاضر وناظر ہے۔

(۲) کیا اللہ ہر آن ہر گھڑی حاضر وناظر نہیں؟

جب بقول تیرے اویسی ہے تو حضور ﷺ کو بھی معاذ اللہ ایسا ہی حاضر وناظر جان تو ہم نے تیرے معتبر بزرگ سے تیرا یہ کفریہ عقیدہ ثابت کر دیا اب اگر غیرت شرم وحیاء ہو بانس بریلی کے کسی گندے جوہڑ میں ڈوب مرجاکے۔

ایک اور اصولی جواب

چیلنج

رضاخانی کہتا ہے:

"میں اس سے پوچھتا ہوں کہ مولانا نظام الدین علیہ الرحمۃ نے کہاں لکھا ہے کہ یہ فقہائے احناف کا مذہب ہے تجھے اپنے لعنتی ۔۔قاسم نانوتوی کی طرح صریح جھوٹ بولتے ہوئے شرم نہیں آتی"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص263)

تو ہم بھی تجھے چیلنج کرتے ہیں کہ اس مسئلہ کے ذیل میں تو نے جتنی عبارات پیش کی ہیں اس میں کہاں لکھا ہوا ہے کہ یہ "سادات احناف کا مذہب" ہے؟ یا تجھے بھی اپنے لعنتی حرام زادے سور باپ احمد رضا خان فاضل بریلوی لعنتی کی طرح جھوٹ بولنے کی عادت ہے؟

شیخ عبدالحق محدث دہلوی ؒ اور مسئلہ عرض اعمال

موصوف نے صفحہ 225 تا229 شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے وہ عبارات پیش کی ہیں جن کا تعلق عرض اعمال سے ہے اور جیسے چوہے کو پھٹکری ملی تو وہ میڈیکل سٹور کھولنے کا سوچنے لگا ایسے ہی جیسے ان کو عبارت میں فقط "حاضر و ناظر" کے الفاظ ملے تو کئی صفحات اس پر سیاہ کر دئے کہ دیکھو ہمارا عقیدہ حاضر و ناظر ثابت ہو گیا۔

بہر حال موصوف نے خود ان عبارات کا خلاصہ ان الفاظ میں نقل کیا:

"بر اعمال حاضر و ناظر است"۔۔حاضر و ناظر است ۔۔پس آں حضرت در ذات مصلیان موجود و حاضر است"۔

(ملخصاحنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول،ص229)

علامہ نقشبندی صاحب مسئلہ عرض اعمال جس کو موصوف نے اپنی دانست میں "عقیدہ حاضر و

ناظر" کے شرکیہ کفریہ رضاخانی عقیدہ سے تعبیر کیااور پھر شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات پر یوں محققانہ گفتگو کرتے ہیں:

"عرضِ اعمال سے حاضر و ناظر پر استدلال اور اہل بدعت کا نبی کریم ﷺ کو جسم کے ساتھ ہر جگہ حاضر و ناظر ماننے پر براہین

مولانا سعید اسد رضاخانی فیصل آبادی نے ذرا پینترا بدلا ہے اور یہ نیا نظریہ گھڑا کہ ہمارے نزدیک حاضر و ناظر کا معنی یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنی قبر میں تشریف فرما ہیں اور امت کے اعمال آپ پر پیش کئے جاتے ہیں آپ امت کے تمام احوال سے باخبر ہیں ہر جگہ جسم کے ساتھ یا روح کے ساتھ موجود ہونا یہ ہمارا عقیدہ نہیں ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے:

"ہم اہل سنت و جماعت نبی مکرم ﷺ کے جسم بشری کے ساتھ ہر جگہ موجود ہونے کا دعوی نہیں کرتے۔ ہم یہ دعوی کرتے ہیں کہ جس طرح آسمان کا سورج اپنے جسم کے ساتھ آسمان پر ہے لیکن اپنی روشنی اور نورانیت کے ساتھ روئے زمین پر موجود ہے اسی طرح نبوت کے آفتاب حضرت جناب محمد رسول اللہ ﷺ اپنے جسم اطہر جسم بشری کے ساتھ گنبد خضرا میں جلوہ گر ہیں لیکن اپنی نورانیت روحانیت اور علمیت کے ساتھ ہر جگہ جلوہ گر ہیں۔۔۔ ہم اہل سنت و جماعت نبی اکرم ﷺ کو امت کے جملہ اعمال پر حاضر و ناظر نزول قرآن کی تکمیل کے بعد سے مانتے ہیں نزول قرآن کی تکمیل سے پہلے امتیوں کے ہر ہر عمل پر حاضر و ناظر ہونے کا دعوی ہم قطعا نہیں کرتے"۔

(مسئلہ حاضر و ناظر ص 7,6)

اس سلسلے میں جوابا عرض ہے کہ ہم نے ماقبل میں آپ کے اکابر کا اس کے متعلق عقیدہ واضح کر دیا کہ جو عقیدہ آپ بتارہے ہیں وہ آپ کے اکابر کا اس باب میں نہیں۔ بلکہ خود آپ

کے اباجی مفتی امین کا حوالہ گزر چکا کہ وہ حاضر و ناظر کا یہ معنی نہیں کرتے جو آپ کر رہے ہیں۔

آپ کے اکابر ہر جگہ ہر ایک کے ساتھ حضور ﷺ کو حاضر و ناظر مانتے ہیں اسی بنیاد پر ان کو پکارنے کو جائز اور حاجت روائی کو درست سمجھتے ہیں۔مزید حوالہ جات اس حوالے سے ملاحظہ ہو۔آپ کے غزالی و رازی جناب مولانا عمر اچھروی صاحب لکھتے ہیں:

''لہذا آپ محسنین کے قریب ہوئے معلوم ہوا جو نبی ﷺ کو اپنا قریب اور حاضر و ناظر نہیں سمجھتے وہ محسنین میں سے نہیں ہیں اور نہ ان کی کوئی نیکی منظور ہے۔قابل غور امر یہ ہے۔۔۔تمام روئے زمین میں کروڑوں مرتے ہیں ہر ملک میں اور ہر ایک مردہ زندہ کر کے منکر نکیر ایک ہی وقت میں کروڑ ہا مقامات پر اٹھا کر بٹھاتے ہیں اور نبی اکرم ﷺ بھی کروڑ ہا جگہ ایک ہی وقت میں تمام قبور میں پیش کئے جاتے ہیں اور اسی وقت ہی صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین میں بھی آپ تشریف فرما ہوتے تھے **ایک ہی وجود اطہر اللہ کے حکم سے بلا تجزی نفس و بلا تعدد ذات ایک ہی وقت میں کروڑ ہا جگہ حاضر و ناظر ہونا ثابت ہو گیا**۔ایک ہی وقت میں روئے زمین پر بھی حاضر و ناظر ہیں جو اپنے زائرین کو مختلف مقامات پر زیارت سے مشرف فرما رہے ہیں۔اور تحت الارض بھی کروڑ ہا ملکوں بلا امتیاز زیارت کروا رہے ہیں اور خوص کو بلا نوم اور بلا مراقبہ بالمشافہ زیارت سے سرفراز فرما رہے ہیں۔جیسے قبور میں اہل قبور کے واسطے نبی ﷺ کا حاضر و ناظر ہونا اور آپ کی پہچان پر فلاح کا دارومدار ہے اسی طرح فوق الارض بھی ہر اہل ایمان کے واسطے آپ کو حاضر و ناظر سمجھنا کسوٹی ایمان ہے۔بلکہ اگر آدمی کو سمندر میں مچھلیاں نگل جائیں اور غذا بنالیں تو وہاں بھی نکیرین آپ ہی کی ذات بابرکات کو جو نفس کے واپس آنے سے اولی تر ہیں انہی کے متعلق سوال کیا جاتا ہے اب عالم برزخ میں بھی آپ کا حاضر و ناظر ہونا عالم دنیا میں بھی اور عالم ملکوت میں بھی اور لامکان میں بھی اور روضہ اطہر پر جانے والوں کو بھی سوال کا

جواب وہیں فرماتے ہیں اور جنت پر تخت نشین بھی ہیں اور ہر مقام پر سونے والے اولیائے کرام کو بھی اپنی زیارت سے مشرف فرماتے ہیں"۔

(مقیاس حنفیت، ص 277)

یہ عبارت چیخ چیخ کر کہہ رہی ہے کہ بدعتی ہر جگہ نبی کریم ﷺ کو جسم کے ساتھ بنا تجزی و تعدد حاضر ناظر مانتے ہیں۔گویا ایک ہی جسم تمام کائنات کو گھیرا ہوا ہے۔یہ عقیدہ اس قدر بدیہی البطلان اور عقل سے ماوراہے کہ خود مولانا عمر اچھروی کو بھی ایک جگہ کہنا پڑا:

"ناظر ہونا بغیر حاضر ہونے کے محال ہے لیکن اس حاضری کی ہئیت کذائیہ ہمارے فہم و بیان سے باہر ہے"۔

(مقیاس حنفیت، ص 274)

اس عبارت سے ان لوگوں کا بھی رد ہوگیا جو کہتے ہیں کہ موجود تو روضہ رسول ﷺ میں ہے لیکن نظر ہر ایک جگہ ہے۔اچھروی کہتا ہے کہ نظر بغیر حاضری کے ممکن نہیں۔اس کو ایک مثال سے یوں سمجھو کہ میں اپنے کمرے میں بیٹھا ہوں اور باہر صحن کو دیکھ رہا ہوں اب میں صحن تک ناظر تو ہوں لیکن حاضر نہیں۔پس اہل بدعت کا ہر جگہ "حاضر" کہنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ صرف قبر میں موجود نہیں مانتے۔

اس تفصیل کے بعد اب مولانا سعید اسد کی اس عبارت کو دوبارہ پڑھیں:

"ہم اہل سنت و جماعت نبی مکرم ﷺ کے جسم بشری کے ساتھ ہر جگہ موجود ہونے کا دعوی نہیں کرتے"۔

(مسئلہ حاضر و ناظر، ص 6)

اس آدمی کو اپنے مذہب کا پتہ نہیں اور بنتا پھرتا ہے مسلک کا مناظر اعظم۔اب جواب دیں کہ کیا مولوی عمر اچھروی اہل سنت میں آپ کے ہاں داخل نہیں؟ اگر اچھروی صاحب جسم کے ساتھ ہر جگہ نہ مانتے تو تجزی و تعدد والے قول کی طرف کبھی نہیں جاتے۔لیکن لیجئے جسم کے ساتھ اس سے بھی صریح حوالہ ملاحظہ ہو اچھروی صاحب بارہویں صدی ہجری کے

ایک مولوی کی کتاب کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''بلاشک آپ کے جسم اطہر سے نہ کوئی زمانہ خالی ہے نہ کوئی جگہ نہ محل اور نہ مکان نہ عرش نہ کرسی نہ قلم نہ جنگل نہ دریا نہ نرم زمین نہ سخت زمین اور نہ برزخ اور نہ قبر''۔

(مقیاس حنفیت، ص 286)

کیا اب بھی کوئی شک وشبہ ہے کہ اہل بدعت نبی کریم ﷺ کو تمام کائنات میں بجسدہ حاضر وناظر مانتے ہیں۔اسی قول کی تائید میں ایک اور حوالہ ملاحظہ ہو کہ عمر اچھروی صاحب پر ایک اعتراض ہوا کہ کیا نبی اکرم ﷺ کو معاذ اللہ تم لوگ بری اور گندی جگہوں پر بھی حاضر وناظر مانتے ہو؟ اب اصولا اس کا جواب دینا چاہئے تھا کہ نہیں کیونکہ حضور ﷺ تو قبر مبارک میں تشریف فرما ہیں مگر اچھروی صاحب کہتے ہیں:

''کیا اللہ تعالی کو ان برے مقامات پر موجود اور سمیع وبصیر سمجھتے ہو یا نہیں جیسا کہ اللہ تعالی پاک کی نسبت ان برے مقامات پر باوجود موجودیت کے نسبت کرنا گستاخی وکفر ہے کیونکہ ان کو ان مقامات سے نفرت ہے اسی طرح نبی ﷺ بھی حاضر وناظر تو ہیں اور اس کو جاننے والے بھی ہیں اور آپ کی شہادت بھی ان مقامات پر ضرور ہوگی لیکن بوجہ آپ کی ذات پاک ہونے کے ان مقامات متنفرہ کی طرف منسوب کرنا عین گستاخی ہے اور ایمان سے بعید ہے''۔

(مقیاس حنفیت، ص 279)

یعنی نقل کفر کفر نہ باشد بقول اچھروی صاحب حضور ﷺ ان تمام گندی غلیظ جگہوں میں موجود تو ہیں سب کچھ دیکھ بھی رہے ہیں لیکن اس کی نسبت کرنا گستاخی ہے۔یہ ہے وہ غلیظ گستاخانہ کفریہ عقیدہ جو ہم سے عشق کی آڑ میں منوانا چاہ رہے ہیں۔

باقی یہ بھی اچھروی صاحب کا دھوکا ہے کہ ہم ان مقامات میں معاذ اللہ اللہ کو موجود مانتے ہیں یہ تو تجسیم ہے۔ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ موجود بلا مکان ہے تمام جگہوں سے اللہ کا علم متعلق ہے جو معیت ذاتیہ کے منافی نہیں اسی پر اجماع ہے اور یہی اہلسنت کا نظریہ ہے۔نیز حضور

ﷺ کی ذات کو اللہ کی ذات وافعال پر قیاس کرنا بھی مستقل گمراہی ہے اللہ کی ذات تو فعال لما یرید ہے لا یسئل عما یفعل و ھم یسئلون ہے۔

بدعتی نباض قوم مفتی ابوداود صادق لکھتا ہے:

''شیخ اکبر محی الدین ابن عربی سے امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہما نے نقل فرمایا کہ حدیث معراج سے جسم واحد کا بیک وقت متعدد مقامات پر موجود ہونا ثابت ہوا علامہ یوسف نبہانی نے شیخ علی حلبی رحمۃ اللہ علیہما سے نقل فرمایا کہ جب دیگر انبیا کی یہ شان ہے تو امام الانبیا محمد رسول اللہ ﷺ کا ہر مکان میں موجود و حاضر ہونا بدرجہ اولی ثابت ہوا ''۔

(براہین صادق، ص 75)

یہ حوالہ بھی اس باب میں صراحت ہے کہ رضاخانی جسم اقدس ﷺ ہی کو ہر جگہ حاضر و ناظر مانتے ہیں۔

یہ کہنا کہ قبر مبارک سے آپ ﷺ پر اعمال پیش کئے جاتے ہیں یہ معنی ہے حاضر و ناظر کا یہ بالکل اپنے مسلک کو مسخ کرنا ہے اس پر ایک اور حوالہ ملاحظہ ہو یہی ابوداود صادق لکھتا ہے :

''معلوم ہوا کہ جیسے روح جسم کے ہر حصہ سے قریب و متعلق ہے اسی طرح سرکار بھی اپنے ہر مومن غلام کیلئے قریب و حاضر ہیں اور اس کی ہر تکلیف سے باخبر ہیں''۔

(براہین صادق، ص 72)

یہ حوالہ بین دلیل ہے کہ جیسے روح ہر جسم کے ساتھ ہے اور اس میں ایک تعلق تدبیر کا ہے اسی طرح تمام مومنین کے ساتھ حضور ﷺ حاضر ہیں اور ان کے امور سے باخبر ہوتے ہوئے تصرف فرما رہے ہیں۔

جسم کے ساتھ ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے پر ایک اور طرز ملاحظہ ہو مفتی فیض احمد اویسی صاحب لکھتے ہیں:

''حاضر وہ ہے جو مکان میں ہے''۔

(ندائے یارسول اللہ،ص 35)

پھر آگے لکھتے ہیں:

''حاضر کہتے ہیں جو پہلے غائب ہو پھر کسی جگہ آئے''۔

(ندائے یارسول اللہ ﷺ،ص 38)

حاضر کہتے ہی اسے ہیں جو کسی جگہ میں ہو تو ہر جگہ حاضر و ناظر کا معنی یہی ہوا کہ حضور ﷺ ہر جگہ ہر مکان میں موجود ہیں اور مکان میں ہونا جسم کا خاصہ ہے لہٰذا معلوم یہی ہوا کہ حضور ﷺ ہر جگہ جسم کے ساتھ حاضر و ناظر ہیں۔ مولانا سعید اسد صاحب کا صرف قبر مبارک میں نبی کریم ﷺ کو ماننا اپنا ہی مذہب مسخ کرنا ہے۔ یاد رہے کہ مکان میں جسم ہوتا ہے خواہ جسم تعلیمی ہو یا جسم طبعی۔

اگر اب بھی سعید اسد صاحب نہیں مانتے تو ہم ان کے ابا جان کا حوالہ ان کے سامنے پیش کر دیتے ہیں موصوف کے اباجی مفتی امین صاحب لکھتے ہیں:

''بعض حضرات کا خیال ہے کہ حضور ﷺ صرف روح کے ساتھ حاضر و ناظر ہیں یہ خیال صحیح نہیں بلکہ سید دو عالم ﷺ اپنے حقیقی جسم مبارک کے ساتھ حاضر و ناظر ہیں''

(حاضر و ناظر رسول ﷺ،ص 93)

یاد رہے کہ مولانا سعید اسد کا یہ عرض اعمال کو حاضر ناظر کہنے سے خود ان کے اباجی بھی متفق نہیں انہوں نے اپنی کتاب ''حاضر و ناظر رسول ﷺ'' میں حاضر و ناظر کا معنی جسد حقیقی یعنی حقیقت محمدیہ کا ایک خود ساختہ معنی کر کے اس معنی میں حاضر و ناظر مراد لیا ہے۔

نوٹ: یہ تین حوالے مقیاس حنفیت بار ہشتم دسمبر 1966 والے ایڈیشن سے دئے گئے ہیں۔

اس تفصیل کے بعد اب یہاں ایک اور مسئلہ بھی ذہن نشین کرلیں کہ اہل السنت والجماعت احناف دیوبند نبی اکرم ﷺ پر امت کے اعمال پیش کئے جانے کے منکر نہیں۔

شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی صاحبؒ لکھتے ہیں:

''حدیث میں آیا ہے کہ امت کے اعمال ہر روز حضور کے روبرو پیش کئے جاتے ہیں آپ اعمال خیر دیکھ کر خدا کا شکر ادا کرتے ہیں اور بداعمالیوں پر مطلع ہوکر نالائقوں کیلئے استغفار فرماتے ہیں''۔

(تفسیر عثمانی ص 366، سورہ نحل، آیت 89)

مگر یہ ''عرض اعمال'' تفصیلی ابتداء کائنات سے لیکر فناء کائنات تک کے ہر گز نہیں ہوتے جیسا کہ بدعتی مولوی یہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔

یہ عرض اعمال اجمالی ہوتا ہے نہ کہ تفصیلی چنانچہ علامہ آلوسی رحمہ اللہ سورہ حج آیت ۷۸ لکھتے ہیں:

وكَوْنُ أعْمالِ أُمَّتِهِ تُعْرَضُ عَلَيْهِ عَلَيْهِ الصَّلاةُ والسَّلامُ وهو في البَرْزَخِ كُلَّ أُسْبُوعٍ أوْ أكْثَرَ أوْ أقَلَّ إذا صَحَّ لا يُفِيدُ العِلْمَ بِأعْيانِ ذَوِي الأعْمالِ المَشْهُودِ عَلَيْهِمْ وإلّا أشْكَلَ ما رَواهُ أحْمَدُ في مُسْنَدِهِ والشَّيْخانِ عَنْ أنَسٍ وحُذَيْفَةَ قالا: »«قالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ ناسٌ مِن أصْحابِي الحَوْضَ حَتّى إذا رَأيْتُهم وعَرَفْتُهُمُ اخْتَلَجُوا دُونِي فَأقُولُ: يا رَبِّ أُصَيْحابِي أُصَيْحابِي فَيُقالُ لِي: إنَّكَ لا تَدْرِي ما أحْدَثُوا بَعْدَكَ

چند سطر بعد لکھتے ہیں:

ومَن زَعَمَ أنَّهُ ﷺ يَعْلَمُ أعْمالَ أُمَّتِهِ ويَعْرِفُهم واحِدًا حَيًا ومَيِّتًا ولِذا ساغَتْ شَهادَتُهُ عَلَيْهِمْ بِالطّاعَةِ والمَعْصِيَةِ يَوْمَ القِيامَةِ لَمْ يَاتِ بِدَلِيلٍ والآيَةُ لا تَصْلُحُ دَلِيلًا لَهُ

(تفسیر روح المعانی، ج9، ص 200)

اگر کوئی یہ گمان کرے کہ نبی کریم ﷺ امت کے تفصیلی اعمال جانتے ہیں اور فردا

فرداً فرداً ہر ایک کا حیاو میتا علم رکھتے ہیں اسے جانتے ہیں اسی لئے روز قیامت ان پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی معتبر ہوگی ایسا شخص اپنے مدعا پر کسی قسم کی دلیل نہیں رکھتا اور نہ یہ آیت اس کیلئے دلیل بن سکتی ہے۔

امام ابن جوزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ جو قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعض لوگوں کو پہچان نہیں سکیں گے یہ کیسے ممکن ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تو امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں تو اس اعتراض کا جواب دیتے ہیں کہ جن کو آپ نے سحقا سحقا کہا وہ کافر، مرتدین و بدعتی لوگ تھے جبکہ قبر مبارک میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر موحدین مومنین کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں نہ کہ منافقین و مرتدین کے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو:

وَفِي الحَدِيث الثَّامِن وَالْعِشْرين: " انا فَرَطكُمْ على الْحَوْض وليردن عَليّ اقوام أعرفهم ويعرفونني ثمَّ يُحَال بيني وَبينهمْ ". الفرط: الْمُتَقَدّم لأصلاح امر. وَهَؤُلَاء الَّذين احْدَثُوا بعده يحْتَمل ان يُرَاد بهم الْمُنَافِقُونَ والمرتدون والمبتدعون فِي أصل الدّين. وَسُحْقًا مصدر أسحقه الله سحقا: اي أبعده بعدا. فَإِن قيل: كَيفَ خَفِي حَالهم عَلَيْهِ وَقد قَالَ: "تعرض عَليّ اعمال أمتِي" فَالْجَوَاب انه إِنَّمَا تعرض عَلَيْهِ اعمال الْمُوَحّدين لَا الْمُنَافِقين وَلَا الْكَافرين.
(كشف المشكل من حديث الصحيحين، ج2، ص280، الناشر: دار الوطن - الرياض)

علامہ عینی حنفی نے بھی ابن جوزی رحمہ اللہ کی اس عبارت کو نقل کیا ہے:

وَقَالَ ابْن الْجَوْزِيّ فَإِن قيل كَيفَ خَفِي حَالهم على سيدنَا رَسُول الله - صلى الله عَلَيْهِ وَسلم - وَقد قَالَ تعرض عَليّ اعمال أمتِي فَالْجَوَاب انه إِنَّمَا تعرض اعمال الْمُوَحّدين لَا الْمُنَافِقين والكافرين
(عمدة القاری ج12ص211 بَابُ مَنْ رَأى أنَّ صاحِبَ الحَوْضِ أوْ الْقَرْبَةِ أحَقُّ بِمائِهِ)

علامہ زرقانی فرماتے ہیں کہ یہ عرض اعمال اجمالی ہوتا ہے:

رَبِّ إِنَّهُمْ مِنْ أُمَّتِي فَيَقُولُ: مَا تَدْرِي مَا احْدَثُوا بَعْدَكَ وَاسْتَشْكَلَ مَعَ قَوْلِهِ: حَيَاتِي خَيْرٌ لَكُمْ وَمَمَاتِي خَيْرٌ لَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ اعْمَالُكُمْ فَمَا كَانَ مِنْ حَسَنٍ حَمِدْتُ اللّٰهَ عَلَيْهِ وَمَا كَانَ مِنْ شَيْءٍ اسْتَغْفَرْتُ اللّٰهَ لَكُمْ رَوَاهُ الْبَزَّارُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

وَأُجِيبَ بِانَّهَا تُعْرَضُ عَلَيْهِ عَرْضًا مُجْمَلًا فَيُقَالُ: عَمِلَتْ أُمَّتُكَ شَرًا عَمِلَتْ خَيْرًا

(ارشاد الساری، ج 1 ص 151، باب جامع الوضو)

شیخ عبدالرحمن بن محمد بن سلیمان المعروف داماد آفندي (1078ھ) لکھتے ہیں:

لان بَعْضَ الْاَشْيَاءِ يُعْرَضُ عَلَى رُوحِهِ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ

(مجمع الانھر، ج 1 ص 320)

(فتاویٰ تاتارخانیہ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ) بعض چیزیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پر پیش کی جاتی ہیں۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ عرض اعمال اجمالی ہوتا ہے نہ کہ تفصیلی۔

سید یوسف ہاشم رفاعی جن کے بارے میں مورخ آل بدعت جناب عبدالحکیم شرف قادری صاحب لکھتے ہیں:

''عالم مبلغ اسلام سید یوسف سید ہاشم رفاعی مدظلہ العالی''۔

(عقائد ونظریات، ص 35)

وہ لکھتے ہیں:

فَاَعْمَالُ الْمُؤْمِنِيْنَ تُعْرَضُ عَليه صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَالْحِكْمَةُ فِي ذَالك كَمَا بَيَّنَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم هِيَ اَنَّ مَا كَانَ مِنْ اَعْمَالِهِم خَيْر '' حَمِدَ الله تعالى وَ فَرِحَ بِهَا وَ بَاهٰى بها ذالك العالَمَ وَ مَا كَانَ غَيْرُ ذالك مِنْ هنات و سَيِّئَاتِ اِسْتَغْفَرَ اللهَ لهم وَلا تعارُضَ بين هذ الحديث و بين ماجا في

حدیث الحوضِ حَیْثُ قال ﷺ وَلَیُرْفَعَنَّ الیَّ رجل منکم حتی اذا اَهْوَیتُ الیهم لِاُنَاوِلَهُم اُخْتُلِجُوْا دُوْنِیْ فَاَقُوْلُ اَیْ رَبِّ اَصْحَابِیْ فَیُقَالُ اِنَّکَ لَا تَدْرِیْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَکَ فَاَقُوْلُ سُحْقاً سُحْقاً مَنْ بَدَّلَ بَعْدِیْ کما فی صحیحین فَاِنَّ هَذا مَحْمُوْل'' عَلی المرتدینَ الَّذِیْنَ ارْتَدُّوا بَعْدَهُ ﷺ عَنْ دِیْنِهِمْ بدلیلِ قولِہٖ سحقا لمن بدل من بعدی و ذالک اَنَّهُم کَفَرُوْا بعدَہ ﷺ و اَعْمَالُ الکُفَّارِ مِنْ اُمَّتِہٖ لا تُعْرَضُ علیہِ اِذْلَافَائِدَةَ لِعَرْضِهَا لِاَنَّ الْحِکْمَۃَ فی هذا العرض فَرْحُہٗ وَمُبَاهَتُہٗ بِاَعْمَالهم الصَّالِحَۃِ وَاِسْتِغْفَارُہٗ لاعمالهم السیئۃ
(الرد المحکم المنیع ص 111، الطبعۃ الاولی، الکویت)

اس عبارت کا ترجمہ جناب مولانا عبدالحکیم شرف قادری یوں کرتے ہیں:

''ثابت ہوا کہ مومنین کے اعمال نبی اکرم ﷺ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں آپ کے بیان کے مطابق اس میں حکمت یہ ہے کہ آپ اچھے اعمال کو دیکھ کر اللہ تعالی کا شکر ادا کریں گے اور برے اعمال دیکھ کر ان کیلئے دعائے مغفرت فرمائیں گے۔ یہ حدیث اس حدیث حوض کے مخالف نہیں ہے جس میں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میرے سامنے تم میں سے کچھ لوگ پیش کئے جائیں گے جب میں انہیں پانی دینے لگوں گا تو انہیں مجھ سے دور کر دیا جائے گا میں عرض کروں گا کہ اے میرے رب یہ تو میرے ساتھی ہیں، کہا جائے گا آپ (ازخود۔ یہ ازخود کا لفظ عربی عبارت میں نہیں کھلی تحریف ہے۔ساجد) نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا حرکتیں کی تھیں، تو میں کہوں گا کہ میرے بعد دین کو تبدیل کرنے والے دور ہو جائیں، دفع ہو جائیں، جیسے کہ صحیحین میں ہے۔کیونکہ یہ ان لوگوں کے بارے میں ہے جو نبی اکرم ﷺ کے بعد مرتد ہو گئے تھے اور دین سے برگشتہ ہو گئے تھے اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے سحقا لمن بدل بعدی میرے بعد مرتد ہونے والے

دور ہوجائیں ان لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کے بعد کفر اختیار کرلیا تھا اور آپ کی امت میں سے کفر اختیار کرنے والوں کے اعمال آپ پر پیش نہیں کئے جاتے کیونکہ ان کے پیش کرنے کا فائدہ نہیں پیش کرنے میں حکمت یہ ہے کہ آپ ان کے اچھے اعمال ملاحظہ فرما کرخوش ہوں اور برے اعمال کیلئے دعائے مغفرت فرمائیں"۔

(اسلامی عقائد،ص 219،220،مکتبہ قادریہ، جنوری 1990)

قائد رضاخانیت جناب مولانا شاہ احمد نورانی صاحب اس کتاب کے متعلق لکھتے ہیں:

"حضرت صاحب الفضیلۃ والارشاد السید یوسف ہاشم الرفاعی حفظہ اللہ نے ادلۃ اہل السنۃ والجماعۃ اور الرد المحکم المنیع لکھ کر اہل سنت و جماعت کے دفاع کا حق ادا کردیا ۔۔دلائل قاہرہ کا ایک تسلسل ہے اور مذہب مہذب اہل سنت و جماعت کی حقانیت کو براہین قاطعہ سے ثابت کیا ہے"۔

(اسلامی عقائد،ص 11)

اس کے علاوہ مفتی محمود احمد رضوی، مفتی عبدالقیوم ہزاروی، مولانا عبدالستار خان نیازی کی تائید کتاب پر ثبت ہے۔

پس ثابت ہوا کہ عرض اعمال والی حدیث سے تفصیلی اعمال یعنی تمام انسانوں کے اعمال پیش نہیں کئے جاتے تو اس سے علم کلی پر استدلال کا کیا معنی؟

ایک اور نکتہ بھی ملاحظہ ہو کہ بالفرض علی سبیل المحال مسلمان، کافر سب کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں تو رضاخانی تو اس سے کلی علم غیب ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں دنیا میں انسان کے علاوہ چرند پرند، جانور، جمادات ان کے احوال تو پیش نہیں کئے جاتے تو ان کا علم کلی تو حضور ﷺ کو نہیں لہذا اس حدیث سے علم کلی پر استدلال نری جہالت کے سوا کچھ نہیں۔

عقیدہ حاضر و ناظر پر شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ کی ایک عبارت

آل بدعت اس سلسلے میں شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی ایک عبارت بھی پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے لکھا ہے کہ امت کے احوال آپ پر پیش ہوتے ہیں اور آپ ان احوال پر حاضر و ناظر ہیں۔تو جواباً عرض ہے کہ یہ عبارت ہمارے خلاف نہیں ہم کہہ چکے ہیں کہ ہم عرض اعمال اجمالی کے منکر نہیں۔بلکہ یہ عبارت تو آل بدعت کے خلاف ہے اس لئے کہ وہ تو ہر جگہ ہر مقام ہر گھڑی حضور ﷺ کو حاضر و ناظر مانتے ہیں جبکہ اس عبارت میں تو صرف اپنی امت وہ بھی امت اجابت (یعنی صرف آپ ﷺ پر ایمان لانے والوں) کے اعمال پر حاضر و ناظر ہونے کا کہہ رہے ہیں۔نیز ہم اصول میں واضح کر چکے ہیں کہ عقائد کے باب میں قرآن و حدیث چاہئے نہ فلاں وفلاں۔

رہی یہ بات کہ ہر جگہ ہر مقام ہر گھڑی آپ حاضر و ناظر ہوں یہ کفریہ عقیدہ شیخ صاحب رحمہ اللہ علیہ کا نہیں چنانچہ وہ خود لکھتے ہیں:

''اس وقت آپ (ﷺ) مدینہ شریف میں موجود نہ تھے''۔

(مدارج النبوۃ، ج1 ،ص82)

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

''آنحضرت ﷺ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالی عنہا کے فوت ہونے کے وقت حاضر نہیں تھے''۔

(تاریخ مدینہ ترجمہ جذب القلوب،ص 175 ،مترجم مولوی محمد صادق نقشبندی،نوری کتب خانہ لاہور)

امام ابن کثیر نے امام قرطبی رحمہ اللہ کے حوالے سے بعض ایسی روایات نقل کی ہیں جن میں عزیز و اقارب پر بھی عرض اعمال ہوتا ہے تو کیا رضاخانی انہیں بھی حاضر ناظر و مشکل کشا سمجھیں گے؟

وَقَدْ قَبِلَهُ الْقُرْطُبِيُّ فَقَالَ بَعْدَ إِيرَادِهِ: [قَدْ تَقَدَّمَ] انَّ الْاَعْمَالَ تُعْرَضُ عَلَى اللّٰهِ كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ وَعَلَى الْاَنْبِيَاءِ وَالْآبَاءِ وَالْاُمَّهَاتِ يَوْمَ الجُمُعَةِ. قَالَ: وَلَا تَعَارُضَ فَإِنَّهُ يُحْتَمَلُ انْ يُخَصَّ نَبِيُّنَا بِمَا يُعْرَضُ عَلَيْهِ كُلَّ يَوْمٍ وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ مَعَ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ.

(تفسیر ابن کثیر، ج2،ص 307)

یہ روایت سعید اسد صاحب نے بھی تسلیم کی ہے۔ملاحظہ ہو: مسئلہ حاضر وناظر،ص 45

پھر عرض اعمال کی احادیث خبر احاد میں سے ہیں اور اہل بدعت کے ہاں یہ عقیدہ ضروریات دین میں سے ہے لہذا عرض اعمال والی احادیث سے اس عقیدے پر استدلال ہی نہیں کیا جاسکتا۔

پھر سعید اسد کا یہ سارا عقیدہ اسی باطل وموہوم نظریہ پر ہے کہ ''تکمیل قرآن کے وقت'' جس پر کوئی دلیل ان کے پاس نہیں ما قبل میں اس پر گفتگو ہو چکی ہے''۔

(دروس مناظرہ،ص 463 تا 475)

خلاصہ کلام:

(۱) عرض اعمال کا تعلق عقیدہ حاضر وناظر سے نہیں کیونکہ عرض اعمال کا مطلب ہے کہ حضور ﷺ کی قبر اطہر میں مومنین کے اعمال اجمالا پیش کئے جاتے ہیں جبکہ رضاخانی اول تو حضور ﷺ کو جسم کے ساتھ ہر جگہ حاضر وناظر مانتے ہیں ثانیا عرض اعمال میں بھی ان کا یہ کفریہ عقیدہ ہے کہ:

''تمام کائنات آپ کے سامنے حاضر ہے''

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 222)

ہمارا کھلا چیلنج ہے کہ عرض اعمال میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی عبارت پیش کرو جس میں قبر سے تمام کائنات کو سامنے حاضر کرنے کا ذکر ہو۔

(۲) ثانیاً شیخ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات جو موصوف نے رضاخانی کتب سے سرقہ کی ہیں ہمارے خلاف نہیں کیونکہ اول تو ان میں عرض اعمال کی بات ہو رہی ہے اور ہم عرض اعمال کے منکر نہیں۔ثانیاً موصوف نے جو عبارات پیش کی ہیں وہ خود موصوف کا عقیدہ بھی نہیں مثلاً موصوف ایک عبارت پیش کر کے اچھلتے ہیں کہ شیخ صاحب نے فرمایا:

''ترجمہ: بعض عارفوں نے فرمایا ہے کہ یہ خطاب یعنی التحیات میں حضور ﷺ کو السلام علیک ایھا النبی کہہ کر سلام عرض کرنا اس وجہ سے ہے کہ حقیقت محمدیہ موجودات کے ذرہ ذرہ اور ممکنات کے ہر ہر فرد میں سرایت کئے ہوئے ہیں اس لئے کہ حضور ﷺ نمازیوں کی ذات میں موجود اور حاضر ہیں نمازی کو چاہئے کہ اس بات سے آگاہ رہے اور اس شہود سے غافل نہ ہوتا کہ قرب کے انوار اور معرفت کے بھیدوں سے روشن اور کامیاب ہو جائے''۔

(اشعۃ للمعات ،جلد اول،ص 401 بحوالہ حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی ، ج1، ص228)

شیخ دہلوی تو اس میں کہہ رہے ہیں کہ حضور ﷺ نہیں بلکہ حضور ﷺ کی ''حقیقت محمدیہ'' کائنات کے ہر ہر ذرہ اور ممکنات کے ہر ہر فرد میں ہے اس کا اس رضاخانی کے عقیدہ حاضر ناظر سے کیا تعلق؟ کیونکہ رضاخانی تو اپنا عقیدہ حاضر ناظر کے باب میں یہ لکھوا رہا ہے کہ:

''حاضر و ناظر کے بارے میں اہلسنت کا عقیدہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے جسم اقدس کے ساتھ روضہ مبارکہ میں تشریف فرما ہیں اور تمام کائنات آپ کے سامنے حاضر ہے جسے آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں آپ جب چاہیں جہاں چاہیں تشریف لے جاسکتے ہیں اگر آن واحد میں امکنہ متعددہ پر تشریف لے جانا چاہیں تو ممکن ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 222)

اب رضاخانی تو حضور ﷺ کو صرف اور صرف قبر میں مان رہا ہے ہاں تمام کائنات کو آپ کے پیش نظر مان رہا ہے اور اسی کو حاضر و ناظر سے تعبیر کر رہا ہے احیاناً تمام کائنات یا ان کے ذروں میں نہیں بلکہ چند جگہوں پر اگر حضور ﷺ چلے جائیں تو اسے حاضر و ناظر سے تعبیر کر رہا ہے

مگر شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی اس عبارت میں تو اس عقیدہ کا دور دور تک کوئی وجود نہیں؟ بلکہ خود رضاخانیوں کے خلاف ہے کہ شیخ صاحب تو معاذ اللہ کائنات کے ہر ہر ذرہ یعنی نقل کفر کفر نہ باشد گندی نالیوں کیونکہ یہ بھی کائنات کے ذروں میں شامل ہے اور ممکنات کے ہر ہر فرد یعنی کیڑے مکوڑوں کیونکہ ممکنات کے افراد تو یہ بھی ہیں میں مان رہے ہیں معاذ اللہ جو خود رضاخانیوں کے ہاں بھی گستاخی ہے۔ چنانچہ بندیالوی لکھتا ہے:

"چوتھی خرابی یہ ہوگی کہ منکرین حاضر و ناظر یہ گستاخی کرتے ہیں کہ جب آپ ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں تو جس جگہ ہم کھڑے ہیں یہ بھی تو ایک جگہ ہے اور یہاں بھی آپ حاضر ہوں گے حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ اس جگہ پر تو ہمارے قدم ہیں نیز بیت الخلا بھی تو ایک جگہ ہے یہاں بھی آپ حاضر و ناظر ہوں گے نعوذ باللہ من ھذا الخرافات"۔

(مسئلہ حاضر و ناظر ص26)

علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی عبارت میں اگر کوئی تاویل نہ کی جائے اور اسے ایسے ہی بیان کیا جائے جیسا رضاخانی کہہ رہا ہے تو یہ گستاخی بوجہ اتم اس میں پائے جائے گی۔ تو جو عقیدہ تیرا ہے وہ شیخ کی عبارت میں نہیں اور جو شیخ کی عبارت میں ہے وہ تیرا عقیدہ نہیں۔ لیکن چونکہ احمق رضاخان فاضل بریلوی اسمعیلی رضاخانی اس کے بعد احمد یار گجراتی اس کے بعد غلام مہر علی نے حاضر و ناظر کے مسئلہ پر اس عبارت کو اپنی کتب میں نقل کیا تو تو نے بھی مکھی پر مکھی مارتے ہوئے بنا سوچے سمجھے اسے نقل کر دیا ان احمقوں کے نزدیک بس کچھ بھی لکھ دینا کا نام جواب ہوتا ہے۔

غیر متعلقہ عبارات تم نقل کرو اور جب کوئی کہے کہ اس عبارت کا ہمارے مدعی سے کوئی تعلق نہیں تو کیا جواب دیں تو فیس بک پر ماتم شروع کر دیتے ہیں کہ ہائے جواب نہیں دیا۔

موصوف ان عبارات کے متعلق کہتے ہیں:

"وہابیت دیوبندیت کے عقیدے پر چار حرف کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول، ص 227)

حالانکہ ایمان سے پوچھئے تو (الزاما) شیخ صاحب تو رضاخانیوں کے عقیدہ پر اول چار حرف بھیجتے ہیں پھر ساتھ میں پھٹکار برساتے ہوئے گویا یوں گویا ہوتے ہیں کہ:

''کم بختو!!! میں تو کائنات کے ہر ہر ذرہ میں ذرہ اچھا ہو یا برا، گندہ ہو یا صاف، اعلیٰ ہو یا ادنی، زمین پر ہو یا آسمان پر، ہر ہر فرد، پھر وہ فرد جمادات ہو یا حیوانات، انسان ہو یا کوئی جانور، پرندہ ہو یا حشرات الارض، سب میں معاذ اللہ حضور ﷺ کو حاضر ناظر بلکہ ان کے اندر مانتا ہوں اور تم صرف روضہ رسول ﷺ کے اندر ان کو مان رہے ہو؟۔ میں کہتا ہوں وہ کائنات کے ہر ہر ذرہ میں گھسے ہوئے ہیں تم کہتے ہو نہیں روضہ رسول ﷺ میں تشریف فرماہیں۔ تو میرے اور تمہارے عقیدہ میں کیا مناسبت؟''

اگر شیخ کی عبارت میں اس حقیقت محمدیہ سے حاضر و ناظر اور وہ بھی حضور ﷺ کی ذات کو لیا جائے تو شیخ صاحب ایک جگہ فرماتے ہیں:

''وجہ رابع یہ کہ حضور ﷺ کی حقیقت شریف جامع حقائق تمامہ امت بلکہ کائنات ہے اور منشا موجودات اصلیہ وفرعیہ ہے اور تمام حقائق جواہر واعراض واجسام میں جاری ہیں لہذا گویا آپ کی روح شریف کی جسد لطیف سے جدائی ہر روح کی ہر جسد ذی حیات سے جدائی ہے''۔

(مدارج النبوۃ جلد دوم ص 740 مترجم رضاخانی)

اگر اسی کا نام حاضر و ناظر ہے تو پھر تو معاذ اللہ حضور ابو جہل کے اندر بھی حاضر و ناظر بلکہ میرے اندر بھی ہیں اور میرا وجود بعینہ حضور ﷺ کا وجود ہوا۔ رضاخانی تو حضور ﷺ کو صرف روضہ میں حاضر و ناظر مان رہے ہیں اور شیخ تو چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے نہیں جوہر ہو عرض ہو خواہ جسم طبعی ہو تعلیمی ہو ہر ایک میں آپ معاذ اللہ گھسے ہوئے ہیں ہر ایک میں حاضر و ناظر ہیں۔

کہاں کی مٹی کہاں کا روڑا

بھان متی نے یوں کنبہ جوڑا

بہرحال قصہ مختصر یہ کہ دراصل شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی اس عبارت کا تعلق صوفیاء کی ایک اصطلاح ''حقیقت محمدیہ'' سے ہے اور جو اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی سے لیکر ادنی

حضرت تک کسی احمق الناس بلکہ اشد احمق کو سمجھ نہیں آئی۔علامہ نقشبندی صاحب مدظلہ العالی اس مسئلہ پر یوں محققانہ بحث کرتے ہیں۔ملاحظہ ہو:

”حقیقتِ محمّدیہ

مغالطہ دہی میں بدعتیوں کا کوئی ثانی نہیں اب دیکھیں کہ یہ لوگ حاضر و ناظر کے مسئلہ کو ثابت کرنے کیلئے صوفیاء کی ایک اصطلاح ”حقیقت محمدیہ“ سے سادہ لوح عوام کو مغالطہ دیتے ہیں۔

حالانکہ حقیقت محمدیہ کو اس عقیدہ حاضر و ناظر سے کوئی تعلق نہیں۔حقیقت محمدیہ کا مطلب یہ ہے کہ صوفیاء کہتے ہیں کہ دیکھو عقل سوال کرتی ہے کہ جب یہ کائنات نہ تھی تو اللہ کہاں تھا؟ تو اس کا جواب دیا گیا کہ رب تعالی نے اپنے متعلق فرمایا کہ کُنْتُ کَنْزاً مَخْفِیّاً فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِأُعْرَفَ میں ایک مخفی خزانہ تھا میں نے محبوب رکھا کہ میں پہچانا جاؤں پھر میں نے مخلوق کو پیدا کیا تا کہ میں پہچانا جاؤں۔اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالی کی ذات کائنات و خلق کی تخلیق سے پہلے بھی اپنی تمام صفات و کمالات کے ساتھ موجود تھی مگر اس ذات کو پہچاننے والا کوئی نہ تھی اکیلی ذات تھی اب جب مخلوق کی اللہ نے تخلیق کا ارادہ کیا تو اس تخلیق سے پہلے جو ظہور امر کا پہلا مرتبہ آیا ہے یعنی اللہ تعالی کے امر و ارادے کا جو پہلا ظہور رہوا وہ اللہ تعالی کی ”حب“ کا ظہور ہوا اب اس مخلوق کی تخلیق سے بیشتر اللہ تبارک وتعالی نے نبی اکرم ﷺ کی ذات مقدسہ کو پیدا فرمایا جیسا کہ روایت پیش کی جاتی ہے کہ اول ما خلق الله نوری ایک اور روایت میں آتا ہے کہ لولاك لما خلقت الافلاك اب جب نبی اکرم ﷺ خلق کے اعتبار سے اول ہوئے اور ادھر اللہ نے فرمایا کہ میں نے محبت کی کہ میں پہچانا جاؤں تو اللہ کی جو یہ کمال حب کا ظہور رہوا تو یہ نبی اکرم ﷺ کی تخلیق کے وقت ہوا چنانچہ آپ ﷺ اللہ تعالی کے محب بھی تھے محبوب بھی تھے محبّیت ذاتی اور محبوبیت ذاتی علی وجہ الاتم وہ نبی اکرم ﷺ کی ذات مقدسہ میں موجود ہے اب جو نبی کریم ﷺ کی تخلیق کا ظہور ہوا انہیں پیدا کیا گیا تو اس خلق کو صوفیاء کے ہاں ”تعین اول“ کہا جاتا ہے مطلب اللہ تعالی نے حضور

ﷺ کو سب سے پہلے تخلیق کیا اس کے بعد تمام مخلوقات کو تخلیق کیا۔ چنانچہ مجدد الف ثانی نوراللہ مرقدہ لکھتے ہیں:

''اور حقیقت محمدیہ علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام جو کہ حقیقت الحقائق ہے مراتب ظلال کے طے کرنے کے بعد اس فقیر پر آخر کار جو کچھ منکشف ہوا وہ تعین وظہور حبی ہے جو کہ تمام ظہورات کا مبداء اور تمام مخلوقات کی پیدائش کا منشا ہے۔ مشہور حدیث قدسی میں آیا ہے کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الاخلق لاعرف (میں ایک مخفی خزانہ تھا میں نے محبوب رکھا کہ میں پہچانا جاؤں پھر میں نے مخلوق کو پیدا کیا تا کہ میں پہچانا جاؤں) سب سے پہلی چیز جو اس مخفی خزانہ سے ظہور کے تحت پر جلوہ گر ہوئی وہ محبت تھی جو کہ مخلوقات کی پیدائش کا سبب ہوئی اگر یہ محبت نہ ہوتی تو ایجاد کا دروازہ نہ کھلتا اور عالم عدم میں مستقل طور پر اپنا ٹھکانہ رکھتا حدیث قدسی لولاك لما خلقت الافلاك (اگر تو نہ ہوتا تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا) جو کہ خاتم الرسل کی شان میں واقع کا راز اس جگہ سے معلوم کرنا چاہئے اور لولاك لما اظهرت الربوبيت (اگر تو نہ ہوتا تو میں ربوبیت کو ظاہر نہ کرتا) کی حقیقت کو اس مقام میں تلاش کرنا چاہئے۔

(مکتوبات اردو، ج3،ص 1609، مترجم سعید احمد نقشبندی بریلوی)

اسی بات کو عاشق رسول ﷺ حجۃ الاسلام مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے یوں بیان کیا:

سب سے پہلے مشیت کے انوار سے نقش روح محمد بنایا گیا
پھر اسی نور سے لیکر روشنی بزم کون و مکان کو سجایا گیا

وضاحت: حجۃ الاسلام حضرت نانوتوی رحمہ اللہ کی طرف یہ اشعار منسوب ہیں اس لئے ہم نے بھی بوجہ شہرت نسبت کر دی البتہ اس کا ماخذ ہمیں دستیاب نہ ہوسکا۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ حقیقت محمدیہ خالصۃ تصوف کی اصطلاح ہے اور ظاہر ہے کہ اس

پر عقیدے کی بنیاد وہ بھی اس طرح کہ جو نہ مانے وہ کافر ہے کسی طور پر بھی نہیں رکھی جاسکتی۔

پھر اس اصطلاح کی کامل وضاحت قرآن و حدیث میں موجود نہیں جو احادیث پیش کی گئی وہ محدثین کے ہاں سخت مجروح ہیں بلکہ اس اصطلاح کی واحد مضبوط بنیاد ''کشف'' ہے چنانچہ حضرت مجدد و منور رحمۃ اللہ علیہ نے خود یہ کہہ کر:

''مراتب ظلال کے طے کرنے کے بعد اس فقیر پر آخر کار جو کچھ منکشف ہوا''

اس کی وضاحت فرمادی کہ اس کا تعلق خالصتا کشف سے ہے۔ پس کسی امتی کا کشف تو ویسے ہی کسی دوسرے پر حجت نہیں چہ جائیکہ اس سے عقیدہ بنالیا جائے۔

ثالثا: حقیقت محمدیہ کی جو وضاحت ما قبل میں گزری اس سے بریلویوں کے عقیدہ حاضر و ناظر کا دور دور تک کوئی واسطہ نہیں ہم نے جتنے بھی ما قبل میں آل بدعت کے عقیدے نقل کئے بتائے اس میں سے کونسا عقیدہ اس اصطلاح پر منطبق ہوتا ہے؟ اس اصطلاح سے تو صرف ظہور اول کا تعین مقصود ہے۔ اس کو ایک عام فہم آسان سی مثال سے سمجھ لیں مثلا آپ کو کوئی سفید چٹا کاغذ دے دیا جائے جس پر کسی قسم کی تحریر کوئی لکیر کوئی نکتہ نہ ہو صاف شفاف سفید کاغذ ہو اور کہا جائے کہ اس پر کچھ لکھو تو اب جو آپ پہلا لفظ لکھیں گے سمجھ لو کہ وہی ''تعین اول'' اور اس کے بعد جن جن الفاظ کا ظہور ہوگا وہ اس تعین اول کے ظلال ہوں گے۔ اب کوئی بے وقوف اس سے یہ مفہوم اخذ کرے گا کہ وہ پہلا لفظ اب ہر جگہ حاضر و ناظر ہے دیگر تمام الفاظ کے ذرہ ذرہ کائنات میں موجود تمام کاغذوں کے ذرہ ذرہ میں وہ پہلا لفظ موجود ہے؟۔ ہر گز نہیں مگر خدا ان بدعتیوں کو سمجھ دے جو اس کا یہی مطلب بیان کر رہے ہیں۔

خامسا: حقیقت محمدیہ کی جو تعریف راقم نے نقل کی ہے وہ میری ذاتی تحقیق ہے جو بزرگوں کے اقوال سے مجھے سمجھ آئی اگر کسی کا ذوق و تحقیقی مزاج یا ''کشف'' اس کے خلاف ہو تو اس کو اختلاف کا مکمل حق دلیل کے ساتھ حاصل ہے، بشرطیکہ قرآن و حدیث کی نصوص سے تعارض نہ آتا ہو کیونکہ **ولا مشاحۃ فی الاصطلاح**۔ لیکن یاد رہے کہ عقیدہ اس سے پھر بھی

ثابت نہ ہوگا۔

حقیقت محمدیہ اور پیر نصیر الدین گولڑوی

پیر نصیر صاحب لکھتے ہیں:

"بعض کم علم (جیسا کہ بدعتی۔از ناقل) حقیقت محمدیہ سے مراد رسالت مآب ﷺ کی معروف ذات لیتے ہیں جو غلط محض ہے صوفیاء کے نزدیک جب ذات بحت نے تنزل فرمایا تو اس کا سب سے پہلا تعین حقیقت محمدیہ تھا اور جب آنحضرت ﷺ نے عروج کیا تو آپ کو اس ذات عروج کی انتہاء تنزل کی ابتداء تھی معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کے عروج اور ذات باری تعالی کے نزول کا نقطہ حقیقت محمدیہ ہے"۔

(راہ ورسم منزلہا، ص 64,63)

(دروس مناظرہ، ص 491 تا 495)

موصوف نے شیخ صاحب کا ایک حوالہ اپنے ہی بدنام زمانہ رسالہ "کلمہ حق" سے پیش کیا اب اپنے گھر کا حوالہ پیش کرنے پر خود رضاخانی کیسے درگت بناتے ہیں وہ بارہا ہم ذکر کر چکے ہیں مگر چونکہ نسل اعلی حضرت کو اعلی حضرت سے بے شرمی ڈھٹائی کی "اعلی حضرت شلوار" خلافت میں ملی ہے لہذا بار بار نقل کرنے کا کوئی فائدہ بھی نہیں۔

رضاخانی لکھتا ہے:

"اس کے بعد اگر کہیں رب تعالی حضور ﷺ کے جسم پاک کو ایسی حالت و قدرت بخشی ہے کہ جس جگہ چاہیں تشریف لے جائیں خواہ بعینہ اس جسم سے خواہ جسم مثالی سے خواہ آسمان پر خواہ زمین پر خواہ قبر میں یا اور کہیں تو درست ہے قبر سے ہر حال میں خاص نسبت رہتی ہے"۔

(مدارج النبوۃ، جلد دوم، ص 450، حنفیت کے باغی دیوبندی، ص 227)

اب اس جاہل سے کوئی پوچھے کہ اس میں مسئلہ حاضر و ناظر کہاں ہے؟ کیونکہ تمہارا مسئلہ حاضر و ناظر کا عقیدہ تو یہ ہے کہ کائنات کے ذرے ذرے کا علم حضور ﷺ رکھتے ہیں جو پکارے حضور مدد

کیلئے پہنچ جاتے ہیں کائنات کے ہر ذرے میں حضور موجود ہیں حضور اپنے جسم کے ساتھ ہر جگہ موجود ہیں ہر ایک ہی پکار سنتے ہیں صرف حضور ہی نہیں بلکہ معاذ اللہ شیطان بھی ان تمام خصوصیات کا حامل ہے۔

شیخ صاحب نے جو لکھا ہے ہم اس کے مخالف نہیں یہ جاہل دوسروں کو عقیدہ نہ پڑھنے کا طعنہ دیتا ہے جبکہ احمق خود پرلے درجے کا جاہل ہے۔محدث کبیر حضرت شیخ خلیل احمد سہارنپوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"یہ عقیدہ سب کا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور عالم غیب میں اور جنت میں جہاں چاہیں باذنہ تعالی چلتے پھرتے ہیں اور اس عالم میں بھی حکم ہو تو آسکتے ہیں اور صلوۃ و سلام ملائکہ پہنچاتے ہیں اور اعمال امت آپ ﷺ پر پیش ہوتے ہیں اور جس وقت حق تعالی چاہے دنیا کے احوال کشف ہو جاتے ہیں اس میں کوئی مخالف نہیں"۔

(البراہین القاطعہ،ص 203،204 وتفریح الخواطر،ص 73)

تو جاہل انسان! جس چیز کے ہم منکر ہی نہیں جسے ہم بطور نظریہ تیری نطفہ حرام کے قرار پکڑنے سے پہلے ہم کتابوں میں لکھ چکے ہیں آج اس کا منکر کہہ کر پھر اس عبارتیں پیش کرتے ہوئے ذرا حیاء نہیں آتی؟۔

او ہم تجھے بتاتے ہیں کہ تیرے حاضر و ناظر کا عقیدہ کیا ہے اس گندے عقیدے کی رو سے تیرا اچھروی لکھتا ہے:

"حضور ﷺ زوجین کے جفت ہونے کے وقت بھی حاضر ناظر ہوتے ہیں"

(مقیاس حنفیت،ص 282)

علامہ نقشبندی صاحب نے اپنی کتاب میں اس گستاخانہ کفریہ عبارت پر طویل تبصرہ کیا تھا جسے یہ تیجے کا حلوہ سمجھ کر ہضم کر گیا غیرت ہے تو شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے یا سادات احناف سے یہ پیش کر کہ معاذ اللہ جب الیاس عطار زوجہ محترمہ پر چڑھا ہوا ہوتا ہے تو اس وقت بھی حضور ﷺ حاضر و ناظر ہوتے ہیں یہ اصل تمہارا غلیظ عقیدہ ہے جسے کبھی حیاۃ الانبیاء اور کبھی عرض

اعمال کی آڑ میں چھپانے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔

رضاخانیوں کو کھلا چیلنج

علامہ نقشبندی صاحب ”دروس مناظرہ“ میں فرماتے ہیں:

”بدعتیوں سے صرف نبی کریم ﷺ کے حاضر و ناظر ہونے پر مناظرہ نہ ہوگا بلکہ شیطان کے حاضر و ناظر ہونے پر بھی مناظرہ ہوگا۔

مفتی احمد یار گجراتی صاحب لکھتے ہیں:

”شیطان ہر جگہ حاضر و ناظر ہے“۔

(نورالعرفان ص 184 از مفتی احمد یار خان نعیمی)

یہی مفتی صاحب لکھتے ہیں:

”ابلیس کی نظر تمام جہاں پر ہے کہ وہ بیک وقت سب کو دیکھتا ہے اور تمام مسلمانوں کے ارادوں بلکہ دل کے خطرات سے بھی خبردار ہے کہ نیک ارادے سے بازرکھتا ہے اور برے ارادے کی حمایت کرتا ہے“۔

(تفسیر نعیمی ج3 ص114 آیت نمبر 268)

یہی عقیدہ ان بدبختوں کا نبی کریم ﷺ کیلئے ہے۔

نواب احمد رضا خان کی مصدقہ کتاب ”انوار ساطعہ“ میں ہے:

”تماشا یہ ہے کہ اصحاب محفل میلاد تو زمین کی تمام جگہ پاک و ناپاک، مجالس مذہبی وغیرہ میں حاضر ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوی نہیں کرتے ملک الموت اور ابلیس کا حاضر ہونا اس سے بھی زیادہ تر مقامات پاک ناپاک، کفر غیر کفر میں پایا جاتا ہے“۔

(انوار ساطعہ ص 359)

یعنی یہ شیطان کو نبی کریم ﷺ سے زائد مقامات پر حاضر وناظر مانتے ہیں اب جہاں اپنے عقیدے میں حضور ﷺ کے حاضر وناظر کو لکھیں گے وہاں اپنے پیر شیطان کا بھی ذکر کریں گے۔اوراس کے حاضر وناظر ہونے پر بھی دلائل دیں گے"۔

لہذا غیرت کروسادات احناف سے یہ ثابت کروکہ صرف حضور ﷺ ہی نہیں بلکہ معاذاللہ شیطان بھی ہر جگہ بلکہ حضور ﷺ سے زائد مقامات پر حاضر ناظر ہے استغفراللہ۔

دیوبندی علماء کی عبارات اور لایعنی بھرتی

صفحہ نمبر 226 پھر صفحہ 231 تا236 مولانا غازی ابو بکر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا انصر باجوہ صاحب کے حوالے سے فضول بکواسات اور صفحات کے صفحات سیاہ کئے اس کا اصولی جواب کتاب کے شروع میں "چوتھا اصول" پڑھ لیں بلکہ تعویذ بنا کر گلے میں ڈال لیں جہاں ہم نے کسی عالم دین کی کسی بھی عبارت کا جواب نہ دیا ہوا ہو تو اس کا جواب یہی اصول نمبر 4 ملاحظہ فرمالیں۔

مختصر جواب یہ ہے کہ علامہ ابو بکر غازی پوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کتاب غیر مقلدین کی بدنام زمانہ کتاب "الدیوبندیہ" کے جواب میں الزاما لکھی گئی ہے لہذا وہ ساری جروحات الزاما ہیں ۔کیونکہ الدیوبندیہ میں بھی اس قسم کی صوفیاء کی عبارات کشف وغیرہ کی بنا پر سعودی علماء کو یہ تاثر دیا گیا تھا کہ یہ بریلوی ہیں معاذاللہ تو علامہ غازی پوری صاحب نے وہی کچھ عربی میں الزاماان کے گھر سے نقل کر دیا۔

فیض احمد اویسی لکھتے ہیں:

"اہل علم کے ہاں مسلم ہے کہ جب کوئی مضمون محقق ومسلم مضمون کے خلاف ہو تو اس کی تاویل ضروری ہے"۔

(تحقیق الاکابر،ص199)

پس شیخ کی تعظیم علمائے دیوبند کے ہاں مسلم ہے لہذا یہ عبارات موول ہیں۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات

اس کے بعد ملا علی قاری کی عبارت لان روحه علیه حاضرة فی بیوت اهل الاسلام پیش کی۔

اس کا منہ توڑ جواب امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ دے چکے ہیں۔موصوف کو بھی اس کا علم ہے لہذا کہتا ہے:

"تحریفات کے وہ پہاڑ توڑے کہ الامان والحفیظ لیکن مزے کی بات یہ کہ ان پہاڑوں کو دارالعلوم کراچی ہی کے مفتیوں نے زمین بوس کر دیا"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص237)

کہاں زمین بوس کیا ہے؟ جب موصوف پیش کریں گے تو ہم حاضر ہیں مگر پھر موصوف فیس بک پر یہ رنڈی رونا نہ رونا کہ اصول اصول کیوں کھیل رہے ہو؟ یہ بھی مت بھولے کہ خود موصوف بھی علم غیب میں ملا علی قاریؒ کی ایک عبارت کو "کاتب" کے کھاتے میں ڈال چکے ہیں۔لہذا اب تو اس عبارت میں "لا" کو لانا اور کاتب کے کھاتے میں لا کا نہ ڈالنا ہمارے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوگیا ہے۔

ثانیا ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی یہ عبارت خود رضاخانیوں کے بھی خلاف ہے کیونکہ رضاخانی کہہ چکے ہیں کہ حاضر و ناظر کا مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنی قبر انور میں موجود ہیں اور ساری کائنات کو ملاحظہ فرمارہے ہیں جبکہ اس میں تو ہے کہ حضور ﷺ کی روح ہر مسلمان کے گھر میں ہوتی ہے جو رضاخانیوں کا اس باب میں عقیدہ ہی نہیں۔

مزے کی بات یہ کہ خان صاحب بریلوی مسلمانوں کی روحوں کو بھی گھروں میں مانتے ہیں اس پر کتاب بھی لکھ چکے ہیں "اتیان الارواح" جو فتاوی رضویہ کی جلد نہم میں ہے تو کیا اب ہر مسلمان بھی رضاخانیوں کے ہاں حاضر ناظر ہے؟

اس کے بعد ص 237 پر جتنی عبارات پیش کی ہیں ان سب کا تعلق "عرض اعمال" سے ہے جس کے ہم منکر نہیں البتہ ایک عبارت پر موصوف کو بڑا ناز ہے ملاحظہ ہو:

"فیه تنبیه انه صلی الله علیه وسلم حاضر ناظر فی ذالك العرض

الا کبر

اوراس میں ایک بہت بڑی تنبیہ ہے کہ سرکار دوعالم ﷺ اس بڑی پیشی میں حاضر و ناظر ہوں گے۔(مرقاۃالمفاتیح شرح مشکاۃالمصابیح، جلد10ص210 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)

ہوسکتا ہے کہ کوئی اسمعیلی وہابی یہ کہے کہ اس عبارت سے کیسے عقیدہ ثابت ہوسکتا ہے تو اس کے جواب میں میں کہتا ہوں اسی طرح جس طرح وہابی اسمعیلی ابوایوب نے ثابت کیا۔

وہابی اسمعیلی حاضر و ناظر کی نفی کرتے ہوئے لکھتا ہے:

مشہور یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ رقیہ کے فوت ہونے کے وقت حاضر نہ تھے۔

(راہ سنت شمارہ1،ص39)

مزید لکھتے ہیں: اس وقت آپ مدینہ شریف میں موجود نہ تھے۔

(راہ سنت شمارہ3،ص39)

اگر وہابی اسمعیلی ابوایوب کی ان عبارات سے حاضر و ناظر کی نفی ہوسکتی ہے تو اسی وہابیہ اسمعیلیہ کے اصول سے اثبات بھی ہوسکتا ہے۔۔۔بالخصوص آخری عبارت تو وہابیہ دیوبندیہ کے منہ پر وہ طمانچہ ہے جس کو یہ ساری زندگی نہیں بھول سکتے کہ ملا علی قاری نے بیک وقت حاضر ناظر کے الفاظ سرکار دوعالم ﷺ کیلئے لکھے ہیں"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص238)

واقعی! رضاخانی بولتے تو ہیں سمجھتے نہیں اعلیٰ حضرت فاضل ازفضلہ جاہلوں کے پیشوا تھے۔ابھی میں مختصر جواب دینے لگا ہوں اس جواب سے اندازہ لگاؤ کہ جس دن تم میدان مناظرہ میں ہمارے ہاتھ لگے ہم تمہارا کیا حشر کریں گے؟۔

(ا)**اولا** یہ عبارت رضاخانیوں کے عقیدہ کے خلاف ہے کیونکہ ملا علی قاریؒ جس موقع پر حضور ﷺ کو حاضر و ناظر کہہ رہے ہیں وہ تو شفاعت کبری یوم القیامۃ کا دن ہے جبکہ تم نے جو عقیدہ لکھوایا ہے اس میں روضہ رسول ﷺ سے تمام کائنات کو دیکھنا حاضر و ناظر ہے گویا اس مقام پر تم بھی حضور ﷺ کو حاضر و ناظر نہیں مانتے۔

(۲) **ثانیاً** ہم صرف حضور ﷺ ہی نہیں بلکہ کسی بھی زندہ انسان کے حاضر و ناظر ہونے کے منکر نہیں علامہ نقشبندی صاحب یوں عرض کرتے ہیں:

"ہم حاضر و ناظر کے بھی منکر نہیں

یاد رہے کہ ہم حضور ﷺ کیلئے صرف لفظ "حاضر و ناظر" کے منکر نہیں اس لئے کہ جس وقت جہاں آپ ﷺ موجود تھے ادھر حاضر تھے اور جس چیز کو ملاحظہ فرمارہے تھے اس پر ناظر بھی ہیں۔ مثلاً میں اس وقت آپ کے درمیان موجود ہوں تو اس کو آپ حاضر سے بھی تعبیر کرسکتے ہیں جیسا کہ آپ کی ابھی حاضری لی گئی تو ہر ایک جو یہاں موجود تھا وہ حاضر ہوں، حاضر ہے سے اپنی حاضری کا ثبوت دے رہا تھا تو کیا اس سے یہ ثابت ہوگیا کہ اب وہ ہر جگہ بھی حاضر و ہر ایک پر ناظر ہے؟ ایک محاورہ مشہور ہے کہ چوہے کو بھٹکری کیا ملی میڈیکل سٹور کھولنے کا سوچنے لگا یہی حال اہل بدعت کا ہے انہیں اگر کہیں صرف "حاضر" یا "ناظر" کا لفظ مل جائے تو فوراً چیخنے لگ جاتے ہیں دیکھو تم نبی ﷺ کو حاضر و ناظر نہیں مانتے۔

او بھائی! اس معنی میں اس کا کون منکر ہے؟ اختلاف تو اس میں ہے کہ جو تو نے حاضر و ناظر کا عقیدہ بتایا ہے جرات ہے تو اس کے مطابق اپنا عقیدہ قرآن و حدیث سے ثابت کر کے دکھا"۔

(دروس مناظرہ، ص 501)

کاش کہ یہ رضاخانی اس بکواسی کتاب پر وقت برباد کرنے کے بجائے ایک دفعہ "دروس مناظرہ" دیکھ لیتا تو یہ ذلیل نہ ہوتا۔

باقی علامہ ابو ایوب قادری صاحب زید مجدہ کی عبارات سے معارضہ کرنا جہالت و توجیہ القول بما لا یرضی بہ قائلہ ہے کیونکہ قادری صاحب کی پیش کردہ عبارات واقعی تمہارے عقیدہ حاضر و ناظر پر رد ہیں وہ محض حاضر و ناظر کے الفاظ سے تمہارے عقیدہ پر رد نہیں کررہے ہیں ان کا مقصد یہ ہے کہ رضاخانی ہر جگہ حضور ﷺ کو حاضر و ناظر مانتے ہیں گویا

عقیدہ ''موجبہ کلیہ'' ہے جس کی نقیض ''سالبہ جزئیہ'' ہے لہذا اگر کسی ایک مقام میں بھی آپ ﷺ کا حاضر نہ ہونا ثابت ہوگیا تو رضاخانیوں کا عقیدہ باطل یعنی رضاخانیوں کو اپنے عقیدہ کیلئے تو ہر جگہ حضور ﷺ کا حاضر و ناظر ہونا ثابت کرنا ہوگا جبکہ ہم اگر ایک جگہ بھی حضور ﷺ کا حاضر نہ ہونا ثابت کر دیں تو ہمارا مدعا ثابت ہو جائے گا۔ بس یہی قادری صاحب نے کیا لیکن حرام کے حلوے کھا کھا کر جس کے دماغ پر تیل چڑھ گیا ہو اس کی سیدھے طریقے سے بات کہاں سمجھ آنے والی ہے؟

علامہ محمد طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ

اس کے بعد صفحہ 238 تا 239 علامہ محمد طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ کی دو عبارات جو ایک ہی مضمون کی ہیں اس کو پیش کیا حالانکہ اس عبارت کا تعلق ''عرض اعمال'' سے ہے جس پر ما قبل میں بحث ہو چکی ہے۔ رضاخانیوں کے بھی خلاف ہے کیونکہ اس میں تو صرف امت محمدیہ ﷺ کے شہیدوں کی گواہی کا ذکر ہے یا فقط امتیوں پر اجمالی ناظر ہونے کا ذکر ہے جبکہ رضاخانی تو کہتے ہیں کہ تمام کائنات کے ذرے ذرے پر نظر ہے جس کا دور دور تک حضرت پٹنی کی عبارت میں کوئی ذکر نہیں۔

اگر غیرت ہے تو عرض اعمال کی عبارات پیش کرنے کے بجائے اپنا کفریہ عقیدہ کسی حنفی سے پیش کرو کہ معاذ اللہ حضور ﷺ ہر جگہ جسم کے ساتھ حاضر و ناظر ہیں یا ہر ایک کی دور و قریب سے سنتے ہیں عالم الغیب ہونے کی وجہ سے اور ہر ایک کی مشکل کشائی کرتے ہیں۔ محض ناظر یا حاضر کے لفظ پر اچھلنے سے مقصد حاصل نہیں ہوگا۔

اگر محض ناظر یا حاضر کے الفاظ سے موصوف کے ہاں عقیدہ حاضر و ناظر ثابت ہو جاتا ہے تو یہی علامہ طاہر پٹنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ مجمع بحار الانوار کی ج 3 ص 267 میں شہید کو ''لانہ حی لم یمت کانہ شاھد ای حاضر ''۔ پھر تو ہر شہید کو آج سے حاضر و ناظر کہو۔

مزے کی بات کہ اگلے صفحہ پر لکھا ہے: زوجھا حاضر''

(مجمع بحار الانوار، ج 3، ص 268)

اب موصوف کو چاہئے کہ ہر بیوی کے شوہر کو بھی ''حاضر ناظر'' مان ۔ خاص کر اپنی بیگم کے پاس تو مجھے ''حاضر'' ہی مان ۔ کیونکہ ملا علی قاری کی عبارت میں فقط حاضر و ناظر اور پٹنی کی عبارت میں محض ناظر کے لفظ سے موصوف جب ہر جگہ حاضر و ناظر کا عقیدہ بنا سکتے ہیں تو شوہر کے ساتھ بھی ''حاضر'' کے لفظ کے ساتھ بندہ عاجز پیر مظفر حسین شاہ کے گھر میں ''حاضر و ناظر'' کیوں نہیں ہوسکتا ؟

نیز علامہ طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

''یرید ان شہادتہم بالہام اللہ ''۔(مجمع بحار الانوار، ج3،ص269)

یعنی صحابہ گواہی دیں گے ان کی یہی گواہی اللہ کے الہام کی بنا پر ہوگی۔

تو حضور ﷺ بھی جو مجاہدین کی گواہی دیں گے وہ عرض اعمال کی وجہ سے یا اللہ کی طرف سے وحی کی وجہ سے نہ یہ کہ معاذ اللہ حضور ﷺ علم غیب او رہر جگہ حاضر و ناظر ہیں ۔

علامہ اسمعیل حقی و شاہ صاحب

صفحہ 240 تا245 علامہ اسمعیل حقی کے حوالے دئے اگر چہ اس کا منہ توڑ جواب بھی ہمارے پاس ہے لیکن ہم اصولی جواب دیتے ہیں کہ ہمارے لئے معتبر نہیں علامہ کوثری کے جو مقالات کا حوالہ پیش کیا اس کا جواب جلد اول میں گزر چکا۔

شاہ صاحب کی عبارت کا تعلق عرض اعمال سے ہے نیز شاہ صاحب کے علم غیب کے کفر ہونے پر عبارات جلد اول میں گزر چکی ہیں اور رضا خانی تسلیم کر چکے ہیں کہ دونوں ایک ہیں یا کم از کم علم غیب کی فرع ہے پس جب علم غیب شاہ صاحب کے ہاں کفر تو لامحالہ حاضر و ناظر بھی کفر۔

ص246 تا253 پر کئی صفحات سیاہ کر دئے اور مسئلہ عرض اعمال مختلف کتب سے پیش کیا جس کے ہم منکر نہیں اسی طرح مختلف تفاسیر سے شاھدا کا معنی پیش کیا کہ قیامت کے دن آپ ﷺ امتوں کی گواہی دیں گے جس کے ہم منکر نہیں تفصیل امام اہلسنت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ''تبرید النواظر'' میں دیکھیں یا علامہ نقشبندی صاحب کی ''دروس

مناظرہ'' دیکھیں ۔آپ موصوف کی جہالت کا اندازہ اس سے لگائیں کہ کتاب میں کبھی عقیدہ حاضر ناظر میں کہتا ہے کہ حضور ﷺ قبر میں تشریف فرماہیں اور کائنات کے ذرہ ذرہ کو ملاحظہ فرمارہے ہیں کبھی عبدالحکیم شرف قادری کی عبارت ناقص پیش کرتا ہے جس میں ہے کہ حضور ﷺ کی روحانیت ونورانیت ہر جگہ حاضر وناظر ہے اور دلائل میں بعض تفاسیر سے نقل کررہا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سامنے اللہ نے عرش تا فرش منکشف کردیا اب عقیدہ کیا ہے اور بک کیا رہا ہے؟ لیکن صفحات بھی تو سیاہ کرنے ہیں۔

آپ اس آدمی کی حواس باختگی کا اندازہ اس سے لگائیں کہ علامہ آلوسی حنفیؒ کی حوالے سے ہمیں کہہ رہا ہے کہ:

''النبی اولی بالمومنین ای احق و اقرب الیھم من انفسھم نبی علیہ السلام مومنوں کی جانوں کی نسبت زیادہ حق رکھتے ہیں اوران کے زیادہ قریب ہے ۔۔۔اب وہابی اسمٰعیلی کو چاہئے کہ علامہ آلوسی جن کو وہ بہت ہی معتبر مانتا ہے ان کے قول پر عمل کرتے ہوئے سرکاردوعالم ﷺ کو (اگر وہ بزعم خود اپنے کو مومن کہتا ہے) تو اپنی جان سے بھی زیادہ قریب مانے ورنہ۔۔۔(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول، ص 248)

حالانکہ جان سے قریب تیرے منحوس وجود کے دنیا میں آنے سے پہلے امام حجۃ الاسلام قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ''تحذیر الناس'' میں مان چکے ہیں جسے تو نے بھی کتاب میں پیش کیا اور علامہ نقشبندی صاحب اس پر ''دروس تحذیر الناس'' میں ایسی محققانہ عاشقانہ بحث کرچکے ہیں کہ تیرے بڑے قیامت تک پیدا ہوجائے ایسی گفتگو نہیں کرسکتے۔

لیکن علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کی اس عبارت سے تو بے ایمان ضرور ہے اس لئے کہ علامہ آلوسی تو بقول تیرے ہر مومن کی جان سے زیادہ قریب حضور ﷺ کو مانتے ہیں اور تو کہتا ہے کہ نہیں وہ تو قبر میں تشریف فرماہیں۔

انوارشریعت کی عبارت پر تکلیف

موصوف نے پورا صفحہ اس پر سیاہ کیا ہے کہ علامہ نقشبندی صاحب نے تو دعوی سادات

حنفیہ کا کیا تھا اور حوالہ انوار شریعت کا دیا کیا انوار شریعت والا سادات احناف میں سے ہے؟

(ملخصا حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول ص 253)

عرض ہے کہ علامہ نقشبندی صاحب نے انوار شریعت کا حوالہ اس لئے نقل کیا تھا کہ اس نے احناف کا فتوی نقل کیا تھا انوار شریعت کی عبارت میں صاف بزازیہ کا حوالہ موجود تھا۔کیا بزازیہ والا حنفی نہیں؟۔عجیب تم علمائے دیوبند سے اپنا موقف ثابت کرو تو دلیل اور ہم پیش کریں تو واویلا؟

صفحہ 254 و 255 پر شاہ اسمعیل شہید پر بکواس کی ہے کہ وہ اللہ کو مکان سے پاک ماننے کو بدعت حقیقیہ کہتے ہیں معاذاللہ جس کا منہ توڑ جواب دفاع اہل السنۃ جلداول میں دے دیا گیا ہے۔

مخلوق کیلئے حاضر ناظر کا اقرار اور رضاخانی کا دماغ خراب

موصوف نے کلمہ حق سے سرقہ کرتے ہوئے براۃ الابرار پر اعتراض کیا کہ اس میں شیطان کو ہر جگہ حاضر و ناظر مانا اور صفحہ 256 و 257 اسی پر سیاہ کئے۔پھر صفحہ 279 پر دوبارہ یہ حوالہ نقل کر کے پھر پورا صفحہ سیاہ کیا ہے۔حالانکہ اس کا منہ توڑ جواب علامہ معاویہ قادری صاحب اس وقت دے چکے ہیں جب موصوف خان صاحب کی طرح ''شلوار'' کے بغیر گھومتے۔نورسنت کے شمارہ نمبر 13 میں حشمت علی رضوی کی اس بکواس کا جواب ''حشمتی ڈیڑھ ورقی کا رد بلیغ'' سے صفحہ 28 سے شروع ہوتا ہے۔ہم اس سے مختصر انداز میں پیش کرتے ہیں:

''حشمت علی نے براۃ الابرار پر اعتراض کرتے ہوئے لکھا ہے۔

''اس کتاب کے صفحہ 57 پر۔۔۔صاحب لکھتے ہیں ملک الموت اور شیطان مردود کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا نص قطعی سے ثابت ہے اور محفل میلاد میں جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا تشریف لانا نص قطعی سے ثابت نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اور طرہ یہ کہ اسی کفری مضمون کو براہین قاطعہ کی اس صفحہ 51 والی کفری عبارت کا مطلب بتایا ہے۔

(ص 3،4 کلمہ حق نمبر 9)

ان سب حضرات کا عقیدہ اس عبارت سے یہ ثابت ہوگیا کہ وہ حضرت ملک الموت علیہ الصلاۃ والسلام اور شیطان لعین کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا نص قطعی سے ثابت مانتے ہیں لیکن جو شخص رسول اللہ ﷺ کو یہ مانے کہ جہاں محفل میلاد شریف ہوتی ہے وہاں ۔۔۔تشریف فرما ہوتے ہیں اس بے چارے کو یہ حضرات وہابیہ دیوبندیہ مشرک و بے ایمان جانتے ہیں ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔

جواب:

افسوس مولوی حشمت علی نے اسی دھوکے اور دجل کا مظاہرہ کیا جس کا مظاہرہ مولوی احمد رضاخان نے حسام الحرمین میں کیا تھا۔

پس منظر:

قارئین کرام! اہل السنت والجماعت میں سے مولانا عبدالجبار عمر پوری نے ایک استفتاء کے جواب میں لکھا تھا کہ:

''آنحضرت ﷺ کا محفل میلاد میں تشریف لانے کا اعتقاد کرنا شرک ہے اس لیے کہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کی صفت خداوند تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، خداوند تعالیٰ نے اپنی خاص صفت کسی دوسرے کو عنایت نہیں فرمائی۔''

یہ فتویٰ جب مولوی عبدالسمیع رامپوری کے پاس پہنچا تو انہوں نے اس کے جواب میں کتاب لکھی جس کا نام ''انوار ساطعہ'' رکھا جس کے اوپر مولوی احمد رضا خان کی تقریظ موجود ہے۔ اس انوار ساطعہ کے جواب میں ''براہین قاطعہ'' لکھی گئی جو مولانا خلیل احمد سہارنپوری ؒ نے لکھی ۔مولوی عبدالسمیع رام پوری نے مولانا عبدالجبار عمر پوری کی اس عبارت کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت کسی کو عطا نہیں کی، کا رد کرتے ہوئے لکھا کہ:

''اللہ تعالیٰ کی صفت اسی طرح اور اسی حقیقت سے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے دوسرے میں نہیں ہوتی اور خصوصیت کے یہ معنی ہیں کہ یوجد فیہ ولا یوجد فی غیرہ

اور روئے زمین پر کل جگہ موجود ہو جانا تو کچھ خاص مخصوص خدا کے ساتھ نہیں ۔۔۔ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ملک الموت ہر جگہ حاضر ہے بھلا ملک الموت تو ایک فرشتہ مقرب ہے دیکھو شیطان ہر جگہ موجود ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔یعنی اللہ تعالیٰ نے شیطان کو ۔۔۔دیدی ہے جس طرح ملک الموت کو سب جگہ موجود ہونے پر قادر کر دیا ہے ۔(انوار ساطعہ ص 359۔)

مولوی عبد السمیع رامپوری کی اس عبارت سے تین باتیں پتہ چلیں ۔

۱۔ بریلویوں کے نزدیک ہر جگہ حاضر ناظر ہونا اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ نہیں ۔

۲۔ ملک الموت اور شیطان ملعون ہر جگہ حاضر ہیں ۔

۳۔ زمین میں یہ قدرت شیطان اور ملک الموت کو اللہ تعالیٰ نے دی ہے ۔

اب ملاحظہ فرمائیں ''براۃ الابرار'' کی عبارت جو کے مولوی حشمت علی نے نامکمل نقل کی:

''اسی قصہ (حضرت ابراہیم علیہ والسلام والا) کے مطابق جب اہل بدعت سے مولوی عبد الجبار صاحب عمر پوری نے کہا کہ آنحضرت ﷺ کا محفل میلاد میں تشریف لانے کا اعتقاد کرنا شرک ہے اس لیے کہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کی صفت خداوند تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے خداوند تعالیٰ نے اپنی خاص صفت کسی دوسرے کو عنایت نہیں فرمائی مولوی عبد السمیع صاحب رامپوری نے کہا کہ حاضر و ناظر ہونے کی صفت خداوند تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ،نہیں بلکہ دوسروں میں بھی پائی جاتی ہے چنانچہ ملک اور شیطان ہر جگہ حاضر و ناظر ہے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ملک الموت اور شیطان مردود کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا نص قطعی سے ثابت اور محفل میلاد میں جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا تشریف لانا نص قطعی سے ثابت نہیں ہے اس بات کو سن کر تمام اہل بدعت مثل نمرود مردود کے حیران رہ گئے'' ۔(ص 59 براۃ الابرار)

وضاحت عبارت:

قارئین کرام ! مؤلف کتاب ''براۃ الابرار'' مولانا عبد الرؤف خان ؒ نے اس عبارت سے پہلے براہین قاطعہ کا پس منظر بیان کیا ہے اور بے شمار جگہ اس بات کو بریلوی اہل بدعت کی

انتہائی گستاخی کہا ہے کہ:

۱۔ بریلویوں نے شیطان اور ملک الموت کو حاضر ناظر مان کر اللہ جل شانہ کی صفت خاصہ کا انکار کر کے گستاخی کی۔

۲۔ بریلویوں نے شیطان کے حاضر و ناظر ہونے پر (نعوذ باللہ) پیارے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عظیم المرتب ہستی کو قیاس کر انتہائی گستاخی کی ۔

ان دونوں امور کے اوپر براۃ الابرار سے ہی عبارات پیش خدمت ہیں جن سے واضح پتا چلتا ہے کہ مؤلف مولانا عبدالرؤف خان شیطان کو حاظر ماننے پر اور مقیس علیہ بنانے کو انتہائی گستاخی سمجھتے ہیں اور بریلویوں کے اصولوں کے مطابق یہی ان کا عقیدہ سمجھا جائے گا۔ملاحظہ ہو۔

۱۔ ''برادران اسلام! واضح ہو کہ مولوی عبدالجبار صاحب عمر پوری کا قول کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت کسی دوسرے کو عنایت نہیں فرمائی بالکل صحیح ہے اس میں ذرہ برابر شک و شبہ نہیں اور مولوی عبدالسمیع صاحب رامپوری اس کے رد میں لکھتے ہیں کہ ملک الموت اور شیطان ہر جگہ حاضر و ناظر ہے اگر ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کی صفت اللہ تعالی شانہ کیلئے مخصوص ہوتی تو ملک الموت اور شیطان ہر جگہ حاضر و ناظر نہ ہونا دیکھئے ۔حضرات! ذرا غور سے کہ یہ شخص (عبدالسمیع رامپوری) خداوند تعالیٰ کی مخصوص صفت کا انکار کر رہا ہے اور ملک الموت اور شیطان کو اللہ تعالی شانہ کے مقابلہ میں لا کر اللہ تعالیٰ شانہ کی توہین کر رہا ہے جائے تعجب ہے۔ اس پر کوئی لعن طعن نہیں کرتا حالانکہ اللہ تعالیٰ شانہ کی وہ عالیی شان ہے ھو الاول والاخر و الظاھر والباطن یعنی وہی اول ہے وہی آخر وہی ظاہر ہے وہی باطن وہ اپنی ذات اور صفات میں یکتا ہے لیس کمثلہ شئی یعنی اس کی مثال کوئی شے دنیا میں نہیں ہے ۔وہ خالق و مالک ہے ملک الموت اور شیطان لعین وغیرہ کو اللہ تعالیٰ شانہ نے پیدا کیا ہے، نعوذ باللہ ملک الموت اور شیطان علیہ اللعن اللہ تعالیٰ شانہ کے برابر کیسے ہو سکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ شانہ کی مخصوص صفت اس میں کیسے ہو سکتی ہے''۔(ص 50 براۃ الابرار)

دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں:

۲۔ ''برادران اسلام! واضح ہو کہ مولوی عبدالسمع رامپوری نے پہلے اللہ تعالیٰ شانہ کی مخصوص صفت کاانکار کیااور وہی صفت ملک الموت اور شیطان لعین ثابت کر کے اللہ تعالیٰ شانہ کی توہین کی اور اللہ تعالیٰ شانہ اور ملک الموت اور شیطان لعین کے اندر کوئی فرق باقی نہیں رکھا برابر کر دیا، پھر یہاں تک بڑھے کہ ملک الموت اور شیطان کے ہر جگہ حاضر ہونے پر حضور اکرم ﷺ کے محفل میلاد میں تشریف لانے کا قیاس کر کے حضور اکرم ﷺ کی کھلی ہوئی توہین کی''۔(ص r51 براۃ الابرار)

۳۔ ''خلاصہ یہ کہ اس نے اللہ و رسول ﷺ کی سخت توہین کی اور اپنے اس عیب کو چھپانے کیلئے عوام میں اپنے آپ کو عاشق رسول ﷺ ظاہر کر کے محفل میلاد مع قیام کرنے لگا''۔(ص 51 ایضاً)

۴۔''آپ علیہ السلام کے مقابلہ میں کون ہوسکتا ہے شیطان سے آپ کو افضل کہنا کھلی ہوئی توہین نہیں تو کیا ہے؟ یقیناً توہین ہے''۔(ص 53)

۵۔ ''مولوی عبدالسمیع صاحب رامپوری نے اللہ تعالیٰ شانہ کی مخصوص صفت ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کاانکار کیااور وہی صفت ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کی ملک الموت اور شیطان مردود کیلئے ثابت کر کے اللہ تعالیٰ شانہ کے برابر کر دیا یہ کھلی ہوئی بے ادبی اور گستاخی اور توہین اللہ تعالیٰ شانہ ہے، ملک الموت اور شیطان کے ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے پر جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے محفل میلاد میں تشریف لانے کا قیاس کر کے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کھلی ہوئی توہین اور گستاخی اور بے ادبی کی ہے''۔(ص 59 ایضا)

قارئین کرام! یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ بریلویوں کے نزدیک شیطان اور ملک الموت جو ہر جگہ حاضر ناظر ہے وہ ان کے نزدیک اللہ کی عطا سے ہے چنانچہ مولوی عبدالسمیع رامپوری لکھتا ہے

''اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اس بات کی قدرت دیدی ہے جس طرح ملک الموت کو سب

جگہ موجود ہونے پر قادر کر دیا ہے"۔(انوار ساطعہ،ص 357)

چنانچہ ان تمام حوالاجات سے یہ ثابت ہوا کہ شیطان کو ہر جگہ اللہ کی عطا سے حاضر ناظر سمجھنا بریلویوں کا عقیدہ ہے۔(ان کے اصولوں کے تحت)

موجودہ دور کے بھی بریلوی حضرات شیطان کے اس خود ساختہ مرتب کا اظہار بڑی خوشی سے کرتے ہیں مثلاً مفتی احمد یار نعیمی لکھتے ہیں کہ:

"جب رب نے گمراہ کو اتنا علم دیا ہے کہ وہ (شیطان) ہر جگہ حاضر ناظر ہے"۔

(نورالعرفان ص 243)

مولانا ابوکلیم صدیق فانی صاحب مولوی عبدالسمیع رامپوری وکالت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اللہ نے شیطان کو اس بات کی قدرت دی ہے جس طرح ملک الموت کو سب جگہ موجود ہونے پر قادر کر دیا ان احادیث نبویہ اور بزرگان دین کے ارشاد کی روشنی میں اگر مولانا عبد السمیع رامپوری نے درج ذیل عبارت لکھ دی ہے تو کون سا جرم کیا ہے جس کی وجہ سے تم نے آسمان سر پر اٹھالیا ہے"۔(آئینہ اہل سنت ص 412)

ان سب حوالاجات سے معلوم ہوا کہ شیطان کو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ہر جگہ حاضر ناظر سمجھنا بریلویوں کا عقیدہ ہے۔جس پر ان کے نزدیک آیات و احادیث موجود ہیں۔

اب آتے ہیں "براۃ الابرار" کی اصل عبارت کی طرف مولانا عبد الرؤف خان صاحبؒ نے اصل تنازعے کو ملخصا بیان کیا۔اور اس میں مولوی عبد السمیع رامپور، جو اہل بدعت میں سے ہیں کا عقیدہ ملخصا لکھا اس کے بعد لکھا کہ:

"مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ملک الموت اور شیطان مردود کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا نص قطعی سے ثابت ہے اور محفل میلاد میں جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا تشریف لانا نص قطعی سے ثابت نہیں ہے"۔

مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی طرف جو اس جملے کی نسبت کی گئی ہے اس کی حقیقت یہ

ہے کہ مولانا عبد الروف خان نے خلاصہ اور مفہوما یہ بیان کیا ہے کہ مولوی عبد السمیع رامپوری کا عقیدہ شیطان کو حاضر ناظر سمجھنے کا ہے"مولانا خلیل احمدؒ'' نے الزامی طور پر حجت قائم کرتے ہوئے بریلویوں کو کہا کہ جب تمہارے نزدیک شیطان اور ملک الموت کا حاضر ناظر ہونا نص قطعی سے ہے (جیسا کہ اوپر با حوالہ گزر چکا ہے) تو تمہیں چاہئے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حاضر ناظر ہونے پر بھی کوئی نص پیش کرو۔ مولانا عبدالرؤف خان جو کہ خلاصہ کے طور پر بات پیش کررہے ہے اس لیے انہوں نے بریلویوں کے دلائل کا جواب الزامی طور پر قائم کیا۔ کہ جب تمہارے نزدیک ایسا ہے کہ شیطان حاضر و ناظر ہے تو تمہیں چاہے کہ اپنے زعم کے مطابق کوئی نص یا دلیل آقا علیہ السلام نے محفل میلاد پر حاضر ہونے پر پیش کرو۔ چونکہ تمہارے پاس کوئی دلیل اس امر کی نہیں ہے لہٰذا پتا چلا کہ پہلا مقدمہ یعنی شیطان کا حاضر ناظر بھی باطل ہے۔

حاصل کلام، یہ کہ شیطان کے حاضر ناظر سمجھنے کی بات الزامی حوالے کے طور پر کی گئی تھی نہ کہ یہ ہمارا قول و مسلک کے طور پر۔

دلائل:

ہمارے اس جواب پر درج ذیل دلائل ہیں

۱۔ تمام رضا خانیوں کو چیلنج ہے کہ وہ کہیں سے کوئی عبارت دکھا دیں جس میں مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ نے شیطان کے حاضر ناظر ہونے کا قول کیا ہے۔

۲۔ ما قبل میں حوالے پیش کیے جا چکے ہیں جس میں اللہ کی عطا کردہ قدرت کے طور پر شیطان کو حاضر ناظر ماننا بریلویوں کا عقیدہ ثابت کیا گیا ہے۔ جب ان کا عقیدہ ہے تو ان ہی پر الزامی طور پر پیش کیا جائے گا۔

۳۔ مولانا عبدالرؤف خان کے پانچ حوالے پیش کیے جا چکے ہیں جس میں انہوں نے شیطان کے عطائی طور پر حاضر ناظر ماننے کے عقیدے کو بریلویوں کی انتہائی کھلی گستاخی قرار دیا ہے اور یہ عبارت جس پر اعتراض کیا گیا ہے وہ بھی مولانا عبدالرؤف خان صاحبؒ کی

ہے جو یقینا انہوں نے بریلویوں کا رد کرتے ہوئے الزامی طور پر لکھی ہے ۔اپنے موقف کی تائید میں بریلوی حوالہ پیش خدمت ہیں۔

بریلوی حوالہ جات:

ا۔ بانی بریلوی مذہب مولانا احمد رضا خان لکھتے ہیں

''عقیدہ وہ ہوتا ہے جو متون یا تراجم ابواب وفصول یا فہرست وفہذا لک عقائد میں لکھتے ہیں وہی اہل سنت کا معتقد ہوتا ہے وہی خود ان علماء دین کا معتمد ہونا ہے ہنگامہ ذکر وابحاث مناظرہ جو کچھ لکھ جاتے ہیں اس پر نہ اعتماد ہے نہ خود ان کا اعتقاد ہے''۔

(ص136 جلداول کلیات مکاتیب رضا)

بریلوی مسلک کے مناظر اشرف سیالوی لکھتے ہیں۔

''اس صورت میں اس جواب کا مدار الزام اور خصم پر ہے اور یہ جدلی انداز ہے لہٰذا اس کو گستاخی اور کفر قرار نہیں دیا جاسکتا''۔(مناظرہ جھنگ ص155)

آخر میں اتمام حجت کیلئے خود مولوی حشمت علی کی عبارت ہی پیش خدمت ہے۔

مولوی حشمت علی لکھتا ہے:

''حضرت ملک الموت علیہ الصلوٰۃ السلام (صلاۃ انبیاء کے ساتھ خاص صرف تبعیت کے طور پر غیر نبی کیلئے استعمال ہوسکتا ہے) اور شیطان ملعون کے لیے تو ہر جگہ حاضر وناظر ہونا نص قطعی سے ثابت بتادیا (یہ باحوالہ ثابت کیا جاچکا ہے کہ یہ بریلویوں کا عقیدہ ہے) لیکن حضور اقدس محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صرف محفل میلاد اقدس ہی میں تشریف لانے کا نص قطعی سے ثبوت ہونے کا قطعاً انکار کردیا اور طرہ یہ کہ اسی کفری مضمون کو براہین قاطعہ کی اس صفحہ ۵۱ والی کفری عبارت کا مطلب بتایا ہے''۔(یہ بہتان ہے)۔(ص4،3 کلمہ حق نمبر9)

قارئین!! حشمت علی نے شیطان اور ملک الموت کے حاضر ناظر ہونے کو کفری مضمون کہا ہے اور ما قبل میں ثابت کیا جاچکا ہے کہ یہ بریلویوں کا اپنا عقیدہ ہے جس کو حشمت علی نے کفریہ مضمون کہا۔ یوں خود حشمت علی نے عبدالسمیع رامپوری اور دیگر بریلوی علماء کے حق میں کفر کا

فتوی لگادیا۔

بالفاظ دیگر، خود اپنے الفاظ کی روشنی میں یوں پھنس گئے کہ جاہ کن جاہ در پیش ولا یحقق المکر السی الا باھلہ۔ برا مکر کرنے والے کا مکر خود اسی پر پلٹ پڑتا ہے۔

(نور سنت شمارہ 13، ص 37 تا 43)

ایک اور مختصر جواب یہ ہوسکتا ہے کہ فیض احمد اویسی لکھتے ہیں:

''اہل علم کے ہاں مسلم ہے کہ جب کوئی مضمون محقق و مسلم مضمون کے خلاف ہو تو اس کی تاویل ضروری ہے''۔

(تحقیق الاکابر، ص 199)

پس دیوبندی خصوصا حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری صاحبؒ شیطان کو حاضر و ناظر نہیں مانتے یہ مسلمہ مضمون کے خلاف ہے لہذا عبارت موول ہوگی۔

علامہ خالد محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت

صفحہ 257 و 258 پر علامہ خالد محمود صاحب کا حوالہ پیش کیا اسی کو صفحہ 280 پر پیش کر کے پورا صفحہ سیاہ کیا پوری کتاب میں اس خبیث کی یہی عادت ہے کہ ایک ہی حوالے کو کئی مقامات پر صرف ایک ہی مقصد کیلئے نقل کرتا ہے اور نت نئی گالیاں شامل کر کے کتاب کی ضخامت کو بڑھاتا رہتا ہے۔ عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ کرشن کو سبع سنابل کے حوالے سے متعدد مقام پر مانا اور پھر کہا کہ:

''ادھر اس کو کوئی موت نہیں آئے گی اور نہ ہی سادات احناف کے فتوے سنائے گا جب بھی اس کا بغض نکلے گا اہلسنت پر ہی نکلے گا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول، ص 258)

حالانکہ جاہل انسان اول تو یہ گفتگو الزامی ہے ثانیا سادات کا فتوی اس لئے نہیں لگے کہ علامہ نقشبندی صاحب نے جس حاضر و ناظر کے عقیدہ پر کفر کا فتوی لگایا ہے وہ ان الفاظ میں تو نے خود لکھا ہے:

''اس ذات کے علاوہ کسی مخلوق خواہ وہ نبی کریم ﷺ ہی کیوں نہ ہوں ہر جگہ ہر مقام ہر آن ہر گھڑی حاضر و ناظر ماننا کفر ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول ص255)

تو خبیث انسان! اب تیری ہی زبانی میں کہ علامہ خالد محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے:

''انہی الفاظ کو ہمارا عقیدہ اور ہمارے معتبر اکابرین سے ثابت کرے ایک لفظ بھی کم نہیں ہونا چاہئے''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول ص255)

اللہ کو ہر جگہ حاضر و ناظر ماننا

صفحہ 258 تا 261 کچھ دیوبندی علما کے حوالے پیش کئے کہ اللہ کو حاضر و ناظر نہیں کہنا چاہئے کتاب کے شروع میں ''اصول نمبر 4'' کے تحت ہم ان کے جواب دہ نہیں۔

البتہ اب اسی طرز پر ذرا رضا خانیوں کی تضاد بیانی ملاحظہ اور پھر اس تضاد بیانی پر جتنی بکواس علامہ نقشبندی صاحب کے حق میں کی ہے اپنے ان خنزیروں کے حق میں قبول کرلے جو اللہ کو حاضر و ناظر مان رہے ہیں اور دوسرے خنزیر کہہ رہے ہیں کہ نہیں یہ غلط ہے۔

اللہ کے حاضر و ناظر ہونے میں رضا خانی دست و گریبان

''بدعتی مذہب میں اللہ تعالی کو حاضر ناظر ماننا بے ایمانی ہے

{۱} امیر دعوت اسلامی الیاس عطار رضوی صاحب اللہ تعالیٰ کو مطلق حاضر ناظر ماننے سے انکار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''سوال: اللہ عزوجل کو حاضر ناظر کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟؟

جواب: نہیں کہہ سکتے''۔

(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال و جواب ص 571 مطبوعہ مکتبہ المدینہ کراچی)

{۲} نواب احمد رضا خان بانی بریلویت لکھتے ہیں:

''اللہ عزوجل شہید و بصیر ہے۔اسے حاضر و ناظر نہ کہنا چاہیے''۔

(فتاوی رضویہ جلدنمبر 14 ص688-689)

ایک جگہ یوں اللہ کو حاضر ناظر کہنے سے منع کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''سوال: خدا کو ہر جگہ حاضر کہنا کیسا ہے؟

جواب: اللہ عزوجل ہر جگہ سے پاک ہے یہ لفظ بہت برے معنی کا احتمال رکھتا ہے اس سے احتراز لازم ہے''۔

(فتاوی رضویہ جلد 14 ص 640-641،کفریہ کلمات کے بارے میں سوال و جواب ص572)

{۳} بریلوی حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی گجراتی صاحب لکھتے ہیں کہ:

''ہر جگہ میں حاضر ناظر ہونا خدا کی صفت ہر گز نہیں''

(جاء الحق ص168)

آگے اسی طرح حاضر ناظر کے متعلق ہرزہ سرائی کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''خدا کو ہر جگہ میں ماننا بے دینی ہے''۔

(ایضاً ص169)

{۴} بریلوی ملک العلماء مولانا ظفر الدین قادری رضوی صاحب اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر کہنے سے انکار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لازم ہے ۔عوام اس قدر تفصیل وتاویل میں تو جا نہیں سکتے البتہ ان کے غلط عقیدہ پر چل جانے کا مظنہ قوی ہوجاتا ہے ۔دعوت کے کسی سابقہ شمارہ میں اگرکہیں غوث الثقلین کے الفاظ آئے ہیں تو وہ صرف عرف مشہور کی بنا پر ہیں ۔جس میں اس کے ظاہری معنی مراد نہیں ۔اگر وہ معنی مراد لئے جائیں جو ہم نے عرض کئے تو پھر اس میں کچھ حرج نہیں“۔

(عبقات، جلداول،ص97،96)

خط کشیدہ عبارات کو بار بار پڑھ اور ڈوب مر!!۔علامہ صاحب پر تو اس نے پورا صفحہ سیاہ کر یا کہ ہائے مفتی احمد یار گجراتی کی عبارت میں خیانت کی!! سیاق وسباق کے ساتھ نقل نہیں کیا!!اور خو ایسا خبیث ہے کہ پورے پورے صفحات ہضم کر جاتا ہے۔

یہ وہ مکمل سیاق وسباق جس کے تحت علامہ صاحب ؒ”غوث الثقلین“ کہہ رہے ہیں ۔کیا رضاخانی بھی اسی معنی میں شیخ عبد القادر جیلانی ؒ کو غوث الثقلین مانتے ہیں؟ ہرگز نہیں ۔ رضاخانی ایسی خبیث قوم ہے کہ عبارت ہماری پیش کرتے ہیں اور معنی اپنا من مانا کرتے ہیں ۔بھائی ہم سے جو اصطلاح پیش کر رہے ہوتو معنی بھی تو ہم ہی سے پیش کرو۔آگے جا کر علامہ نقشبندی صاحب کے ہر حوالے پر بار بار یہ بکواس کرے گا کہ ہمارے کس مستند عالم نے یہ کہا؟ تو اپنا کوئی کفر معاذ اللہ تم نے علمائے دیوبند کی عبارت سے پیش کرنا ہوتو صرف عبارت پیش مت کیا کرو بلکہ تشریح کے نام پر جو بکواس کشید کرکے پھر پورا پورا صفحہ گالیاں بکتے ہو وہ بکواس بھی انہی کی عبارت سے اپنے اصول بلفظہ بعینہ پیش کیا کرو۔

چونکہ رضاخانی اس معنی میں غوث الثقلین نہیں مانتے بلکہ آپ کو مستقل مختار کل مافوق الاسباب پر قادر مان کر پھر عالم الغیب وحاضر وناظر کے عقیدہ سے پکارتے ہیں اس لئے ان کا غوث الثقلین کہنا یقیناً شرک وکفر ہے ۔رضاخانی فقیہ ملت لکھتا ہے:

”۔لیکن نیتوں کے بدلنے سے حکم بدل جائے گا“۔

(فتاوی فقیہ ملت، جلد دوم،ص 283)

تو تم جب شرکیہ عقیدہ سے ”غوث الثقلین“ کہو گے تو حکم کچھ اور ہوگا اور جب ہم صحیح معنی و

نیت سے کہیں گے تو شرک کا حکم یک دم بدل جائے گا۔ مگر اس جاہل کو ان باتوں کی کیا خبر؟

پیر نصیر الدین گولڑی اس ''غوث اعظم'' پر اپنے رضا خانیوں کا منہ یوں کالا کرتے ہیں:

''غوث اعظم کے حقیقی معنی اور مفہوم

حضرت پیران پیرؒ کے مشہور زمانہ القاب میں سے ایک لقب غوث اعظم بھی ہے۔ جس کے معنی ہیں بہت بڑا امداد کرنے والا۔ یہ لقب آپؒ کیلئے بطور علم بھی استعمال ہوتا ہے ہم بھی اپنی تحریروں اور اشعار میں اسے استعمال کرتے ہیں ہمارے معترض فرماتے ہیں کہ جب اللہ کے سوا کسی سے استعانت کرنا شرک ہے اور اعانت کرنا اللہ ہی کا کام ہے تو پھر پیران پیر کو غوث اعظم کیوں کہتے ہو؟

جواباً گزارش ہے کہ اگر غوث اعظم کا جو مفہوم لغوی ہے اُس کا خیال رکھا جائے تو متعدد خرابیاں لازم آتی ہیں۔

1- رسالہ غوث اعظم میں جب اللہ تعالیٰ نے شیخ عبد القادر جیلانی کو یا غوث الاعظم فرمایا ہے تو کیا آپ اللہ کے لئے بھی غوث اعظم ہیں؟ آپ اللہ کی بھی بہت مدد فرمانے والے ہیں؟ کیا اللہ بھی آپ کی مدد کا محتاج ہے؟ اور کیا اللہ بھی بوقتِ مشکل آپ کو یا غوث الاعظم کہہ کر پکارتا ہے اور آپ سے دستگیری کا طلب گار ہوتا ہے؟ یہ سب باتیں صریح کفر و شرک ہیں۔ بلکہ اللہ کی طرف سے یا غوث الاعظم کہنے کی تاویل یہ کرنا پڑے گی کہ اللہ فرماتا ہے اے میرے وہ بندے! جو انبیاء و مرسلین اور صحابہ کرام کے بعد **اپنی کوشش و کاوش، جد و جہد، تبلیغ اور تعلیم کے ذریعے میرے دین متین کی بہت مدد کرنے والا ہے یا اپنی تبلیغ و تعلیم اور مواعظ و خطبات کے ذریعے میرے بندوں کو مشرکانہ عقائد سے بچا کر صراط مستقیم اور عقائد صحیحہ پر قائم رکھنے میں تُو نے بہت اہم کردار ادا کیا ہے اور ہر قسمی شرک کی نفی کر کے میرے بندوں کے قلوب و اذہان سے شرکیہ جراثیم کے نکلنے کا ذریعہ بنا ہے تو یوں اس معاملے میں بعد از انبیاء و مرسلین اور صحابہ کرام تو میرے بندوں کے**

لئے بہت مدد کرنے والا یعنی غوث اعظم ہے۔ یہ تاویل کرنا ضروری ہے ورنہ معاملہ مزید الجھ جائے گا۔

2- حقیقی معنی کے لحاظ سے غوث اعظم اللہ کی ذات ہے کسی اور کو یہ لقب دینا شرک ہے بلکہ حقیقی غوث بھی اللہ تعالیٰ ہی ہے۔۔۔۔۔

غوث اعظم میں غوثیت عظمیٰ حقیقی نہیں بلکہ اضافی ہے جیسا کہ مناطقہ کے نزدیک حصر حقیقی اور حصر اضافی یا جزئی حقیقی اور جزئی اضافی ہوتی ہے۔ اگر غوثیت حقیقی والے معنی لیں گے تو یہ شرک ہوگا البتہ اضافی لیں گے تو شرک نہ ہوگا کیونکہ حقیقی **مافوق الاسباب امور** عادیہ وغیر عادیہ میں غیر متناہی اور لامحدود غوثیت فرمانے والا صرف اللہ ہے''

(اعانت واستعانت کی شرعی حیثیت، ص 17 تا 20)

تو معلوم ہوا کہ غوث کا معنی کیا ہے؟ رضاخانی یہ سوال بھی بہت کرتے ہیں کہ یہ مافوق الاسباب ماتحت الاسباب کی تقسیم کہاں ہے؟ تو یہ اپنے اس ابو سے پوچھو جو اس تقسیم کو تسلیم کر کے مافوق الاسباب میں کسی کو غوث کہنے کو شرک کہہ رہا ہے تو چونکہ رضاخانی اسی شرکیہ معنی میں غوث اعظم کہتے ہیں لہذا پکے مشرک بے ایمان مرتد ہوئے اور ملاعلی قاری ؒ اور علامہ خالد محمود صاحب ؒ نے چونکہ اس معنی میں نہیں کہا لہذا پکے موحد اہلسنت ہوئے۔

اب رضاخانی خود ہی فیصلہ کرے کہ منہ سوائے تیرے اور پیر مظفر حسین شاہ کے اور تو کسی کا کالا نہ ہوا۔

رضاخانی مذہب کتاب کا حوالہ اور ملاعلی قاری ؒ زد میں

پھر اس نے ''رضاخانی مذہب'' نامی کتاب کا حوالہ دیا اور صفحہ 336، 337 دو صفحے اس پر سیاہ کئے کہ یہ کتاب دس سے زائد دیوبندیوں کی تصدیق شدہ کتاب ہے اور اس میں ملاعلی قاری ؒ کے ذکر کردہ واقعہ کو کفر وشرک کہا گیا ہے۔ (ملخصا)

جواب: اولا: رضاخانی مذہب نامی کتاب ''الزامی'' طرز پر لکھی گئی ہے جس کی وضاحت کتاب میں موجود ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ:

''حضرت علامہ صاحب کی یہ کتاب اس سلسلے میں پہلی کتاب نہیں بلکہ بقول ان کے رد عمل ہے تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر کے ایک رضاخانی مولوی غلام مہر علی بریلوی صاحب کی انتہائی بد دیانتی پر مبنی کتاب دیوبندی مذہب کا''۔

(رضاخانی مذہب، حصہ اول، ص 13، طبع اول)

اور یہ رضاخانی قاعدہ اور اصول ہے کہ:

''دیوبندی مولویوں کی لیاقت کا عالم یہ ہے کہ علمائے اہل سنت کی دیوبندیوں کے رد میں کتب میں دیوبندیوں پر نقد کی عبارات میں الزامی اور تحقیقی نقد کو سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہیں تو پھر ان کی علمی لیاقت کا اندازہ لگانا کسی بھی سلیم العقل کے لیے مشکل نہیں ہے''۔

(کنزالایمان اور مخالفین ص 12)

تو جاہل انسان! ''رضاخانی مذہب'' نامی کتاب کا یہ نقد الزامی طرز ہے لیکن تیری قابلیت ولیاقت یہ ہے کہ تجھے الزامی و تحقیقی طرز میں فرق معلوم نہیں کم از کم بقول جلالی اس بھینگے کاشف اقبال رضاخانی ہی سے معلوم کرلے۔

ثانیا: دس کیا بیس مولویوں نے اس کی تصدیق کی ہو اگر مقدمہ میں ذکر کردہ اصول کے مطابق ہمارے اکابر ہیں تو فبہا ورنہ تو اپنے رضاخانی کے بقول ایسا خبیث ہے کہ اپنے مسلمہ اصول کی خلاف ورزی کرنے پر بھی تجھے حیا نہیں آتی۔

ثالثا: رضاخانی مذہب والے نے محض اس واقعہ پر یہ فتوے نہیں لگائے بلکہ اس واقعہ کی آڑ میں رضاخانیوں کے اس عقیدہ پر فتوی لگایا ہے جسے خود ابو حامد مرزائی نے یوں نقل کیا:

''رضاخانی اہل بدعت اس قسم کی من گھڑت باتیں بیان کرکے عوام کو یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے غلاموں کی ہر جگہ اور ہر وقت دستگیری مشکل کشائی حاجت روائی فرماتے ہیں جب ہی حضرت پیران پیر کو پکارا جائے تو وہ فورا مدد کو پہنچتے ہیں یہ عقیدہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے خلاف ہے اور جو بات شریعت اسلامیہ

کے خلاف ہو وہ مردود ہے‘‘۔

(رضاخانی مذہب ،ص248 بحوالہ حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول ،ص 336، 337)

ہم کہتے ہیں کہ صاحب رضاخانی مذہب نے بالکل درست کہا اس نے تو مردود کہا ہم کہتے ہیں کہ کفروشرک ہے۔اب اگر تجھ میں غیرت ہے کہ تو ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ سے ثابت کرے کہ انہوں نے بھی اس جھوٹے واقعہ کو اس ضمن میں نقل کیا کہ وہ:

’’حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو ہر جگہ اور ہر وقت دستگیری مشکل کشائی حاجت روائی فرمانے والا سمجھتے ہیں اور یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ جب بھی حضرت پیران پیر کو پکارا جائے تو وہ فورا مدد کو پہنچتے ہیں؟‘‘۔

اگر نہیں اور یقینا نہیں تو جب ملا علی قاریؒ اس عقیدہ کے ساتھ اس کو نقل ہی نہیں کر رہے ہیں اور واقعہ میں ایسی کوئی بات بھی نہیں جس پر فتوے لگ رہے ہیں تو رضاخانی مذہب والے کے فتوے ملا علی قاریؒ پر کیسے لگیں گے؟ ہاں تجھ جیسے مشرک و پلید پر ضرور لگیں گے کیونکہ اس واقعہ کی آڑ میں تو یہی کفریہ شرکیہ عقیدہ ثابت کرنا چاہتا ہے۔

یہ آدمی یا تو نرا جاہل ہے کہ اسے سیدھی سادھی اردو کی عبارات سمجھ نہیں آتی یا دجل و فریب ہے میں ’’مظہر اعلی حضرت‘‘ ہے جو جان بوجھ کر عبارت کچھ ہوتی ہے۔۔فتوی کچھ ہوتا ہے۔۔۔استدلال کچھ ہوتا ہے۔۔۔اور اس کی بکواس کچھ ہوتی ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی عبارات سے استدلال

موصوف نے اپنے گندے شرکیہ عقیدہ کے اثبات کیلئے اپنی جہالت کی وجہ سے مکھی پر مکھی مارتے ہوئے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے حوالہ جات پر بھی کافی اوراق سیاہ کئے ہیں۔اولا تو شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ تمہارے نزیک فقیہ ہی نہیں اور حضرت نقشبندی صاحب کا موقف ان مسائل کا ثبوت فقہا احناف سے پیش کرنا تھا۔رضاخانی مولانا غلام رسول سعیدی لکھتا ہے:

''شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی تمام ترعلمی خدمات اور عظمتوں کے باوجود بشر اور انسان تھے نبی اور رسول نہ تھے ان کی رائے میں خطا ہوسکتی ہے نیز ان کو ایک محدث کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے ان کو فقیہ نہیں مانا گیا۔نہ ان کی کسی کتاب کو کتب فتاوی میں شمار کیا گیا ہے''۔

(شرح مسلم،ج6،ص446)

آلوسی علیہ الرحمۃ کی عبارات کا ایک جواب یہ بھی رضاخانی نے دینے کی کوشش کی کہ دیوبندی ان کی آرا سے اختلاف کرتے ہیں تو اس کو دلیل میں کیسے پیش کرسکتے ہیں تو یہاں بھی ہم رضاخانی کو یہی جواب دیں گے۔

ثانیا شیخ ؒ کی ان عبارتوں کا مطلب شیخ ؒ ہی کی زبانی نمرود زمانہ ابوجہل ثانی احمد رضاخان فاضل ازفضلہ بریلوی یوں لکھتا ہے:

''نہ معلوم وہ ستمداد وامداد سے کیا چاہتے ہیں کہ یہ فرقہ اس کا منکر ہے ہم جہاں تک سمجھتے ہیں وہ یہ ہے کہ **دعا کرنے والا خدا سے دعا کرتا ہے اور اس بندہ مقرب کی روحانیت کو وسیلہ بناتا ہے یا اس بندہ مقرب سے عرض کرتا ہے کہ اے خدا کے بندے اور اس کے دوست میری شفاعت کیجئے اور خدا سے دعا کیجئے کہ میرا مطلوب مجھے عطا فرماوے** ۔اگر یہ معنی شرک کا باعث ہو جیسا کہ منکر کا خیال باطل ہے تو چاہئے کہ اولیاء اللہ کو ان کی حیات دنیا میں بھی وسیلہ بنانا اور ان سے دعا کرانا ممنوع ہو حالانکہ یہ بالاتفاق مستحب ومستحسن اور دین میں معروف مشہور ہے۔''

(فتاوی رضویہ جلدنہم ص794،795)

تومرزائی جی ! جہاں انبیاء علیہم السلام سے استمداد یا اولیاء اللہ کی ارواح سے استمداد، استعانت، توسل،تشفع کے واقعات واقوال ہیں جس پر صفحات کے صفحات آپ نے سیاہ کردئے اس کا مطلب یہ نہیں کہ رضاخانیوں کی طرح ان کیلئے معاذ اللہ لامحدود قدرت وعلم و اختیار کرکے بالذات ان سے پکارا اور مانگا جائے حضرت شیخ ؒ کے بقول اس کی مثال

محض دعا عرض کرنے کی ہے یعنی یا تو اللہ سے دعا مانگی جا رہی ہے اور بزرگ کو محض وسیلہ بنایا جا رہا ہے اگر سماع موتی کا قائل نہیں اور اگر سماع موتی کا قائل ہے اور بزرگ کو پکار رہا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ بزرگ تو دے تجھے مختار کل ہے نہیں دینا اللہ نے ہے مختار کل اللہ ہے آپ صرف اللہ کی بارگاہ میں عرض کر دیجئے جیسا کہ دنیا میں ہم ایک دوسرے کو دعاوں کی درخواست کرتے ہیں تو کیا اس سے ہم مختار کل ہو جاتے ہیں؟

اس تفصیل کے بعد اب اس کے حوالوں پر ایک نظر کرتے جائیں۔ صفحہ 337 338, پر اس نے شیخ جیلانی ؒ کا قول نقل کیا کہ مشکل میں مجھے پکارو اس بے سند قول کا جواب ما قبل میں تفصیل کے ساتھ گزر چکا ہے۔

پھر ''رضا خانی مذہب'' کتاب کا حوالہ دیا گیا کہ اس میں اس قول کو جھوٹ کہا گیا ہے۔ تو رضا خانی مذہب نامی کتاب میں جو اس قول کو جھوٹ کہا گیا بالکل سچ کہا کیونکہ شیخ کا یہ قول خود ان کی تصنیفات کے خلاف ہے کہ شیخ وفات کے وقت اپنے بیٹے کو نصیحت کر چکے تھے کہ رب کے سوا مصیبت میں کسی کو نہ پکارنا۔ تفصیل کیلئے ''رضا خانی مذہب، ص 231، حصہ سوم'' یا علامہ نقشبندی صاحب کا رسالہ ''شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے عقائد و نظریات'' ملاحظہ ہو۔

باقی ملا علی قاری ؒ یا شیخ عبد الحق محدث دہلوی ؒ کی کتاب میں اگر شیخ کی طرف منسوب یہ جھوٹا قول نقل ہو گیا تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ ان بزرگ کا عقیدہ ہو یا یہ قول درست ہو۔ رضا خانی محقق لکھتا ہے:

''ایک روایت کا متعدد بار نقل ہونا اس کے معتبر ہونے کی دلیل نہیں''۔

(فجر منیر، ص 164)

اس کے بعد شیخ ؒ کی ''اخبار الاخیار'' سے ایک اور جھوٹ شیخ کی طرف سے نقل کیا کہ شیخ جیلانی ؒ کہتا ہے کہ میری مرید کی مشرق میں پردہ دری ہو رہی ہو میں مشرق سے اس کی پردہ پوشی کروں گا۔ قیامت تک ہر مرید کی دستگیری کروں گا۔

(ملخصا حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص 339 تا 341)

اس پر ہماراوہی تبصرہ ہے جوموصوف نے دوصفحات پر''رضاخانی مذہب'' سے نقل کیا ہے کہ یہ قول بکواس ہے، جھوٹ ہے،کذب بانی ہے،کسی بے حیاء نے گھڑاہے۔

درایۃ بھی اس لئے غلط ہے کہ روز پاکستان میں مزارات پر بیسیوں قادریہ عورتوں کی عصمت دریاں ہوتی ہے شیخ توایک دن ان کی پردہ پوشی کیلئے نہیں آئے، فیس بک پر ایسی کئی ویڈیوز وائرل ہے جس میں علمائے دیوبند پر بکواس کرتے ہوئے رضاخانی مولوی کی شلوار سٹیج پر ہی اتر جاتی ہے مگر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اس کاناڑا کسنے تو نہ آئے۔

آج رضاخانی ضال ومضل ہے یہ شیخ کے مرید ہونے کادعوی کرتے ہیں اگر شیخ جیلانیؒ واقعی دستگیری کرتے تو سب سے پہلے ان کو ہدایت دلواتے۔پچھلے دنوں شیخ جیلانیؒ کے مرید تیمور رضاخانی کی اپنی بے پردہ ماں کے ساتھ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی لیکن شیخؒ اس کی پردہ پوشی کیلئے تو نہ آیا۔

اگر یہ قول سچا ہے تو علامہ نقشبندی صاحب فیس بک پر شائع کر چکے ہیں کہ میں الیاس عطار کے توسط سے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا مرید ہو چکا ہوں شیخؒ نے میری دستگیری کردی ہے اب کسی رضاخانی کو مجھ پر بھونکنے کی اجازت نہیں۔

اس کے بعد شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی جو عبارت نقل کی اس کا ترجمہ اس کے قلم سے یوں ہے:

''نبی علیہ السلام و دیگر انبیاء کرام کے علاوہ اور اہل قبور سے مدد مانگنے کا بہت سے فقہا نے نے انکار کیا۔۔۔اور مشائخ صوفیا اور بعض فقہا نے اس کو ثابت کیا ہے اور یہ امر اہل کشف وکمال کے درمیان ثابت شدہ ہے اور ان کے نزدیک اس میں کوئی شک نہیں یہاں تک کہ ان میں سے کثیر کو ارواح سے فیوض حاصل ہوتے ہیں اور اس گروہ کا نام ان کی اصطلاح میں اویسیہ ہے۔امام شافعی فرماتے ہیں کہ حضرت موسی کاظم کی قبر قبولیت دعا کیلئے آزمودہ تریاق ہے اور امام محمد غزالی نے فرمایا کہ جس سے زندگی میں مدد مانگی جاسکتی ہے اس سے بعد وفات بھی مدد مانگی جاسکتی ہے اور مشائخ میں سے کسی نے فرمایا کہ میں نے مشائخ میں سے

چار کو دیکھا کہ وہ اپنی قبور میں بھی ایسے ہی تصرف کرتے ہیں جیسے اپنی حیات میں کرتے تھے ایک حضرت معروف کرخی ہیں اور دوسرے شیخ عبدالقادر جیلانی ہیں اور دو ان کے علاوہ کوئی اور ہیں"۔ (لمعات التنقیح، ج4،ص215)

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص342)

پھر اسی قسم کی عبارت مکتوبات شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے حوالے سے ص344 پر نقل کی۔

موصوف یہ عبارت نقل کرکے سمجھ رہا ہے کہ ہم نے بہت بڑا تیر مارلیا حالانکہ ابو حامد رضوی کا نطفہ پیدا ہونے سے پہلے شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ عبارت "فتاوی رشیدیہ" میں نقل کر دی گئی تھی۔ بہرحال اس عبارت سے بھی استدلال درست نہیں۔

اولاً تو اس عبارت میں رضاخانیوں کا وہ شرکیہ کفریہ عقیدہ کہاں ہے جو کچھ اس طرح ہے:

"تمام جہان حضور کے تحت تصرف کر دیا گیا، جو چاہیں کریں، جسے جو چاہیں دیں، جس سے جو چاہیں واپس لے لیں، تمام جہاں میں ان کے حکم کو پھیرنے والا کوئی نہیں، تمام جہاں ان کا محکوم ہے،۔۔۔تمام جنت ان کی جاگیر ہے، ملکوت السموت والارض حضور کے زیر فرمان، جنت و نار کی کنجیاں دست اقدس میں دے دی گئیں، رزق و خیر اور ہر قسم کی عطائیں حضور کے قبضہ میں کر دیئے گئے کہ جس پر جو چاہیں حرام فرمادیں جو چاہیں حلال کر دیں اور جو فرض چاہیں معاف فرمادیں۔۔۔۔الوہیت ہی وہ کمال ہے کہ زیر قدرت ربانی نہیں باقی تمام کمالات تحت قدرت الٰہی ہیں۔۔۔۔اور زید کا یہ قول کہ خدا تعالی نے انہیں سب کچھ عطا کر دیا اور مختار کل بنادیا یقیناً حق ہے"۔

ثانیاً: جب شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خود وضاحت کر دی کہ اولیاء اللہ سے مدد کے کثیر فقہا منکر ہیں تو ہمارا مدعیٰ ثابت کیونکہ ہم نے مسائل فقہا سے ثابت کرنے کا دعویٰ کیا تھا نہ کہ صوفیا سے۔

ثالثاً: حضرت کی اس عبارت کا تعلق "توسل" سے ہے جیسا کہ فتاوی رضویہ کی عبارت

میں سے ہم نے شیخؒ کا موقف واضح کر دیا۔ چونکہ انبیاء علیہم السلام کے سماع میں کسی کو انکار نہیں لہذا ان سے توسل میں بھی کسی کو کلام نہیں۔ لیکن چونکہ عام مردوں کے سماع میں اختلاف ہے بقول شیخ محدث دہلوی کثیر فقہا عدم سماع کے قائل ہیں لہذا انہیں پکار کر توسل کے بھی منکر ہیں کیونکہ ان کی پکار تو ان اولیا تک جائے گی نہیں جو یہ سن کر پھر اللہ کی بارگاہ میں دعا کریں۔

مگر رضا خانی کا دجل وفریب ملاحظہ ہو:

''اس عبارت سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ یا دیگر انبیائے کرام سے مافوق الاسباب مانگنے میں کسی کا اختلاف نہیں''۔

(حنفیت کے باغی یو بندی وہابی جلد اول، ص342)

استغفر اللہ! مشرک کے بچے اس کا کفر و شرک ہونا تو پیر نصیر الدین گولڑوی کے حوالے سے گذر چکا۔ یہ اس قدر جاہل ہے کہ مافوق الاسباب مدد پر اجماع نقل کر رہا ہے۔ حالانکہ مافوق الاسباب مدد کا مطلب تو یہ ہوگیا کہ کوئی مخلوق کسی کی ایسی مدد کرے جس میں کوئی سبب کارفرما نہیں جب کوئی سبب کارفرما نہیں تو وہ مدد تو ''ذاتی'' ہوگئی اور ذاتی کو یہ خود بھی شرک مانتے ہیں مگر شرک کی نحوست کو دیکھیں کہ اسے یہ بھی نہیں معلوم ہو رہا کہ میں کیا بک رہا ہوں؟

شیخ محدث دہلویؒ کی عبارت میں کہیں بھی ''مافوق الاسباب'' کا ذکر نہیں مگر اس رضا خانی کے دجل وفریب کو دیکھیں۔ پھر مزید دجل وفریب پھیلاتے ہوئے کہتا ہے کہ شیخ کی اس عبارت میں معاذ اللہ مافوق الاسباب مدد مراد ہے کیونکہ شیخ اولیاء اللہ سے مدد مانگنے کے منکر ہو رہے ہیں فقہا کے حوالے سے اگر ماتحت الاسباب مدد ہوتی تو اس کا منکر تو کوئی نہیں کیا اولیاء اللہ ماتحت الاسباب مدد نہیں کرتے؟ اولیاء اللہ سے اس کا انکار ہی بتا رہا ہے کہ مراد مافوق الاسباب ہے۔

(ملخصا حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص343)

واقعی پروفیسر مسعود نے صحیح کہا تھا کہ احمد رضا خان جاہلوں کے پیشوا تھے۔ جاہل انسان یہاں اولیاء اللہ سے استمداد و توسل کا انکار ماتحت الاسباب یا مافوق الاسباب کی وجہ سے نہیں کیا جا رہا ہے بلکہ سماع و عدم سماع کے اعتبار سے کیا جا رہا ہے چونکہ انبیاء کے سماع عند القبور میں کسی کو اختلاف نہیں لہذا ان کی قبور مطہرہ پر جا کر ان سے باضابطہ توسل میں کوئی حرج نہیں نہ اس کا کوئی منکر ہے۔ لیکن عام مردوں کے سماع میں شدید اختلاف ہے لہذا اس بنا پر ان کی قبور پر جا کر باضابطہ ان سے توسل میں بھی اختلاف ہو گیا اب جو فقہا جن کی تعداد بقول شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کثیر ہے وہ چونکہ سماع کے قائل نہیں لہذا ان بزرگوں کی قبور پر جا کر ان سے باضابطہ توسل کے بھی منکر ہیں۔ مگر یہ علمی باتیں اس جاہل رضاخانی کو کون سمجھائے؟

باقی شیخ ؒ نے جو مشایخ کے حوالے سے کہا کہ چار بزرگ قبر میں ایسا تصرف کرتے ہیں جیسے زندگی میں۔ قطع نظر کے مشائخ کی اس بات کا تعلق "کشف" سے ہے اور رضاخانی مذہب میں کشف معتبر نہیں۔ پھر بھی یہ بات ہمارے خلاف نہیں کیونکہ یہ چار مشایخ زندگانی میں ماتحت الاسباب تصرف کرتے لہذا قبور میں بھی ماتحت الاسباب ہی تصرف کرتے ہیں کہ اللہ کی بارگاہ میں نیک مومنوں کیلئے دعائیں کرتے ہیں اور یہ سب ماتحت الاسباب ہے۔

آگے کہتا ہے:

"اس جناب کے ذلت مآب کے گنگوہی صاحب شیخ صاحب کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اس لئے یہ استثنا درست نہیں (یعنی شیخ صاحب رحمہ اللہ کا استثنا کرنا درست نہیں ہے از ناقل) اور سچ تو یہ ہے کہ فقہا کا انکار عام ہے اس بات سے کہ انبیاء کی قبروں سے مدد طلب کریں یا ان کے غیر کی قبروں سے کسی سے بھی جائز نہیں جیسا کہ فقہا کی کتابوں سے ظاہر ہے"۔

(فتاوی رشیدیہ، ص 181)

وہابیت اسمعیلیت کے گرو گھنٹال جناب گنگوہی صاحب نے شیخ صاحب کی عبارت کا

رد کر کے اس بات کو ثابت کر دیا کہ یہاں استمداد مافوق الاسباب ہی مراد ہے۔۔''۔
(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص 343)

ذلت مآب نمرود زمانہ،سور ِپلید احمد رضاخائن علیه لعنة الله والملائکة الناس اجمعین کی اولاد ہو اور یہ ابلیس کے انڈے مکر و فریب نہ کریں یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ کوئی اس خبیث کو بتائے کہ یہ عبارت فقیہ العصر، ولی کامل،محدث زمانہ ،حامی سنت ماحی بدعت حضرت علامہ رشید احمد گنگوہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نہیں بلکہ شیخ قطب الدین خان صاحب مرحوم کی ہے جیسا کہ آخر میں لکھا ہوا بھی ہے۔''فتاوی رشیدیہ'' چونکہ ایک اہلحدیث عالم دین کا جمع کیا ہوا ہے لہذا اس فتاوی میں دیگر علماء کے فتاوی جات کو بھی اس نے اس میں شامل کر دیا ہے۔تفصیل کیلئے''باقیات فتاوی رشیدیہ'' ملاحظہ ہو۔

یہ اس جاہل کی عادت ہے۔جاہل کے بچے جب تجھے واٹس ایپ، فیس بک، یا گروگھنٹالوں کی کتب سے کوئی حوالہ مل ہی جائے تو اسے کتاب میں شامل کر کے پھر کئی صفحات پر بکواس کرنے سے پہلے دیکھ تو لیا کر کہ وہ عبارت ہے کس کی؟

بہرحال نواب قطب الدین صاحب کی عبارت کے ہم جواب دہ نہیں اگرچہ رضاخانی نے اب بھی ان کی عبارت کا غلط ہی مفہوم نکالا ہے۔

رضاخانی کی ایک اور خباثت دیکھئے لکھتا ہے:

''وہابیہ کے نزدیک غائب کو ندا کرنا ہی مافوق الاسباب ہے جو کہ شرک ہی شرک ہے''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص 345)

اب کوئی اس خبیث سے پوچھے کہ اپنے اصول کے مطابق کم ازکم پانچ مستند معتبر (رضاخانی اصولوں کے مطابق) علماء سے یہ عبارت بعینہ بلفظہ پیش کر کہ:

''غائب کو ندا کرنا ہی مافوق الاسباب ہے جو کہ شرک ہی شرک ہے''

یہ ایسی خبیث قوم ہے کہ اپنی صحیح بات کا بھی انکار کر دے گی لیکن مخالف کی طرف ہر بکواس ہر جھوٹ کو منسوب کرنے کو دین اسلام کی سب سے بڑی خدمت سمجھتے ہیں۔یہ اس

دور کا ''فرقہ خطابیہ'' ہے جس کے ہاں اپنے مسلک کی ترویج کیلئے جھوٹ بولنا عبادت ہے۔

اس خبیث نے اس دعوے پر جو عبارت نقل کی وہ یوں ہے:

''وہابی مولوی عبد القدوس قارن لکھتا ہے:

غائبانہ زندہ کو پکارا جائے یا مردہ کو پکارا جائے یہ مافوق الاسباب ہے''۔

مزید لکھتا ہے:

''دیوبندی یہ کہتے ہیں کہ مافوق الاسباب طریق پر غیر اللہ کو پکارنا شرک ہے عام اس سے وہ مردہ ہو یا زندہ ہو مگر دور ہو''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول ص354)

یہ ایسا خبیث ہے کہ اس نے قسم کھائی ہوئی ہے کہ کسی دیوبندی کی کوئی عبارت پوری نقل نہیں کروں گا یہ وہ کمینہ ہے کہ جو دو صفحات پر علامہ نقشبندی پر کتے کی طرح بھونکتا رہا کہ عبارت سیاق وسباق کے ساتھ نقل نہیں کی مگر یہاں اس مکار، عیار، دھوکہ بازی کی مکاری و عیاری دھوکی بازی ملاحظہ ہو جو اسے ذلت مآب احمد رضا خان سے وراثت میں ملی ہے مکمل عبارت اس طرح ہے:

''غائبانہ زندہ کو پکارا جائے یا مردہ کو پکارا جائے یہ مافوق الاسباب ہے۔

اور زندہ ہو یا مردہ عبادت کے انداز میں پکارا جائے تو یہ شرک ہے۔ زندہ یا مردہ سے ایسے انداز سے مدد چاہے جن کا مختار صرف اللہ تعالیٰ ہے تو یہ مافوق الاسباب ہے اور اگر زندہ کے پاس حاضر ہو کر یا مردہ کی قبر پر جا کر دعا کی درخواست کی جائے تو مولانا صفدر صاحب نے اس کو کسی بھی جگہ مافوق الاسباب نہیں کہا۔ مولف موصوف کا اپنے پاس سے الفاظ کا اضافہ کر کے مفہوم نکالنا اور حضرت دام مجدہم کی جانب اس کو منسوب کرنا خاص دھوکا ہے۔ اور حضرت دام مجدہم صراحت سے مفتی احمد یار خان صاحب گجراتی کو جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مفتی صاحب دیوبندی یہ کہتے ہیں کہ مافوق الاسباب طریق پر غیر اللہ کو پکارنا شرک ہے

عام اس سے کہ وہ مردہ ہو یا زندہ ہو مگر دور ہو (باب جنت،ص 221)''۔

(اظہار الغرور،ص226)

تو علی الاطلاق زندہ مردہ کو غائبانہ پکارنا مافوق الاسباب وشرک نہیں یہ تو اجمال تھا علامہ عبدالقدوس قارن صاحب نے پھر آگے اس اجمال کی تفصیل کی کہ اگر عبادت کے طور پر یعنی مختار کل یا مافوق الاسباب کی صورت میں پکارا جائے تو یہ شرک ہے۔مگر اندازہ لگائیں اس ذلیل نے عبارت کا کیا سے کیا بنا دیا۔

آگے جو کسی فاضل کے حوالے سے لکھا:

''مترجم کہتا ہے کہ یہ بات شاہ صاحب کی نہیں لوگوں نے درج کری ہے''۔

(حنفیت کے باغی یوبندی وہابی جلہ اول،ص346)

تو ہمیں اس سے انکار بھی نہیں جب مظہر اعلی حضرت کے بقول شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتب میں تحریف ہو سکتی ہے،فقیہ ملت کے بقول ''مکتوبات امام ربانی'' میں تحریف ہو سکتی ہے تو یہاں تحریف کے امکان پر اتنی بکواس کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

نیز یہ واضح کیا جائے کہ یہ :''مولانا محمد فاضل صاحب'' کون ہے ؟ مسلک اہلسنت احناف میں اس کی کیا حیثیت ہے جو بار بار اس کا حوالہ پیش کیا جا رہا ہے؟ خود تو اپنے مستند ترین زندیقوں کو بھی ماننے سے انکار کر دو اور علمائے دیوبند کے کھاتے میں ہر کس ناکس کو ڈال دو کچھ شرم وحیاء بھی ہے یا وہ بھی خان صاحب بریلوی کی شلوار کی طرح اتری ہوئی ہے؟

آگے مولانا اخلاق حسین قاسمی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جو حوالہ پیش کیا کہ مشکلات میں حضور ﷺ کی روحانیت سے مدد طلب کی جا سکتی ہے اول تو قاسمی صاحب رضاخانی اصول پر ہمارے وہ عالم نہیں جو حجت ہوں ۔ثانیا مطلوبہ کتاب بھی پیش نظر نہیں ۔ثالثا یہاں مراد توسل ہے بطور توسل واستشفاع ہم طلب مدد کے منکر نہیں کیونکہ اس میں مدد اللہ ہی سے ہوتی ہے نبی یا ولی محض واسطہ ہوتا ہے جیسے کتابت کے وقت لکھتا ہاتھ ہے اس کی قدرت وحرکت کارفرما ہوتی ہے قلم محض واسطہ ہوتا ہے۔

عجیب جہالت

رضا خانی لگتا ہے کتاب لکھتے وقت بھنگ کے نشے میں تھا چنانچہ لکھتا ہے:

''قارئین! آپ یقین کریں وہابی مولوی اسمعیلی ساجد خان کو موت آسکتی ہے بلکہ یہ وہابی اپنے آپ کو پھندا لگا سکتا ہے پر ثابت نہیں کرسکتا کہ فقہائے احناف کے نزدیک مشکلات میں سرکار دوعالم ﷺ کی روحانیت سے مدد وہ بھی وصال ظاہری کے بعد اور وہ بھی ایسی کہ کسی اور سے جائز نہ ہو درست ہے؟''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول ص 347)

حالانکہ اس جاہل نے ماقبل میں یہی عقیدہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے ثابت کرنے کی کوشش کی۔اگر فقہائے احناف سے ثابت نہیں تو اس کا مطلب ہے کہ تو نے شیخ محدث دہلوی کی عبارت پر جھوٹ بولا۔

ثانیاً جب سادات احناف سے مشکلات میں بعد از وصال نبی کریم ﷺ سے مدد ثابت نہیں تو تم تو اس مدد کے قائل ہو تو خود تسلیم کرلیا کہ تمہارے عقیدے وشعار اور اعمال سادات احناف کے مطابق نہیں تو علامہ نقشبندی صاحب زید مجدہ کا دعویٰ تو مان لیا کہ:

''رضا خانیت بمقابلہ حنفیت''

یہ ایسی جاہل قوم ہے کہ اسے خود بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ہم کیا لکھ رہے ہیں؟ اسی لئے محض اردو کی عبارت درست کرنے کیلئے انہوں نے مستقل ایک بندہ رکھا ہوتا ہے لگتا ہے اس کتاب کی تحریر کے دوران اس بندہ کی مدد اس رضا خانی کے شامل حال نہیں رہی۔

فیوض قبور

اس ساری تفصیل کے بعد اب یہ بھی سمجھیں کہ رضا خانی نے شیخ کی جو عبارت پیش کی اس میں ہے:

''و اثبته المشايخ الصوفية و بعض الفقها رحمة الله عليهم و ذالك امر مقرر عند اهل الكشف والكمال منهم لاشك فى ذالك

عندهم حتى كثيرا منهم حصل لهم الفيوض من الارواح و تسمى هذه الطائفة اويسية فى اصطلاحهم ۔۔۔

۔۔اور مشایخ صوفیا اور بعض فقہا نے اس کو ثابت کیا ہے اور یہ امر اہل کشف وکمال کے درمیان ثابت شدہ ہے اور ان کے نزدیک اس میں کوئی شک نہیں یہاں تک کہ ان میں سے کثیر کو ارواح سے فیوض حاصل ہوتے ہیں اور اس گروہ کا نام ان کی اصطلاح میں اویسیہ ہے۔۔۔۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص 342،341)

دراصل شیخ کی اس عبارت کا تعلق استمداد سے ہے ہی نہیں ۔بلکہ صوفیاء کی ایک اصطلاح ''فیوض القبور'' سے ہے جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

(۱)...ایک ہے صاحب ِقبور سے مدد اور مرادیں مانگنا۔

(۲)...اور ایک ہے قبور سے روحانی فیض حاصل کرنا۔

حصولِ فیض عن القبور کا عام فہم مطلب یہ ہے کہ احادیث میں آتا ہے کہ

إِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ أَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النَّار

(رواہ الترمذی فی سننہ والبیہقی فی شعب الایمان والطبرانی)

یعنی قبر جنت کے باغیچوں میں ایک باغیچہ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

تو یہ قبر جس میں انبیاء کرام علیھم السلام،صحابہ عظام رضی اللہ عنھم،علماء امت اور صالحین حضراتؒ انعامات، برکات اور تجلّیات کے مقام اور مرتبے والے ہیں،تو صالحین کی قبور پر اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت اور برکت کا نزول ہوتا ہے،فلھٰذا صرف اس صاحب قبر پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکات نہیں بلکہ زائرین پر بھی یہ رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں اگرچہ وہ زائر اس کو محسوس نہیں کرتا ہو۔

مثال: جیسا کہ عطر فروش کی دوکان کہ صرف وہ ہی اس خوشبوئی کو نہیں سونگھتا ہے بلکہ

اگر کوئی بندہ اس کی دوکان میں جائے تو وہ بھی معطر ہو جائے گا، اور خوشبو محسوس کرے گا۔

نتیجہ: بس یہی فیضِ قبور کی حقیقت ہے۔

☆...صحیح بخاری میں امام بخاری علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک باب قائم کیا ہے:

بَابُ مَا جَاءَ فِي قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت امام بخاریؒ نے اس باب میں وہ حدیث نقل کی ہے کہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا کہ میرے لئے ام المؤمنینؓ سے حجرہ نبوی ﷺ میں دفن ہونے کی اجازت طلب کرو۔ جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے تو پہلے تو ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اس جگہ کو میں نے اپنے لئے منتخب کیا تھا لیکن میں یہ جگہ دوں گی، اور اجازت ہے۔ (کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس جگہ میں دفن کر دیا جائے)

حافظ ابن حجرؒ (المتوفی: ۸۵۲ھ) اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ:

وَفِيهِ الْحِرْصُ عَلَى مُجَاوَرَةِ الصَّالِحِينَ فِي الْقُبُورِ طَمَعًا فِي إِصَابَةِ الرَّحْمَةِ إِذَا نَزَلَتْ عَلَيْهِمْ وَفِي دُعَاءِ مَنْ يَزُورُهُمْ مِنْ أَهْلِ الْخَيْرِ

(فتح الباری ج:3 ص:258، (قولہ باب ما ینھیٰ من سب الاموات)

یعنی اس حدیث میں اس بات کا ثبوت ہے کہ صلحاء کے ساتھ قرب کا حرص کرنا چاہئے، اس نیت اور امید کے ساتھ کہ صلحاء پر جو رحمت نازل ہوتی ہے وہ رحمتیں اس بندہ پر بھی ہوں جس نے قرب حاصل کیا ہے۔ اور جو نیک اور صلحاء لوگ جو ان کی زیارت کریں گے اور ان کے لئے خیر کی دعا کریں گے اس دعا میں یہ بندہ بھی شامل ہو جائے، اور اس کو بھی حصہ مل جائے۔

☆...اسی طرح علامہ عینیؒ (المتوفی: ۸۵۵ھ) فرماتے ہیں:

" ذکر مَا يُسْتَفَاد مِنْهُ: فِيهِ: الْحِرْص على مجاورة الصَّالِحين فِي

الْقُبُور طَمَعا فِي إِصَابَة الرَّحْمَة إِذا نزلت عَلَيْهِم، وَفِي دُعَاء من يزورهم من أهل الْخَيْر"

(عمدۃ القاری:8/230، باب ماینھی من سب الاموات)

اس کا مطلب وہی ہے جو ابن حجرؒ کی عبارت کا ہے۔ بلکہ زکریا بن محمد الانصاری الشافعیؒ (المتوفی: ۹۲۶ھ) تو مستحب کہتے ہیں کہ صالحین کے ساتھ دفن ہونا چاہیے:

"أن مجاورة الصالحين مندوبة"

(منح الباری شرح صحیح البخاری 3/476)

پس معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ بھی جناب نبی پاک ﷺ کے قبر مبارک کے قریب جیسے متبرک مقام میں دفن ہونا چاہا، اگر چہ جناب حضرت عمرؓ کے لئے اور جگہ بھی زیادہ تھی کہ اس جگہ میں دفن کر دئے جاتے لیکن حضرت کو جناب نبی کریم ﷺ کے قُرب میں دفن ہونے کی تمنّا تھی۔ جو سراسر نزولِ رحمت کی موضع (جگہ) ہے.

صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا جناب نبی کریم ﷺ کی ذات سے محبت تو ایک طرف وہ لوگ جناب نبی کریم ﷺ کی بیٹھنے کی جگہ یعنی ممبر کو ایسا متبرّک سمجھتے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اس جگہ پر ہاتھ پھیر کر چہرے پر مَل لیتے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیّہ علیہ الصلوۃ والسلام (المتوفّی: ۷۲۸ھ) فرماتے ہیں کہ:

"وقال نافع: كان ابن عمر يسلم على القبر، رأيته مائة مرة أو أكثر يجيء إلى القبر فيقول: السلام على النبي ﷺ، السلام على أبي بكر، السلام على أبي، ثم ينصرف ورؤي واضعاً يده على مقعد النبي ﷺ من المنبر ثم وضعها على وجهه"

(قاعدۃ جلیلۃ فی التوسل والوسیلۃ، ا/134، الفصل الثالث)

امام نافعؒ (ابن عمرؓ کے شاگرد) فرماتے ہیں کہ: میں نے ابن عمرؓ کو سو (۱۰۰) یا اس سے بھی زیادہ مرتبہ دیکھا ہے کہ وہ جناب نبی کریم ﷺ کے قبر اطہر کو حاضر ہوتے اور سلام

پیش فرماتے ،اور حضرت ابوبکرصدیقؓ اور حضرت عمرؓ کو بھی سلام عرض فرماتے اور پھر رخصت ہوجاتے ۔

اور یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ وہ ممبر پر بیٹھنے کی جگہ پر ہاتھ رکھ لیتے اور پھر وہ ہاتھ اپنے چہرے پرمَل لیتے۔تویۃ سارا کچھ حصول فیض ہی ہے

اسی طرح دوسرے اکابرین رحمہم اللہ سے حصولِ فیض کے جواز کے حوالہ جات بھی ہیں ،مثلاً:

☆...خطیب بغدادیؒ (المتوفیٰ:۴۶۳ھ) نقل کرتے ہیں کہ: علی بن میمونؒ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام شافعیؒ سے سنا ہے کہ: میں (امام شافعیؒ) امام ابوحنیفہؒ کے قبر مبارک سے برکت حاصل کرتا ہوں،اور ہر دن ان کی قبر پر حاضر ہوتا ہوں،جب بھی مجھے کوئی حاجت پیش آتی ہے تو دو رکعات پڑھ کے حضرت امام ابوحنیفہؒ کی قبر کے پاس جاتا ہوں اور اللہ سے سوال کرتا ہوں،تو بہت کم مدّت میں ہی میری حاجت پوری ہوجاتی ہے۔

اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں:

أَخْبَرَنَا الْقَاضِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحُسَيْنُ بْن عَلِيّ بْن مُحَمَّد الصيمري قال أنبأنا عمر بن إبراهيم قال نبأنا عَلِيّ بْن ميمون قَالَ: سمعت الشافعي يقول: إني لأتبرك بأبي حنيفة وأجيء إِلَى قبره في كل يوم- يَعْنِي زائرا- فإذا عرضت لي حاجة صليت ركعتين وجئت إِلَى قبره وسألت الله تعالى الحاجة عنده، فما تبعد عني حتى تقضى

(تاریخ بغداد ج:1 ص:135 ،باب ماذکر في مقابر بغداد المخصوصة بالعلماء والزهاد، ناشر: دارالۃتب العلميۃ بيروت،وفي نسخۃٍ اُخری ج:1 ص445، ناشر: دارالغرب الاسلامي بيروت)

۲: اسی طرح ابوعبداللہ الحسین بن علی الصَّیمَرِیؒ (المتوفّی:۴۳۶ھ) بھی فرماتے ہیں:

أخبرنَا عمر بن إِبْرَاهِيمِ قَالَ ثَنَا مكرم قَالَ ثَنَا عمر بن إِسْحَاق بن إِبْرَاهِيمِ قَالَ ثَنَا عَلىّ بن مَيْمُون قَالَ سَمِعت الشَّافِعِي يَقُول إِنِّي لأتبرك بِأَبي حنيفَة وأجيء الى قَبره فِي كل يَوْم يَعْنِي زَائِرًا فَإِذا عرضت لى حَاجَة صليت رَكْعَتَيْنِ وَجئْت إِلَى قَبره وَسَأَلت الله الْحَاجة فَمَا تبعد عنى حَتَّى تقضى رَضِي الله عَنهُ وَعَن جَمِيع ائمة الدّين آمين

(أخبارِ حنيف ※و أصحاب ※جلد اول صفحہ ※95)

نیز دیکھے (الطبقات السنية ※في تراجم الحنفية ※جلد اول صفحہ ※46، مؤلف ※ تقي الدين بن عبد القادر التميمي الداري الغزي (المتوف ※1010ھ)

بہرحال اس کا یہ مطلب نہیں ک ※ خوا ※ محوا ※ اللہ رحال میں ی ※ دعا ※ ان سنتے اور قبول فرماتے ※ یں و باقی جگ ※ وں میں ان ※ یں تی ※ بھی غلط خیال ہ ے وی ※ بھی غلط و سراسر غلط خیال و نظری ※ ہ کہ ※ قبو الے سے ی مانگے العیاذ باللہ ※ یہ بھی صحیح ※ یں بلک ※ اس بابرکت و بافیض مقام میں اللہ سے جلد دعا قبول کرنے کی امید رکھنی چا ※ یے باقی اللہ کی مرضی و ※ دعا قبول کرتا ہے یا ※ یں کیونک ※ مشکل کشا صرف ایک اللہ ی کی ذات ہے

☆.. ابن قدام ※ المقدسی الحنبلیؒ (المتوفیٰ: ۶۲۰ھ) فرماتے ※ یں:

أما أهل السّنة المتبعون للآثار السالكون طَرِيق السّلف الأخيار فَمَا عَلَيْهِم غَضَاضَة وَلَا يلحقهم عَار مِنْهُم الْعلمَاء الْعَامِلُونَ وَمِنْهُم الْأَوْلِيَاء والصالحون وَمِنْهُم الأتقياء الْأَبْرَار والأصفياء والأخيار أهل الولايات والكرامات وَأهل الْعِبَادَات والاجتهادات بذكرهم تزين الْكتب والدفاتر وأخبارهم تحسن المحافل والمحاضر تحيا الْقُلُوب بِذكر أخبارهم وَتحصل السَّعَادَة باقتفاء آثَارهم بهم قَامَ الدّين وَبِه قَامُوا وبهم نطق الْكتاب وَبِه نطقوا وهم مفزع الْخلق عِنْد اشتداد الْأُمُور عَلَيْهِم فالملوك فَمن دونهم

يقصدون زياراتهم ويتبركون بدعائهم ويستشفعون إِلَى الله سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى بهم"

(تحریم النظر فی کتب الکلام صفحہ 40)

اہل سنت میں علماء عاملین اولیاء صالحین پرہیز گار نیکوکار بزرگ سب سے بہترین لوگ ہیں جو اصحاب ولایت وکرامت ہیں عبادت گزار مجاہدے کرنے والے ہیں ان کے تذکرے کرنے سے کتابوں اور دفتروں کی خوبصورتی بڑھتی ہے اور ان کے واقعات کی برکت سے مجلسوں کی رونق آتی ہے اور دلوں کو زندگی ملتی ہے اور ان کی قدموں کی پیروی کرنے سے سعادت ملتی ہے۔ ان ہی کی برکت سے دین قائم ہے اور یہی لوگ دین کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان ہی کے ذریعے کتاب اللہ کا بول بالا ہوتا ہے اور یہی اللہ کی کتاب سے ہی بولتے ہیں اور جب بھی لوگوں پر کوئی سخت مصیبت آتا ہے تو ان ہی کی طرف بھاگتے ہیں پس بادشاہوں یا ان سے نیچے والے لوگ سبھی ان کی زیارت کا قصد کرتے ہیں اور ان کی دعاوں سے برکت حاصل کرتے ہیں اور اللہ تعالی کی طرف ان کا وسیلہ پکڑتے ہیں.

حضرت شاہ عبد العزیز محدّث دھلویؒ سے کسی نے پوچھا کہ:" کسے صاحب باطن صاحب کشف بر قبور ایشاں مراتب بچیزے از باطن اخذ می تواں نمود یانہ...؟

جواب: می تواں نمود۔ (فتاویٰ عزیزی،1 / 64)

ترجمہ: کوئی صاحبِ باطن یا صاحبِ کشف کو قبور سے فیض حاصل ہوسکتا ہے یا نہیں ...؟ جواب: جی حاصل ہوسکتا ہے۔

اس طرح کی بات شاہ ولی اللہؒ نے بھی ''القول الجمیل''،ص:85 میں لکھی ہے.

حافظ ابن تیمیہؒ (المتوفّی :۷۲۸ھ) اپنی کتاب میں فرماتے ہیں:

وكذلك ما يذكر من الكرامات، وخوارق العادات، التي توجد عند قبور الأنبياء والصالحين مثل نزول الأنوار والملائكة عندها وتوقي الشيطان والبهائم لها.... وحصول الأنس والسكينة عندها....

هذا حق

(اقتضاء الصراط المستقیم جلد 2 صفحہ 255 دار عالم الکتب بیروت لبنان)

اس کلام کا مطلب یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور صلحاء عظام کی قبروں کے ساتھ خوارقِ عادت امور اور کرامات ذکر کی جاتی ہیں تو ان قبور کے ساتھ رحمتوں کی نزول ہونا ہے اور وہاں فرشتے ہوتے ہیں اور اس قبروں سے شیطان اور جانوروں کو بچا دئے جاتے ہیں اور اس قبروں سے انس حاصل ہوتا ہے اور ان قبروں پر سکینہ نازل ہوتا ہے تو یہ سارا حق اور ثابت ہے۔

تو یہ سب فیض عن القبور ہے جس کے ہم منکر نہیں رضاخانی کے باپ نے بھی اس مسئلہ میں اتنے حوالے نہیں پڑھیں ہوں گے۔ ہاں اگر فیض عن القبور کا اگر یہ مطلب لیا جائے کہ اس کو سجدہ کرلیں یا قبر کی طواف کرلیں یا ان سے مافوق الاسباب مدد مانگے یا کوئی اور بدعی و شرکی عمل کرلیں تو واقعی اس کا منکر ہیں۔

آخری گزارش: یہاں ہم ایک دفعہ پھر وضاحت کردیں کہ ہمارے نزدیک فیض قبور کا صرف یہی مطلب ومفہوم ہے کہ جس طرح ان بزرگانِ دین کا ظاہرہ وجود اللہ کی رحمت کے نزول کا مقام تھا اسی طرح یہ جہاں مدفون ہیں وہاں بھی اللہ کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے لہذا ان کی قبور کے پاس اگر اللہ سے دعا مانگی جائے تو قبول ہونے کا قوی امکان ہے۔جو حضرات سماع موتی کے قائل ہیں وہ قبر میں بزرگ سے دلی ربط قائم کرکے بھی فیض حاصل کرسکتا ہے مگر اس کی اجازت صرف خواص کو ہے۔لیکن اس بنیاد پر ان کو مشکل کشا سمجھنا یا حاجت روا سمجھنا یا ان کرامات کی بنا پر ان کو مختار کل سمجھنا اور مافوق الاسباب میں ان سے مرادیں و دعائیں مانگنا جیسا کہ اہل بدعت کا شیوہ و وطیرہ ہے صریح شرک ہے۔

تو شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ کی ان عبارات کا تعلق بھی فیوض القبور سے ہے۔ لیکن یاد رہے کہ اس کا عقیدہ سے کوئی تعلق نہیں ایک کشفی و روحانی چیز ہے۔ہمارے ساتھ اس موضوع پر مزید دلائل بھی ہے لیکن مضمون بہت لمبی ہونے کی خاطر ہم مزید بحث

چھوڑ دیتے ہ یں قصداً.

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کا حوالہ

شاہ صاحبؒ کی جتنی عبارات تم نے پیش کی اس کا اصولی جواب تو یہ ہے کہ شاہ صاحبؒ تو تمہارے نزدیک معاذ اللہ ضال مضل وہابی گستاخ ہے تو اس سے استدلال کیسا ؟ کیونکہ خود رضا خانی لکھتا ہے:

”۔۔کیونکہ وہ تو وہابی کے نزدیک گمراہ ہیں تو ان کی بات سے دلیل کیسی ؟“۔

(حنفیت کے باغی یوبندی وہابی جلد اول، ص405)

ثانیا: شاہ صاحب کی فیوض الحرمین سے جتنی عبارات پیش کی ان سب کا تعلق توسل سے ہے۔اور جاہل کا یہ کہنا کہ:

”مقام مجددیت، وصابت، اور قطبیت ارشادیہ دے سکتے ہیں اور امامت بھی بخش سکتے ہیں اور یہ سب کچھ ماتحت الاسباب ہے“۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص348)

تو جاہل انسان یہ سب ماتحت الاسباب نہیں تو کیا مافوق الاسباب ہیں ؟اس جاہل کو اب تک ماتحت الاسباب و مافوق الاسباب کا مطلب ومفہوم ہی معلوم نہیں۔گویا ان کی مساجد میں جتنے آئمہ ”امامت“ پر مقرر ہیں وہ سب مافوق الاسباب ہستیاں ہیں۔ایسے جاہل کتاب لکھ رہے ہیں۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ کے حوالہ جات

صفحہ 349 پر شاہ صاحب کے ”فتاوی عزیزی“ سے قبور سے استمداد کے متعلق کم وبیش وہی عبارت نقل کی جو شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نقل کی جس کی وضاحت ماقبل میں تفصیل سے ہو چکی ہے۔

ثانیا: رضا خانیوں کے ہاں ”فتاوی عزیزی“ میں تحریف ہو چکی ہے چنانچہ رضا خانی محقق لکھتا ہے:

''شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے فتوی عزیزی میں الحاقات اور تحریفات موجود ہیں شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ کے فتاوی میں الحاقات کی شکایت انہی کے زمانے میں لوگوں نے شاہ عبدالعزیزؒ سے کی تھی جس کا تذکرہ خود شاہ عبدالعزیز نے اپنے ایک خط میں کیا ہے''۔

(الاحادیث الروایۃ لمدح الامیر معاویہ،ص33 از ظفر القادری)

لہذا رضاخانی اصولوں پر تو یہ فتاوی ہی معتبر نہیں اور رضاخانی اصولوں پر اب اس فتاوی کے صرف وہ فتوے معتبر ہوں گے جو قرآن وسنت ومنہج اہلسنت کے موافق ہوں گے۔

ثالثاً: دلیل دو جہاں احمد رضاخان اور ان کے والد نقی علی خان کے پیر ومرشد کا قول شاہ صاحب کی تردید میں یوں ہے:

حضرت سید شاہ ابوالحسن نوری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میرے داد اور مرشد سید شاہ آل رسول احمد علیہ الرحمۃ ماہ محرم الحرام میں شیعہ فرقے کی بدعتوں،تعزیہ داری،اور مرثیہ خوانی کے ارتکاب سے منع کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ ایک روز میں نے اپنے مرشد حضور اچھے میاں رضی اللہ تعالی عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے دلی میں اپنے استاد محترم مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی کو دیکھا ہے کہ وہ محرم الحرام میں دس دن حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالی عنہما کی شہادت کا بیان فرماتے اور دسویں دن صبح سے زوال کے وقت تک شہادت کے فضائل بیان کرتے،کھانا تقسیم کیا کرتے تھے۔حضور والا (حضور اچھے میاں رضی اللہ عنہ) نے سن کر ارشاد فرمایا کہ بہت اچھا اور بہتر کرتے،لیکن اگر ان کی مجھ سے ملاقات ہوتی تو میں ان سے کہتا کہ خاص اس مہینے میں ایسا اہتمام مناسب نہیں ہے بس مختصر سے کھانے پر فاتحہ کرکے کسی دوسرے مہینے میں ایسا اہتمام وعظ کیا کریں اس لئے کہ اب اس طرح کی محفلیں منعقد کرنا رافضیوں کا طریقہ ہے اور اس ماہ میں زیادہ اہتمام کرنا رفض کا دروازہ کھولنا ہے آنے والی نسل اپنے بزرگوں کے حالات سن کر گمان کرسکتی ہے کہ وہ شیعہ تھے جو تقیہ کئے ہوئے تھے''۔(جہان مفتی اعظم،ص206)

لیجئے جناب آپ کے دادا پیر تو کہہ رہے ہیں کہ شاہ صاحب معاذ اللہ ایسی بدعات میں مبتلا تھے جس سے آنے والی نسل نے شیعہ ہو جانا تھا تو اپنے اصول پر تو کس منہ سے شاہ صاحب کو پیش کر رہا ہے؟

اذا تحیرتم فی الامور فاستعن من اھل القبور

رضاخانی لکھتا ہے:

"کچھ آگے وہابیت کا خانہ خراب کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اور اس بارے میں بعض روایت کرتے ہیں کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جب تم متحیر ہو جاؤ امور میں یعنی کوئی کام انجام کرنے میں متحیر ہو جاو تو چاہئے کہ مدد چاہو اصحاب قبور سے"۔(فتاوی عزیزی مترجم ص191)

۔۔۔شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی ان عبارات میں انبیا و اولیا سے مدد وہ بھی وہ جس کو وہابیہ مافوق الاسباب کہتے ہیں بالکل واضح طور پر ثابت ہوتی ہے"

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول، ص349)

حالانکہ اس کا جواب علامہ نقشبندی صاحب ۲۰۲۱ میں ہی دے چکے ہیں مگر ابو حامد رضوی جیسا یہ لوسی کتا پرانی ہڈیاں لیکر بھونکے نا تو اور کیا کرے؟ ملاحظہ ہو:

"((اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا من اصحاب القبور))

ساجد خان نقشبندی

اس جملے کے بارے میں اہل بدعت بریلوی بھائی اور منکرین توسل یعنی پنج پیری حضرات دونوں گروہ افراط و تفریط کا شکار ہیں۔ بریلوی بھائی کہتے ہیں کہ دیکھو اس حدیث میں آیا ہے کہ جب تم کسی معاملے میں حیران و پریشاں ہو تو اہل قبور سے مدد و استعانت مانگو۔ جبکہ دوسرا گروہ اس امر کو کھلا کھلم شرک کہتا ہے۔ اس معاملے میں دونوں گروہ جادہ مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں۔

اول تو اسے حدیث کہنا غلط ہے یہ حدیث نہیں بلکہ کسی کا قول ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رح نے فتاوی عزیزیہ میں اس قول کے تین معنی بیان کئے ہیں:

(1) یعنی جب کسی معاملے میں تم پریشان ہوتو جو قبروں میں اہل علم اہل ورع وتقوی اور اصحاب الرائے جو مر چکے ہیں اور قبور میں جاچکے ہیں ان کو دیکھو کہ آخر اس قسم کا معاملہ ان کے سامنے بھی پیش ہوا ہوگا انہوں نے اس معاملے میں کیا رائے اختیار کی تھی۔

(2) اگر دنیا کے کسی معاملے میں پریشان ہوتو اہل قبور کو دیکھو جو دنیا سے چلے گئے وہ بھی اس دنیا کو اسی طرح چھوڑ کر قبروں میں چلے گئے یہ دنیا تم سے پہلوں سے نہ بنی تو تم اس میں کیا سکون وعافیت حاصل کرسکو گے۔

(3) اہل قبور بزرگان دین سے بطریق توسل اس مسئلہ کو اللہ کی بارگاہ میں پیش کروان شاء اللہ اللہ اس مسئلہ کو حل کردے گا۔

اور توسل اہل سنت کا عقیدہ ہے علامہ سبکی رح نے شفاء السقام میں سوائے ابن تیمیہ رح کے اختلاف کے پوری امت کا اس پر اتفاق لکھا ہے۔حضرت حمداللہ جان ڈاگئ بابا رحمہ اللہ نے بھی البصائر میں سدی کے حوالے سے اس قول کے دو معنی لکھے ہیں:

"جب نیک لوگوں کی قبور پر جاؤ گے تو سکون وروحانیت ملے گی دوسرا ان سے توسل کرو"۔

پس اس قول کے یہ معنی عین نظریہ اہل سنت کے مطابق ہیں لہٰذا ظاہری عبارت کو دیکھ کر اس سے علی الاطلاق استعانت ثابت کرنا یا اس پر شرک کے فتوے لگانا دونوں غلط ہیں۔(واللہ اعلم بالصواب)

ملاحظہ کیا اس ابو حامد رضوی رضاخانی مرزائی کا دجل وفریب کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خود ہی فتاوی عزیزی میں اس کا مطلب واضح کر کے بیان کیا ہے جو عین عقیدہ اہل سنت کے مطابق ہے مگر اس رضاخانی نے احمد رضاخان بریلوی والی خباثت

کرتے ہوئے اسے چھپالیا اور اپنا کفریہ شرکیہ عقیدہ کا جامہ اس کو پہنا دیا شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کی مزید عبارات

رضاخانی لکھتا ہے:

''حضرت امیر و ذریعہ طاہرہ در تمام امت بر مثال پیرانو مرشدان پرستند و امور تکوینیہ را بایشان وابستہ می دانند و فاتحہ و درود و صدقات و نذر بنام ایشان رائج و معمول گردیدہ چنانچہ جمیع اولیاء اللہ ہمیں معاملہ است

حضرت امیر یعنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور ان کی اولاد طاہرہ کو تمام افراد امت پیروں مرشدوں کی طرح مانتے ہیں اور تکوینی امور کو ان حضرات کے ساتھ وابستہ جانتے ہیں اور فاتحہ درود و صدقات اور نذر و نیاز ان کے نام ہمیشہ کرتے ہیں چنانچہ تمام اولیاء اللہ کا یہی حال ہے۔(تحفہ اثنا عشریہ،ص214 سہیل اکیڈمی لاہور)

کیا وہابی مولوی ساجد خان بتائے گا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ اور اہل بیت اطہار کے ساتھ امور تکوینیہ کو وابستہ جاننا جائز ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص352)

جواب: تحفہ اثنا عشریہ کی یہ عبارت رئیس المحرفین قارون وفرعون زمانہ ابوجہل وقت قارونی یہودی احمد رضاخان فاضل بریلوی نے بھی ''الامن والعلی'' میں پیش کی اور اب وہیں سے رضاخانی مکھی پر مکھی مارتے ہوئے نقل کرتے چلے جارہے ہیں۔

حالانکہ اس عبارت میں کہیں بھی شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اہل بیت کو ''امور تکوینیہ'' پر ''مختار کل'' نہیں مانا بلکہ امور تکوینیہ کو ان سے وابستہ مانا۔جس کا صاف و واضح مطلب یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالی بعض اوقات امور تکوینیہ فرشتوں کے ذریعہ کرتا ہے اسی طرح بعض اوقات امور تکوینیہ کی انجام دہی میں اہل بیت کو واسطہ بنا دیتا ہے۔جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام سے بعض امور تکوینیہ کی سرانجام دہی کروائی گئی اس کا ذکر قرآن میں موجود

ہے لیکن ساتھ ہی حضرت خضر علیہ السلام نے واشگاف انداز میں کہا کہ جو کچھ میں نے کیا سب اللہ کے حکم سے اس میں میرا کوئی دخل وعمل نہ تھا۔ اسی طرح اہل بیت کا بھی امور تکوینیہ میں باعتبار قدرت کوئی عمل و دخل نہیں ہوتا ہاں اللہ انہیں بعض اوقات واسطہ بنا دیتا ہے قدرت اور فعل اللہ ہی کا ہے جیسا کہ بارش برسانے کیلئے اللہ نے بادل کو واسطہ بنا دیا۔

خود شاہ صاحب فرماتے ہیں:

''یا رتبہ آئمہ واولیاء برابر رتبہ انبیاء و مرسلین گردانند و انبیاء و مرسلین را لوازم الوہیت از علم غیب وشنیدن فریاد ہر کس و ہر جا و قدرت بر جمیع مقدورات ثابت کنند''۔

(تفسیر عزیزی، ج 1 ص 52)

شرک وکفر کی باتوں میں سے ہے کہ آئمہ و اولیاء کا رتبہ انبیاء علیہم السلام کے برابر جاننا اور انبیاء علیہم السلام کیلئے لوازم الوہیت جیسے علم غیب کا عقیدہ رکھنا یا ہر ایک کی پکار ہر ایک جگہ سے سن لینا یا تمام مقدورات پر ان کی قدرت (مختار کل) ماننا۔

اب کیا یہ رضاخانیو ں کا عقیدہ نہیں؟ تو اگر شاہ صاحب کا وہی عقیدہ ہوتا جو رضاخانیوں کا ہے تو کیا شاہ صاحب معاذ اللہ خود کو مشرک کہہ رہے ہیں؟

''اول مدد خواستن چیز دیگر است و پرستش چیز دیگر است عوام مسلمین بر خلاف حکم شرع از اهل قبور مدد میخواهند و پرستش نمی کنند و بت پرستان مدد هم میخواهند و پرستش هم میکنند پرستش آنست که سجده کند یا طواف نماید یا نام او بطریق تقرب ورد سازد یا ذبح جانور بنام او کند یا خود را بنده فلانی بگوید و هر که از مسلمانان جاهل باهل قبور این چیزها بعمل آرد فی الفور کافر می گردد و از زمسلمانی می بر آید ۔۔۔دوم آنکه بالاستقلال چیزیکه خصوصیت بجناب الٰهی درد مثل دادن فرزند یا بارش باران یا دفع امراض یا طول عمر و مانند این چیزها بآنکے دعا و سوال از جناب الٰهی در نیت منظور باشد از

مخلوقے درخواست نمایند این نوع حرام مطلق بلکه کفر هست و از مسلمانان کسے از اولیائے مذهب خود خواه زنده باشند یا مرده این نوع مدد خواهد از دائره اسلام خارج میشود۔

(فتاوی عزیزی فارسی، ص 33، 34، سعیدیہ کتب خانہ پشاور)

اول یہ کہ مدد چاہنا دوسری چیز ہے اور پرستش دوسری چیز ہے عوام مسلمانوں میں یہ نقصان ہے کہ وہ لوگ خلاف شرع طور سے اہل قبور سے مدد چاہتے ہیں مگر وہ بھی پرستش نہیں کرتے اور بت پرست لوگ بت سے بھی مدد چاہتے ہیں اور پرستش بھی کرتے ہیں پرستش سے مراد یہ ہے کہ کسی کو سجدہ کرے یا کسی چیز کی عبادت کی نیت سے اس چیز کا طواف کرے یا بطریق تقرب کے کسی کے نام کا وظیفہ کرے یا اس کے نام سے کوئی جانور ذبح کرے یا اپنے کو کسی کا بندہ کہے اور جو جاہل مسلمان اہل قبور کے ساتھ ایسا کوئی امر کرے یعنی مثلا اہل قبور کو سجدہ کرے تو وہ فی الفور کافر ہو جائے گا اور اسلام سے خارج ہو جایئے گا۔۔۔دوم مدد چاہنے کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز خاص اللہ تعالی کی قدرت میں ہے مثلا لڑکا دینا یا پانی برسانا یا بیماریوں کو دفع کرنا یا عمر زیادہ کرنا یا ایسی اور چیزیں جو خالص اللہ تعالی کی قدرت میں ہیں ایسی چیزوں کیلئے کسی مخلوق سے کوئی شخص التجا کرے اور اس شخص کی نیت یہ نہ ہو کہ وہ مخلوق اللہ تعالی کی درگاہ میں دعا کرے کہ اللہ تعالی کے حکم سے ہمارا مطلب حاصل ہو تو یہ صورت مدد چاہنے کی حرام مطلق بلکہ کفر ہے۔اور اگر کوئی مسلمان اولیاء اللہ سے اس ناجائز طور سے مدد چاہے یعنی ان کو قادر مطلق سمجھے خواہ وہ اولیاء اللہ زندہ ہوں یا وفات پائے تو وہ مسلمان اسلام سے خارج ہو جائے گا''۔

لیجئے اولاد دینا، بیماروں سے شفا یہ سب امور تکوینیہ ہیں اور رضاخانی اسی عقیدہ سے اولیا اللہ کو پکارتے ہیں تو شاہ صاحب تو کہتے ہیں کہ ان امور پر کسی کو قادر ماننا اور یہ امور مانگنا حرام وکفر ہے تو جس چیز کو شاہ صاحب خود کفر کہہ رہے ہیں اس پر اہل بیت کو کیسے قادر مان سکتے ہیں؟

''مذہب صحیح آنست کہ امر تشریع مفوض بہ پیغمبر نمی باشد زیرا کہ منصب پیغمبر منصب رسالت و ایلچی گری ست نہ نیابت خدا و نہ شرکت در کارخانہ خدائے آنچہ خدا تعالی حلال و حرام فرماید آنرا رسول تبلیغ مے کند و بس از طرف خود اختیاری ندارد''۔

(تحفہ اثنا عشریہ، ص170)

صحیح مذہب یہ ہے کہ تشریعی امور (حلال و حرام وغیرہ) پیغمبر کے حوالے نہیں یاد رہے کہ پیغمبر کا منصب پیغام رسانی اور اللہ اور مخلوق کے درمیان سفیر کا فیصنہ انجام دینا ہے نہ کہ معاذ اللہ اللہ کی قائم مقامی کرنا اور نہ ہی کارخانہ قدرت میں شرکت ان کا منصب ہے۔ اللہ جو حلال و حرام کرتا ہے پیغمبر اس کا صرف پیغام پہنچاتا ہے خود سے حلال و حرام کی کوئی قدرت نہیں۔

شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آگے یہ بھی فرمایا کہ اگر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حلال و حرام کا اختیار ہوا اور وہ شارع ہوں تو پھر مختلف امور میں انہیں عتاب کیوں کیا گیا؟

مزید فرماتے ہیں:

بدیہی است کہ امام بلکہ نبی نیز شارع نیست شارع حق تعالی است

(تحفہ اثنا عشریہ، ص173)

بدیہی بات ہے کہ امام بلکہ نبی بھی شارع نہیں شارع صرف تعالی کی ذات ہے۔

تو جو شاہ صاحب ''امور تشریعیہ'' انبیا علیہم السلام کے اختیار میں ماننے کو تیار نہیں وہ ''امور تکوینیہ'' اہل بہت کے اختیار میں کیسے مان لیں؟ رضاخانی یہ واضح کر چکا ہے کہ مجمل بات سے استدلال نہیں ہوسکتا تو شاہ صاحب نے تفصیلی عبارات میں اپنا موقف واضح کر دیا رضاخانی کی پیش کردہ عبارات کا مقصد صرف یہ ہے کہ یہ لوگ امور تکوینیہ پر قادر نہیں محض واسطہ ہوتے ہیں جیسے قلم کاتب کے ہاتھ میں محض واسطہ۔

صفحہ 351 پر جو تفسیر عزیزی کی عبارت پیش کی اس میں مطلقا استعانت کا ذکر ہے جو ماتحت الاسباب ہے جیسے دوا طبیب سے یا دوسرے امور میں ہم ایک دوسرے سے

استعانت کرتے ہیں رضاخانی میں غیرت ہے تو جو عقیدہ ہم نے رضاخانیوں کا پیش کیا کہ علم غیب کلی غیر اللہ کو ہر شے پر قدرت اور اللہ کی ذاتی صفات غیر اللہ کو حاصل ہے اس عقیدہ سے غیر اللہ سے مدد و استعانت جائز ہے ایسا کوئی حوالہ شاہ صاحب سے پیش کر باقی اس عبارت سمیت جتنی عبارات اس باب میں تو نے غلام رسول سعیدی سے سرقہ کی ہے اس کا منہ توڑ جواب امام اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ''اتمام البرہان ص 136 تا 148 میں دیا ہے وہاں ملاحظہ کر لے۔

قبور سے استعانت اور دیوبندی عبارات

موصوف نے صفحہ 373 قبر سے روٹیاں مانگنے والا واقعہ اس کے بعد صفحہ 385 تک فضائل حج کا حوالہ پیش کیا کہ قبر سے روٹیاں مانگی، میلاد النبی وغیرہ کے حوالے نقل کئے جن سب کا تعلق یا تو توسل یا کرامات سے ہے۔اور ان کے جوابات کافی عرصہ پہلے دئے جا چکے ہیں جسے ہم یہاں دوبارہ نقل کر دیتے ہیں۔

قبر سے دستگیری امداد المشتاق و فضائل حج کی ایک عبارت پر اہل بدعت کا اعتراض اور اس کا جواب

از افادات مولانا عبد الرحمن نقشبندی حفظہ اللہ

آج کل سوشل میڈیا اور واٹس اپ گروپس پر رضاخانی ایک عبارت پیش کر رہے ہیں جو کچھ یوں ہے:

حضرت کا ایک جولاہا مرید تھا بعد انتقال حضرت مزار شریف پر عرض کیا کہ حضرت میں بہت پریشان اور روٹیوں کو محتاج ہوں کچھ دستگیری فرمائے حکم ہوا کہ تم کو ہمارے مزار سے دو آنے یا آدھ آنہ روز ملا کرے گا''۔

(امداد المشتاق، ص 123)

اس پر تبصرہ کرتے ہوئے رضاخانیوں نے لکھا:

’’جناب اشرفعلی تھانوی صاحب نے یہ جو کچھ لکھا ہے کہ بعد انتقال حضرت کے مزار شریف پر عرض کیا کہ حضرت میں بہت پریشان ہوں اور روٹیوں کو محتاج ہوں کچھ دستگیری فرمائیے یہ حق ،سچ ،ایمان ہے یا کفر،شرک ،بدعت ہے اور سوال یہ ہے کہ قبر والے سے یہ کہنا کہ بہت پریشان ہوں اور روٹیوں کو محتاج ہوں کچھ دستگیری فرمائیے یہ ما تحت الاسباب ہے یامافوق الاسباب اگر ماتحت الاسباب ہے تو کوئی اور بھی مانگ سکتا ہے یاصرف دیوبندیوں کواس کی اجازت ہے اور اگر مافوق الاسباب ہے تو شرک ہوایا نہیں؟‘‘
(ملخصاحنفیت کے باغی دیوبندی وہابی)

غیر مقلدین جو اسی تاک میں لگے رہتے ہیں کہ بریلویہ کی طرف سے کوئی حوالہ یا اعتراض ہمیں ملے تاکہ ہم دونوں بھائی اہل حق کے خلاف شانہ بشانہ کام کریں وہ بھی اس حوالے پر معترض ہیں لہذا ہم دونوں کو سامنے رکھ کر جواب دیں گے۔

جواب: اس اعتراض کو سمجھنے کیلئے پہلے مسئلہ استمداد کو سمجھئے۔

((مسئلہ استمداد من غیر اللہ کی وضاحت))

اہل السنت والجماعت علماء دیوبند(نور اللہ وجوہہم یوم القیامۃ) کے نزدیک دلائل کی روشنی میں نداء اور استعانت میں تفصیل اور تقسیم ہے۔نہ نداء واستعانت تمام کی تمام بالکلیہ جائز ہے اور نہ مطلقاً شرک ہے بلکہ اس میں تقسیم ہے جس کی تفصیل حاضر خدمت ہے۔بتوفیق اللہ تعالیٰ وعونہ۔

بحث اول: استعانت من غیر اللہ کے بارے میں کریں گے۔

استمداد من غیر اللہ آٹھ قسم پر ہے:

(۱)...قسمِ اول: اللہ تعالیٰ کے علاوہ (نبی ،ولی ،پیر ،بُت و دیگر غیر اللہ) کو مستقل اور قادر بالذّات سمجھنا اوران سے مدد مانگنا۔

حکم: ایسی مدد مانگنا صریح شرک ہے،ایسا شرک جس کی وضاحت پیش کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔اور عموماً مدّعیانِ اسلام میں اس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے صرف

وثنیہ (بت پرست) اس کے قائل ہیں کہ وہ وجود باری تعالیٰ کے ساتھ ساتھ دوسری مخلوقات کو بھی قادر بالذّات سمجھتے ہیں اور ان سے مدد مانگتے ہیں۔ العیاذ باللہ

(۲)...قسم دوم: غیر اللہ (مستعان منہ، جس سے مدد مانگی جاتی ہے) کو تو قادر بالذّات نہیں سمجھتے ہیں۔ لیکن قادر بالعطاء سمجھتے ہیں۔ لیکن ان کا عقیدہ ایسا ہوتا ہے کہ اس بندے (نبی یا ولی و دیگر مخلوق) کو اللہ تعالیٰ نے ایسی قدرت دی ہے جس کے بعد یہ مستقل اور خود مختار بن گیا ہے کہ اب جو بھی چاہتا ہے اور جب بھی چاہتا ہے اور جس کے حق میں بھی چاہتا ہے وہ کرسکتا ہے۔

حکم: استعانت کی یہ صورت بھی شرک ہے اور منصوص (قرآن کی رُو سے) شرک ہے۔ مشرکین مکہ کا بھی یہی تصور تھا۔ کیوں کہ وہ اپنے معبودوں کو قادر بالذات نہیں کہتے تھے بلکہ ان کو متصرف باِذن اللہ سمجھتے تھے۔ لیکن ان کا خیال یہ ہوتا تھا کہ ان بتوں کو تو اب ویسے بھی اختیارات حاصل ہو گئے ہیں، وہ اب جس کے لئے اور جب بھی چاہیں مدد کرسکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مشرکین زمانہ جاہلیت میں ایسی تلبیہ پڑھتے تھے۔

" لبيك اللهم لبيك لاشريك لك الاشريكا هو لك تملكه وماملك"

"ہم حاضر ہیں اے اللہ ہم حاضر ہیں۔ آپ کا کوئی بھی شریک نہیں ہے لیکن وہ (شریک) ہے کہ جو آپ کا (شریک) ہے۔ آپ ان کے اور ان کے تمام مملوکات کے مالک ہو"۔

اگر قرآن کی طرف رجوع کی جائے وہاں بھی ہمیں تصریح ملتی ہے کہ وہ اپنے معبودوں کو قادر بالذات نہیں سمجھتے تھے: (هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ.مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى)

"وہ کہتے تھے کہ یہ (اصنام) اللہ تعالیٰ کے ہاں ہماری شفاعت کرنے والے ہوں گے۔ ہم ان کی عبادت صرف اس وجہ سے کرتے ہیں تا کہ یہ ہمیں اللہ تعالیٰ تک پہنچائے۔

الغرض: ایسا عقیدہ بھی شرکیہ عقیدہ ہے اور افسوس کی بات ہے کہ آج کل بعض ج※لاء مدّعیانِ اسلام نے بھی یہ عقیدہ اپنایا ہوا ہے۔ اللھم احفظنا منہ۔ آمین۔

میری ابریلوی طبق※ (واخوات※ م ہ) ے.

(۳)... قسم سوم: زندہ آدمی سے امورِ عادیہ میں مدد مانگنا، کہ وہ فعل عادۃً انسان کا فعل شمار ہوتا ہے۔ یہ مستعان منہ محض ذریعہ اور آلہ بن جاتا ہے اور حاجت روا اور مشکل کشا فقط اللہ تعالیٰ کو ہی سمجھا جاتا ہو۔

مثلاً: میں نے زید سے کہا کہ مجھے پانی دیدو، یا مثلا میری فلاں مدد کرو، یا جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے زندہ دوستوں سے امورِ عادیہ مدد مانگی تھی کہ: (مَنۡ أَنۡصَارِی إِلَی اللّٰہِ قَالَ الۡحَوَارِیُّونَ نَحۡنُ أَنۡصَارُ اللّٰہ (سور※ ال عمران آیت ۵۲)

اسی طرح دوسری جگہ میں ذوالقرنین کے بارے میں آتا ہے کہ اس نے اپنے زندہ ساتھیوں سے امورِ عادیہ میں مدد مانگی تھی کہ: (فَأَعِینُونِی بِقُوَّةٍ) (الک※※ف: ۹۵) میرے ساتھ اپنی قوت میں مدد کرو۔

ایسے بہت زیادہ دلائل اور شواھد موجود ہیں کہ انبیاء کرام علیھم السلام اور صحابہ عظام رضی اللہ عنھم اور سلف صالحین رحمھم اللہ تعالیٰ نے مدد مانگی ہے۔ اس سے یہی قسم مراد ہے۔ اور اس کو ما تحت الاسباب استمداد ک※ تے ہے

حکم: یہ قسم بالاتفاق جائز ہے۔

نوٹ: ہم اہل السن※ والجماعۃ جس طرح تفریط (کمی) کے قائل نہیں ہیں اسی طرح افراط (زیادتی) کے بھی قائل نہیں ہیں۔ بالفاظ دیگر جس طرح بدعت کے قائل نہیں ہیں اسی طرح الحاد کے بھی قائل نہیں ہیں۔

(۴)... قسمِ چہارم: زندہ آدمی سے امورِ غیر عادیہ میں امداد طلب کرنا کہ وہ عادۃً اور شرعاً انسان کی قدرت سے باہر ہو اور انسان کا فعل بھی شمار نہیں ہوتا ہو۔

مثلاً: اے مرشد اے پیر مجھے بچہ دیدو وغیرہ۔

حکم: (استعانت من غیر اللہ) کی یہ قسم بھی ناجائز ہے۔البتہ کرامت اور اعجاز (معجزہ)اس سے مستثنیٰ ہے۔

(۵)...قسم پنجم: نبی یا ولی کی وفات کے بعد امورِ غیر عادیہ یا ان امورِ عادیہ کہ جس میں انسان کی موت کے ساتھ اس کی قدرت اور طاقت ختم ہوجاتی ہے میں مدد مانگنا.

مثلاً: (امورِ غیر عادیہ کی مثال) اے مرشد اے پیر مجھے اولاد عطا کر۔(ان امورِ عادیہ کی مثال جس کی موت کی وجہ سے طاقت وقوت ختم ہوجاتی ہے) اے فلاں میری فلاں مقدمہ ختم کرو۔

حکم: یہ بھی ناجائز ہے۔الا یہ کہ یہ بطریق توسل و دعا ہو۔

(۶)...قسم ششم: کسی نبی یا ولی سے بعد از وفات روحانی فیض حاصل کرنے میں مدد طلب حاصل کرنا۔

حکم: یہ قسم جائز ہے۔

تنبیہ: روحانی فیض سے بریلویوں قبر پرستوں جیسا حصولِ فیض مراد نہیں ہے کہ روح مدد کرتی ہے العیاذ باللہ۔بلکہ شریعت کے دائرہ میں رہ کر جائز صورت میں مراد ہے۔یعنی اس سے مراد فیضِ قبور ہے۔(تفصیل کیلئے کتاب توضیح عبارات اکابر کا مطالعہ کریں)۔

(۷)..قسم ہفتم: اُمورِ عادیہ اور غیرِ عادیہ میں زندہ یا وفات شدہ کے توسل اور برکت کی مدد سے اللہ تعالیٰ سے دعا اور مدد مانگنا۔

حکم: یہ قسم جائز ہے اس کو مجازاً مدد کہا گیا ہے حقیقت میں توسل ہے اور مدد اللہ سے مانگنی ہے۔

تنبیہ: اس قسم میں استشفاع بھی داخل ہے۔

(۸)...قسم ہشتم: ایک نبی یا ولی ایک خاص وقت میں بطور اعجاز و کرامت کہہ دیں کہ مانگو کیا مانگتے ہو۔اس خاص وقت میں سائل اس سے امور عادیہ اور غیر عادیہ میں کوئی مطالبہ کرے اور مدد مانگے۔

حکم: یہ جائز ہے۔

ایک تو اس میں استمرار نہیں ہے کیونکہ یہ کرامت ہے اور کرامت میں استمرار نہیں ہوتا ہے۔ اور دوسرا یہ کہ یہ بندہ کا فعل نہیں ہوتا ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ کیونکہ کرامت اور معجزہ بندہ کا فعل نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے جو بندہ کے ہاتھ پہ ظاہر ہوتا ہے۔ (کما مرّ تفصیل) اس میں طاقتِ بشریہ کو دخل نہیں ہے۔ اس وجہ سے یہ خلافِ قانون ہے اور خلاف قانون میں استمرار اور دوام نہیں ہوتا ہے۔

خلاصہ: یہ کل آٹھ قسمیں ہوئیں جس میں چار قسم جائز اور چار ناجائز ہیں۔

مذکورتقسیم کوآسان الفاظوں میں یوں بھی تعبیر کرسکتے ہیں کہ جو مدد جومافوق لااسباب ہو تو ناجائز اور جوماتحت الاسباب ہوتو جائز ہوگا تو جو جواز کی قسم ہو وہ ماتحت الاسباب میں داخل ہوگا اور باقی مافوق لاسباب میں ہوگا..

خلاصہ: اس تمام بحث کا یہ خلاصہ نکلا کہ نہ ہم مطلقا استمداد کی اجازت دیتے ہیں۔ اور نہ مطلقاً نداء جائز سمجھتے ہیں۔ بلکہ اس میں بین بین (مبنی بر اعتدال) انصاف کے ساتھ اپنے اپنے وصف کے ساتھ بات کرتے ہیں۔

بالفاظ دیگر نہ افراط سے کام لیتے ہیں اور نہ تفریط سے بلکہ اعتدال سے کام لیتے ہیں۔ یعنی ہم اس نداء اور استعانت سے لوگوں کو منع کرتے ہیں کہ وہ امور غیر عادیہ میں مطلقاً (میتا وحیًا) اور ان امور ِعادیہ میں استعانت (مدد مانگنا) جو اس کی قدرت کے باہر ہو یا کسی مخلوق کو قادر بالذات یا قادر بالعطاء سمجھتے ہوئے پھر اسے مستقل اور خود مختار بنادے۔ ایسی استعانات ہم بدلائلٍ نہیں مانتے ہیں۔

اور وہ نداء واستعانت جو انسان کی قدرت میں ہو اور ماتحت الاسباب ہو ایسی ندا اور استعانت کو ہم مانتے ہیں۔ فللّٰہ الحمد ۔

اور اکابرین دیوبند رحمھم اللہ تعالیٰ کے بھی یہی نظریات ہیں کہ استعانتِ محرّمہ کے قائل ہیں اور نہ بالکلیہ استعانت کے منکرین ہیں۔

بالفاظ دیگر نہ غیر مقلدین خوش ہوں کہ ہم نے علماء دیوبند کی کتب میں استعانت کے الفاظ پائے ہیں فلھٰذا ہم اپنی تکفیری مشن میں کامیاب ہوئے، نہیں بلکہ یہ ان (غیر مقلدین) کی غلط فہمی ہے۔ہم (علماء دیوبند) ہرگز ہرگز استعانتِ محرّمہ کے قائل نہیں ہیں۔بلکہ ہم تو اس کو صریح شرک اور ناجائز کہتے ہیں۔

اور نہ بریلوی حضرات خوش ہوں کہ گویا ہماری شرکیہ عقائد علماء دیوبند کی کتب سے بھی ثابت ہیں،نہیں ہرگزنہیں بلکہ ہمارے نزدیک اس میں تفصیل ہے جو پہلے گزر چکی ہے۔تو بریلویوں اور علماءِ حقہ کے عقائد میں آسمان اور زمین کا فرق ہے۔لیکن ناسمجھ اور قلتِ عقل والے غیر مقلدین اور بریلوی اس فرق سے یا تو جاہل ہیں یا متجاہل ہیں۔

خود اکابرین دیوبند رحمھم اللہ تعالیٰ سے بھی ملاحظہ فرمائیں کہ علماء دیوبند (رحمھم اللہ) نہ تو استعانتِ فاسدہ کے قائل ہیں اور نہ مطلقاً استعانت کو شرک و ناجائز کہتے ہیں۔

مثلاً: حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی ؒ استعانت کی ایسی اقسام بیان کرتے ہیں کہ:

(۱)...استعانت واستمداد بالمخلوق جو باعتقادعلم وقدرت مستقل مستمد منہ ہو وہ شرک ہے

(۲)...اور جو باعتقادعلم وقدرت غیر مستقل ہو مگر وہ علم وقدرت کسی دلیل سے ثابت نہ ہو معصیت ہے۔

(۳)...اور جو باعتقادعلم وقدرت غیر مستقل ہو اور وہ علم وقدرت کسی دلیل سے ثابت ہو جائز ہے خواہ وہ مستمد منہ زندہ ہو یا میت۔

(۴)...اور جو استمداد بلا اعتقادعلم وقدرت ہو نہ مستقل نہ غیر مستقل پس اگر طریق استمداد مفید ہو تب بھی جائز ہے جیسے استمداد بالنار والماء والواقعات التاریخیہ۔

(۵) وگرنہ لغو ہے۔

(امداد الفتاویٰ:5 / 335)

تو معلوم ہوا کہ حضرت تھانوی ؒ نہ تو مطلقاً استمداد کے شرک کے قائل ہیں اور نہ مطلقاً

جواز کے قائل ہیں۔

اور مفتی رشید احمد گنگوہیؒ بھی اس کے بارے میں تقسیم کے قائل ہیں، غیر مقلدین اور انکے بھائی بریلوی حضرات مفتی رشید احمد گنگوہیؒ کا عقیدہ بھی ملاحظہ فرمائیں وہ فرماتے ہیں کہ:

استعانت کی تین معنیٰ ہیں:

(۱)...حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ بحرمتِ فلاں میرا کام کردے یہ بالاتفاق جائز ہے خواہ عندالقبر ہو خواہ دوسری جگہ اس میں کسی کا کلام نہیں۔

(۲)...صاحب قبر کو کہے کہ تم میرا کام کردو یہ شرک ہے...

(۳)...قبر کے پاس جا کر کہے کہ اے فلاں تم میرے واسطے دعا کرو کہ حق تعالیٰ میرا کام کردے اس میں علماء کا اختلاف ہے، مجوّزین سماع موتی اس کے جواز کے قائل ہیں ...الخ۔(فتاویٰ رشیدیہ)

اور دوسری جگہ فرماتے ہیں:

"نداء غیر اللہ کو کرنا دور سے شرکِ حقیقی تب ہوتا ہے کہ ان کو عالم سِماع مستقل عقیدہ کرے ورنہ شرک نہیں، مثلاً یہ جانے کہ حق تعالیٰ اس کو مطلع فرمادے گا یا باذنہ تعالیٰ ملائکہ پہنچادیویں گے جیسا درود کی نسبت وارد ہے یا محض شوقیہ کہتا ہو محبت میں یا عرض حال محل تحسر وحرمان میں کہ ایسے مواقع میں اگرچہ کلمات خطابیہ بولتے ہیں لیکن ہرگز نہ مقصود اَسماع ہوتا ہے نہ عقیدۃً، پس ان ہی اقسام سے کلمات مناجات واشعار بزرگان کی ہوتی ہے کہ فی حد ذاتہ نہ شرک نہ معصیت مگر ہاں بوجہ موہم ہونے کے ان کلمات کا مجامع میں کہنا مکروہ ہے کہ عوام کو ضرر ہے اور فی حد ذاتہ ایہام بھی ہے"۔

(فتاویٰ رشیدیہ، صفحہ:182)

ایک اور جگہ پر لکھتے ہیں کہ:

"جب انبیاء علیھم السلام کو علمِ غیب نہیں تو یارسول اللہ کہنا بھی ناجائز ہوگا اگر یہ عقیدہ کرکے کہے کہ وہ دور سے سنتے ہیں بسببِ علمِ غیب کی تو خود کفر ہے اور جو یہ عقیدہ نہیں تو کفر

نہیں مگر مشابہ کفر ہے...."

(ایضاً ص:203و204،مکاتیب رشیدیہ ص:72)

اسی طرح ایک جگہ پر حضرت مولانا مفتی رشید احمد گنگوہیؒ ایک قول ذکر کرتے ہیں کہ:

"سو اشعار و مدح میں جو نداء خطاب پڑھا جاتا ہے اگر ذات فخرِ عالم کو حاضر و ناظر بالذات کوئی عقیدہ کرے تو وہ مشرک ہوتا ہے اور اگر یہ عقیدہ نہیں بلکہ محض محبت میں کہتا ہے یا بوجہ اس کی کہ اگر ضمن صلوۃ وسلام میں ہے تو ملائک آپ ﷺ تک پہنچا دیں گے اور جو بدون اس کی ہے وقت عرض اِعمال کی پیش ہو جاوے گا تو جائز ہے مگر چوں کہ اس مجمع میں جہّال، سفہاء اور اہلِ بدعت کہ تمام اولیاء تک کی نسبت ان کا عقیدہ عالم بالذات ہونے اور متصرف بالذات ہونے کا ہے موجود ہوتے ہیں تو بصورت نداء خطاب کے ان کے عقائد کا افساد اور ان کی بدعت وشرک کی تائید ہوتی ہے تو درصورتیکہ یہ امر مظنون بلکہ بحکم یقین ہے تو درصورۃِ ثانیہ خطاب شرک نہیں مگر توہم شرک اور سبب فتنہ وفساد کا ہے....الخ۔

(البراہین القاطعہ، ص:27)

(۳)...اسی طرح تقسیمات شیخ الاسلام محدّث دوران مولانا ظفر احمد عثمانیؒ نے بھی" الارشاد فی مسئلۃ الاستمداد" میں مفصلا ومحققاً بحث کی ہے۔

(۴)...اسی طرح ناظم تعلیمات دارالعلوم دیوبند مناظرِ وقت فقیہ العصر مولانا حسن چاند پوری رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً نے بھی اس کے متعلق مفصّل ومدلل اور منقح بحث کیا ہے، دیکھئے:

(سبیل السداد فی مسئلۃ الاستمداد" مشمولہ رسائل چاند پوری جلد دوم)

اس تفصیل کو سمجھنے کے بعد اب سمجھیں کہ امداد المشتاق فضائل حج کے واقعات استعانت کی قسم نمبر 7 میں آتا ہے اور فتاوی رشیدیہ کی قسم نمبر 3 میں۔

یہ ممکن ہے کہ اس مرید کو کشف قبور ہوا ہو اور کشف قبور ثابت ہے۔جیسا کہ مفسر ابن کثیرؒ نے ابن عساکرؒ کے حوالہ سے سورۃ الاعراف آیت نمبر 201 کی تفسیر میں حضرت عمر کا واقعہ ذکر کیا ہے کہ: حضرت عمر کے زمانہ میں ایک نوجوان مسجد میں کثرت سے عبادت کرتے تھے،

ایک عورت نے اس نوجوان کو دیکھا اور اس پر عاشق ہوگئی، اس جوان کو اپنی نفس کی خواہش پورا کرنے کے لئے بلایا، اور ہمیشہ اس کو دھوکہ کرنے کی ترکیب کرتے یہاں تک کہ اس جوان کو اپنے گھر لانے کے قریب کر دیا

لیکن اس کے ذھن میں قرآن کریم کی یہ آیت آئی اور اس آیت کی تلاوت فرمائی کہ:

(ان الذین اتقوا اذا مسھم طائف من الشیطان تذکروا فاذا ھم مبصرون) اور بے ہوش ہوگئے، اور جب پھر اس آیت کی تلاوت کی تو اللہ تعالیٰ کے خوف سے اس جوان کی روح پرواز کرگئی، تو حضرت عمر اس جوان کی تعزیت کے لئے اس کے والد کے پاس تشریف لے گئے، چونکہ اس جوان کو رات کے وقت ہی دفن کر دیا تھا ، اور حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اس جوان کے جنازے میں شرکت نہیں کی تھی ، اور حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ اس جوان کی قبر پر حاضر ہوئے اور آواز لگائی کہ: ثُمَّ نَادَاهُ عُمَرُ فَقَالَ: يَا فَتَى وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ فأجابه الْفَتَى مِنْ دَاخِلِ الْقَبْرِ: يَا عُمَرُ قَدْ أَعْطَانِيهِمَا رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فِي الْجَنَّةِ مَرَّتَيْنِ۔"

ترجمہ: عمر رضی اللہ تعالی عنہ اس جوان کے قبر کے پاس آیا اور صاحب قبر (میت) سے مخاطب ہوا کہ: اے جوان ...! جو اللہ تعالیٰ کے مقام سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کے لئے دو جنت ہیں، تو (قبر سے اس میت) جوان نے جواب دیا کہ: اے عمرؓ: یقیناً اللہ تعالیٰ نے مجھے دونوں جنت دیئے۔اس واقعہ کی اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں:

"وَقَدْ ذَكَرَ الْحَافِظُ ابْنُ عَسَاكِرَ فِي تَرْجَمَةِ عَمْرِو بْنِ جَامِعٍ مِنْ تَارِيخِهِ أَنَّ شَابًّا كَانَ يَتَعَبَّدُ فِي الْمَسْجِدِ، فَهَوِيَتْهُ امْرَأَةٌ فدعته إلى نفسها، فما زَالَتْ بِهِ حَتَّى كَادَ يَدْخُلُ مَعَهَا الْمَنْزِلَ، فَذَكَرَ هَذِهِ الْآيَةَ إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذا مَسَّهُمْ طائِفٌ مِنَ الشَّيْطانِ تَذَكَّرُوا فَإِذا هُمْ مُبْصِرُونَ فَخَرَّ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ، ثُمَّ أَفَاقَ فَأَعَادَهَا، فَمَاتَ، فَجَاءَ عُمَرُ فَعَزَّى فِيهِ أَبَاهُ، وَكَانَ قَدْ دُفِنَ لَيْلًا فَذَهَبَ فَصَلَّى عَلَى قَبْرِهِ بِمَنْ مَعَهُ، ثُمَّ نَادَاهُ عُمَرُ فَقَالَ: يَا فَتَى وَلِمَنْ

خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ فأجابه الْفَتَى مِنْ دَاخِلِ الْقَبْرِ: يَا عُمَرُ قَدْ أَعْطَانِيهِمَا رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فِي الْجَنَّةِ مَرَّتَيْنِ.

[تفسیر ابن کثیر: 3 / 534]

نوٹ: یہ واقعہ مندرجہ ذیل کتب میں بھی موجود ہے: تاریخ ابن عساکر ۳ / ۴۱۱، مختصر تاریخ دمشق لابن منظور: 19 / 190، روضۃ المحبین لابن القیم: صفحہ: 317۔)

دیکھئے... عمر کا قبر والے سے بات کرنا کشف قبور نہیں ہے...؟ معلوم ہوا کہ اس طرح کی واقعات ثابت ہیں، لیکن ہر وقت ہر کسی کے لئے اور اس کے ساتھ ساتھ ان سے ناجائز مدد طلب کرنا ہرگز ہرگز صحیح نہیں ہے۔

حافظ ابن تیمیہؒ اور کشف قبور: حافظ ابن تیمیہؒ الحنبلی (المتوفیٰ: ۷۲۸ھ) فرماتے ہیں کہ:

"وَقَدْ انْكَشَفَ لِكَثِيرٍ مِنَ النَّاسِ ذَلِكَ حَتَّى سَمِعُوا صَوْتَ الْمُعَذَّبِينَ فِي قُبُورِهِمْ وَرَأَوْهُمْ بِعُيُونِهِمْ يُعَذَّبُونَ فِي قُبُورِهِمْ فِي آثَارٍ كَثِيرَةٍ مَعْرُوفَةٍ

(فتاویٰ ابن تیمیہ: 4 / 296)

زیادہ لوگوں پر قبر کے حالات منکشف ہوتے ہیں، یہاں تک کہ وہ ان لوگوں کی آوازیں سنتے ہیں جن کو قبر میں عذاب دیا جاتا ہے، اور اس سلسلہ میں بہت سے واقعات موجود اور مشہور ہیں۔

حافظ ابن القیم الحنبلیؒ اور احوالِ قبور:

غیر مقلدین کا ممدوح شیخ الاسلام حافظ ابن القیمؒ (المتوفیٰ: ۷۵۱ھ) حضرت مطرف تابعیؒ کا ایک واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ایک دن وہ اپنے علاقے کے قبرستان تشریف لے گئے:

"فَرَأَى أَهْلَ الْقُبُورِ كُلَّ صَاحِبِ قَبْرٍ جَالِسًا عَلَى قَبْرِهِ، فَقَالُوا: هَذَا

مُطَرِّفٌ يَأْتِي الْجُمُعَةِ قُلْتُ وَتَعْلَمُونَ عِنْدَكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالُوا: نَعَمْ، وَنَعْلَمُ مَا يَقُولُ فِيهِ الطَّيْرُ. قُلْتُ: وَمَا يَقُولُونَ؟ قَالُوا يَقُولُونَ سَلَامٌ سَلَامٌ "(کتاب الروح:ص:22و23،المکتب ※ الحقا ※ پشاور پاکستان)

ترجمہ: آپ نے قبر والے کو دیکھا ک ※ ہر قبر والا اپنی قبر پر بیٹھا ہے سب نے انھیں دیکھ کر ک ※ ا: لوی ※ مطرف ※ یں جو ہر جمعہ کو (ہمارے پاس) آتا ہے تو میں نے ان کو کہا کہ کیا تم ※ یں بھی جمع ※ کے دن خبر ر ※ تی ہے، تو انہوں نے کہا کہ جی ہاں، بلکہ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ چڑیاں اس دن کیا کہتے ہیں، تو میں نے کہا کہ وہ کیا کہتے ہیں، تو انہوں نے کہا کہ وہ اس طرح کہتے ہیں کہ: سلام سلام۔

ملاحظہ: غیر مقلدین ابن القیمؒ کو تارک التقلید اور سرخیل اہل حدیث کہتے ہیں۔
(دیکھے مقالات الحدیث، ص:431۔فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ:1/ 263)

اور اس کتاب کے متعلق زبیر علیزئی غیر مقلد لکھتے ہیں کہ: "ابن القیم کی ثابت شدہ کتاب الروح...." (توضیح الاحکام:1/ 119)

نیز .ی ※ وال ※ مش ※ ور مفسر ابن کثیرؒ (المتوفی: ۷۷۴ھ) نے بھی اپنی تفسیر میں نقل کی ہے (دیکھے: سور ※ الروم آیت نمبر ۵۳، ناشر: دار طیبہ ※ للنشر والتوزیع، المحقق: سامي بن محمد سلام ※)

بہر حال امداد المشتاق کا مذکورہ بالا واقعہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس جولاہے کو اس وقت کشف قبور ہوگیا ہو اور ہم چونکہ قبر میں حیات بھی مانتے ہیں اور اکثر سماع کے بھی قائل ہیں تو اس شخص نے بطور توسل اور دعا اپنے پیر سے کہہ دیا ہوگا کہ یہ مشکل ہے۔ پیر صاحب نے اللہ کی بارگاہ میں دعا مانگی ہوگی اور اللہ نے کرامۃ اس مزار سے اس کرامت کا ظہور کر دیا مگر

عقیدے اور کرامت میں چند فروق:

(۱)... عقیدہ دائمی ہوتی ہے اور کرامت عارضی اور غیر دائمی ہوتی ہے۔

(۲)... عقیدہ اختیاری چیز ہے اور کرامت وکشف ولی کے اختیار میں نہیں ہوتا ہے،

(۳)... کرامت سے شرعی احکام ثابت ن※ ین ہوتے جبک※ عقید※ تو احکام کا منبع ہے

(۴)... کرامت کسی اور پر حجت ن※ ین ہوتی جبک※ عقید※ سب کیل※ یکساں ہے۔

(۵)... کرامت ایک ظنی چیز سے بھی ثابت ہوجاتی ہے جبک※ عقید※ کیل※ مضبوط دلیل درکار ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ۔

اب بریلوی حضرات کو ہم مشرک اس لئے کہتے ہیں کہ وہ قبر والے کو مستقل بطعا قادر مانتا ہے اور مافوق الاسباب اس مردے ہی سے مانگتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ جو کچھ مجھے ملا اس مردے کے اختیار سے ملا اور یہ اس پر قادر تھا اس کو بطور عقیدہ اپناتا ہے یہ شرک ہے۔

جبکہ علمائے احناف دیوبند اہل قبور سے بطور توسل استعانت کے قائل ہیں وہ اہل قبور کو مافوق الاسباب میں قادر بھی نہیں مانتے اور اگر توسل کی صورت میں ایسا کچھ ظاہر ہوا تو اسے کرامت مانتے ہیں اور کرامت و معجزہ درحقیقت اللہ ہی کا فعل ہے گویا اس صورت میں اہل قبر نے کوئی مدد نہیں کی بلکہ مدد اللہ ہی نے کی یہ گویا واسطہ بن گیا۔

تو علماء احناف جس نظری※ کی تردید کرتے ہے وہ عقیدۃً اور دائماً تسلیم کرنے والے نظری※ کی تردید※ ے، اور اس عقیدہ کی تردید کرامت (عارضی اور خرق عادت) کی نفی کو مستلزم نہیں ہے۔

معتراض کے سوالات کے جوابات:

سوال نمبر ۱: جناب اشرفعلی تھانوی صاحب نے یہ جو کچھ لکھا ہے کہ بعد انتقال حضرت کے مزار شریف پر عرض کیا کہ حضرت میں بہت پریشان ہوں اور روٹیوں کو محتاج ہوں کچھ دستگیری فرمائیے یہ حق، سچ، ایمان ہے یا کفر، شرک، بدعت ہے

جواب: حق سچ ہے۔ الحمد للہ۔

سوال نمبر ۲: اور سوال یہ ہے کہ قبر والے سے یہ کہنا کہ بہت پریشان ہوں اور روٹیوں کو محتاج ہوں کچھ دستگیری فرمائیے یہ ماتحت الاسباب ہے یا مافوق الاسباب اگر ماتحت

الاسباب ہے تو کوئی اور بھی مانگ سکتا ہے یا صرف دیوبندیوں کو اس کی اجازت ہے اور اگر مافوق الاسباب ہے تو شرک ہوا یا نہیں؟

جواب: یہ سب ماتحت الاسباب ہیں اس لئے کہ روٹی تو باپ، بھائی، سیٹھ، بھی دے دیتا ہے۔ رزق اسباب سے مربوط ہے۔ کوئی اور سے مراد اگر عوام کالانعام خصوصا بریلوی ہوں تو بالکل بھی نہیں مانگ سکتے کیونکہ وہ جب مانگے گیں تو اس عقیدے سے مانگے گے کہ یہ ولی مافوق الاسباب ہر طرح کا قادر مختار ہے اس لئے اس سے مانگو جو کہ صریح شرک ہے۔

تمام عبارات کا جواب ہوگیا

اب رضاخانی نے جو شیخ عبدالحق محدث دہلوی، ملا علی قاری، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، قاضی ثناء اللہ پانی پتی، مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی جتنی عبارات پیش کی اور کئی صفحات سیاہ کئے ان سب کا جواب بھی ہوگیا کہ ان عبارات میں جائز استعانت کا ذکر ہے جس کے ہم منکر نہیں۔

کرامات سے استدلال

صفحہ 374 پر جو "جمال الاولیاء" کا جو واقعہ پیش کیا اس کا تعلق بھی اس جائز استعانت سے ہے اور یا پھر "یاساریۃ الجبل" والی کرامت کے قبیل سے ہے۔ صفحہ 375 پر جو آنگوٹ کا حوالہ پیش کیا اس کا تعلق کرامت سے ہے صفحہ 377 پر جو حوالہ پیش کیا تو جاہل انسان اس کتاب کا نام ہی "کرامات امدادیہ" ہے تو ہمارے نزدیک یہ تمام امور "کرامات" کی قبیل سے ہیں جس میں سرے سے ولی کو کوئی اختیار و قدرت ہوتا ہی نہیں۔ فعل قدرت سب اللہ کی ہوتی ہے ولی جیسے بارش برسنے میں بادل واسطہ ایسے واسطہ بنتا ہے تفصیل علامہ نقشبندی صاحب زید مجدہ کی کتاب "کیا معجزہ و کرامت انبیاء و اولیاء کے اختیار میں ہے؟" ملاحظہ فرمائیں۔

باقی "تقاریر فاروقی"، کتاب کا جو حوالہ پیش کیا تو اول تو ہمارے نزدیک وہ معتبر نہیں ثانیا معتبر بھی ہوں تو اس میں رضاخانیوں کا رد ہے کیونکہ رضاخانی ان امور پر معاذ اللہ اولیاء اللہ

کو قادر مانتے ہیں لہٰذا واقعی مشرک بے ایمان پلید ہیں۔اور دیوبندی ان امور کو اللہ کی قدرت کا ظہور و فعل مانتے ہیں لہٰذا ''رضاخانی مذہب'' والے نے جو فتوے رضاخانیوں پر لگائے ہم اس سے سو فیصد متفق ہیں۔فتاوی فیض ملت کا حوالہ آجائے گا کہ نیت بدلنے سے حکم بدل جاتا ہے ما قبل میں کہیں میثم رضاخانی کا حوالہ گزر چکا کہ کریمنل ریکارڈ کی وجہ سے حکم بدل جائے گا چونکہ رضاخانیوں کا کریمنل ریکارڈ شرک و بدعت موجود ہے لہٰذا ان پر شرک کے فتوے ہی لگیں گے لیکن علمائے دیوبند پر نہیں۔

یاشیخ عبد القادر شیئاً للہ کی بے جا تاویلات

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۲۵ھ) لکھتے ہیں:

مساله: آن چه جهال می گویند یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ لله یا خواجه شمس الدین پانی پتی شیالله جائز نیست شرک وکفر است و اگر الهی به حرمت خواجه شمس الدین پانی پتی حاجات من رواکن گوید مضائقه ندارد

حق تعالی می فرماید:

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ

(اعراف، ۱۹۴)

یعنی ازکسائی که شما دعا می خواهید سوای خدا نها بندگان مانند شما آنها را چه قدر است که حاجت کسی بر آرند؟

و اگر کسی گوید که این در حق کفار است که بتان را یاد می کردند گفت شود که لفظ دون عام است و لفظ معتبر است نه خصوص محل۔

(ارشاد الطالبین، ص 46، 48 طبع ایران، ص 29 طبع لاہور)

یعنی یہ جو جاہل کہتے ہیں کہ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ للہ (یعنی مشکل وقت میں غوث کو پکارتے ہیں کہ میری مدد کیجئے۔ساجد) یا خواجہ شمس الدین پانی پتی شیاللہ جائز نہیں یہ شرک و کفر

ہے ۔ہاں اگر یہ کہا جائے کہ خواجہ شمس الدین پانی پتی کے وسیلے سے میری حاجات کو یاالٰہی پورا کردے تو اس میں مضائقہ نہیں ۔

اللہ تعالی فرماتا ہے جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ تمہاری طرح ہی بندگان خدا ہیں ان کو بھلا کیا قدرت ہے کہ وہ کسی کی حاجت روائی کرسکیں ۔

اگر کوئی یہ کہے کہ یہ آیت تو بتوں کے بارے میں نازل ہوئی کہ کافر انہیں پکارتے تو جواب یہ ہے کہ آیت میں من دون اللہ کا لفظ عام ہے (اس میں ہر ایک داخل ہے اور قرآن میں اعتبار)عموم الفاظ کا ہوتا ہے نہ کہ خصوص محل کا (یعنی آیت تو کسی خاص موقع یا خاص لوگوں کے بارے میں نازل ہوتی ہے لیکن اس کے حکم میں تاقیامت تک کہ لوگ شامل ہوتے ہیں الا یہ کہ اس کی تخصیص پر کوئی قرینہ ہو)۔

رضا خانی فقیہ الہند شاہ مسعود محدث دہلوی فتوی دیتے ہیں:

''واضح ہو کہ یارسول اللہ کہنا وقت سونے اور نشست اور ہر کار وغیرہ کے وقت ممنوع ہے اور بہ نیت حاضر و ناظر کہنا موجب شرک کا ہے کہ یہ ہر دو صفت بالذات خاص واسطے خدا کے ہیں''۔(فتاوی مسعودی، ص 529)

جب حاضر و ناظر کی نیت سے یارسول اللہ پکارنا شرک ہے تو یا غوث تو شرک اکبر ہوگا۔

مولانا احمد حسن صاحب کانپوری لکھتے ہیں:

''میرا بھی یہی عقیدہ ہے کہ جو شخص حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کو حاضر و ناظر یا عالم الغیب یا حاجت روائے مطلق سمجھ کر اس کو پڑھے تو یہ پڑھنا شرک وکفر ہے''۔

(فتوی جواز یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ، ص 7، انجمن نعمانیہ لاہور)

جواب: موصوف کہتے ہیں کہ یہ ہمارے خلاف نہیں (ملخصا) جب تمہارے خلاف نہیں تو سیفیوں نے اس میں تحریف کیوں کی؟ تحریف کرنا ہی تمہارے اصول پر شکست کی علامت ہے۔

موصوف نے اس کا رد میں پہلے باقیات فتاوی رشیدیہ ص 61 کا فتوی یوں پیش کیا:

''اس کا (یا شیخ عبد القادر جیلانی شیا اللہ کاازناقل) کا پڑھنا شرک اس وقت ہے کہ شیخ کو عالم غیب ومتصرف مستقل جانے اور جواس لفظ میں برکت اوراثر جان کر پڑھے تو بعض مشایخ قادریہ کا معمول ہے ایسے پڑھنے پر نہ تکفیر ہوسکے گی نہ تفسیق ، اگر چہ ایسے وظیفہ کا پڑھنااولی بھی نہیں ہے اورکسی مسلمان پرگمان کفراورشرک وفسق کا کرنا جب تک تاویل اس کےقول کی حسن ہوسکے درست نہیں ،اورجب تک وہ اقرار کچھ نہ کرے تاویل کرکے مسلمان بنادے اورجوتاویل اچھی بیان کرے تو پھراس پر گمان بد کرنا خود معصیت ان بعض الظن اثم ترجمہ مقرر بعضی تہمت گناہ ہے ۔لہذاایسے شخص کی امامت بھی درست ہے اور پہلی صلوۃ بھی درست ہےاور باہم اتفاق واجب ہے''۔(باقیات فتاوی رشیدیہ،ص 61)

وہابی گنگوہی نے ہی احمدی مولوی ساجد خان کا منہ کالا کر دیااور یہ فتوی صادرکیا کہ اگر کوئی پیرصاحب کوعالم غیب ومتصرف ذاتی سمجھ کر یہ وظیفہ کرے تو شرک ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 385)

منہ علامہ صاحب کا نہیں ان کا منہ توالحمدللہ ہمیشہ ہی روشن ہے ۔البتہ کالے حضرت کی عادت سئیہ یعنی دجل وفریب کرکے تونے احمدرضاخان کا منہ ضرور کالابلکہ اشدسیاہ کر دیا۔ جو عبارت تونے پیش کی اس میں بھی تیرے مطلب کا کچھ نہیں کیونکہ اس میں صاف لکھا ہے کہ عالم غیب اور مستقل مانے گا تو مشرک ہوگااوررضاخانی غیراللہ کو عالم غیب اور مستقل مان کر ہی پکارتے ہیں بلکہ الہ بلکہ صریح طور پراللہ مان کر پکارتے ہیں ۔گزرچکا کہ رضاخانی کے نزدیک ''مافوق الاسباب'' پکارنا جائز ہے معاذاللہ اور ہمارے نزیک مستقل متصرف اور عالم غیب مافوق الاسباب ہی ہیں لہذاباقیات فتاوی رشیدیہ کی رو سے رضاخانی کا منہ ہی کالاہوا۔

پیرنصیر کے بقول عوام وخواص کے عقائد بریلویہ شرکیہ ہیں تو شرکیہ تب ہی ہوں گے جب عالم غیب اور مستقل مان کر پکارے ۔ رضاخانی کا دجل وفریب ملاحظہ ہوفتوے میں ''مستقل'' کالفظ تھا جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ نے کلی امورکااختیاران کو دے دیا جیسے میں اس وقت لکھنے میں ہاتھ ہلانے میں مستقل ہوں مگر یہ حرکت باوجود مستقل ہونے کی

میری ذاتی نہیں یعنی مستقل و ذاتی کا ایک دوسرے کے مترادف ہونا ضروری نہیں مگر رضاخانی مستقل کا معنی ذاتی کر کے دجل وفریب اختیار کر رہا ہے۔

پھر اس سے اگلا فتوی فقیہ العصر حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا اس سے واضح ہے جسے اس مکار نے نقل نہ کیا جو کچھ یوں ہے:

''یا شیخ عبد القادر جیلانی شیاللہ کو اسم اعظم کہنا بالکل غلط ہے اس اعظم حق تعالی کا نام ہوتا ہے اس کے وظیفے کرنے اور پڑھنے کو خود علما نے منع فرمایا ہے چنانچہ درمختار میں ہے:

كذا قول شيا لله قيل بكفره اسی طرح شیا للہ پڑھنا بعض علما نے اس پڑھنے والے کے کفر کا خیال ظاہر کیا ہے۔

کیونکہ اس کے بعض معنی موجب کفر ہیں اور بعض وجہ سے جو معنی درست ہوتے ہیں اس معنی کو بھی اگر حضرت شیخ کو حاضر و ناظر عالم الغیب متصرف نافع وضار جان کر کہے گا تو موجب کفر ہوگا چنانچہ البحر الرائق میں مذکور ہے

منها لوظن ان الميت يتصرف فی الامور دون الله تعالی و اعتقاده ذالك كفر

ترجمہ: بعض وجوہ باطلہ میں سے یہ ہے کہ جو شخص (غیر خدا کی نذرومنت مانتا ہے) یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ میت امور میں متصرف ہے سوائے حق تعالی کے یہ عقیدہ اس کا کفر ہے۔

اور جو بدون کسی عقیدہ کے کہے گا تو بھی مشابہت اہل بدعت سے ہوگی اور کلام لغو ہوگا۔ پس ایسے کلمات کا وظیفہ کرنا ممنوع ہے اور ہر تقدیر پر یہ وظیفہ ناجائز ہے''۔

(باقیات فتاوی رشیدیہ، ص 62،61)

ملاحظہ ہو ہر حال میں یہ وظیفہ ناجائز ہے اگر نافع، ضار، متصرف، حاضر و ناظر سمجھ کر کرتا ہے تو کافر ہے۔ اور رضاخانی یہی کچھ عقیدہ رکھ کر کرتے ہیں ورنہ ہم چیلنج کرتے ہیں کہ نمرود وقت احمد رضا خان کے فتاوی رضویہ سے ثبوت دے کہ شیخ نافع ضار متصرف فی الامور نہیں۔

ہاں ایک صورت ہے کہ بدون اس عقیدہ کے پڑھے اسے علامہ نقشبندی صاحب نے

بھی شرک نہیں کہا اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے حوالے سے بھی اسے درست کہا لیکن اس صورت میں رضاخانی قطعاً نہیں پڑھتے۔

پھر اگلا فتوی مزید تفصیلی ہے

جواب: از مولانا صاحب مدظلہ: اس کلام کا پڑھنا اور اسم اعظم سمجھا بالکل غلط ہے، اسم اعظم حق تعالی کے نام کو کہتے ہیں اور شیئاً للہ کو علما نے خود منع کیا ہے فی الدر المختار: کذا قول شیئا اللہ قیل بکفرہ انتھی.

اقول: اس کلام کا پڑھنا کسی وجہ سے جائز نہیں، اگر شیخ قدس سرہ کو عالم غیب متصرف مستقل جان کر کہتا ہے، تو خود شرک محض ہے۔ لقولہ تعالی:

وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هو اور اس کے پاس کنجیاں ہیں غیب کی، کہ ان کو کوئی نہیں جانتا اس کے سوا۔ (ترجمہ شیخ الہند) (سورۃ انعام آیت ۵۹)

دیگر نصوص فقہیات قال فی البزازیة وغیرها من الفتاوی: من قال إن أرواح المشائخ حاضرة تعلم کفر! ومن ظن ان المیت یتصرف دون اللہ واعتقادہ ذلك کفر کذا فی البحر الرائق انتھی

بزازیہ وغیرہ کتب فتاوی میں لکھا ہے: جس نے کہا کہ مشائخ کی روحیں (ہر جگہ) حاضر ہیں، یہ جہالت اور کفر ہے، اور جس نے یہ خیال کیا کہ مردے بدون اذن الہی بالاستقلال (دنیا کے معاملات میں) تصرف کرتے ہیں (اور دخل رکھتے ہیں) اور اس کا اعتقاد رکھا۔ یہ بھی کفر ہے۔

اور جو یہ عقیدہ نہیں تو بھی ناجائز ہے، کیونکہ اس صورت میں گو یائے ندا شرک نہ ہو مگر مشابہ بہ شرک ہے، اور جو لفظ موہم معنی شرکیہ کا ہو، اس کا بولنا بھی ناروا ہے۔ لقولہ تعالیٰ:

لَا تَقُولُوا رَاعِنَا، وَقُولُوا انظُرْنَا (البقرہ-104) ترجمہ: تم نہ کہو راعنا، اور کہو انظرنا (ترجمہ شیخ الہند) ولقولہ علیہ السلام:

لا تقولوا ما شاء اللہ وشاء فلان ولکن قولوا ما شاء اللہ ثم شاء

فلان: ترجمہ ※: یہ نہ ہو کہ جو کچھ اللہ تعالی چاہیں اور فلاں چاہے، بلکہ کہو اللہ تعالی چاہیں، پھر فلاں چاہے۔

اور حالانکہ صحابہ کی ہی میں کوئی معنی قبیح نہ تھے مگر یہ سب مشابہت اور توہم معنی قبیح کے یہ الفاظ ممنوع ہو گئے پھر عوام اس درجہ شرک اور گناہ میں مبتلا ہوتے ہیں، کہ جب خواص اصلاح معنی کے ساتھ اس کاورد کریں گے عوام بھی اس کو جائز جان کر بلاتمیز درمیان صحیح وقبیح پڑھیں گے، اور خراب ہوں گے، اور جس سے عوام کو غوایت گم راہی ہو وہ عمل خواص کو بھی درست نہیں فی عالمگیری ※:

لأن الجهال يعتقدونها سنة أو واجبة ، و كل مباح يؤدي اليه فمكروه انتهى کیوں کہ جاہل لوگ اس کو سنت اور واجب سمجھ لیں گے اور ہر وہ مباح چیز جس کو سنت یا واجب سمجھا جائے وہ مکروہ ہے۔ مع ہذا، خود تفسیر عزیزی میں درمیان وجوہ شرک کے مذکور ہے:

ازآن جمل ※ کسانیک ※ ذکر دیگرآن را بلفظ اتعالی مسری کنندوا زان جمل ※ اندکسانیک ※ در دفع بلادیگران رامی خوانند، وہم چنین در تحصیل منافع ب ※ دیگران رجوع می نمایند، بالاستقلال زان ک ※ توسل بآن دیگران نمایید ترجمہ ※: شرک میں وہ لوگ بھی شامل ہیں، جو انسانوں وغیرہ کے مرتبہ کو حق تعالی کے برابر کرتے ہیں، اور ان ہی میں سے وہ لوگ بھی ہیں جو بلاؤں مصیبتوں کے دور کرنے کے لئے اللہ تعالی کے علاوہ) کسی اور کو یاد کرتے اور پکارتے ہیں، اور اسی طرح وہ بھی اسی میں شامل ہیں، جو اپنے فائدوں اور ضرورتوں کے لئے (حق تعالی کے علاوہ) اوروں سے براہ راست رجوع کرتے ہیں، بغیر اس کے کہ کسی اور سے ان کے ذریعہ سے وسیلہ حاصل کرلیں۔

اور پھر ظاہر ہے کہ دعوت اس کلام کی داخل ہر دو قسم میں ہے، کیونکہ غرض اس سے دفع بلا وجلب منافع ہے، یا مثل ذکر اللہ کے اس سے تحصیل برکات وتقرب مقصود ہے، یا بوجہ ترک کے اس کو تکرار کرتے ہیں۔ ہاں کسی کے توسل سے دعاء کرنی درست ہے **مگر یہ صورت توسل**

کی ہرگز نہیں، بلکہ دعاء واستعانت ہے۔ مجیب صاحب کو شبہ واقع ہوا کہ دعا کو توسل سمجھے گئے۔ توسل کی صورت یہ ہے کہ کہے:

یا اللہ بجاہ شیخ عبد القادر جیلانی) شیئًا، **نہ یہ کہ خود ان سے طلب کرے بصیغہ دعاء یَاشَیْخُ أَعْطِنِي شَیْئًا یہ توسل کس طرح ہوسکتا ہے!! مع ہذا لفظ** شیئا اللہ **کا موہم معنی شرک کو ہے کیوں کہ اس کے معنی یہ بھی ہوسکتے ہیں، کہ کچھ حق تعالیٰ کو دو، اس واسطے کہ لفظ لام معطی یہ پر آتا ہے تو یہ معنی تو اشد شرک ہوئے۔** دوسرے یہ معنی ہیں کہ شیخ مجھ کو دو، کچھ بوجہ اللہ تعالیٰ کے، تو اس معنی میں اگر مستقل شیخ کو جانتا ہے تو بھی شرک ہوا اور جو باذن اللہ معطی سمجھتا ہے، تو اس کی توجیہ وہ ہے، جو تفسیر عزیزی سے مجیب نے نقل کی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ بعض اولیاء کو حق تعالیٰ نے آلہ تکمیل وارشاد خلق بنایا ہے، کہ اس کے ذریعہ سے باذن اللہ مطالب خلق برآمد اور حل مشکلات خود خلق بذریعہ ان کے حق تعالی سے چاہتے ہیں، نہ یہ کہ اولیاء خود متصرف مستقل بن جاتے ہیں۔ شاہ صاحب نے خود آلہ جارح کا سے اس وھم شرک کو دفع کر دیا ہے، اور ظاہر ہے کہ جب وہ آلہ ٹھہرے، تو اگر چہ بظاہر حاجت روائی بذریعہ آلہ ہوتی ہے اگر خود آلہ سے دعا و استعانت طلب کرنا شرک ہے۔ پس ایسی صورت میں متصرف حقیقی کو چھوڑ کر، آلہ سے طلب کرنا بھی، خالی از مشابہت شرک نہیں۔ ندا دعا کرنا دوسری شے ہے کہ منادی کے علم وتصرف کو چاہتا ہے اور ذریعہ ہونا اور امر ہے کہ ذریعہ کا واسطہ اور مقبول ہونا بدرگاہ فیاض اس سے مستفاد ہوتا ہے شان بینھما۔

مثلا نور بواسطہ شمس کے آتا ہے، مگر طلب نور کی شمس سے شرک ہے، ندا کسی کو کرنا مبنی بر علم وتصرف منادیٰ کے ہے اور بس۔ پس عبارت (تفسیر) عزیزی سے جواز ندا کا کیوں کر مفہوم ہوا؟ بڑا تعجب ہے۔ اگر گاہے اولیاء کو خبر بطور کشف باذن اللہ تعالیٰ ہو جاوے، اس سے بروقت یا استقلالا علم وتصرف کا ہونا، کہاں سے لازم آتا ہے۔ پس ایسی دعوت بہر حال یا شرک جلی ہے یا خفی یا لغو مشاب ✻ بشرک ہو کر حرام وناجائز ہووے گی کسی وجہ سے جواز کا شائبہ اس میں نہیں ہوسکتا۔

اب استدلالات مجیب کا حال سنو! کہ جو اس کلام کو بطور توسل جائز فرماتے ہیں، حالانکہ اس صورت میں کوئی توسل کی صورت نہیں کمامر۔ اور شاہ ولی اللہ نے طریقہ بعض جیلانیہ کا بیان کیا ہے، اس سے اجازت ومشروعیت کا فہم غلط ہے اور تحکم ہے اور شاہ عبدالعزیز کی عبارت کا مطلب خود واضح ہوگیا، کہ وہ ندا کو ہرگز جائز نہیں فرماتے، بلکہ شرک لکھتے ہیں، اور جو وہ فرماتے ہیں اس سے جواز نداوطلب ہرگز مستفاد نہیں ہوسکتا! علی ہذا تفسیر مظہری کا مطلب ہے نداواستعانت اولیاء سے نہ حیات میں روا ہے نہ بعد موت۔

اور خیریہ اسے جو نقل کیا ہے اول تو اس کی عبارت معلوم نہیں کہ کیا ہے، جب تک سابق ولاحق کا حال معلوم نہ ہو اس پر حکم نہیں ہوسکتا۔ سلمنا! اگر اس کی یہی مراد ہے جو مجیب نقل کرتے ہیں تو وہ فتوی ان کا مردود ہے اور یہ نصوص قطعیہ وروایات فقہا معتبر ہیں، کہ سابق میں لکھی گئی ہیں کہ نداغیر اللہ کو بہر حال ناجائز ہے اور شئیاللہ کے معنی موہم شرک ہیں، اگر چہ نیت داعی کے صحیح معنی کے موافق ہو، تاہم درست نہیں، یہ وجہ حرمت کلام کی ہے، اگر چہ موجب حرمت کا خیریہ کو علم نہ ہوا مگر نصوص وروایات سے ہم ثابت کر چکے ہیں۔ پس جو فتوی خلاف نصوص وروایات صحیحہ کا ہووے گا وہ قطعا مردود ہووے گا۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم

المجیب رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

(باقیات فتاوی رشیدیہ، ص 65 تا 67)

یہ اصل تفصیلی موقف وفتوی ہے فقیہ العصر حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جس نے رضاخانیت کا بھرکس نکال دیا ہے۔ اب رضاخانی ہی کی زبانی رضاخانی مرزائی نے:

”دجل وفریب سے یہاں کام لیا ہے وہ ہر سمجھ دار شخص جانتا ہے اس جاہل نے علمائے اہلسنت کا عقیدہ بیان کرنے کے بجائے چ چند مبہم قسم کی عبارات۔۔۔۔ اپنے۔۔۔ اکابرین سے عیاری مکاری اور دھوکہ بازی میں سبقت لے جانے کی کوشش کی ہے“۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص 286)

اور بقول رضاخانی ''خارشی کیڑا کاٹتا ہے''۔(ایضاص 290) تو اس یہودی مرزائی کو بھی خارشی بدعتی کیڑا کاٹتا ہے جس کی وجہ سے علمائے اہلسنت کااصل موقف چھپاتا ہے۔اور بقول رضاخانی کے(رضاخانی کی):

''عیاری ومکاری اس کے قلم سے ثابت ہوگئی''

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص 386)

رضاخانی کا یہ کہنا کہ قاضی صاحب کی اس عبارت کا ہمارے عقیدہ سے دور کا بھی تعلق نہیں مکاری ہے کیونکہ قاضی صاحب کی عبارت کا مطلب یہی ہے کہ شیخ کو حاضر و ناظر، عالم غیب، نافع وضار جان کر پکارنا شرک ہے اور رضاخانی یہی کرتے ہیں۔

اس کے بعد موصوف نے علامہ شاہ سید انورشاہ کاشمیری کی املائی کتاب سے عبارت پیش کی کہ:

''واعلم ان الوظيفة المعهودة ياشيخ عبد القادر ياجيلانی شیئاللہ ان حملناها على الجواز فلا ريب انه لا اجر فيها اصلا۔۔۔

(فیض الباری علی صحیح البخاری، ج3،ص 38)

انورشاہ کو بھی اس وظیفے میں جواز نظر آگیا پر بقول وہابی اسمعیلی ساجد خان قاضی صاحب صرف کفر ہی نظر آیا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص 386)

یہ بھی رضاخانی کا موروثی و آبائی دجل وفریب ہے کہ علامہ نقشبندی صاحب کو اس وظیفہ میں صرف کفر نظر آتا ہے اس رضاخانی کو یہ عبارت نظر کیوں نہیں آرہی:

''ہاں اگر یہ کہا جائے کہ خواجہ شمس الدین پانی پتی کے وسیلے سے میری حاجات کو یاالٰہی پورا کردے تو اس میں مضائقہ نہیں''۔

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت،ص 35)

لیکن جس مذہب رضاخانیت میں جھوٹ بولنا عبادت ہو اسے جھوٹ بولنے پر ہم کیسے

ملامت کریں؟

شاہ صاحب نے کہیں بھی اس وظیفہ میں جواز کو تلاش نہیں کیا اگر کیا بھی تو ہمارے خلاف نہیں ہم مانتے ہیں کہ اگر حاضر و ناظر علم غیب مختار کل سمجھے بغیر پڑھا جائے تو شرک و کفر نہیں مگر فضول کام ہے ہاں اگر ان شرکیہ عقائد کے ساتھ پڑھا جائے تو ضرور کفر ہے جیسا کہ رضاخانی پڑھتے ہیں۔

شاہ صاحب کی عبارت میں بالفرض والمحال ''ان'' شرطیہ کے ساتھ قول ذکر کیا گیا ہے اور شرط میں حکم متحقق نہیں ہوتا میں کہوں ''اگر ہم احمد رضا خان کو مسلمان ہونے پر محمول کرلیں'' تو کیا ہم نے خان صاحب بریلوی کو مسلمان مان لیا؟ مثلاً میں کہو کہ:

''فرض کرو کہ ہم ابو حامد رضوی مرزائی کو حرام کی ااولاد تصور کرلیں'' تو اب بتاو شاہ صاحب کی عبارت کی طرح ہماری عبارت میں بھی ''اگر!!!ان!!!'' ہے تو کیا ابو حامد رضوی خود کو اب حرام کی اولاد تسلیم کرے گا؟ پتہ نہیں کیوں رضاخانیوں کو یہ سمجھ نہیں آتی کہ محض واٹس ایپ گروپ میں کسی حوالے کا آجانا کسی بکواس کو ثابت نہیں کرتا۔

اس کے بعد رضاخانی نے حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نقل کیا:

''صحیح العقیدہ سلیم الفہم کیلئے جواز کی گنجائش ہوسکتی ہے تاویل مناسب کر کے اور سقیم الفہم کیلئے بوجہ مفاسد اعتقادیہ وعملیہ کے اجازت نہیں دی جاتی۔(امداد الفتاوی، ج5،ص 367 دارالعلوم کراچی)

بحمد للہ اہل سنت کا صحیح العقیدہ سنی ہونا وہابیہ اسمعیلیہ کے گھر سے ثابت ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول،ص 387)

حکیم الامتؒ کی یہ عبارت ہمیں مطلوبہ صفحہ پر نہیں ملی خدا جانے رضاخانی نے کس رسالہ سے سرقہ کر کے نقل کردی۔ بہرحال حضرت تھانویؒ کی یہ بات بالکل درست ہے کہ بالفرض ایسی چیزیں کوئی صحیح العقیدہ دیوبندی کرے تو جواز کی صورت تاویل کے قاعدہ سے نکل سکتی ہے لیکن چونکہ رضاخانی مشرک ہیں لہذا ان کیلئے کسی صورت جواز نہیں۔ باقی رضاخانی کا یہ کہنا

کہ رضاخانیوں کا سنی العقیدہ ہونا دیوبندی کی کتب سے ثابت ہو چکا ہے یہ میرے بالکل اس دعوے جیسا ہے:

”مرزا غلام احمد قادیانی کا حافظ قرآن، اعلی حضرت فاضل بریلوی، عالم باعمل، مجدد مائۃ حاضرہ، صدرالافاضل، مظہر اعلی حضرت، مومن، مسلمان عطاری قادری ہونا ابو حامد رضوی مرزائی کی کتاب حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی سے ثابت ہو چکا ہے“۔

شرم تم کو مگر نہیں آتی!!!

من دون اللہ پر رضا خانی کی عجیب بے شرمی

رضاخانی لکھتا ہے:

”وہابی اسمٰعیلی ساجد خان اوراق سیاہ کرنے کیلئے حوالے نقل کر دیتا ہے لیکن اسکو اپنے ہی گھر کی کتابوں یا اس مسئلہ کا موقف کا علم نہیں ہوتا اس جاہل نے قاضی صاحب کی عبارت تو نقل کر دی پر اپنے وہابی اسمٰعیلی علماء کی کتب دیکھنے یا پڑھنے کی زحمت گوارہ نہ کی اس نے قاضی صاحب کے حوالے سے لکھا کہ قاضی صاحب من دون اللہ سے تعمیم مراد لیتے ہیں قطع نظر اس سے کہ قاضی صاحب کیا مراد لیتے ہیں“

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول ،ص 387)

عجیب بے غیرتی ہے علامہ صاحب کی عبارت یوں ہے:

مساله: آن چهه جهال می گویند یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ لله یا خواجه شمس الدین پانی پتی شیالله جائز نیست شرک و کفر است و اگر الهی به حرمت خواجه شمس الدین پانی پتی حاجات من رواکن گوید مضائقه ندارد

حق تعالی می فرماید:

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ ۖ

(اعراف، 194)

یعنی ازکسائی که شمادعا می خواهید سوای خدانها بندگان مانند شما آنهارا چه قدر است که حاجت کسی بر آرند؟

و اگر کسی گوید که این در حق کفار است که بتان را یاد می کردند گفت شود که لفظ دون عام است و لفظ معتبر است نه خصوص محل۔

(ارشاد الطالبین، ص 47، 48 بع ایران، ص 29 طبع لاهور)

یعنی یہ جو جاہل کہتے ہیں کہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیأ للہ یا خواجہ شمس الدین پانی پتی شیأاللہ جائز نہیں یہ شرک و کفر ہے۔ ہاں اگر یہ کہا جائے کہ خواجہ شمس الدین پانی پتی کے وسیلے سے میری حاجات کو یاالٰہی پورا کردے تو اس میں مضائقہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ تمہاری طرح ہی بندگان خدا ہیں ان کو بھلا کیا قدرت ہے کہ وہ کسی کی حاجت روائی کرسکیں۔

اگر کوئی یہ کہے کہ یہ آیت تو بتوں کے بارے میں نازل ہوئی کہ کافر انہیں پکارتے تو جواب یہ ہے کہ آیت میں من دون اللہ کا لفظ عام ہے (اس میں ہر ایک داخل ہے اور قرآن میں اعتبار) عموم الفاظ کا ہوتا ہے نہ کہ خصوص محل کا (یعنی آیت تو کسی خاص موقع یا خاص لوگوں کے بارے میں نازل ہوتی ہے لیکن اس کے حکم میں تاقیامت تک کہ لوگ شامل ہوتے ہیں الا یہ کہ اس کی تخصیص پر کوئی قرینہ ہو)

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، ص 34،35)

یہاں علامہ صاحب نے ایک لفظ اپنی طرف سے نہیں لکھا جو کچھ ہے قاضی صاحب کا قول ہے من دون اللہ سے عموم قاضی صاحب لے رہے ہیں تو اگر تجھے بکواس کرنی ہی ہے تو قاضی صاحب پر کر۔ آگے صفحہ 388 تا 391 مولانا محمود عالم صفدر، مولانا عبدالجبار سلفی صاحب مولانا طارق جمیل صاحب کی عبارات پیش کی جو ہمارے لئے حجت نہیں نہ یہ ہمارے اکابر ہیں صفحہ 390 پر حضرت علامہ مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی جو عبارت پیش

کی رضاخانی اصول پر وہ بھی ہمارے لئے حجت نہیں لیکن اگر انہوں نے کسی آیت کے متعلق یہ کہ دیا کہ یہ آیت بتوں کے متعلق ہے تو اس سے یہ کہاں ثابت ہوگیا کہ ''من دون اللہ'' میں عموم نہیں تجھ میں غیرت ہے تو ایسا حوالہ پیش کر جس میں ہو کہ کہیں بھی قرآن وسنت میں ''من دون اللہ'' سے انبیاء و اولیاء مراد نہیں لئے جاسکتے محض اپنے کسی مولوی کی کتاب سے حوالے سرقہ کر دینا کافی نہیں الو کے پٹھے غور کیا کر کہ بک کیا رہا ہے اور پیش کیا رہا ہے۔

لے اب اپنے ہی گھر کے چند حوالے لے کہ من دون اللہ میں عموم ہے کہ نہیں۔

من دون اللہ اور رضاخانی پنڈت

(1) پیر نصیر الدین گولڑوی قرآن کی آیت انکم و ما تعبدون من دون اللہ نقل کر کے من دون اللہ کا معنی لکھتے ہیں:

''اس تفصیلی جائزے سے یہ بات کھل کر سامنے آگئی کہ اللہ کے سوا کسی بھی مخلوق کی عبادت قطعی حرام ہے، گویا انسان اور اصنام کے درمیان عبادت کی حرمت قدر مشترک ٹھری پس یہ کہنا کہ اصنام کے بارے میں نازل شدہ آیات کو انسانوں پر منطبق کرنا درست نہیں غلط ٹھرا''۔(اعانت و استعانت کی شرعی حیثیت، ص 6)

لیجئے ان جیسی آیات اور من دون اللہ کو صرف بتوں تک محدود کرنا جیسا کہ ابو حامد رضاخانی مرزائی قارونی یہودی نے کیا اس پر خود اس کے پیر خانے نے اس کا منہ کالا کر دیا۔ یہ بے شرم طعنہ دوسروں کو دیتا ہے کہ اپنے مسلک کی کتب نہیں پڑھتے لیکن حرام ہو کہ اس خبیث نے اپنے گھر کا گند کبھی دیکھا ہو۔

(2) قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا (بنی اسرائیل، آیت 56)

میں من دونہ ای من دون اللہ کی تفسیر میں نعیم الدین مراد آبادی لکھتا ہے:

''جیسے کہ حضرت عیسیٰ اور عزیر۔(خزائن العرفان، ص 344)

(3) رضاخانی شیخ الحدیث والتفسیر مولانا غلام رسول سعیدی اس آیت میں من

دونہ میں عموم مانتے ہوئے لکھتا ہے:

’’’اس آیت سے مقصود مشرکین کارد ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم خود اس لائق نہیں کہ اللہ کی عبادت کریں بلکہ عبادت کے لائق تو مقربین ہیں یعنی اللہ کے فرشتے پھرانہوں نے فرشتوں کے فرضی مجسمے بنارکھے تھے اوراس تاویل سے بتوں کی عبادت کرتے تھے،بعض مفسرین نے کہاوہ حضرت عیسیٰ اورحضرت عزیرکی عبادت کرتے تھے اوران کی عبادت کے درمیں یہ آیت نازل ہوئی کہ جن کی تم عبادت کرتے ہووہ تم سے کسی ضررکو دورکرسکتے ہیں اورنہ تم کوکوئی نفع پہنچاسکتے ہیں‘‘(تبیان القرآن ج6،ص745)

(4) پیرنصیر مزید لکھتا ہے:

’’یہاں ایک حدیث شریف بھی بطور مثال پیش کی جاتی ہے،غور فرمائیں حضورعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:ان آدم ومن دونہ تحت لواءی یوم القیامۃ ......الخ) ترجمہ: بے شک آدمؑ اورآپ کےعلاوہ)(تمام عالم انسانیت) قیامت کے دن میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے یہاں ومن دونہ کےلفظ سے دومفہوم سامنے آتے ہیں :نمبر ا۔دون بمعنی علاوہ یعنی حضرت آدمؑ اورآپ کےعلاوہ اوربھی جتنے انسان ہیں وہ سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے......واضح ہوگیا کہ دون کااطلاق کیاجاسکتا ہے اوراس میں گستاخی کاپہلونہیں نکلتا۔ ہاں البتہ اس قدرفرق مراتب ضرورملحوظ رہے کہ مقبولانِ خدا کیونکہ کبھی شرک پرراضی نہ ہوئے، نہ انہوں نےکسی کوایسا کرنے کاحکم دیا،لہٰذا عنداللہ ان کامرتبہ مسلم ہے‘‘۔

(اعانت واستعانت کی شرعی حیثیت،ص:100 تا102)

(5) پیر کرم شاہ من دون اللہ میں عموم مانتے ہوئے لکھتے ہیں:

’’علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ بت تو اس لئے جواب نہیں دیں گے کہ وہ بے جان نہ سن سکتے ہیں نہ بول سکتے ہیں لیکن جوکم بخت فرشتوں کو یااللہ کے مقربین کوپکارتے ہیں وہ اس لئے جواب نہیں دیں گے کہ ان گمراہوں نے انہیں خداسمجھ رکھا تھا حالانکہ وہ خدا بننے سے بالکل

الگ تھے پس وہ ایسے لوگوں کی فریاد کا جواب کیوں دیں گے جو اتنی بڑی تہمت لگا رہے تھے۔"

(ضیاء القرآن، ج4،ص149)

غرض اس باب میں حوالے تو بیسیوں ہیں لیکن چونکہ مرزائی نے تین دیوبندی پیش کئے تو ہم نے جواب میں پانچ رضاخانی پیش کر دئے اب رضاخانی جاہل مرزائی کی زبانی:

"مرزائی قارونی یہودی ابوحامد رضوی اوراق سیاہ کرنے کیلئے حوالے تو نقل کر دیتا ہے لیکن اس کو اپنے ہی گھر کی کتابوں یا اس مسئلہ میں موقف کا علم نہیں ہوتا"۔

رضاخانی نے آگے لکھا ہے:

"قاضی صاحب کا فتویٰ مرجوح ہے وہابی اقرار

وہابی اسمعیلی ساجد خان کے استاذ جی الیاس گھمن کی مصدقہ کتاب میں لکھا ہے:

بعض لوگ بطور وظیفہ یوں کہا کرتے ہیں یا عبدالقادر شیئاً للہ اس میں راجح عدم تکفیر ہے (یعنی کفر تو نہیں (۔(تحقیق میلاد حبیب،ص 273،مکتبۃ الھادی)۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص 387)

باوجود تلاش و بسیار کے "تحقیق میلاد حبیب"، ہمیں نہیں ملی کس کی ہے؟ کیا ہے؟ ہم نے مرکز سرگودھا بھی رابطہ کیا نہ ان کو اس کتاب کا علم نہ تقریظ!!! کا جس سے معاملہ مشکوک لگ رہا ہے۔رضاخانی کو بھونکنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ خود لکھ چکا ہے:

"نوٹ: ہمارے پاس فی الحال ارشاد الطالبین نہیں ہے کہ اس کا سیاق وسباق دیکھا جائے وہابی نے جو لکھا ہے اسی کے الفاظ کا جواب حاضر ہے"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص 383)

تو رضاخانی نے جتنی "ناقص عبارت"، نقل کی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں عدم تکفیر محض "وظیفہ کے طور" پر ہے اور بطور وظیفہ ہم بھی اس پر کفر کا حکم نہیں لگاتے تفصیل ما قبل میں گزر چکی ہاں علم غیب، مختار کل، حاضر و ناظر کے گندے عقیدہ کے ساتھ پڑھا جائے گا تو ضرور

کفر ہے اور رضاخانی اسی عقیدہ سے پڑھتے ہیں لہذا ان کیلئے راجح کفر ہی رہے گا۔

رہی متکلم اسلام، مجدد العصر حضرت مولانا الیاس گھمن صاحب زید مجدہ کی کوئی تقریظ یا تصدیق تو رضاخانی ماسٹر نورانی لکھتا ہے:

”مصنفین اپنی تحریروں پر جن ہستیوں سے تقریظ و تقدیم لکھواتے ہیں انہیں جس قدر مسودہ دکھاتے ہیں اسی قدر ان حضرات کے علم میں ہوتا ہے۔تقاریظ لکھوانے کے بعد مصنفین اپنے مسودوں میں جو اضافہ و تبدیلی کرتے ہیں وہ ان بزرگوں کو نہیں دکھاتے۔ مگر ان کی تقریظ اسی طرح شامل رکھتے ہیں یوں مصنف کی طرف سے تبدیلی و اضافہ کی کسی غلطی قارئین و ناقدین اس تقریظ لکھنے والے پر بھی اعتراض کر دیتے ہیں اور یوں وہ ہستیاں خوامخواہ معترضہ بن جاتی ہیں“۔

(والدین رسالت ماب ﷺ ص 15)

تو ثابت کر کہ جس وقت متکلم اسلام کو مسودہ کھایا گیا تھا اس وقت یہ عبارت موجود تھی بعد میں اضافہ نہیں کی گئی پس جب تک ایسا نہیں اس عبارت کا متکلم اسلام کی تصدیق سے کوئی تعلق نہیں نہ متکلم اسلام اس کے ذمہ دار۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی عبارتوں سے گلو خلاصی کی ناکام کوشش

علامہ نقشبندی صاحب نے قاضی صاحب کی ایک عبارت پیش کی:

و بعضی در اولیا عصمت و علم غیب خیال می کنند و می دانند که اولیا هر چه خواهند همان شود و هر چه نخواهند معدوم گرده و ازقبور اولیاء باین خیال مرادات خود طلب می کنند و چون در اولیاءاللّٰه و مقربان درگاه که زنده این صفت نمی یابند از ولایت آنها منکری شوند و از فیوض آنها محروم می مانند

بعض اولیاء کے معصوم ہونے کا اعتقاد رکھتے ہیں اور جانتے ہیں کہ اولیاء جو کچھ چاہتے ہیں وہی ہوتا ہے اور جو نہیں چاہتے وہ نہیں ہوتا اور اسی خیال سے اولیاء اللہ کی قبروں سے

اپنی مرادیں طلب کرتے ہیں اور جو وہ زندہ اولیاء اللہ اور مقربان خداوندی میں یہ صفت نہ پاتے تو ان کی ولایت کا انکار کر کے ان کے فیوض سے محروم رہتے ہیں"۔

(بستان السالکین ترجمہ ارشاد الطالبین، ص 1 ,2، و ص 12 طبع ایران)

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، ص 35)

اس زبردست عبارت سے گلوخلاصی کرتے ہوئے رضاخانی کہتا ہے:

"اولا بتائے ہمارے وہ کون سے معتبر و مستند علماء ہیں جو اولیاء کو معصوم کہتے ہیں"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلد اول، ص 392)

جواب: بالکل تم احمد رضاخان دجال اعظم کو معصوم مانتے ہو کیا رضاخان تمہارے نزدیک ولی اللہ نہیں؟۔ انوار کنزالایمان صفحہ 212 پر ہے:

"مسلک رضا والے معاذ اللہ ثم معاذ اللہ اعلیٰ حضرت کو نبیوں ولیوں بلکہ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر سمجھتے ہیں"۔

کیا مسلک رضا والے مستند علماء نہیں ہوتے؟ یہی بات "مغفرت ذنب" میں صاحبزادہ ابوالخیر نے لکھی ہے۔

تو تم لوگ اعلیٰ حضرت کو امام الانبیاء سے بڑھ کر سمجھتے ہو تو معصومیت کے قائل تو ہو گئے۔ چنانچہ التصدیقات لدفع التلبیسات ساتھ صفحہ 53 پر ہے: مدنی میاں کہتے ہیں:

"مگر ہندوستان میں اپنی کو مجددان اعلیحضرت (قدس سرہ) کہنے والوں میں بعض ایسے لوگ ہیں جن کے نزدیک اعلیحضرت قدس سرہ کی زبان و قلم سے خطا کا صدور ممکن بالذات تو ہے مگر ممتنع بالغیر ہے"۔

اور یہی نبی کی عصمت ہے اسی بات پر" مغفرت ذنب" والا اعتراض کر رہا ہے۔ حقیقت ہی یہ ہے۔

ثانیا: اس جاہل کو کوئی بتائے کہ اس عبارت کا مقصد علامہ نقشبندی صاحب کا یہ ثابت کرنا نہیں تھا کہ رضاخانی اولیاء اللہ کو معصوم مانتے ہیں لیکن دجل و فریب اس آدمی کو احمد

رضاخان قارونی سے وراثت میں ملی ہے علامہ نقشبندی صاحب کااصل مدعی قاضی صاحب کی عبارت کا یہ حصہ تھا:

''اور جانتے ہیں کہ اولیاء جو کچھ چاہتے ہیں وہی ہوتا ہے اور جونہیں چاہتے وہ نہیں ہوتا اور اسی خیال سے اولیاء اللہ کی قبروں سے اپنی مرادیں طلب کرتے ہیں''۔

ملفوظات محدث کشمیری ص 27 اور تذکرۃ شیخ الہند (تذکرۃ شیخ الہند کا نسخہ ہمارے پاس قدیم ہے جس میں ہمیں مطلوبہ حوالہ نہیں ملا کہ سیاق وسباق کو دیکھا جائے لیکن ایسا ہی ہو جیسا کہ رضاخانی کہہ رہا ہے تو) کا جو حوالہ دیا تو اجہل اعظم وہاں ''معصوم'' سے مراد لغوی معصوم ہے اصطلاحی واعتقادی نہیں جیسے ہم اپنی زبان میں کہتے ہیں ''یہ بچہ بڑا معصوم ہے''۔

احمد رضاخان قارونی لکھتا ہے:

''ہاں سے خلیفہ وسلطان کے فرق ظاہر ہو گئے، نیز کھُل گیا کہ سلطان خلیفہ سے بہت نیچا درجہ ہے، ولہٰذا کبھی خلیفہ کے نام کے ساتھ لفظ سلطان نہیں کہا جاتا کہ اس کی کسرِ شان ہے آج تک کسی نے سلطان ابوبکر صدیق، سلطان عمر فاروق، سلطان عثمان غنی، سلطان علی المرتضی بلکہ سلطان عمر بن عبدالعزیز بلکہ سلطان ہارون رشید نہ سنا ہوگا، کسی خلیفہ اموی یا عباسی کے نام کے ساتھ اسے نہ پائیے گا، تو کھل گیا کہ جس کے نام کے ساتھ سلطان لگاتے ہیں اسے خلیفہ نہیں مانتے کہ خلیفہ اس سے بلند وبالا ہے، یہی وہ خلافت مصطلحہ شرعیہ ہے جس کی بحث ہے ۔۔۔عرفِ حادث میں اگر کسی سلطان کو بھی خلیفہ کہیں یا مدح میں ذکر کر جائیں وہ نہ حکمِ شرع کا نافی ہے نہ اصطلاحِ شرع کا مُنافی۔ جس طرح اجماعِ اہلسنت ہے کہ بشر میں انبیاء علیہم الصَّلٰوۃ وَالسَّلام کے سوا کوئی معصوم نہیں، جو دوسرے کو معصوم مانے اہلسنت سے خارج ہے، **پھر عرفِ حادِث میں بچوں کو بھی معصوم کہتے ہیں یہ خارج از بحث ہے جیسے لڑکوں کے معلم تک کو خلیفہ کہتے ہیں۔**''

(فتاویٰ رضویہ، ج14،ص 187)

اب رضاخانی ہی کی زبانی کہ جاہل انسان تو تو کہتا ہے کہ ہمارے کسی مستند عالم نے

اولیاء اللہ کو معصوم نہیں مانا تو کیا یہ احمد رضا خان تیرا مستند عالم نہیں یہ تو ''بچوں کو بھی معصوم'' مان رہا ہے تو اولیا اللہ کی معصومیت کا تو بدرجہ اولی قائل ہوگا۔

ذلیل انسان! کیوں دجل وفریب کرتا ہے؟ جس مقصد کیلئے عبارت نقل ہوتی ہے اس مقصد پر بحث کیا کر۔

الطاف حسین رضا خانی لکھتا ہے:

''آپ کو رسول اللہ ﷺ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور **آئمہ معصومین** کے ساتھ کمال کمال نسبت ظاہری و باطنی کی بنا پر تیرہواں امام کہا گیا۔ اور بجا طور پر آپ تیرہویں امام ہیں اور اس قابل ہیں کہ آپ کا ذکر **خیر ائمہ معصومین** کے زمزہ میں آئے''۔

(افضلیت غوث اعظم، ص76)

مزید لکھتا ہے:

''حضرات انبیا علیہم الصلوۃ والسلام نے سیدنا جیلانی کے والد ماجد کو رویا میں بشارت و مبارک کے بعد فرمایا **بجز ائمۃ المعصومین** تمام اولیاء تیرے اس مولود کے مطیع ہوں گے''۔

(افضیلت غوث اعظم، ص154)

فیض احمد اویسی اسی سعیدی سے سرقہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''جمیع الاولیاء سوی ائمۃ المعصومین''۔

(تحقیق الاکابر، ص17)

جاہل انسان، متعہ کی پیداوار! اب تمہیں جواب مل گیا کہ کس نے ''معصوم'' لکھا؟ اور قاضی صاحب کن رضا خانیوں کا منہ کالا کر رہے ہیں؟ اب اسی طرح لوسی کتے کی طرح بھونک جس طرح تو علمائے دیوبند کے خلاف بھونک رہا تھا۔ مگر قارئین تسلی رکھیں اس ذلیل کے گلے میں رسی ڈال کر اسے بانس بریلی کے گٹر میں پھینک کر آجاؤ مگر یہ اپنے علماء کے خلاف نہیں بھونکے گا بس تاویل کرے گا کہ یہ مطلب تھا وہ مطلب تھا۔ لیکن جو بھی بکواس کرے اور تاویل لائے یاد رکھے ہم جوتے تجھے تیرے ہی گرو گھنٹالوں سے مروائیں گے۔ اور انہی

سے تیری ''مروائیں'' گے۔

آگے علامہ صاحب نے عبارت نقل کی تھی کہ:

قاضی صاحب مزید لکھتے ہیں:

''مسئلہ: اگرکسے گویدکہ خداو رسول برین عمل گواہ اندکافر شود اولیاء قادر نیستند بر ایجاد معدوم یا اعدام موجود پس نسبت کردن ایجاد و اعدام و اعطاء رزق یا اولاد و دفع بلا و مرض وغیر آن بسوئے شان کفر است قل لا املک لنفسی نفعا و لا ضرا الا ما شاء اللّٰہ یعنی بگو اے محمد ﷺ مالک نیستم من برائے خویشتن نفع را و نہ ضرر را مگر آنچہ خدا خواھد و اگر نسبت بطریق بسببیت بود مضائقہ ندارد

مسئلہ: اگر کوئی کہے کہ خدا اور رسول اس عمل پر گواہ ہیں تو وہ کافر ہو جاتا ہے اولیاء کرام معدوم کو موجود کرنے یا موجود کو معدوم کرنے کی قدرت نہیں رکھتے اس لئے پیدا کرنے رزق دینے بلا دور کرنے اور مرض سے شفاء دینے وغیرہ کی نسبت ان سے مدد طلب کرنا کفر ہے فرمان خداوندی ہے قل لا املك لنفسی نفعا ولا ضرا الا ما شاء اللّٰہ یعنی اے محمد ﷺ کہہ دیجئے میں اپنے آپ کیلئے نفع اور نقصان کا مالک نہیں ہوں مگر وہ جو کچھ اللہ چاہے اور اگر سبب کے لحاظ سے نسبت ہو تو کوئی حرج نہیں۔

(بستان السالکین ترجمہ ارشاد الطالبین، ص47,48)

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، ص35)

اس کے جواب میں موصوف نے دو باتیں کی:

(1) شورش کاشمیری۔

(2) اس میں ذاتی کی نفی ہے۔

(ملخصا حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول، ص392)

اولاتو شورش کاشمیری کا نام کسی کاغذ پر لکھ کر بتی بنا کر احمد رضاخان میں دے دو کہ

ہمارے لئے حجت نہیں۔ **ثانیا** اللہ و رسول کو گواہ کرنے پر محض فتوی نہیں بلکہ رسول اللہ ﷺ کو علم غیب مان کر گواہ کرنے پر فتوی ہے اور رضاخانی علم غیب مان کر گواہ بناتے ہیں لہٰذا کافر اور شورش کاشمیری کا چونکہ یہ عقیدہ نہیں لہٰذا فتوی بھی نہیں۔

ثالثا یہ کہنا کہ اس سے مراد ذاتی کی نفی ہے تو اگرچہ اس باطل تاویل کا بیسیوں دفعہ جواب دیا جاچکا ہے لیکن ہم یہاں رضاخانی عبارت کی روشنی میں ہی جواب دیتے ہیں رضاخانی لکھتا ہے:

''ہمارے وہ کون کون سے علماء ہیں۔۔۔''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص393)

تو جواب دیں کہ وہ ''کون کون لوگ تھے جو نبی کریم ﷺ کو ذاتی طور پر گواہ مانتے جس کی قاضی ثناء اللہ پانی پتی رد کر رہے ہیں؟''۔

رابعا اگر مراد ذاتی بھی ہو تو بھی ہمارے خلاف نہیں کیونکہ ماقبل میں دلائل گزر چکے ہیں کہ رضاخانی یہ تمام اختیارات بشمول علم غیب ذاتی غیر اللہ کیلئے مانتے ہیں لہٰذا فتوی پھر بھی گلے میں پھنسا۔ موصوف کہتے ہیں:

''قاضی صاحب خود اولیاء اللہ سے اللہ کی عطا سے مدد کے قائل ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص394)

کونسی مدد؟ وہ جائز مدد جو ہم نے ذکر کی تو ہمیں اس سے کوئی اختلاف نہیں۔ تیری پیش کردہ عبارات اسی پر محمول ہے۔ لیکن قاضی صاحب تیرے والے عقیدہ یعنی مختار کل کے ساتھ مدد کو کفر و شرک کہتا ہے لہٰذا جواب اب بھی تجھ پر قرض ہے۔

اللہ کی عطا سے تو مشرک سے بھی مدد کا قائل ہوا جاسکتا ہے۔ عجیب پیوند ہے۔ قاضی صاحب کی جو عبارات رضاخانی نے نقل کی تھیں ان سب کا تعلق ''توسل و جائز استمداد'' سے تھا۔

تفسیر مظہری جلداول،ص155 کا جو حوالہ دیا اول تو اس میں اولیاء اللہ کی ''روحوں'' کا ذکر ہے جبکہ تم تو زندہ اولیاء اللہ کو بھی مددگار مانتے ہو۔

ثانیا ان روحوں کے گھومنے پھرنے کا ذکر برزخ میں ہے نہ کہ دنیا میں۔**ثالثا** ان کی مدد اللہ کی طرف سے کرامتہ ہے ہم چیلنج کرتے ہیں کہ تفسیر مظہری جلداول،ص 155 پر اپنا یہ عقیدہ بتاؤ کہ:

''ارواح اولیاء اللہ مختار کل ہیں اللہ کی ذاتی قدرت انہیں دے دی گئی ہیں امور تکوینیہ پر قادر ہیں جس کو جو چاہیں دیں جس سے چاہیں روکیں تمام اختیار ان کے پاس ہے''۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رضاخانیوں کی طرح اولیاء اللہ کے علم غیب، حاضر و ناظر، مختار کل اور تمام امور پر کلی قادر ہونے کے معنی میں ہر گز مددگار نہیں مانتے کیونکہ اس کو تو وہ خود کفر کہتے ہیں۔جیسا کہ علامہ نقشبندی صاحب نے عبارات پیش کی اور تیرے پاس اس کا کوئی جواب نہیں۔

اکفار الملحدین کی عبارت سے بے تکا استدلال

موصوف رضاخانی لکھتا ہے:

'فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ترجمہ: پس قسم ہے تیرے رب کی وہ اس وقت تک مومن نہ ہوں گے جب تک تجھے اپنے باہمی جھگڑوں میں حاکم باختیار نہ مان لیں اور پھر تیرے فیصلوں سے اپنے دلوں میں ناگواری بھی محسوس نہ کریں اور کلی طور پر (تجھ کو حاکم) تسلیم کر لیں۔

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالی نے امت کے تمام احکام و معاملات میں کلی طور پر مختار بنادیا ہے اور اسی اختیار کے تحت حضور ﷺ نے کسی مسلمان کے کافر کہنے کو کفر قرار دیا ہے) اور اللہ تعالی تو تمام امور کے مالک و مختار ہیں ہی (اسی لئے اس نے اپنے نبی کو امت کے احکام و معاملات میں مختار بنادیا۔(اکفار الملحدین،ص 255)

یہ عبارت کسی سنی حنفی بریلوی کی نہیں ہے بلکہ یہ عبارت فرقہ وہابیہ اسمعیلیہ کے ایک سرغنہ کی ہے جس میں وہ سرکار دوعالم ﷺ کے مختار کل ہونے کو بیان کر رہا ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی، جلداول،ص395)

کہاوت مشہور ہے کہ کسی رضاخانی فاضل بریلوی چوہے کو''پھٹکری'' کیا مل گئی اس نے ''میڈیکل سٹور'' کھولنے کاارادہ کرلیا۔ان مذہبی چوہوں کوبھی جہاں''مختار،حاضر وناظر،نور'' کا لفظ نظر آتا ہے اچھلنے لگ جاتے ہیں کہ دیکھو ہمارا عقیدہ ثابت ہوگیا۔

اول دجل وفریب دیکھیں عبارت میں کہیں بھی''مختار کل'' کا لفظ نہیں اس نے اپنے پیٹ سے یہ لفظ تشریح کے نام پر داخل کیا۔عبارت کا سیدھا سادھا مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ دینی معاملات اور امت کے شرعی فیصلوں میں اختیار رکھتے ہیں۔صاف صراحت ہے:

''اپنے نبی کو امت کے احکام ومعاملات میں مختار بنادیا''۔

(اکفارالملحدین،ص255،وفی نسخۃ ص161،162)

یعنی امت مسلمہ کے شرعی احکام وفیصلوں میں مختار بنایانہ یہ کہ رضاخانیوں والامعاذاللہ شرکیہ کفریہ مختار کل بنایا۔اس کے ہم قطعا منکرنہیں قرآن کہتا ہے کہ کوئی مومن اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے شرعی معاملات میں حضور ﷺ کومختاراور فیصلہ کنندہ نہ مان لے جیسا کہ حضرت علامہ انورشاہ صاحب کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے سورہ احزاب کی آیت پیش کی۔خود رضاخانی نے بھی اس کا یہی مطلب بیان کیا کہ:

''وہابیوں نے کتنا بڑا سچ بولا کہ'' آپ ﷺ اللہ تعالی کی عطا سے امت کے تمام احکام و معاملات میں کلی طور پر مختار ہیں''۔

اس سب کے بعد بھی فضول تقریر اور اوراق سیاہ کرنے پر ہم یہی کہہ سکتے ہیں کہ

ولکن الرضاخانیۃ قوم لایعقلون

رضاخانیوں کے مختار کل کا مطلب یہ ہے کہ فلاں ہستی علم غیب رکھتی ہے ہر جگہ حاضر وناظر ہے ہر ایک کی پکارسن رہی ہے اللہ کی طرح انہیں معاذ اللہ ذاتی قدرت ہے آسمان وزمین فرش وعرش جنت وجہنم ہر شے کے مالک ومختار ہیں ہر شے دینے پر قادر ہیں اگر غیرت ہے تو یہ عقیدہ ہماری کسی کتاب سے نکال کر دکھا۔

مناظر اسلام حضرت مولانا محمد افضال صاحب زید مجدہ نے بہت عرصہ پہلے سوشل میڈیا پر رضاخانی کے اس سرقہ شدہ استدلال کا جواب کچھ یوں دیا تھا:

"اکفار الملحدین کا سکین دیکھیں

سورہ نساء کی آیت 65 کے ترجمے میں لکھا ہے" جب تک تجھ کو باہمی جھگڑوں میں حاکم با اختیار نہ مان لیں"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے باہمی جھگڑوں میں اللہ نے نبی ﷺ کو فیصلہ کرنے کا اختیار دیا ہے۔آگے لکھا ہے کہ:" اللہ نے نبی ﷺ کو امت کے احکام ومعاملات میں مختار بنادیا"۔

اس کا مطلب ہے کہ اللہ کے احکام کی تنفیذ کس طرح کرنی ہے اور امت کے جھگڑوں کو کس طرح نمٹانا ہے؟ اس میں اللہ نے نبی ﷺ کو کلی اختیار دے دیا۔

امام بخاریؒ یہ حدیث (ابن عمرؓ) قبر پر گنبد کے مکروہ ہونے کیلئے لائے ہیں اور امام احمدؒ نے قبر پر قبہ بنانے کو مکروہ کہا ہے اور علامہ ابراہیمؒ نے یہ وصیت کی ہے کہ ان کی قبر پر گنبد نہ بنایا جائے ۔

(۸) قاضی ثناءاللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۲۵ھ) لکھتے ہیں:

مسئله آنچه بر قبور اولیاء عمارتهائے رفیع بنا میکنند و چراغاں روشن میکنند و ازین قبیل هر چه میکنند حرام است یا مکروه۔

(مالا بدمنه، ص 84)

اولیاء کی قبور پر جو اونچی عمارتیں بناتے ہیں اور چراغاں کرتے ہیں اور اس قسم کے جتنے کام کرتے ہیں (مثلاً غلاف عرس وغیرھما) سب حرام یا مکروہ (تحریمی) ہیں۔

(۹) علامہ آلوسی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۷۰ھ) لکھتے ہیں:

هَذا واسْتُدِلَّ بِالآيَةِ عَلى جَوازِ البِناءِ عَلى قُبُورِ الصُّلَحاءِ واتِّخاذِ مَسْجِدٍ عَلَيْها وجَوازِ الصَّلاةِ في ذَلِكَ، ومِمَّنْ ذَكَرَ ذَلِكَ الشِّهابُ الخَفاجِيُّ في حَواشِيهِ عَلى البَيْضاوِيِّ وهو قَوْلٌ باطِلٌ عاطِلٌ فاسِدٌ كاسِدٌ.

فَقَدْ رَوى أحْمَدُ وأبُو داوُدَ والتِّرْمِذِيُّ والنَّسائِيُّ وابْنُ ماجَهْ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قالَ: قالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: لَعَنَ اللَّهُ تَعالى زائِراتِ القُبُورِ والمُتَّخِذِينَ عَلَيْها المَساجِدَ والسُّرُجَ ومُسْلِمٌ ألا وإنَّ مَن كانَ قَبْلَكم كانُوا يَتَّخِذُونَ قُبُورَ أنْبِيائِهِمْ مَساجِدَ، فَإنِّي أنْهاكم عَنْ ذَلِكَ وأحْمَدُ عَنْ أُسامَةَ وهو والشَّيْخانِ والنَّسائِيُّ عَنْ عائِشَةَ، ومُسْلِمٌ عَنْ أبِي هُرَيْرَةَ: »»لَعَنَ اللَّهُ تَعالى اليَهُودَ والنَّصارى؛ اتَّخَذُوا قُبُورَ أنْبِيائِهِمْ مَساجِدَ وأحْمَدُ والشَّيْخانِ والنَّسائِيُّ إنَّ أُولَئِكَ إذا كانَ فِيهِمُ الرَّجُلُ الصّالِحُ فَماتَ بَنَوْا عَلى قَبْرِهِ مَسْجِدًا، وصَوَّرُوا فِيهِ تِلْكَ الصُّوَرَ، أُولَئِكَ

شِرارُ الخَلْقِ يَوْمَ القِيامَةِ وأحْمَدُ والطَّبَرانِيُّ إنَّ مِن شَرارِ النّاسِ مَن تُدْرِكُهُمُ السّاعَةُ وهم أحْياءٌ، ومَن يَتَّخِذُ القُبُورَ مَساجِدَ وعَبْدُ الرَّزّاقِ: مِن شِرارِ أُمَّتِي مَن يَتَّخِذُ القُبُورَ مَساجِدَ. وأيْضًا: كانَتْ بَنُو إسْرائِيلَ اتَّخَذُوا القُبُورَ مَساجِدَ فَلَعَنَهُمُ اللّهُ تَعالى. إلى غَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الأخْبارِ الصَّحِيحَةِ والآثارِ الصَّرِيحَةِ.

وذَكَرَ ابْنُ حَجَرٍ فِي الزَّواجِرِ أنَّهُ وقَعَ فِي كَلامِ بَعْضِ الشّافِعِيَّةِ عَدُّ اتِّخاذِ القُبُورِ مَساجِدَ والصَّلاةِ إلَيْها واسْتِلامِها والطَّوافِ بِها ونَحْوِ ذٰلِكَ مِنَ الكَبائِرِ، وكَأنَّهُ أُخِذَ ذٰلِكَ مِمّا ذُكِرَ مِنَ الأحادِيثِ، .... وكَوْنُ هٰذا الفِعْلِ كَبِيرَةً ظاهِرٌ مِنَ الأحادِيثِ، وكَأنَّهُ قاسَ عَلَيْهِ كُلَّ تَعْظِيمٍ لِلْقَبْرِ كَإيقادِ السُّرُجِ عَلَيْهِ تَعْظِيمًا لَهُ وتَبَرُّكًا بِهِ والطَّوافِ بِهِ كَذٰلِكَ، وهو أخْذٌ غَيْرُ بَعِيدٍ سِيَّما وقَدْ صَرَّحَ فِي بَعْضِ الأحادِيثِ المَذْكُورَةِ بِلَعْنِ مَنِ اتَّخَذَ عَلى القَبْرِ سِراجًا، فَيُحْمَلُ قَوْلُ الأصْحابِ بِكَراهَةِ ذٰلِكَ عَلى ما إذا لَمْ يُقْصَدْ بِهِ تَعْظِيمًا وتَبَرُّكًا بِذِي القَبْرِ.

وقالَ بَعْضُ الحَنابِلَةِ: قَصْدُ الرَّجُلِ الصَّلاةَ عِنْدَ القَبْرِ مُتَبَرِّكًا بِهِ عَيْنُ المُحادَّةِ لِلّهِ تَعالى ورَسُولِهِ ﷺ، وإبْداعُ دِينٍ لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللّهُ عَزَّ وجَلَّ لِلنَّهْيِ عَنْها ثُمَّ إجْماعًا فَإنَّ أعْظَمَ المُحَرَّماتِ وأسْبابِ الشِّرْكِ الصَّلاةُ عِنْدَها واتِّخاذُها مَساجِدَ أوْ بِناؤُها عَلَيْها، وتَجِبُ المُبادَرَةُ لِهَدْمِها وهَدْمِ القِبابِ الَّتِي عَلى القُبُورِ إذْ هِي أضَرُّ مِن مَسْجِدِ الضِّرارِ لِأنَّها أُسِّسَتْ عَلى مَعْصِيَةِ رَسُولِ اللّهِ ﷺ؛ لِأنَّهُ عَلَيْهِ الصَّلاةُ والسَّلامُ نَهى عَنْ ذٰلِكَ وأمَرَ بِهَدْمِ القُبُورِ المُشْرِفَةِ، وتَجِبُ إزالَةُ كُلِّ قِنْدِيلٍ وسِراجٍ عَلى قَبْرٍ ولا يَصِحُّ وقْفُهُ ولا نَذْرُهُ. اھ.

وفِي المِنهاجِ وشَرْحِهِ لِلْعَلّامَةِ المَذْكُورِ: ويُكْرَهُ تَجْصِيصُ القَبْرِ

والبِناءُ عَلَيْهِ فی حَرِيمِهِ وخارِجِهِ فی غَيْرِ المُسَبَّلَةِ إلّا إنْ خُشِیَ نَبْشٌ أوْ حَفْرُ سَبُعٍ أوْ هَدْمُ سَيْلٍ ويَحْرُمُ البِناءُ فی المُسَبَّلَةِ، وكَذا تُكْرَهُ الكِتابَةُ عَلَيْهِ لِلنَّهْیِ الصَّحِيحِ عَنِ الثَّلاثَةِ سَواءٌ كِتابَةُ اسْمِهِ وغَيْرِهِ فی لَوْحٍ عِنْدَ رَأْسِهِ أوْ فی غَيْرِهِ، نَعَمْ بَحَثَ الأذْرُعِیُّ حُرْمَةَ كِتابَةِ القُرْآنِ لِتَعْرِيضِهِ لِلِامْتِهانِ بِالدَّوْسِ والتَّنْجِيسِ بِصَدِيدِ المَوْتی عِنْدَ تَكَرُّرِ الدَّفْنِ ووُقُوعِ المَطَرِ، ونُدِبَ كِتابَةُ اسْمِهِ لِمُجَرَّدِ التَّعْرِيفِ بِهِ عَلی طُولِ السِّنِينَ لا سِيَّما قُبُورُ الأنْبِياءِ والصّالِحِينَ لِأنَّهُ طَرِيقٌ لِلْإعْلامِ المُسْتَحَبِّ، ولَمّا رَوی الحاكِمُ النَّهْیَ قالَ: لَيْسَ العَمَلُ عَلَيْهِ الآنَ فَإنَّ أئِمَّةَ المُسْلِمِينَ مِنَ المَشْرِقِ والمَغْرِبِ مَكْتُوبٌ عَلی قُبُورِهِمْ، فَهو عَمَلٌ أخَذَ بِهِ الخَلَفُ عَنِ السَّلَفِ. ويُرَدُّ بِمَنعِ هَذِهِ الكُلِّيَّةِ وبِفَرْضِها فالبِناءُ عَلی قُبُورِهِمْ أكْثَرُ مِنَ الكِتابَةِ عَلَيْها فی المَقابِرِ المُسَبَّلَةِ كَما هو مُشاهَدٌ لا سِيَّما بِالحَرَمَيْنِ ومِصْرَ ونَحْوِها وقَدْ عَلِمُوا بِالنَّهْیِ عَنْهُ فَكَذا هِیَ، فَإنْ قُلْتَ: هو إجْماعٌ فِعْلِیٌّ فَهو حُجَّةٌ كَما صَرَّحُوا بِهِ قُلْتُ: مَمْنُوعٌ بَلْ هو أكْثَرِیٌّ فَقَطْ، إذْ لَمْ يُحْفَظْ ذَلِكَ حَتّی عَنِ العُلَماءِ الَّذِينَ يَرَوْنَ مَنعَهُ، وبِفَرْضِ كَوْنِهِ إجْماعًا فِعْلِيًّا فَمَحَلُّ حُجِّيَّتِهِ كَما هو ظاهِرٌ إنَّما هو عِنْدَ صَلاحِ الأزْمِنَةِ بِحَيْثُ يُنَفَّذُ فِيها الأمْرُ بِالمَعْرُوفِ والنَّهْیُ عَنِ المُنْكَرِ، وقَدْ تَعَطَّلَ ذَلِكَ مُنْذُ أزْمِنَةٍ.

ولَوْ بُنِیَ نَفْسُ القَبْرِ لِغَيْرِ حاجَةٍ مِمّا مَرَّ كَما هو ظاهِرٌ أوْ نَحْوَ تَحْوِيطٍ أوْ قُبَّةٍ عَلَيْهِ فی مَقْبَرَةٍ مُسَبَّلَةٍ كَأرْضِ مَواتٍ اعْتادُوا الدَّفْنَ فِيها أوْ مَوْقُوفَةً لِذَلِكَ، بَلْ هی أوْلی هَدْمٍ وُجُوبًا لِحُرْمَتِهِ كَما فی المَجْمُوعِ ......

وقَدْ أفْتی جَمْعٌ بِهَدْمِ كُلِّ ما بِقَرافَةِ مِصْرَ مِنَ الأبْنِيَةِ حَتّی قُبَّةِ الإمامِ الشّافِعِیِّ عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ الَّتِی بَناها بَعْضُ المُلُوكِ...... وبِالجُمْلَةِ لا يَنْبَغِی

لِمَن لَهُ أَدْنى رُشْدٍ أَنْ يَذْهَبَ إِلى خِلافِ ما نَطَقَتْ بِهِ الأَخْبارُ الصَّحِيحَةُ والآثارُ الصَّرِيحَةُ مُعَوِّلًا عَلى الِاسْتِدْلالِ بِهٰذِهِ الآيَةِ؛ فَإِنَّ ذٰلِكَ فى الغَوايَةِ غايَةٌ وفى قِلَّةِ النُّهى نِهايَةٌ. ولَقَدْ رَأَيْتُ مَن يُبِيحُ ما يَفْعَلُهُ الجَهَلَةُ فى قُبُورِ الصّالِحِينَ مِن إِشْرافِها وبِنائِها بِالجِصِّ والآجُرِّ وتَعْلِيقِ القَنادِيلِ عَلَيْها والصَّلاةِ إِلَيْها والطَّوافِ بِها واسْتِلامِها والِاجْتِماعِ عِنْدَها فى أَوْقاتٍ مَخْصُوصَةٍ إِلى غَيْرِ ذٰلِكَ مُحْتَجًّا بِهٰذِهِ الآيَةِ الكَرِيمَةِ، وبِما جاءَ فى بَعْضِ رِواياتِ القِصَّةِ مِن جَعْلِ المَلِكِ لَهم فى كُلِّ سَنَةٍ عِيدًا وجَعْلِهِ إِيّاهم فى تَوابِيتَ مِن ساجٍ ومَقِيسًا البَعْضَ عَلى البَعْضِ، وكُلُّ ذٰلِكَ مُحادَّةٌ لِلّٰهِ تَعالى ورَسُولِهِ ﷺ، وإِبْداعُ دِينٍ لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللّٰهُ عَزَّ وجَلَّ.

(روح المعانی، ج15، ص 231، 230، سورۃ الکہف، آیت ۲۱)

اور استدلال کیا گیا ہے اس آیت سے صلحاء (ولیوں) کی قبروں پر بناء (گنبدوں) کے جواز پر اور ان پر مساجد بنانے پر اور ان میں نماز پڑھنے پر اور جو علامہ شہاب خفاجی نے حاشیہ بیفادی میں اس کے جواز کو ذکر کیا ہے وہ قول باطل بے کار فاسد اور گھٹیا ہے پس مسند احمد، ابوداؤ، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''اللہ کی لعنت ہو قبر کی زیارت کرنے والی عورتوں پر اور ان پر جو ان قبروں پر مساجد بناتے ہیں (یعنی سجدہ گاہ بناتے ہیں) اور قبروں پر چراغ جلاتے ہیں............ اور ابن حجر مکی کتاب الزواجر میں ذکر کرتے ہیں کہ بعض شافعیہ کلام میں یہاں تک صراحت ہے کہ قبور کو سجدہ گاہ بنانا اور انکی طرف نماز پڑھنا اور ان کا استلام کرنا یعنی چھونا اور ان کا طواف کرنا اور اسی طرح دیگر حرکات گناہ کبیرہ ہیں اور ابن حجر نے انہی دلائل سے استدلال کیا ہے جس کو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں............ اور ان افعال کا کبیرہ ہونا یہ مذکورہ احادیث سے ثابت ہے اور اسی پر قیاس کرتے ہوئے یہی حکم قبر کی ہر قسم کی تعظیم پر ہوگا جیسے کہ قبروں پر چراغ جلانا قبروں کی تعظیم کے واسطے ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ پھر یہ بات اجماعی ہے کہ حرام افعال میں سب سے بڑا

حرام اور شرک کے اسباب میں سے یہ ہے کہ قبر کے نزدیک نماز پڑھنا اور اس کو سجدہ گاہ بنانا اور اس پر عمارت بنانا اور واجب ہے ان اونچی قبروں کو گرانا اور ان پر جو گنبد بنائے گئے ہیں ان کو گرانا کیونکہ یہ مسجد ضرار سے بھی زیادہ نقصان دہ ہیں اس وجہ سے کہ یہ حضور ﷺ کی نافرمانی میں تعمیر کئے گئے ہیں اور واجب ہے کہ قبروں پر جو بھی قندیل یا چراغ ہو اس کو دور کر دیا جائے اور اس کو وقف کرنا اور نذر کرنا بھی جائز نہیں ہے......اور خصوصاً مصر اور حرمین میں قبروں پر تعمیرات دیکھنے میں آتی ہیں تو اگر کوئی کہے کہ یہ تعمیرات اجماع فعلی ہیں جو کہ حجت ہے تو جواب یہ ہے یہ اس سے زیادہ ممنوع ہے۔۔۔۔ اور اجماع فعلی اس وقت حجت تھا کہ جب زمانہ والے مصلح ہوا کرتے تھے کہ اس میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر نافذ تھا اب یہ صفت مفقود ہو چکی ہے اگر عین قبر کو بنائے بغیر حاجب کے یا اس پر چھت یا قبہ بنائے عام مقبرے میں جیسے قبرستان عام یا وقف شدہ زمین میں تو اس کو گرانا زیادہ ضروری ہے بوجہ اس کے حرام ہونے کے ۔۔۔۔۔۔ اور ایک بڑی جماعت نے مصر کی ایسی تعمیرات کو گرانے کا حکم دیا حتی کہ امام شافعیؒ کی قبر کے گنبد کو بھی گرانے کا حکم دیا جو کہ بعض بادشاہوں نے بنایا تھا۔.................اور بالجملہ اسی کیلئے مناسب نہیں ہے جس کو ہدایت کا سب سے کم درجہ بھی نصیب ہو کہ میری اس تحقیق کی مخالفت کرے جو میں نے صحیح احادیث اور آثار سے اخذ کی اور اس آیت کو معلول کرتے ہوں گے۔ بے شک ایسا کرنا گمراہی کی انتہاء ہے وقلت عقلی (کم عقلی) کی انتہاء ہے۔ اور تو نے دیکھا ہے کہ کچھ لوگ جہلاء ان افعال کو مباح ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے جو ولیوں کی قبروں کے ساتھ وہ جاہل کرتے ہیں۔ ان کو بلند کر کے اور اس کی گچ کے ساتھ تعمیر کر کے اور بینٹیں لگا کر اور چراغ لٹکا کر اور اس کی طرف نماز پڑھ کر اور اس کا طواف اور استلام کر کے اور ایک وقت معین پر اجتماع (عرس) کر کے............ یہ سب اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے دشمنی ہے اور دین میں بدعت کی ایجاد ہے جس کی اجازت اللہ نے نہیں دی۔

نوٹ: اس حوالے سے مزید تفصیل کیلئے حضرت مولانا مفتی نجیب اللہ عمر صاحب زید مجدہ

کی کتاب ''مقیاس سنت'' ملاحظہ فرمائیں جس سے ہم نے بھی استفادہ کیا ہے۔

بدعتی نظریه

مگر آج کے بدعتی اولیاء اللہ کی قبروں کو پختہ کرنا ان پر مزارات بنانا ان پر گنبد کو بنانا معاذ اللہ شعار اسلام میں سے سمجھتے ہیں۔اہل بدعت کے شیخ الحدیث مفتی فیض احمد اویسی صاحب (المتوفی ۱۴۳۱ھ) لکھتے ہیں:

''اب تم چاہو تو قبہ جات بر مزارات اولیاء کے منکر ہو کر وہابی ہو جاؤ چاہو اولیاء کرام سے وابستہ ہو کر سنی مسلمان رہو''۔

(مزارات پر گنبد،ص 5،عطاری پبلیشرز کراچی)

ما قبل میں ذکر کردہ احناف جو قبوں و مزارات کے منکر ہیں یہ کیا وہابی ہیں؟ نیز یہ بھی اہل بدعت کا دجل ہے کہ جو مزارات کا منکر ہے وہ معاذ اللہ اولیاء اللہ کا بھی منکر ہے۔ پوری دنیائے اہل بدعت کو چیلنج ہے کہ وہ فقہاء احناف کی کسی ایک فقہ کی کتاب یا عقائد کی کتاب کا حوالہ دیں جو مسلم الثبوت ہو جس میں لکھا ہو کہ مزارات و قبوں کا انکار اولیاء اللہ کے انکار کو مستلزم ہے۔ دیدہ باید۔

موصوف مزید لکھتے ہیں:

''انبیاء و اولیاء کے مزارات شعائر اللہ سے ہیں۔۔۔جن کی تعظیم و توقیر درحقیقت اسلام کی تعظیم ہے''.

(مزارات پر گنبد،ص 7)

اس کا مطلب ہے کہ یہ سارے احناف معاذ اللہ شعائر اللہ کی توہین کر کے اسلام کی توہین کے مرتکب ہوئے؟

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت،ص،53.60)

رضاخانی گلوخلاصی کی ناکام کوشش

رضاخانی نے تو اول ملا علی قاریؒ، علامہ محمد طاہر فتنیؒ، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ، شیخ عبد الغنی نابلسیؒ، علامہ ابن عابدین شامیؒ، ابن الملک رومیؒ، اسمعیل حقی، یوسف عبدالجلیلؒ، شیخ مظہر الدینؒ کے حوالے دئے۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول ص 502 تا 513)

ان عبارتوں میں دو باتیں ہیں:

و قد اباح السلف ۔۔ و قیل لا باس

یعنی سلف نے علماو مشایخ کی قبروں پر عمارت، گنبد بنانے کو مباح کہا۔

پہلا جواب: چنانچہ بانی فرقہ نواب احمد رضا خان قارونی بنی اسرائیلی لکھتے ہیں:

''کسی کتاب کا معتقدین کے ہاں معتبر ہونا ایک بات ہے اور اس کتاب کی اپنی حیثیت میں معتبر ہونا اور بات ہے نیز کسی کتاب کے معتبر ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ اس میں جو کچھ موجود ہے وہ تمام معتبر و مختار ہو ہر گز ایسا نہیں ہے کیونکہ بڑے بڑے آئمہ کرام کی کتابوں میں سے کوئی بھی کتاب ایسی نہیں کہ اس کے بعض مقامات قابل تنقید و تنقیح نہ ہوں''۔

(فتاوی رضویہ جلد 7 ص 552 مکتبۃ المدینہ)

لہذا جن جن کی تعریف موصوف نے علامہ ساجد صاحب سے نقل کی گئی ہم سب انہیں بڑے علما مانتے ہیں ان کو کتب کو بھی مستند مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس میں ہر بات معتبر و مختار ہو لہذا یہ تمام مقامات قابل تنقید و تنقیح ہیں اور اقوال مرجوحہ ہیں۔

دوسرا جواب: رضاخانی لکھتا ہے:

''جب وہابیوں کا ہی اصول ہے کہ چھوٹوں کا کلام ماخذ نہیں بن سکتا ماخذ اکابر کا کلام ہوتا ہے تو سعیدی صاحب ۔۔ کے اس قول سے نذر لغوی ناجائز کیسے ہو جائے گی جبکہ رئیس المتکلمین ۔۔۔ اعلی حضرت، ۔۔۔ آپ کے خلفا اس کو جائز فرمارہے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول ص 475)

معلوم ہوا کہ اکابر کے مقابل چھوٹوں کا کلام ماخذ نہیں ۔تو اب خود رضاخانی شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے حوالے سے لکھتا ہے:

''بہت سے کام پہلے مکروہ تھے اور آخر زمانہ میں مستحب ہوگیے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص506)

یعنی مشایخ کی قبور پر گنبد بنانے کو پہلے کے اکابر نے مکروہ ناجائز اور بدعت کہا ہے ہاں متاخرین بعد والوں نے مباح کہا ہے ۔تو جس طرح رضاخانی کے ہاں احمد رضاو خلفاء پہلے ہو کر اکابر اور سعیدی بعد والا ہو کر اصاغر اسی طرح متقدمین فقہاء اکابر جو ان تمام امور کو مکروہ و ناجائز کہہ رہے ہیں بعد والے اصاغر لہٰذا اس باب میں اکابر حجت ہوں گے نہ کہ اصاغر۔

تیسرا جواب: مفتی احمد یار گجراتی لکھتا ہے:

''ہمارے سلجھے ہوئے مفسرین نے دو باتیں بیان کی ہیں اگرچہ میں ان سے بھی متفق نہیں مگر ان کے نقل کرنے مضائقہ نہیں''۔

(تفسیر نعیمی جلد بارہ،ص438)

معوم ہوا کہ بعض اوقات ایسے اقوال بھی نقل کر دئے جاتے ہیں جس سے خود نقل کرنے والا متفق نہیں ہوتا تو جتنے حوالے دئے وہ صرف بطور نقل ہے اس سے ناقل کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

چوتھا جواب: ان تمام حوالوں میں کہیں بھی رضاخانی دعوی نہیں کیونکہ رضاخانیوں کا عقیدہ تو یہ ہے:

''اب تم چاہو تو قبہ جات بر مزارات اولیاء کے منکر ہو کر وہابی ہو جاؤ چاہو اولیاء کرام سے وابستہ ہو کر سنی مسلمان رہو''۔

(مزارات پر گنبد،ص 5،عطاری پبلیشرز کراچی)

ماقبل میں ذکر کردہ احناف جو قبوں و مزارات کے منکر ہیں یہ کیا وہابی ہیں؟ نیز یہ بھی اہل

بدعت کا دجل ہے کہ جو مزارات کا منکر ہے وہ معاذ اللہ اولیاء اللہ کا بھی منکر ہے۔ پوری دنیائے اہل بدعت کو چیلنج ہے کہ وہ فقہاء احناف کی کسی ایک فقہ کی کتاب یا عقائد کی کتاب کا حوالہ دیں جو مسلم الثبوت ہو جس میں لکھا ہو کہ مزارات و قبوں کا انکار اولیاء اللہ کے انکار کو مستلزم ہے۔ دیدہ باید۔

موصوف مزید لکھتے ہیں:

''انبیاء و اولیاء کے مزارات شعائر اللہ سے ہیں ۔۔۔جن کی تعظیم وتوقیر درحقیقت اسلام کی تعظیم ہے''۔

(مزارات پر گنبد، ص 7)

رضاخانی اس حوالے پر ایسا حواس باختہ ہوا کہ جواب ہی گول کر گیا کہ جواب تو موجود ہے لیکن پہلے اپنے وہابیوں پر فتوے لگائے لخ دی لعنت ہو اس بے غیرتی پر۔ بہرحال مزارات کا منکر اولیاء اللہ کا منکر ہے مزارات شعار اسلام میں سے ہے۔ تو اب غیرت کر جو مطالبہ کیا گیا اس کو پورا کر و اپنا یہ غلیظ عقیدہ سادات احناف سے پیش کر اپنے اصول ''بعینہ بلفظہ'' پر کہ مزارات شعائر اسلام میں سے ہیں اس کا منکر سنی مسلمان نہیں اس کا منکر اولیاء للہ کا منکر ہے۔ ورنہ اپنے اصول پر اپنا عیار، مکار، دھوکہ باز ہونا تسلیم کر کہ بس عبارت نقل کر دیتا ہے چاہے اس کا تیرے عقیدہ سے کوئی تعلق ہو یا نہ۔

پانچواں جواب: اس میں سلف کے الفاظ آئے ہیں اور عاصی الرحمن المعروف مطیع الرحمن رضاخانی لکھتا ہے:

''علامہ عبد البر نے بلحاظ لغت ''سلف'' کا لفظ عام معنی میں استعمال کیا ہے جو اہل سنت اور شیعہ دونوں کو شامل ہے''۔

(انبیائے کرام کے بعد افضل کون؟ ص 25)

پس ان عبارات میں بھی سلف سے مراد شیعہ ہیں۔

چھٹا جواب: رضاخانی لکھتا ہے:

"اس حوالے کو مان لیا جائے تو کئی سادات احناف اور خود وہابیہ اس کی زد میں آتے ہیں وہابی اسمعیلی جو اس کا جواب دے گا اس کی روشنی میں ہم بھی جواب دے دیں گے"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص528)

اب خود رضاخانی شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے حوالے سے لکھتا ہے:

"بہت سے کام پہلے مکروہ تھے اور آخر زمانہ میں مستحب ہوگیے"۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص506)

یعنی مشائخ کی قبور پر گنبد بنانے کو پہلے کے اکابر نے مکروہ ناجائز اور بدعت کہا ہے ہاں متاخرین بعد والوں نے مباح کہا ہے۔قاضی ثناء اللہ پانی پتی،علامہ آلوسی کے حوالے سے یہ تسلیم کر چکا ہے کہ اسمیں اولیاء اللہ کے مزارات کو بدعت و ناجائز کہا گیا ہے اب اگر یہ مان لیا جائے کہ بعد والوں نے مباح کہا ہے مزارات کو تو متقدمین فتووں کی زد میں آتے ہیں کہ وہ ایک شعائر اسلام،علامت سنیت کو کیسے مکروہ قرار دے سکتے ہیں یہ تو کھلی گمراہی ہے؟ پس رضاخانی مرزائی الوخانی جو جواب اس کا دے گا اس کی روشنی میں ہم بھی کچھ تبصرہ کریں گے۔

ساتواں جواب: خود وہابیہ علامہ آلوسی کی باتوں کو نہیں مانتے تو ہم پر ان کی ہر بات ٹھوسنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں۔(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول، ص528)

تو خود رضاخانی ملاعلی قاریؒ کو گستاخ کہتے ہیں والدین مصطفی ﷺ پر ان کا موقف نہیں مانتے،شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی کتب میں غیر محقق اقوال کا اقرار کرکے اسے تسلیم نہیں کرتے،بلکہ رضاخانی مولوی تو لکھتا ہے کہ اشرف سیالوی نے شیخ عبدالحق محدثؒ دہلوی کو "زمرہ مومنین"ہی میں سے نکالا ہوا ہے معاذ اللہ:

"یہ حضرت شیخ محقق علیہ الرحمۃ کو ان کی دینی خدمات پر صلہ دیا ہے کہ انہیں زمرہ

مومنین سے ہی نکال دیا ہے ۔نعوذ باللہ من ذالک‘‘۔

(تصریحات،ص47)

فتاوی رضویہ میں جگہ جگہ علامہ شامیؒ سے احمد رضانے اختلاف کیا تو ان کی ہر بات ہم پر کیوں ٹھونس رہے ہیں؟

آٹھواں جواب: جن حوالوں میں قیل ہے تو گزر چکا کہ قیل ضعیف قول کیلئے آتا ہے۔

یہ مختصر آٹھ(8)جوابات ہیں جو ہم نے نقل کر دئے مزید32جوابات کیلئے علامہ نقشبندی صاحب کے ’’دروس مناظرہ‘‘ کو ملاحظہ فرمائیں جب اس کی مزید جلدیں منظر عام پر آجائیں ہم نے مسودے سے بھائی لئیق کے توسط سے استفادہ کیا ہے۔

مزار بنانے کے حوالے سے سادات احناف کا مختار مذہب یا ابو حامد مختار ثقفی کا دجل وفریب

صفحہ نمبر516اور517پر عبارات پیش کی قبر پر عمارت نہ بنائے جائے اور ایک قول یہ ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں اور یہی صحیح ہے۔(ملخصا)

اس پر یہ عنوان دیتا ہے:

’’قبر پر عمارت بنانے کے حوالے سے سادات احناف کا مختار مذہب‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول،ص515)

اب بقول اس کے ’’قبروں‘‘ پر عمارت مزار بنانا سادات احناف کا مذہب ہے لیکن عقل کو دبر میں لیکر گھومنے والا یہ رضاخانی چند صفحات قبل اپنا اور راہلسنت کا موقف یوں نقل کر آیا ہے:

’’عام مسلمانوں کی قبر پختہ کرنا یا اس پر کوئی عمارت،قبہ،گنبد بنانے کا کوئی فائدہ نہیں لہذا منع ہے‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص500)

جب کوئی فائدہ نہیں منع ہے تو سادات احناف نے ممنوعہ و بے فائدہ چیز کی اجازت کیسے دے دی؟ اور اگر قبرو پر عمارت بنانے کی اجازت ہے تو تو اس سے منع کر کے لعنتی ہوا۔ اب بتا کہ معاذ اللہ سادات احناف جھوٹے ہیں یا تو؟ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ سادات احناف ہی سچے ہیں تو لامحالہ تیرا کذاب دجال ہونا مسلم ہوا۔

یاد رہے کہ اس حوالے سے جتنی عبارات پیش کی اس میں کہیں بھی اولیاء اللہ کے مزارات کا ذکر نہیں عام قبور کا ذکر ہے۔ عنوان بھی اس نے فقط ''قبر'' کا باندھا۔

عام قبرستان میں مزارات بنانا جائز نہیں

رضاخانی کا ایک اور دجل وفریب ملاحظہ ہو وہ شاملہ سے عبارتیں تو نقل کر دیتا ہے لیکن وہ یہ کیوں نقل نہیں کرتا کہ:

وَقِيلَ لَا يُكْرَهُ الْبِنَاءُ إِذَا كَانَ الْمَيِّتُ مِنَ الْمَشَايِخِ وَالْعُلَمَاءِ وَالسَّادَاتِ اھ

قُلْتُ: لَكِنْ هَذَا فِي غَيْرِ الْمَقَابِرِ الْمُسَبَّلَةِ كَمَا لَا يَخْفَى

(شامی ج2،ص 237)

ایک ضعیف قول کے مطابق قبروں پر عمارتیں قبہ بنانے مکروہ نہیں جبکہ میت علماء مشایخ سادات کی ہو میں (علامہ شامی) کہتا ہوں کہ یہ بھی اس وقت جب قبرستان عامۃ المسلمین کا قبرستان نہ ہو۔ یعنی وقف کی زمین نہ ہو۔

جبکہ پاکستان میں جتنے مزارات قبے بنے ہوئے ہیں وہ سب عامۃ المسلمین کی قبور یا مدارس وقف کی زمیوں پر بنے ہوئے ہیں لہذا جنہوں نے اس کی اجازت دی ہے ان کے فتوے پر بھی یہ قبے مزارات سب ناجایز ہیں اور ان کو بنانے والے یہ سارے رضاخانی مشایخ حرام کار، ظالم، قبضہ مافیہ، ہیں۔

فقیہ اعظم حضرت گنگوہیؒ پر بکواس

رضاخانی کوانی الوخانی ابوحامد اسمیلی مرزائی رافضی لکھتا ہے:

''گنگوہی کا شیخ عبدالحق محدث دہلوی پرغصہ''

وہابی اسمعیلی گنگوہی کو کچھ آتا جاتا تو تھا نہیں بس ایسے ہی ہاتھ پاؤں مارنے کی کوشش کرتا تھااور اکابرین امت پر بداعتمادی کی وہ فضابرپا کرتا تھا کہ الامان والحفیظ ایک طرف تو وہابیہ اسمعیلیہ کے وہ دعوے اور دوسری طرف احمدی اسمعیلی گنگوہی کی یہ لن ترانیاں۔ چنانچہ ایک مرتبہ ان سے شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا نام لے کرسوال کیا گیا جناب نے کیا جواب دیا پیش خدمت ہے۔ چنانچہ سوال ہوتا ہے کہ:

شیخ عبدالحق نے صراط مستقیم میں لکھا ہے کہ ہمارے زمانے میں بعض مکروہ، حکم مستحب کا رکھتے ہیں چنانچہ مزاراولیاء کا پختہ بنانا جائز ہے، واسطے شوکت اسلام کے۔

وہابی اسمعیلی گنگوہی جواب دیتے ہوئے نہیں بلکہ دانت پیستے ہوئے اوراپنے اندر کی بھراس نکالتے ہوئے لکھتا ہے:

یک شیخ عبدالحق کا قول خلاف حدیث وقول فقہاء کے اس بارے میں معتبر نہیں ہوسکتا۔ اگرسوعالم بھی خلاف نص صحیح کے کچھ لکھیں ہرگز معتبر نہ ہوگا۔

(باقیات فتاوی رشیدیہ،ص 110،دارالکتاب لاہور)

اولا: تو میں وہابی اسمعیلی ساجد خان سے کہتا ہوں کہ اپنے گھر کے وہابیوں سے تو مشائخ ہند کی بات تسلیم کرواؤ پھران کو ثالث بنا کر ہم سے بات کروخود تمہارا اسمعیلی گنگوہی شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ پر دانت پیس رہا ہے، ان کو حدیث کا مخالف اور فقہاء کا مخالف ثابت کر رہا ہے اور تم یہ کہتے ہوئے ان کو ثالث بنارہے ہو''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 507)

فقیہ العصر حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے خان صاحب کی طرح کسی ''مظفرحسین شاہ'' پر تحقیق کر کے اس کے نو جوڑ ثابت نہیں کئے، نہ بریلی میں ابوحامد رضوی کی اماں کو تین سال کی عمر میں کرتا اٹھا کر'' مظفرحسین شاہ'' پر لیکچر دئے جو انہیں کچھ آتا جاتا نہ ہو۔ کیا ہر آدمی احمد رضاخان بریلوی کی طرح جاہل بلکہ اجہل الکائنات ہوتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

حضرت فقیہ العصر فقیہ اعظم مولانا رشید احمد گنگوہی صاحبؒ نے جو کچھ کہا بالکل درست کہا۔خلاف نص وجمہور کسی کی بھی بات کو رد کیا جائے گا چاہے وہ کتنا بڑا عالم کیوں نہ ہو یا احمد رضاخان بریلوی کی طرح کتنا بڑا جاہل ودجال مائۃ حاضرہ کیوں نہ ہو۔اس باب میں رضاخانی مرزائی بھی ہم سے متفق ہیں۔ملاحظہ ہو دلائل۔

بدعتی شیخ الحدیث مولانا غلام رسول سعیدی لکھتا ہے:

''حضرت امام شافعی فن حدیث کے ایک جلیل القدر امام ہیں اور روایت پر جرح و تعدیل کے سلسلہ میں ان کی رائے یقینا وقعت اور اہمیت کی حامل ہے لیکن حدیث رسول کے مقابلے میں جب وہ کوئی بات محض اپنی رائے سے کہیں گے تو اس کا کوئی وزن نہیں ہوگا''۔

(ذکر جہر،ص 124,125)

جواب دے کیا امام شافعیؒ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ سے بڑا عالم ہے یا نہیں مگر تیرا شیخ الجہلاء کہہ رہا ہے کہ حدیث کے مقابل اس کی بات کی کوئی وقعت نہیں اب جو بکواس تونے کی ہے یہاں پر بھی کر۔مظہر اعلیٰ حضرت حشمت شیطان و یزید رضوی لکھتے ہیں:

''کسی عالم کا وہ قول جو دلائل شرعیہ کے مخالف ہو ہرگز قابل تسلیم نہیں ہوسکتا لہٰذا اس مسئلہ میں مجرد قول ملا علی قاری علیہ الرحمۃ ہم پر ہرگز حجت نہیں''۔

(فتاویٰ حشمتیہ،ص 81)

اب اگر تو کسی حرام کی سٹھ نہیں تو یہاں پر بھی وہی بکواس کر لیکن ہمیں معلوم ہے تیری منہ کی غلاظت صرف اس وقت تیرے نیچے والے منہ کا راستہ بھول کر اوپر والے منہ سے نکلتی ہے جب سامنے علمائے دیوبند ہوں لیکن اگر وہی بات کسی رضاخانی میں نقل آئے تو اسے اپنی دوشقی میں دبا کر خاموشی سے گزر جانے ہی میں تو عافیت سمجھتا ہے۔

باقی رہا شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا ثالث ہونا تو بالکل لیکن ان کی ثالثی اسی وقت تک ہوگی جب وہ قرآن وسنت کی روشنی میں ثالثی کریں۔مثلاً ابوحامد رضوی کی بہن دوست محمد

قندہاری کے ساتھ بھاگ جائے اب ابو حامد رضوی مظفرحسین شاہ کو ''ثالث'' نامزد کرلے تو ظاہر ہے کہ مظفرحسین شاہ کی ثالثی فیصلہ اسی وقت تک کارگر ہوگا جب وہ پاکستان کے آئین وقانون کے مطابق ہو۔

قبر پر خیمہ

علامہ عینی نے قبر پر خیمہ لگانے کو جائز کہا ہے۔(ملخصا 510،511)

تو جاہل انسان وہاں زائرین کیلئے کہا ہے کہ جو زائرین قبر کی زیارت کیلئے آنا چاہیں تلاوت قرآں مجید کرنا چاہیں ان کیلئے خیمہ لگایا جاسکتا ہے اس میں کس کا اختلاف ہے؟ اختلاف تو مروجہ مزارات پر ہے۔

پھر مزے کی بات کہ علامہ عینی نے یہ مطلقا ہر قبر ہر میت کیلئے کہا ہے لیکن رضاخانی خود کہہ چکا ہے کہ عام مسلمانوں کی قبور کیلئے یہ چیزیں منع ہے۔تو علامہ عینیؒ کا یہ حوالہ تو تیرے بھی خلاف ہے۔رضاخانی لکھتا ہے کہ آلوسیؒ کی باتوں کو نہیں مانتے تو ہم پر اس کی ہر بات کیوں ٹھونستے ہو(ملخصا) تو جس بات کو تو خود بھی نہیں مانتا اسے ہم پر کیوں ٹھونس رہا ہے اب رضاخانی ہی کی زبانی کہ اس کی مثال:

۔۔اس گیدڑ کی سی ہے جو پہلے خربوزوں پر موتتا گیا اور جب بھوک لگی تو کھانے لگ گیا''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 510)

اصولی طور پر غیر اکابر کے حوالے

صفحہ 522 پر ڈاگئی صفحہ 513 تا 515 پر علامہ عبدالحلیم فرنگی محلیؒ کشف الغطا، مولانا عبد الباری فرنگی محلیؒ، اسمعیل حقیؒ کے حوالے دئے جو رضاخانی اصولوں پر ہمارے حجت والے اکابر نہیں لہذا ان کے حوالوں کا رضاخانی ہمیشہ کی طرح'' بتی'' بنا کر اپنی'' دوشقی'' میں محفوظ کرلے کسی موقع پر کام آئیں گے۔ باقی خبیث انسان پوری بات نقل کر علامہ نقشبندی صاحب نے کشف الغطا کا حوالہ اگر نقل کیا ہے تو مفسر ذلیل احمد یار گجراتی سے الزامی طور پر۔

صفحہ 519 تا 522 اباحت والے اقوال کو علمائے دیوبند سے نقل کرکے اپنی عادت

کے مطابق اس جاہل،عیار،مکار،غلاظت کے ڈھیر،اپنے عیار،مکار، جاہل،اجہل،غلیظ ،بے حیا اکابرخصوصا بریلی کے اس کمینے کی طرح بکواسات کی انتہاء کی ہے۔ پورا ایک صفحہ سے زاید 517و518 گالیوں پرسیاہ کیاہے۔

ان عبارات کے جوابات ہم نقل کر چکے ہیں اورعلمائے دیوبند نے بھی محض نقل وتردید کیلئے ان کونقل کیا۔

ہماری ذکرکردہ عبارات

ہماری عبارت کاجواب یہ دے کرگلوخلاصی کی کوشش کی گئی کہ اس میں عام مردوں کی قبروں پر قبے بنانے سے منع کیا گیاہے اورعلامہ آلوسی کی عبارت سے یہ کہہ کرجان چھڑائی گئ کہ وہ تو خودتمہارے نزدیک بھی معتبرنہیں۔(ملخصا ص 523 تا530)۔

حالانکہ یہ رضاخانی دجل وفریب ہے۔اس لئے کہ اول تو ان عبارات میں کہیں بھی ولی غیر ولی کی تخصیص نہیں۔ثانی علامہ ابراہیم نے وصیت کی کہ میری قبر پرقبہ نہ بنانا کیاعلامہ ابراہیم ولی نہیں ؟ابن نجیم سے حوالہ پیش کیا کہ قبروں پرعمارت سے مراد وہ ہے جوشہروں میں قبروں پر بنائی گئی ہیں اورظاہرہے کہ شہروں پر قبروں پر جوعمارتیں بنائی ہیں وہ بزرگوں کی ہی قبروں پرہے ورنہ بتایاجائے کہ شہروں میں کس عام آدمی کی قبروں پرمزارات بنائے گئے ہیں؟

قاضی ثناءاللہ پانی پتی نے صراحت کے ساتھ اولیاءاللہ کی قبروں پرمزار بنانے سے منع کیاہے رضاخانی نے اس کوتسلیم کیا کہ:

”یہ پہلاحوالہ ہے جوظاہری اعتبارسے وہابی مولوی ساجدخان کامویدہوسکتاہے“

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 527)

لیکن اس سے یہ جھوٹ بول کرجان چھڑائی کہ:

”اگراس حوالے میں تاویل نہ کی جائے تو خودوہابیہ ہی حرام کے مرتکب ٹھریں گے“۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 527)

حالانکہ یہ رضا خانی کی مکاری عیاری ہے جو اسے احمد رضا خان بریلوی سے وراثت میں ملی وہابی اس وقت اس حوالے سے حرام کے مرتکب ہوں گے جب وہ خود مزارات بنانے کو جائز کہتے حالانکہ خود رضا خانی یہ لکھ چکا ہے:

''وہابی اسمعیلی ساجد خان نے بھنگ پی جب نشہ چڑھا تو یہ دعوی کر دیا کہ سادات احناف کے نزدیک اولیاء کی قبور پر گنبد بنانا جائز نہیں اس وہابی اسمعیلی ساجد خان نے یہ سادات احناف کی پیروی میں نہیں بلکہ اپنے عیار، مکار، دھوکہ باز اکابرین کی پیروی کرتے ہوئے کیا ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول ص 517)

تو کوا خانی ،الو خانی اسمعیلی وہابی مرزائی نے اول دعوی یہ کیا کہ دیوبندی اکابرین مزارات کو حرام کہتے ہیں اس کے ناجائز ہونے کے قائل ہیں پھر مظفر حسین شاہ سے کچھ بھنگ لیکر پی ساتھ شراب کا جام پیا اور چرس کی سگریٹ کا سوٹا لگا کر نسوار کی ایک چٹکی لیکر اپنے اس ''مقام خاص'' پر رکھی جہاں یہ عقل رکھ کر لیکر گھوم رہا ہے اور ایک دم سے پھر چیخا:

''قاضی صاحب کے اس حوالے کو مان لیں تو وہابی بھی حرام کے مرتکب ہوں گے کیونکہ مزارات کو بھی جائز سمجھتے ہیں''.

اپنے علما پر فتوے لگاؤ

رضا خانی جب بھی علمائے دیوبند کی کوئی عبارت پیش کرتا ہے تو پھر پورا پورا صفحہ بھونکنا شروع کر دیتا ہے کہ اب اپنے ان علما پر بھی شرک ،بدعت ،حرام کاری کے فتوے لگاؤ۔اول تو ان عبارتوں میں ایسا کچھ ہوتا نہیں جو ہم فتوے لگائیں ثانیا ہو بھی تو رضا خانی اپنا یہ اصول یاد رکھیں کہ رضا خانیوں کے ہاں غیر اللہ کو سجدہ حرام ہے کالا حضرت نے اس پر پورا ایک رسالہ ''الزبدۃ الزکیۃ'' لکھا خود رضا خانی لکھتا ہے:

''اولیا اللہ کی قبور پر سجدہ کرنے کے حوالے سے اہلسنت کے فتاوی موجود ہیں اگر کوئی سجدہ تعظیمی کرتا ہے تو حرام اور عبادت کی نیت سے کرتا ہے تو کفر''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص472)

لیکن دوسری طرف ''تاجرالشریعہ،امرد پرستوں کا تر نوالہ''مولوی اسمعیل المعروف اختر رضاخان ازہری کافتوی ملاحظہ ہو:

''اورحضرت محبوب الٰہی اوران بعض فقہا پرطعن جائزنہیں بلکہ ان کے ساتھ حسن ظن اور ان کا احترام لازم ہے اورحسن ظن یہ ہےکہ ان حضرات سے اس مسئلہ میں خطا ایسا ہوگیا نہ انہوں نے دانستہ حق کو چھوڑااور باطل کواپنایا''

(فتاوی تاج الشریعہ، جلداول،ص268،269)

رضاخانی کی زبانی کیوں یہ شریعت تمہارے باپ کی ہے؟حرام خورو!لگاؤ اب ان بزرگان دین وفقہائے کرام پرحرام خوری،حرام کاری، باطل پرستی کا فتوی۔تو منافق کے بچو ہمارے جن علما کی عبارات تم نے پیش کی بالفرض ایسا ہی ہو جیسا تم نے کہا تو ان''خطاایسا ہوگیا غلطی سےحق کو چھوڑ کر باطل کی طرف چلے گئے''۔اب رضاخانی ہی کی زبانی ہم نے الحمدللہ رضاخانیت اسمعیلیت کو:

''اس کی جائے پیدائش گٹر میں پہنچا دیاباقی آنے والے حوالے مزیدڈ بکیاں دلوانے کے کام آئیں گے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص484)

آٹھواں مسئلہ

قبروں پر چراغاں کرنا

اس مسئلہ کے تحت علامہ صاحب نقشبندی حفظہ اللہ نے جولکھا پہلے اس کو ملاحظہ فرمائیں:

مسئلہ نمبر......8

قبروں پر چراغاں کرنا جائز نہیں

سادات حنفیہ اور مشائخ ہند کے ہاں قبروں پر چراغاں کرنا جائز نہیں بلکہ مال کا ضیاع ہے ان کی پیروی میں احناف دیوبند بھی کہتے ہیں کہ ایسا کرنے کو ضروری سمجھنا بدعت ہے۔

(۱) ملا علی قاری حنفی (المتوفی ۱۰۱۴ھ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث مبارکہ:

لَعَنَ رَسُولُ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زائرات الْقُبُور و المتخذین عَلَیْهَا الْمَسَاجِد و السرج

(ابو داؤد ج2، ص105، نسائی ج1، ص222، مشکوۃ ج1، ص17، سنن الکبریٰ ج4، ص78)

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبروں کی زیارت کرنے والی اور ان پر مسجد بنانے والے او چراغ جلانے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔

کی تشریح میں فرماتے ہیں:

وَالنَّهْيُ عَنِ اتِّخَاذِ السُّرُجِ لِمَا فِيهِ مِنْ تَضْيِيعِ الْمَالِ، لِأَنَّهُ لَا نَفْعَ لِأَحَدٍ مِنَ السِّرَاجِ، وَلِأَنَّهَا مِنْ آثَارِ جَهَنَّمَ

(مرقاۃ، ج2ص219، مکتبہ امدادیہ۔باب المساجد مواضع الصلوٰۃ)

مذکورہ حدیث میں چراغ روشن کرنے کی ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے اور مال کا ضیاع ہے اور اس لئے کہ آگ جہنم کا اثر ہے۔

قارئین کرام! ملا علی القاری رحمۃ اللہ علیہ نے قبروں پر چراغ جلانے کے ناجائز ہونے پر تین دلائل پیش فرمائیے ہیں۔

(۱)۔قبروں پر چراغ جلانے سے مال کا بے فائدہ ضیاع ہے یعنی ضائع کرنا ہے۔

(۲)۔اور یہ ناجائز ہے اس لئے کہ اس سے کسی کو کوئی فائدہ بھی نہیں ہے۔

(۳) ۔اوراس لئے کہ آگ جہنم کااثر ہےاورچراغ میں بھی آگ ہے اس لئے ناجائز ہے۔

(۲) حضرت قاضی ثناءاللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۲۵ھ) لکھتے ہیں:

لا یجوز مایفعله الجهال یقبور الاولیاء والشهداء من سجود والطواف حولها واتخاذالسراج۔

(تفسیر مظهری ج2ص65)

جائز نہیں جو جاہل لوگ اولیاء،شہداء کی قبروں کے ساتھ کرتے ہیں سجدہ اوراس کے ارد گردطواف اوراس قبر پر چراغاں کرنے سے۔

(۳) علامہ محیی الدین برکلی نقشبندی الحنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۸۱ھ) فرماتے ہیں:

وَاَقْبَحُ الْبِدَعِ عَشْرَۃ ... منها طَعَامُ الْمَیِّتِ وَاِیْقَادُ الشُّمُوْعِ عَلَی الْمَقَابِرِ وَالْبِنَاءُ عَلَی الْقَبْرِ وَتَزْیِیْنُهٗ وَالْبُیُوْتَةُ عِنْدَهٗ وَالتَّغَنِّی وَالسَّمَاع واتِّخاذُ الطَّعَامِ لِلرَّقْصِ وَاجْتِمَاعُ النِّسَاءِ لِلزِّیَارَةِ الْقُبُوْرِ۔

(بریقه شرح طریقه محمدیه صفحه122)

قبیح ترین بدعتیں دس ہیں،ان میں سے میت کے گھر کا کھانااورقبروں پر چراغ جلانااور قبروں پرعمارت بنانااوراس کو مزین کرنااورمکان بنانااورگانےاورسماع اورکھاناپکانارقص کیلئےاورعورتوں کامجتمع ہوناقبروں کی زیارت کیلئے۔

معلوم ہوا کہ قبروں پر چراغاں بھی قبیح ترین بدعت ہے اوراس فعل کا مرتکب حنفیہ کے ہاں بدعتی ہے۔

(۴) اورعلامہ ابن البزاز الکردری حنفی رحمۃ اللہ علیہ (۸۲۷ھ) فرماتے ہیں:

وَاِخْرَاجُ الشُّمُوْعِ اِلَی رَاْسِ الْقُبُوْرِ بِدْعَة، اِتْلَافُ الْمَالِ

(فتاویٰ بزازیة هامش هندیة ج6ص372)

قبروں پر چراغوں کا رکھنابدعت ہےاورمال کاضیاع ہے۔

(۵) حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۲۵ھ) لکھتے ہیں:

مسئله قبور اولیا را بلند کردن و گنبد بر آن ساختن و عرس و امثال آن و چراغان کردن همه بدعت است۔ بعضی ازان حرام است و بعضی مکروه پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بر شمع افروزاں نزد قبر و سجده کنند گاں را لعنت گفته۔

(ارشاد الطالبین، ص 50 طبع ایران)

اولیاء اللہ کی قبروں کو بلند کرنا ان کے مزارات پر گنبد بنانا عرس کرنا چراغاں کرنا یہ سب بدعت ہے۔ بعض ان میں حرام و بعض مکروہ تحریمی ہیں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبروں کے پاس چراغاں کرنے اور ان کی طرف سجدہ کرنے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔

بدعتی نظریہ

آل بدعت کے حکیم الامت مفتی احمد یار صاحب بریلوی (المتوفی ۱۳۹۱ھ) لکھتے ہیں:

''عام مسلمانوں کی قبر پر ضرورۃً اولیاء اللہ کی مزارات پر اظہار عظمت کے لیے چراغ روشن کرنا جائز ہے''۔

(جاء الحق ص 300)

سادات احناف و مشایخ ہند تو اسے بدعت اور ایسا کام کرنے والوں کو بر بنائے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لعنتی گردان رہے ہیں اور موصوف اسے جائز قرار دے رہے ہیں۔ جب کہ عام بریلوی تو اب ان چراغوں سے تبرک حاصل کرنے لگ گئے ہیں۔

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، ص 61 تا 63)

رضاخانی پٹاری کی تاویلات باطلہ

رضاخانی نے صفحہ 532 ت 537 اس باب میں جتنے حوالے رضاخانی نے پیش کئے اس میں دو باتیں مشترکہ ہیں:

(۱) ضرورت کے تحت چراغاں یعنی تلاوت وغیرہ۔

(۲) یا پھر مزارات کی تعظیم کیلئے۔

اولاً گذارش ہے کہ ضرورت کے تحت چراغاں یعنی روشنی کے ہم منکر نہیں کیونکہ پہلے زمانے میں اس طرح لائٹوں اور بجلی کا بندوبست نہیں ہوتا تھا لہذا اگر کوئی شخص تلاوت کیلئے چراغ جلاتا ہے تو اس کی گنجائش تھی۔خود رضاخانی نے لکھا کہ:

''وہابی مولوی رشید احمد گنگوہی لکھتا ہے: اگر آمدورفت زائرین کی ہو اور لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہو تو راستہ میں قبروں پر چراغ رکھنا درست ہے''۔

(فتاوی رشیدیہ، ص260)

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول، ص540)

لیکن موجودہ زمانہ میں اس کی کوئی ضرورت نہیں کیا مزارات و قبروں پر رکھے چراغ تلاوت قرآن کریم کیلئے ہوتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔لہذا ان حوالوں کو پیش کرنا تو رضاخانی کا صریح دجل وفریب ہے۔

ثانیا جنہوں نے مزارات کی تعظیم کیلئے چراغاں کا کہا تو یہ بھی فضول اور نری بکواس ہے۔جب مزارات خود بدعت ہیں تو یہ قابل تحقیر ہیں نہ کہ قابل تعظیم سادات احناف ومجتہدین نے مزارات کو بدعت کہا ان کے مقابل میں نابلسی رافعی جیسے حاطب اللیل کی کیا حیثیت؟

علامہ شبیر احمد قاسمی اول تو ہمارے ان اکابر میں سے نہیں جو ہمارے لئے حجت ہوں ثانیا مان بھی لیں تو انہوں نے تقریرات رافعی کو صرف قیمتی حاشیہ کہا ہے ہم بھی کتاب کے حل اور مفتی بہ اقوال کی تلاش کی حد تک اس کی قدر و قیمت کے قائل ہیں مگر اس سے یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ ہر بکواس قیمتی ہے؟ کالاحضرت کا حوالہ گزر چکا مصنف کتاب کا مستند ہونا اور ہے اس کی ہر بات کا مستند ہونا اور ہے۔

الحمدللہ رضاخانی کی تمام بکواسات کا جواب ان چند سطروں میں ہوگیا لیکن پھر بھی ہم کچھ عرض کرنا چاہتے ہیں۔

رضاخانی نے اپنی تائید میں علامہ عبدالغنی نابلسی کے حوالے صفحہ 532 تا 534 پیش

کئے۔

حالانکہ نابلسی خود رضاخانی اصولوں پر معتبر نہیں کیونکہ رضاخانی نے لکھا ہے:

''خود وہابیہ ہی علامہ آلوسی کی باتوں کو نہیں مانتے تو ہم پر ان کی ہر بات ٹھوسنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص528)

اب ملاحظہ ہو کہ ''مزامیر'' کے حرام ہونے پر احمد رضاخان بریلوی نے مستقل کتاب رسالہ لکھا ہے جو رسائل رضویہ میں موجود ہے۔

مگر عبد الغنی نابلسی نے موسیقی ناچ گانے کی حرام کاریوں پر مستقل کتاب لکھی ہے جس کا ترجمہ رضاخانیوں نے ''موسیقی اور سماع'' کے نام سے کیا ہے۔اس میں مترجم لکھتا ہے:

''کتاب کے مطالعہ سے ان کی علمی وسعت کا بھی پتہ چلتا ہے کہ سماع بالمزامیر پر جس قدر دلائل انہوں نے پیش کئے ہیں وہ کم از کم میری نظر سے اب تک نہیں گزرے مزید براں دو اہم نکات بھی حاصل ہوئے ہیں:

(۱) موسیقی اور سماع کے بارے میں مطلقا حرام ہونے کا فتوی جائز نہیں۔

(۲) غنا اور سماع آلات موسیقی بہت سے صحابہ کرام،تابعین عظام اور بانیان مذاہب اربعہ کے اقوال سے بھی ثابت ہے۔

(موسیقی اور سماع،ص10)

خود نابلسی لکھتا ہے:

''لیکن جاہل فقہاء نے اسے قیودات سے منزہ و عاری کر کے اپنے مطلوب و مقصود کے حصول کیلئے مطلقا ذکر کر دیا''۔

(موسیقی وسماع،ص61)

اب بریلی کے دجال کا فتوی ملاحظہ ہو سماع بالمزامیر کو حلال و مباح جاننے والوں کے متعلق لکھتا ہے:

''ایسے محرمات کو معاذ اللہ موجب قربت جاننا جہل وضلال اور پھر ان پر اصرار کبیرہ شدید الوبال اور دوسروں کو ترغیب اشاعت فاحشہ و اضلال والعیاذ باللہ من سوء الحال''۔

(رسائل رضویہ، جلداول،ص 473،مکتبہ حامدیہ)

لیجئے نابلسی تو سوئے حال،ضلالت و جہل میں پڑا ہوا ہے لیکن صبر کریں نابلسی اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کرتا ہے تو خان صاحب کو جلال آتا ہے اور لکھتا ہے:

''ان محرمات اباطیل کو معاذ اللہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کرنا ضرور حضور سوءادب اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر افترا وکذب ہے''۔

(رسائل رضویہ جلداول،ص 477)

تو نابلسی کے ہاں علی الاطلاق سماع بالمزامیر کو حرام کہہ کر خان صاحب جاہل فقیہ اور خان صاحب کے ہاں نابلسی بے ادب،گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حرام کار،وگمراہ۔تو ابو حامد رضوی جس کو تیرا اعلیٰ حضرت بے ادب وگستاخ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہہ رہا ہے اس کے فضول عبارات کو پورے احناف کا مسلک بنا کر الٹا احناف کا مسلک پیش کرنے والے دیوبندیوں کو گالی دینا کیا پرلے درجے کی کمینگی ب،بے حیائی،مکاری وعیاری نہیں جو تجھے اعلیٰ حضرت سے ورثہ میں ملی ہے؟۔رضاخانی لکھتا ہے:

''وہابی اسمعیلی ساجد خان ایسی کتابوں کا حوالہ کیوں پیش کرتا ہے جس کے مصنف اس کے اپنے وہابیہ کے نزدیک ایسے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 547)

تو مرزائی کو اغانی الوخانی ابو حامد رضوی ایسے لوگوں کی کتابیں کیوں پیش کرتا ہے جن کے مصنفین خان صاحب مرزائی کے ہاں بے ادب،گستاخان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضال مضل،حرام کار ہیں۔اس تفصیل سے اس دجال نے قاضی ثناءاللہ پانی پتیؒ کی عبارت کے جواب میں دجل و فریب کرتے ہوئے جو نابلسی کی عبارت پیش کی اس کا جواب بھی ہوگیا۔

یاد رہے کہ علامہ صاحب نے کہیں بھی نابلسی کو بطور استدلال پیش نہیں کیا کیونکہ علامہ صاحب نے جن جن کو استدلال میں پیش کیا ان کے نام وتعارف وکتاب کے شروع ہی میں لکھ چکے ہیں جس میں نابلسی کا ذکر نہیں نہ نابلسی فقہائے احناف وسادات احناف میں سے ہے۔ ہاں صرف ایک مقام پر تائید کے طور پر اس کا حوالہ پیش کیا۔ اور تائید کے طور پر تو کسی بے دین کا حوالہ بھی رضاخانیوں کے ہاں پیش کرنا جائز ہے۔ چنانچہ خود رضاخانی جسے وہابی سمجھتا ہے یعنی غلام مہر علی مرحوم اس کا حوالہ پیش کر کے لکھتا ہے:

''ہم نے اس کے حوالے محض تائید ادئے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص455)

تو جہاں کہیں علامہ صاحب نے اس قسم کے لوگوں کے حوالے دئے وہ محض تائیدا ہیں۔ کیونکہ خود علامہ صاحب نے کہیں بھی ان جیسے لوگوں کو سادات احناف وفقہائے احناف میں شمار نہیں کیا۔ ہمارے فتوے سے اگر نابلسی بدعتی بنتا ہے تو ہزار دفعہ بن جائے ہماری بلا سے۔ ہوسکتا ہے کہ رضاخانی کہے کہ علامہ صاحب نے کہاں وضاحت کی ہے؟ تو اگرچہ اس ''نامانو'' کے بھی بیسیوں جواب ہمارے پاس موجود ہیں لیکن جس طرح اس رضاخانی نے قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی عبارت کی وضاحت میں نابلسی کو پیش کیا پس اسی طرح علامہ صاحب کی عبارتوں کی وضاحت میں مجھے قبول کریں۔

(۲) صفحہ 534 علامہ محمد طاہر پٹنیؒ کا حوالہ دیا لیکن دجل وفریب ملاحظہ ہو کہ وہاں مساجد میں چراغاں وروشنی کرنے کا ذکر ہے نہ کہ مزارات پر تعظیما خود رضاخانی نے ان کی عبارت کا ترجمہ ان الفاظ میں کیا:

''اگر وہاں مسجد وغیرہ کوئی ایسی چیز ہو جس میں اس چراغ سے نفع ہوتا ہو تلاوت اور ذکر کیلئے تو چراغ جلانے میں کوئی حرج نہیں''۔

دجال، مکار یہاں مسجد میں تلاوت کی غرض سے چراغ جلانے کا ذکر ہے اس کا کون منکر ہے؟ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ اس جاہل میں عقل نام کی نہیں اسے بس واٹس ایپ میں

کوئی حوالہ بھیج دیتا ہے جس میں ''چراغ'' کا لفظ ہوتا ہے یہ اسے کتاب میں نقل کر دیتا ہے عقل کے اندھے پہلے دیکھ تو لے کہ وہ چراغ روشن کرنا کس معنی وموقع پر ہے؟۔

(۳) یوسف موصلیؒ، مولانا عبد الحلیم فرنگی محلیؒ، قطب الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ہمارے لئے رضاخانی اصول پر حجت نہیں۔

سادات احناف کے حوالوں سے گلو خلاصی

صفحہ 543 تا 548 پانچ صفحات خالص گالیوں سے اس عیار، مکار، ذلیل، انسان نے سیاہ کئے ہیں کام کی باتیں اس میں صرف اتنی ہیں:

(۱) جن لوگوں نے منع کیا انہوں نے تضییع مال اور اسراف کی وجہ سے کیا اور خود لکھتا ہے:

''ان کی عبارت سے واضح ہے اور تضییع مال بھی اس وقت ہوگا جب بلا فائدہ ہوگا اور ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ بلا ضرورت چراغ جلانا جائز نہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص 544، 545)

تو حرام خور! آج کے زمانے میں چراغ کی کونسی ضرورت ہے؟ کون شخص مزارات پر راستہ تلاش کرنے یا تلاوت کرنے کیلئے چراغ روشن کرتا ہے؟ لہذا یہ سب چراغ حرام اور مال کا ضیاع ہے۔ یہ اس قدر کمینہ ہے کہ علامہ صاحب جو بات کرتے ہیں اس کو یہ خود بھی تسلیم کرتا ہے مگر علامہ صاحب سے بغض کی وجہ سے گالیاں دینے کو فرض سمجھتا ہے۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی عبارت کے متعلق کہتا ہے کہ اس سے معاذ اللہ سادات احناف اس فتوے کی زد میں آجائیں گے۔ حالانکہ یہ اس کا کھلا دجل وفریب ہے سادات احناف میں سے کسی نے بھی مزارات اولیاء اللہ پر چراغ جلانے کو جائز نہیں قرار دیا۔ جس کو تو سادات سمجھتا ہے رضاخان کے فتوے سے تو وہ حرام کار وگستاخ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

یہ اتنا کمینہ، مکار، دجال، انسان ہے کہ پہلے مطالبہ کرتا ہے کہ اس میں اولیاء اللہ کا لفظ کہاں ہے؟ اور جب کسی حوالے میں وہ لفظ مل جاتا ہے تو کہتا ہے کہ اس فتوے کی زد میں تو

تم بھی ہو۔مزید دجل یہ کیا کہ کہتا ہے کہ:''قاضی صاحب کی یہ عبارت خاص صورتوں پر محمول ہے''۔حالانکہ یہ اس کا دجل ہے ہم تجھے چیلنج کرتے ہیں کہ اگر تو واقعی حلالی ہے تو قاضی صاحب کی عبارت میں یہ لفظ دکھا:

''عبارات خاص صورتوں پر محمول ہے جو جائز نہیں مثلا بلا فائدہ چراغ جلانا یا قبر کے بعینہ او پر جلانا''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص545،546)

یہ چیلنج تیرے اپنے اصول پر ہے۔جاہل،مکار ہم سے تو اپنے من مانے الفاظ کا بعینہ و بلفظہ دکھانے کا مطالبہ کرتا ہے اور خود جو بکواس منہ میں آتی ہے احناف کی طرف منسوب کر دیتا ہے۔البریقہ کے حوالے کے بارے میں لکھتا ہے کہ''محمد یونس کے علمی و اصلاحی ارشادات'' ہے کہ بدعت کی طرف مائل ہے۔تو اول تو اپنے اصولوں پر اس کتاب کو ہمارے لئے حجت ثابت کرو۔ثانیا بدعت کی طرف مائل ہیں تیری ہی بکواس ہے:

''کسی فعل کے بدعت ہونے سے ضروری نہیں کہ اس کا مرتکب بدعتی ہو''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص548)

ہم بھی تیرے اصول پر کہتے ہیں بدعت کی طرف مائل ہونے سے ضروری نہیں کہ بدعتی ہو۔

احکام شریعت اور ابوحامد پر پڑی پھٹکار

رضاخانی نے اس باب میں اپنا موقف پیش کرنے کیلئے سب سے پہلا حوالہ دجال مائۃ سابقہ و حاضرہ کا دیا اور حوالہ یوں دیا:

''احکام شریعت،ص89،90،ضیاالقرآن کراچی)

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص531)

یعنی اس کے نزدیک''احکام شریعت''خان صاحب بریلوی کی ہے۔اب اس پر فتوے رضاخانی ہی کی کتب سے ملاحظہ ہو۔رضاخانی لکھتا ہے:

''غور فرمایا آپ نے مستند حوالوں کا مجموعہ،ناقابل تردید دستاویز،زوردار طمانچہ،انتہائی

ذمہ داری اور لاجواب اور علمی کاوش کے جملے اس کتاب کو ثقاہت کی چوٹیوں پر لے گئے ہیں جبکہ کتاب کے اندر جو کچھ ہے وہ مواد اہل سنت کے منہ پر طمانچہ نہیں خود دیوبندیت کیلئے آسمانی بجلی اور قہر خداوندی ہے یہ علمی نہیں بلکہ سراسر جہل وجعل سازی ہے اور دھوکہ و فریب پر مبنی سعی لاحاصل ہے ہم قارئین کو اس کا نظارہ کرائے دیتے ہیں"۔

(ہدیہ بریلویت پر ایک نظر،ص34)

اب وہ جعل سازی، جہل، دھوکہ، فریب، قہر خداوندی کیا ہے خود اسی جاہل کی زبانی ملاحظہ ہو:

"کئی مقامات پر احکام شریعت کی عبارات درج کی گئی ہیں اور اسے اعلی حضرت کی تالیف ظاہر کر کے اس کی ذمہ داری اعلی حضرت پر ڈالی ۔۔احکام شریعت اعلی حضرت کی اپنی تصنیف نہیں"۔

(ہدیہ بریلویت پر ایک نظر،ص35)

"اب فیصلہ کیجئے اس کتاب کو اہل سنت کی مستند کتاب قرار دینا کتنا بڑا جھوٹ، دھوکہ اور فراڈ ہے، جو دیوبندی لگاتار اپنائے ہوئے ہیں ایسی بے ضمیری اور مردہ دلی دیوبندیوں ہی کو نصیب ہوسکتی ہے"۔

(ہدیہ بریلویت پر ایک نظر،ص36)

ابو جاہل رضوی نے بھی ایسا کیا کہ احکام شریعت کو احمق رضا کی کتاب ظاہر کرنے کی کوشش کی ۔اب ابو حامد رضوی کی بے ضمیری، جھوٹ، فراڈ، مردہ دلی ملاحظہ ہو کہ کل تک جس احکام شریعت کو پیش کرنے پر یہ خبیث النسل والاصل دیوبندیوں کو گالیاں دے رہے تھے آج جب احمد رضا خان کو کھرلی سے علامہ نقشبندی صاحب نے باندھ کر اس کے "مظفر حسین شاہ شریف" پر دلائل کے "چھتر" برسائے تو اب وہی احکام شریعت رضاخانیت اور اعلی حضرت کی ترجمانی میں پیش ہو رہی ہے واقعی رضاخانیوں سے بڑا دیوث اس زمانے میں کوئی نہیں ۔

رضاخانیوں کے سادات احناف پر رضاخانیوں کے فتوے

رضاخانی اسمیل حقی، رافعی، عبدالغنی نابلسی کے حوالے سے لکھتا ہے:

''۔۔۔و نذر الزیت۔۔۔جائز لاینبغی النہی عنہ۔۔اولیاء کیلئے تیل اور چراغ کی نذرماننا۔۔جائز ہے اس سے منع نہ کرنا چاہئے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول،ص534،535،ملخصا)

اس مشرک زمانہ کے نزدیک اولیاء اللہ کے تقرب کیلئے تیل و چراغ کی نذرماننا جائز ہے۔معاذ اللہ حالانکہ پیچھے حوالے گزرچکے کہ نذرخالص اللہ کی عبادت ہے۔لہذا اس ذلیل کے اپنے فتووں واصولوں سے یہ سارے معاذ اللہ مشرک وحرام کار ہوئے۔شیخ الحدیث رضاخانیہ مولانا غلام رسول سعیدی لکھتا ہے:

''علامہ ابن عابدین شامی حنفی اس عبارت کی شرح میں لکھتے ہیں:

جو شخص اولیاء اللہ کی نذر اس طرح مانتا ہے: اے سیدی اگر میرا گم شدہ شخص لوٹ آیا یا میرا بیمار تندرست ہوگیا یا میری حاجت پوری ہوگئی تو میں آپ کو اتنا سونا، چاندی، یا کھانا یا موم بتیاں یا تیل دوں گا یہ نذر باالاجماع باطل اور حرام ہے۔اور اس پر متعدد دلائل ہیں پہلی دلیل کہ یہ مخلوق کی نذر ہے اور مخلوق کی نذر جائز نہیں ہے کیونکہ نذر عبادت ہے۔اور مخلوق کی عبادت جائز نہیں۔۔۔۔''۔

(شرح مسلم، جلد چہارم،ص539)

علامہ شامی علیہ الرحمۃ کی جس عبارت کا ترجمہ شیخ الحدیث صاحب نے کیا وہ اس طرح ہے:

مَطْلَبٌ فِي النَّذْرِ الَّذِي يَقَعُ لِلْأَمْوَاتِ مِنْ أَكْثَرِ الْعَوَّامِ مِنْ شَمْعٍ أَوْ زَيْتٍ أَوْ نَحْوِهِ (قَوْلُهُ تَقَرُّبًا إلَيْهِمْ) كَأَنْ يَقُولَ يَا سَيِّدِي فُلَانٌ إنْ رُدَّ غَائِبِي أَوْ عُوفِيَ مَرِيضِي أَوْ قُضِيَتْ حَاجَتِي فَلَكَ مِنْ الذَّهَبِ أَوْ الْفِضَّةِ أَوْ مِنْ الطَّعَامِ أَوْ الشَّمْعِ أَوْ الزَّيْتِ كَذَا بَحْرٌ (قَوْلُهُ بَاطِلٌ وَحَرَامٌ) لِوُجُوهٍ: مِنْهَا

أَنَّهُ نَذَرَ لِمَخْلُوقٍ وَالنَّذْرُ لِلْمَخْلُوقِ لَا يَجُوزُ لِأَنَّهُ عِبَادَةٌ وَالْعِبَادَةُ لَا تَكُونُ لِمَخْلُوقٍ. وَمِنْهَا أَنَّ الْمَنْذُورَ لَهُ مَيِّتٌ وَالْمَيِّتُ لَا يَمْلِكُ.

وَمِنْهُ أَنَّهُ إِنْ ظَنَّ أَنَّ الْمَيِّتَ يَتَصَرَّفُ فِي الْأُمُورِ دُونَ اللّٰهِ تَعَالَى وَاعْتِقَادُهُ ذٰلِكَ كُفْر

(شامی جلد دوم، ص 439)

اور رضا خانی لکھتا ہے:

''اولیاء اللہ کی قبور پر سجدہ کرنے کے حوالے سے اہلسنت کے فتاوی موجود ہیں اگر کوئی سجدہ تعظیمی کرتا ہے تو حرام اور عبادت کی نیت سے کرتا ہے تو کفر''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص 472)

معلوم ہوا کہ ''عبادت کی نیت'' سے کوئی کام کفر و شرک ہے تو رضا خانی فتووں سے تو یہ سارے حنفی مشرک و کافر ہوئے معاذ اللہ اس لئے رضا خانی ہی کی زبانی:

''اس حوالے کو مان لیا جائے تو کئی سادات احناف اور خود وہابیہ اس کی زد میں آتے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص 528)

لہذا ہم ان حوالوں کو نہیں مانتے ان کی حیثیت وہی ہے جو کتب احادیث میں موضوع احادیث کی ہوتی ہیں۔

نواں مسئلہ

قبر پر اذان دینے کی بدعت

اس مسئلہ کے تحت علامہ صاحب نے جو کچھ کہا پہلے اسے ملاحظہ کریں:

مسئلہ نمبر......9

قبروں پر اذان دینا

سادات احناف کے نزدیک قبر پر اذان دینا خلاف سنت ہے۔ان کی پیروی میں احناف دیوبند بھی یہی کہتے ہیں کہ قبور پر اذان دینا اور اسے ضروری سمجھنا خلاف سنت و بدعت ہے۔

(۱) علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۵۲ھ) لکھتے ہیں:

لَا يُسَنُّ الْأَذَانُ عِنْدَ إِدْخَالِ الْمَيِّتِ فِي قَبْرِهِ كَمَا هُوَ الْمُعْتَادُ الْآنَ، وَقَدْ صَرَّحَ ابْنُ حَجَرٍ فِي فَتَاوِيهِ بِأَنَّهُ بِدْعَةٌ وَقَالَ: وَمَنْ ظَنَّ أَنَّهُ سُنَّةٌ قِيَاسًا عَلَى نَدْبِهِمَا لِلْمَوْلُودِ إِلْحَاقًا لِخَاتِمَةِ الْأَمْرِ بِابْتِدَائِهِ فَلَمْ يُصِبْ. اهـ. وَقَدْ صَرَّحَ بَعْضُ عُلَمَائِنَا وَغَيْرُهُمْ بِكَرَاهَةِ الْمُصَافَحَةِ الْمُعْتَادَةِ عَقِبَ الصَّلَوَاتِ مَعَ أَنَّ الْمُصَافَحَةَ سُنَّةٌ، وَمَا ذَاكَ إِلَّا لِكَوْنِهَا لَمْ تُؤْثَرْ فِي خُصُوصِ هَذَا الْمَوْضِعِ، فَالْمُوَاظَبَةُ عَلَيْهَا فِيهِ تُوهِمُ الْعَوَامَ بِأَنَّهَا سُنَّةٌ فِيهِ، وَلِذَا مَنَعُوا عَنْ الِاجْتِمَاعِ لِصَلَاةِ الرَّغَائِبِ الَّتِي أَحْدَثَهَا بَعْضُ الْمُتَعَبِّدِينَ لِأَنَّهَا لَمْ تُؤْثَرْ عَلَى هَذِهِ الْكَيْفِيَّةِ فِي تِلْكَ اللَّيَالِي الْمَخْصُوصَةِ وَإِنْ كَانَتْ الصَّلَاةُ خَيْرَ مَوْضُوعٍ

(شامی ج2، ص 235 مطلب فی دفن المیت)

قبر پر مردے کو دفن کرتے ہوئے اذان دینا سنت نہیں جیسا کہ آج کل رواج چل پڑا ہے اور ابن حجر نے اپنے فتاوی میں اس کے بدعت ہونے کی تصریح کی ہے۔

(۲) فقہاء احناف فرماتے ہیں:

وَفِي فَتْحِ الْقَدِيرِ وَيُكْرَهُ عِنْدَ الْقَبْرِ كُلَّمَا لَمْ يُعْهَدْ مِنَ السُّنَّةِ وَالْمَعْهُودُ مِنْهَا لَيْسَ إِلَّا زِيَارَتُهَا وَالدُّعَاءُ عِنْدَهَا قَائِمًا كَمَا كَانَ يَفْعَلُ- صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -فِي الْخُرُوجِ إِلَى الْبَقِيعِ

(البحر الرائق، ج2، ص 210، درر الحكام شرح غرر الأحكام، ج 2، ص 286، فتح القدير، ج3، ص 431)

قبر کے پاس وہ سب افعال مکروہ ہیں جن کا ثبوت سنت رسول ﷺ سے نہیں اور سنت صرف قبور کی زیارت اور ان کیلئے دعا ہے کھڑے ہو کر جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کرتے جب وہ بقیع تشریف لے جاتے۔

بدعتی نظریہ

احناف تو فرماتے ہیں کہ قبروں پر اذان کا ثبوت موجود نہیں جو اسے ضروری سمجھتا ہے وہ بدعتی ہے قبور کیلئے صرف زیارت اور ان کیلئے صرف دعا مشروع ہے لیکن اہل بدعت نے آج اسے اپنا شعار بنایا ہوا ہے اہل بدعت کے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے اس کے نام نہاد ثبوت پر پورا ایک رسالہ لکھ مارا۔

لطیفہ : ایک جنازے سے بندہ واپس آرہا تھا تو ہماری واپسی کے بعد قبر پر اہل بدعت نے قبضہ کرلیا اور وہاں اذان دینی شروع کر دی تو ایک صاحب نے مجھے بعد میں کہا کہ میں نے وہاں کہا کہ تم عجیب لوگ ہو نماز (یعنی جنازہ) پہلے پڑھ لی اور اذان اب دے رہے ہو۔ یعنی اذان میں تو اصل یہ ہے کہ نماز سے پہلی دی جائے مگر یہاں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد یہ سب کچھ ہو رہا ہے گویا یہ حرکت عقل کے بھی خلاف ہے۔

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، 63و64)

رضاخانی پٹاری کی تاویلات باطلہ

رضاخانی کو پچھلے مسائل میں کچھ عبارتوں میں دجل وفریب کر کے پیش کرنا کا موقع ملا گیا تھا مگر اس مسئلہ میں اس کے پاس ایک بھی حوالہ نہیں تھا اس لئے اس نے 549 تا 582

تک کوئی ایک ایسی گندی وغلیظ گالی نہیں چھوڑی جو دی نہ ہو۔لہذا ہم بھی اسے اسی کی زبان میں ترکی بہ ترکی جواب دیں گے۔

(ا) اولا اس نے شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ؒ کی طرف منسوب ''ملفوظات'' کا حوالہ پیش کیا اور پھر صفحہ 549 تا 551 گالیوں پر سیاہ کیا۔حالانکہ کوئی اس دجال ،کذاب ، مکار، عیار، فراڈی، لعنتی سے پوچھے کہ پیچھے تیرے گروگھنٹال ، بے حیائی وخباثت میں سرتاپا کمال، بانس بریلی کے فاحشہ کا لال، کائنات کیلئے باعث ملال، علامت اضلال، صبح وشام جس کے گھر میں ہوتا شیطان کا دھمال، یعنی دجال مائۃ سابقہ و حاضرہ اعلی حضرت احمد رضا خان علیہ لعنۃ اللہ بالکمال کے ''ملفوظات اعلی حضرت'' پیش کئے گئے تو کہتا ہے معتبر ثابت کرو!!! مکتوبات مجدد الف ثانی اس کے مشرک ملت کے نزدیک معتبر نہیں ،فتاوی عزیزی میں تحریف ہو چکی ہے، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتب میں تحریف ہو چکی ہے۔تو کیا ملفوظات شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ؒ تجھے اپنی ماں کے جہیز میں ملے تھے جو اسے قرآن کی آیت معاذ اللہ بنا کر ہمارے سامنے پیش کرتا ہے؟ ہم کہتے ہیں جاؤ اسے کسی چوک چوراہے میں نذر آتش کر دو۔اس خبیث نے ملفوظات کا جو ایڈیشن پیش کیا وہ ''پاکستان ایجوکیشنل پبلیشرز کراچی'' کا ہے اور اسی ایڈیشن کے دیباچہ میں صاف واضح الفاظ میں لکھا ہوا ہے:

''ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جامع ملفوظات نے مکمل احتیاط سے کام نہیں لیا یا یہ بھی ممکن ہے وہ کسی قول کو صحیح طور پر سمجھ نہیں سکا''۔

(ملفوظات شاہ عبد العزیز،ص 4، پاکستان ایجوکیشنل پبلیشرز کراچی، مطبوعہ 1960)

یعنی اول تو ان ملفوظات کا جامع ہی معلوم نہیں کہ کون ہے؟ پھر جو ہے اس نے بھی احتیاط سے کام نہیں لیا۔اور یہ خبیث اس قسم کی کتابوں سے حوالے نقل کر کے صفحات کے صفحات سیاہ کر رہا ہے۔پھر اس کا مترجم بھی ''انتظام اللہ شہابی'' جیسا بدعتی ہے۔شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

مزید لکھتا ہے:

''شاہ عبد العزیز محدث صاحب کے ملفوظات بھی اسی طرح سے آپ کے ایک مرید نے

جمع کئے جو دہلی سے باہر کے رہنے والے تھے افسوس کہ نام مع کا نام معلوم نہ ہوسکا''۔

(ملفوظات،ص 7)

لو جی! جمع کس نے کئے، ہم تک پہنچے کیسے کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ مگر یہ خبیث اس کی بنیاد پر علامہ شامیؒ کو رد کر کے علامہ نقشبندی صاحب پر بکواس پر بکواس کرتا رہا۔

بریلوی محقق محمود احمد برکاتی لکھتا ہے؛

''وہ مولوی سید احمد ولی الٰہی نے شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کے ملفوظات مطبوعہ میرٹھ کو جعلی بتلایا ہے۔۔۔ان میں الحاق ضرور ہوا ہے اور بعض فحش اشعار اور فحش واقعات درج کر دئے گئے ہیں''۔

(شاہ ولی اللہ اور انکا خاندان،ص 57)

اب اگر اس بے حیاء، مکار، عیار، دھوکی باز، دجال رضا خانی کے اندر کچھ شرم و حیاء ہے تو بانس بریلی محلہ جسولی کے کسی گندے نالے میں ڈوب کے مرجائے کہ خس کم جہاں پاک۔

ایسے جعلی حوالوں پر اس خبیث الفطرت کی تعلیاں ملاحظہ ہوں:

''لیجئے شاہ صاحب نے وہابیت و اسمعیلیت کا بیڑا ہی غرق کر دیا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص 550)

بیڑا غرق تو تن تنہا علامہ نقشبندی صاحب نے پوری رضا خانیت کا کر دیا ہے کہ دلائل سے عاجز ہو جانے کے بعد اب ہر جھوٹ کا سہارا لیکر خان صاحب بریلوی کے گھڑے ہوئے اس باطل دین کو سہارا دینے کی ناکام کوشش کر رہے ہو۔

مظفر حسین شاہ کو اخانی کو کھلا چیلنج

ہر طرح سے عاجز آجانے کے بعد آدھا صفحہ گالیوں میں سیاہ کرنے کے بعد کہتا ہے کہ پانچ سادات احناف سے ثابت کرو کہ قبر پر اذان خلاف سنت و بدعت ہے۔

(ملخصاً حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص 551)

جاہل، مکار، عیار تیرا یہ منہ مانگا مطالبہ علامہ شامی کی عبارت سے پورا کر دیا گیا۔ امام

اہلسنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحبؒ نے تین فقہاء کا حوالہ دیا تو نے اس کو مان لیا؟ تیرا مطالبہ قاضی صاحبؒ کی عبارتوں سے پورا کر دیا گیا تھا تو نے اس کو مان لیا؟ تیرا مطالبہ علامہ آلوسیؒ کی عبارتوں سے پورا کر دیا گیا تو نے اس کو مان لیا؟ یہ بھی پورا کر دیں گے تو تیری اگلی بکواس ہوگی کہ اگر اس کو مان لیا جائے تو اس فتوے کی زد میں شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ اور دیوبندی مولوی آجائیں گے۔

اگر اسی قسم کے من مانے مطالبوں کا نام چیلنج ہے تو دجال انسان اذان علی القبر کا قائل تو ہے ہم تجھے چیلنج دیتے ہیں اگر تو کسی مزار کی حرام کی پیداوار نہیں، اگر تجھ میں رتی برابر غیرت ہے، تو ابو جہل کی معنوی اولاد نہیں، تیری پشت میں کوئی قارون، ہامان نام کا دادا نہیں احمد رضا خان کی طرح، تو نے کبھی بچپن میں وہ کام نہیں کیا جو تاج الشریعہ کرتا، تو دس بیس نہیں صرف پانچ ہاں صرف پانچ سادت احناف سے مفتی بہ قول کی صورت میں اپنا یہ دعوی بعینہ بلفظہ ثابت کر کہ:

''قبر پر اذان دینا جائز بلکہ مستحسن ہے۔۔۔حق یہ ہے کہ اذان مذکور فی السوال کا جواز یقینی ہے''

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص 549)

''بہت سے علماء جن میں بعض احناف بھی شامل ہیں فرماتے ہیں کہ اذان قبر سنت ہے''۔ (جاءالحق، ص 302)

ثانیا: امام فضلی کا یہ قول انفرادی دعا پر محمول ہے جس کے ہم قائل ہیں جیسا کہ کفایت المفتی جلد چہارم ص 169 پر منقول ہے علامہ نقشبندی صاحب نے مروجہ رضاخانی طریقہ کار کو بدعت ومکروہ اور ناجائز کہہ رہے ہیں۔لہذا یہ قول ہمارے خلاف نہیں۔رضاخانی اس قدر دجال ومکار ہے کہ کفایت المفتی سے امام فضلی کی طرف منسوب قول تو نقل کرتا ہے مگر اس کا جواب نقل نہیں کرتا جو بقول رضاخانی:

''کوا بریانی وہ بھی ثواب سمجھ کر ہضم کر کے''۔(حنفیت کے باغی جلد اول،ص 612)

جو کچھ یوں ہے:

''اجازت دینے والوں کا مطمع نظر صرف یہ ہے کہ نفس دعا اصل سے مباح ہے یعنی انہوں نے فی نفسہ دعا کا حکم بتادیا ہے عروض وعوارض سے قطع نظر کی ہے لیکن واقفین حدیث و فقہ پر مخفی نہیں کہ مباح تو مباح مستحب ومسنون چیز بھی عروض وعوارض غیر مشروعہ سے ناجائز ہو جاتی ہے اور کسی مباح یا مستحب کا اتنا اہتمام کرنا کہ وہ فرض یا واجب کی طرح ہو جائے اور اس کے تارک کو لعن طعن کرنا یہ ایسی بات ہے کہ امور مباحہ ومستحبہ کو مکروہ بنا دیتا ہے''۔

(کفایت المفتی جلد چہارم،ص 75)

پس امام فضلی نے مطلق صرف دعا کے بارے میں کہا کہ لاباس بہ لیکن چون کہ رضاخانی اب اسے ضروری فرض سمجھتے ہیں جیسا کہ علامہ نقشبندی صاحب نے ذکر لیا لہذا ناجائز و بدعت ہوگا۔مفتی کفایت اللہ مفتی صاحب مرحوم مزید فرماتے ہیں جسے رضاخانی نے اپنی عادت اعلی حضرتی کے بموجب نقل نہیں کیا کہ:

''لیکن کسی معتبر کتاب میں یوں نہیں لکھا کہ نماز جنازہ کے سلام کے بعد دعا کرنا چاہئے یافلاں دعامستحب ہے صرف امام محمد بن الفضلؒ سے یہ مروی ہے کہ دعا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں اور چونکہ لفظ لاباس اکثر خلاف اولی میں مستعمل ہوتا ہے اس لئے ایک صاف اور واضح تطبیق تو امام محمد بن الفضلؒ اور امام ابو بکر بن حامدؒ کے کلام کی یہ ہوسکتی ہے کہ اول الذکر مکروہ تنزیہی اور موخرالذکر مکروہ تحریمی''۔

(کفایت المفتی جلد چہارم،ص 169)

لیجئے امام فضلیؒ کا جواب بھی ہوگیا کہ امام فضلی کا قول مطلقا انفرادی دعا کیلئے ہے مگر یہ بھی خلاف اولی ہے اجتماعی دعا جو رضاخانی کرتے ہیں اس میں کسی کا اختلاف نہیں کہ یہ مکروہ و بدعت ہے۔

امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحبؒ نے بھی امام فضلی کے اس قول کو نقل کرکے اسی قسم کا جواب دیا ہے معلوم نہیں کہ یہ ابو حامد رضوی مرزائی رضاخانی امام فضلی کے قول پر ہانڈ و بکرے کے خصیتین کی طرح اتنا اچھل کیوں رہا ہے؟

امام فضلیؒ کا قول رضاخانی دعوی کے مطابق نہیں

امام فضلی کا یہ قول خود رضاخانی بھی نہیں مانتا کیونکہ امام فضلی کے اس قول کو مان لیا جائے تو جنازہ کے فورا بعد ہر صورت و ہیئت میں دعا مانگنی جائز ہوگی حالانکہ خود رضاخانی لکھتا ہے:

''مگر اسی ہئیت پر رہتے ہوئے جس پر نماز پڑھی ایسا نہ کریں بلکہ صف وغیرہ توڑنے کے بعد اگر دعا وغیرہ کرنا چاہیں تو کرسکتے ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 584)

رضاخان کے حوالے سے لکھتا ہے:

''نماز جنازہ کے بعد اسی ہئیت پر بدستور صفیں باندھیں وہیں کھڑے ہوئے دعا نہ کریں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 583)

''اگر بعد سلام بیٹھ کر یا صفیں توڑ کر تھوڑی دیر دعا کی جائے تو بلا کراہت جائز ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 584)

معلوم ہوا کہ سلام کے فورا بعد طویل دعا کے خود رضاخانی بھی قائل نہیں اسے مکروہ قرار دیتے ہیں علمائے احناف نے جو اسے بدعت و مکروہ کہا ہے اسے اسی صورت پر محمول کرتے ہیں حالانکہ امام فضلی تو بعد التسلیم سلام کے فورا بعد دعا کے متعلق کہتے ہیں کہ لاباس بہ تو امام فضلی تو خود آپ کے قول کے مطابق نماز میں زیادتی کے مشابہت مکروہ و بدعت پر فتوی دے رہے ہیں تو ہم پر بکواس کرنے کے بجائے ذلیل انسان پہلے یہ تو دیکھ کہ تیرا مذہب کیا اور تو فتوی کیا نقل کر رہا ہے؟

رضاخانی کو چیلنج کرنے کا بڑا شوق ہے تو ہم بھی اسے چیلنج کرتے ہیں کہ دس نہیں بیس نہیں پانچ سادات فقہائے احناف کا فتوی بلفظہ بعینہ اس طرح پیش کرکہ:

''نماز جنازہ کے فورا بعد دعا تو مکروہ و بدعت ہے ہاں صفیں توڑ کر یا بیٹھ کر مختصر اجتماعی دعا کی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں''۔

مولانا عبدالکریم کولاچی مرحوم و دیگر دیوبندی علماء

(۱،۲) باقی مولانا عبدالکریم کولاچی مرحوم کا حوالہ دیا ان کی نجم الفتاوی فی الوقت میرے پاس نہیں اور رضاخانی نقل پر تو بالکل بھی اعتبار نہیں رضاخانی حوالے میں فراڈ نہ کرے تو حلالی رضاخانی نہیں کہلائے گا۔اسی طرح صفحہ 594 تا599 شیخ عبدالحق حقانیؒ کی فتاوی حقانیہ اور مفتی فرید صاحبؒ کی فتاوی فریدیہ کے حوالے نقل کرکے اپنے منہ کے گٹر کا ڈھکن کھول کر خوب غلاظت انڈیلی ہے تو اس کے لئے فی الوقت جواب رضاخانی اصول پر یہ ہے کہ:

(۱) یا تو ان کا تفرد ہے۔

(۲) یا کابر و مشائخ دیوبند کے مقابل ان کے فتوے کی کوئی حیثیت نہیں۔ما قبل میں تاجرالشریعہ کا حوالہ گزر چکا کہ ہم فتوی نہیں لگائیں گے بس یہ کہیں گے کہ ان سے حق میں چوک ہوگئی خطاء ہوگئی حق ان پر واضح نہ ہوسکا۔

یاد رہے کہ خود رضاخانی کو بھی اقرار ہے کہ دیوبندیوں کا امام فضلی کے قول کو مستند قرار دینا

مزید جہالت کا اقرارکرنا ہے چنانچہ لکھتا ہے:

''وہابیہ اسمعیلیہ میں جب آپس میں ہی نماز جنازہ کے بعد دعا میں اختلاف ہوا تو ان کو امام ابوبکر بن فضل حنفی کا قول یاد آیا اور اسی کو معتمد و مستند کہہ کر اسی پر فتوی دے کر اپنی جاہل و بے وقوف قوم کو مزید بے وقوف بنایا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول ص 591)

معلوم ہوا کہ امام فضلی کے قول پر فتوی دینا مزید بے وقوف بنانا ہے لہذا امام فضلی کے قول پر فتوی ہمارا مسلک و مشرب نہیں۔

(۳)صفحہ 599 پر انوار الباری جلد 19 ص 308 کا حوالہ دیا اور اسے امام المحدثین حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ کی طرف منسوب کیا جو اس رضاخانی کا دجل ہے اول تو انوار الباری امام انور شاہ کشمیریؒ کی کتاب نہیں۔مولانا احمد رضا بجنوری مرحوم کی ہے جو ہمارے ان اکابر میں سے نہیں جو رضاخانی اصول پر ہمارے لئے حجت ہوں۔**ثانیا** انہوں نے اس کتاب میں کئی علماء کی آرا کو پیش کیا۔**ثالثا** علامہ نقشبندی صاحب زید شرفہ کئی عرصہ پہلے اس کا منہ توڑ جواب دے چکے ہیں جس کو یہاں پیش کیا جا رہا ہے۔ملاحظہ ہو:

قبر پر نماز جنازہ اور مولانا احمد رضا بجنوری رحمہ اللہ کا تسامح

((ساجد خان نقشبندی))

محترم قارئین کرام بریلوی حضرات انوار الباری شرح صحیح البخاری سے مولانا احمد رضا بجنوری رحمہ اللہ کا ایک ملفوظ نقل کرتے ہیں اور عوام کو تاثر یہ دیتے ہیں کہ یہ محدث کشمیری رحمہ اللہ کا بیان ہے پہلے وہ ملفوظ پڑھ لیں:

''فتح الباری 3/ 76 میں یہاں بھی نماز جنازہ کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کا ذکر ہے، انوار الباری شرح صحیح البخاری جلد نمبر 191817 صفحہ نمبر 308۔

پہلی بات یہ ہے کہ یہ مولانا احمد رضا بجنوری رحمہ اللہ کی ذاتی رائے ہے اس کو محدث کشمیری رحمہ اللہ کا ملفوظ ہر گز ثابت نہیں کیا جا سکتا۔صحیح بات یہ ہے کہ علامہ بجنوری سے یہاں پر تسامح ہوا

ہے تلاش بسیار کے باوجود فتح الباری سے یہ حوالہ ابھی تک دستیاب نہیں ہوا قبر پر نماز جنازہ تھی یا فقط دعاء قبر پر نماز جنازہ کے متعلق جتنی بھی روایات موجود ہیں ان میں تدبر کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قبر پر دو امور میں سے ایک ضرور رہوا ہے یا تو صرف نماز جنازہ پڑھی گئی ہے یا فقط دعا پر اکتفا کیا گیا ہے کسی ایک بھی روایت سے دونوں موقف ثابت کرنا بہت مشکل ہیں۔

مفتی احمد یار نعیمی کا بیانیہ اور بریلوی علماء کے لیے لمحہ فکر

یہ مفتی احمد یار نعیمی نے اسی حدیث کی تشریح کرتے ہوئے دو موقف بیان کیے ہیں مفتی صاحب کا ایک نظریہ یہ ہے کہ یہ فقط دعا تھی باقاعدہ نماز جنازہ نہ تھی اور اس موقف کو شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے حوالے سے نقل کیا ہے مفتی صاحب لکھتے ہیں:

''اشعۃ اللمعات نے یہاں فرمایا کہ یہاں صلوٰۃ بمعنی دعا ہے اسی لیے یہاں نہ تکبیروں کا ذکر ہے نہ صفیں بنانے کا، بعض لوگ ان احادیث کی بنا پر کہتے ہیں کہ نماز جنازہ کئی بار ہو سکتی ہے مگر یہ غلط ہے، ورنہ تاقیامت ہمیشہ زائرین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ پر پہنچ کر آپ کی نماز جنازہ پڑھا کرتے۔ ولی کے نماز پڑھ لینے کے بعد اور کسی کو جنازہ پڑھنے کا حق نہیں دیکھو، حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر دو روز تک مسلسل نمازیں ہوتی رہیں مگر جب صدیق اکبر نے جو خلیفۃ المسلمین اور ولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے آپ پر نماز پڑھ لی پھر کسی نے نہ پڑھ''

(مراۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 488)

دوسرا موقف یہ ہے کہ یہ نماز جنازہ تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بحیثیت ولی ہونے کے پڑھائی تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حق حاصل تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سارے مسلمانوں کے ولی ہیں، رب فرماتا ہے: "اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ "۔ اگر ولی کے علاوہ اور لوگ نماز پڑھ لیں تو ولی کو دوبارہ جنازہ پڑھنے کا حق ہے، دیکھو صحابہ نے اس میت پر نماز پڑھ لی تھی مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ پڑھی، صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہو کر۔ جب اُمّ سعد کا انتقال ہوا تھا تب حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے باہر تھے، حضور صلی

اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ کے بعد ان کی قبر پر نماز پڑھی۔ مرقات نے فرمایا کہ اس قبر والے کا مبارک نام طلحہ ابن براء ابن عمیر علوی ہے جو انصار کے حلیف ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جنازہ میں یہ دعا پڑھی کہ یہ طلحہ ہیں تو ان سے راضی اور یہ تجھ سے راضی الخ۔

(مرا٭٭المناجیح شرح مش٭ا٭٭المصابیح جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 487)

مفتی صاحب صاف الفاظ میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا نماز جنازہ کے اندر مانگی تھی اگر یہاں پر دونوں باتیں تسلیم کر لی جائیں کہ پہلے نماز جنازہ پڑھی اور پھر دعا مانگی تو پھر مفتی صاحب کی بات تناقص سے خالی نہیں ہوگی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی صاحب کا موقف بھی غلط ہو جائے گا لہذا بدیہی طور پر یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک ہی بات ثابت ہوتی ہے یا فقط نماز جنازہ یا صرف قبر پر کھڑے ہو کر دعا۔

علامہ عینی حنفی رحمہ اللہ کی تشریح اور بریلوی حضرات کے موقف کی زبردست تردید

علامہ عینی لکھتے ہیں »البناي٭ شرح ال٭داي٭« (213/3)

:وأما الجواب عن حديث ابن عباس فلأنه صلى الله عليه وسلم كان هو الولي، قال الله تعالى: {النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ} [الأحزاب: 6] (الأحزاب: الآية6) ، ومن العلماء من جعل الصلاة على القبر من خصائص النبي صلى الله عليه وسلم، بدليل ما روي من قوله عليه السلام: »وإني أنورها بصلاتي عليهم« .فإن قلت: ابن حبان يتبع هذا الوجه، فقال: ليس الأمر كما توهموه، بدليل أنه عليه السلام صلى الناس خلفه، فلو كان من خصائصه لزجرهم عن ذلك.قلت: يجوز أن يكون صفهم خلفه لأجل أن يدعو لا للصلاة حقيقة.

حضرت رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کا قبر پر نماز جنازہ پڑھنا یہ اپ کی خصوصیت تھی پھر

اگے خصوصیت کی دلیل بھی دی ہے پھر اگے علامہ ابن حبان کی طرف سے ایک اعتراض نقل کرتے ہیں کہ اگر یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہوتی تو صحابہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صفحیں نہ بناتے اس کا جواب علامہ عینی حنفی یہ دیتے ہیں کہ صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صف بنا کر دعا مانگی تھی نہ کہ نماز جنازہ پڑھی تھی جبکہ بریلوی حضرات کا موقف یہ ہے کہ صفیں توڑ کر دعا مانگی جائے۔

محدث مولانا محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کا موقف اور بریلوی حضرات کی خیانت

مولانا احمد رضا بجنوری رحمہ اللہ کے حوالے سے یہ بات گزر چکی ہے کہ ان سے اس مسئلہ کو بیان کرنے میں تسامح ہوا ہے ایک بات واضح ہو کہ انوار الباری مکمل طور پر حضرت محدث کشمیری رحمہ اللہ کے افادات کا مجموعہ نہیں ہے بلکہ دیگر حضرات کی اراء کو بھی اس میں شامل کیا گیا ہے اور علامہ بجنوری کی اپنی تشریح بھی اس میں شامل ہے یہ بات انوار الباری کے پڑھنے والے پر مخفی نہیں رہ سکتی بریلوی حضرات خیانت یہ کرتے ہیں کہ اس کو حضرت محدث کشمیری رحمہ اللہ کا ملفوظ بنا کر پیش کرتے ہیں جیسا کہ عام طور پر مناظروں میں دیکھا گیا ہے حالانکہ یہ حضرت کا ملفوظ ہرگز نہیں ہے محدث کشمیری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب فیض الباری میں اسی حدیث کی تشریح کرتے ہوئے کسی بھی جگہ پر اس بات کا ذکر نہیں کیا کہ یہاں پر نماز جنازہ کے بعد دعا مانگنا ثابت ہے حضرت محدث کشمیری نے اسی حدیث کی جو وضاحت کی ہے ہم اپ کے سامنے رکھتے ہیں واضح رہے کہ یہ اسی حدیث کی تشریح ہے جس کو علامہ بجنوری رحمہ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے۔

فیض الباری اور محدث کشمیری رحمہ اللہ کا

موقف محدث کشمیری رحمہ اللہ نے ایک موقف یہ بیان کیا ہے کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی اور خصوصیت پر ایک حدیث بھی پیش کی ہے اس کی وضاحت مفتی احمد یار نعیمی

کے حوالے سے پہلے ہو چکی ہے محدث کشمیری کے الفاظ یہ ہیں » فيض الباري على صحيح البخاري« (2/79):

ولنا أيضا أن نعدها من خصائصه صلى الله عليه وسلم لما عند مسلم »إن هذه القبور مملوءة ظلمة على أهلها، وإن الله ليدخل عليهم نورا من صلاتي أو كما قال. فعلم منه وجه الخصوصية.

محدث کشمیری کے نزدیک اس حدیث کی ایک اور زبردست توجیہ

حضرت نے ایک اور زبردست موقف بیان کیا ہے جس کو خود بھی بہترین قرار دیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں نماز جنازہ ہو ہی نہیں سکتی اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شرکت ممکن ہو آگے محدث کشمیری فرماتے ہیں جس نے یہ بات کہی بہت عمدہ بات کہی کہ نماز خواہ نماز جنازہ ہو یا فرض نماز وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر ہو ہی نہیں سکتی اور آگے دلیل کے طور پر حضرت ابوبکر صدیق کا یہ فرمان پیش کیا ہے حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوتے ہوئے ابوبکر نماز پڑھائے یہ نہیں ہوسکتا حضرت کے الفاظ یہ ہیں » فيض الباري على صحيح البخاري« (2/79):

وأما في حديث الباب فادعى الحنفية أن النبي صلى الله عليه وسلم كان وليا فلا بأس بإعادته. وفي »الخصائص الصغرى« للسيوطي رحمه الله تعالى عن بعض الحنفية: أن صلاة الجنازة لا تصح بدون حضور النبي صلى الله عليه وسلم إذا أمكن شركته. قلت: ومن ذهب هذا المذهب فقد أصاب وأجاد، وهو الذي يعلم من التتبع أن الصلاة وقتية كانت أو جنازة لا تصح بدونه صلى الله عليه وسلم وهو الذي نبه عليه أبو بكر رضي الله عنه ولم يفهمه الناس ولا أدركوا كلامه حيث قال: ما كان لابن أبي قحافة أن يتقدم بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم

محدث کشمیری رحمہ اللہ کے نزدیک اس حدیث کی مزید تفصیل وتشریح

حضرت نے اسی حدیث کی شرح کرتے ہوئے دو باتیں اور بھی درج فرمائی ہیں اور پوری فیض الباری میں تلاش بسیار کے باوجود علامہ بجنوری رحمہ اللہ کے موقف کی طرح ایک خفیف سا اشارہ بھی نہیں ملا۔ حضرت نے جو مزید اس کی شرح کی ہے وہ بھی پڑھ لیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جنازہ میں حیثیت ولی کے پڑھایا تھا اور ولی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ دوبارہ نماز جنازہ پڑھائے » فیض الباري على صحيح البخاري « (3 / 45):

قلت: وهذا أيسر في الأحاديث. فظهر منه أن إعادة صلاته صلى الله عليه وسلم كانت من باب الولاية، لا من باب الصلاة على القبر «

پھر اخر میں احناف کا موقف پیش کیا ہے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ کے نزدیک اگر ایک مرتبہ نماز جنازہ ہو چکی ہو تو دوبارہ نماز جنازہ نہیں ہو سکتی » فیض الباري على صحيح البخاري « (3 / 44): »

وقال أبو حنيفة ومالك رحمهما الله تعالى: لا يصلى على القبر إن صلى عليه مرة، وإلا يصلى عليه ما لم يتفسخ.

فاضل بریلوی کا بھی یہی موقف تھا۔ فاضل بریلوی اپنی کتاب فتاوی رضوی میں لکھتے ہیں:

"درمختار میں ہے اگر نمازِ جنازہ ولی کے علاوہ کسی ایسے شخص نے پڑھا دی جس کو ولی پر مقدم ہونے کا حق نہ تھا اور ولی نے اس کی متابعت نہ کی تو ولی اگر چاہے تو قبر پر بھی اعادہ کرسکتا ہے یہ اعادہ اس کے اپنے حق کی وجہ سے ہے نہ کہ اسقاطِ فرض کے لئے۔ اسی وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ جس نے پہلے جنازہ پڑھ لیا ہو وہ ولی کے ساتھ اعادہ نہ کرے کیونکہ جنازہ کا تکرار مشروع نہیں"۔

(فتاوی رضویہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 97)

بریلوی حضرات کے لیے ایک اور پریشانی

بریلوی حضرات اس حدیث سے نماز جنازہ کے بعد دعاء پر استدلال کرتے ہوئے اپنے عقیدہ اور ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں کیونکہ اس حدیث میں صاف طور پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ سے فرماتے ہیں کہ مجھے ضرور اطلاع کرنا صحابہ نے راتوں رات جنازہ پڑھا دیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر بھی نہ ہوئی اس حدیث کا مکمل ترجمہ مفتی احمد یار نعیمی سے پیش کیا جاتا ہے:

''روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے کہ ایک حبشی عورت یا مرد مسجد میں جھاڑو دیتے تھے اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گم پایا تو اس عورت یا مرد کے متعلق پوچھا لوگوں نے عرض کیا کہ وہ فوت ہوگیا فرمایا تم نے مجھے اطلاع کیوں نہ دی راوی کہتے ہیں کہ شاید انہوں نے اس کا معاملہ حقیر جانا فرمایا مجھے اس کی قبر بتاؤ لوگوں نے بتائی آپ نے اس قبر پر (فقط) نماز پڑھی پھر فرمایا کہ یہ قبریں اپنی میتوں پر تاریکی سے بھریں ہیں اللہ میری نماز کی برکت سے انہیں نورانی کر دیتا ہے (مسلم، بخاری) لفظ مسلم کے ہیں''۔

(مرا[illegible]لمناجیح شرح مش[illegible]المصابیح جلدنمبر2 صفحہ نمبر 486)

حضرت طلحہ بن البراء کی قبر پر نماز پڑھنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی

حضرت طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ کی قبر پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھنا یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی اس پر دلائل ملاحظہ فرمائیں» صحیح مسلم « (2 / 659 ت عبد الباقي):71» -(956)

وحَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ (وَاللَّفْظُ لِأَبِي كَامِلٍ) قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ (وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ) عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ امْرَأَةً سَوْدَاءَ كَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ (أَوْ

شَابًّا) فَفَقَدَهَا رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم. فَسَأَلَ عَنْهَا (أَوْ عَنْهُ) فَقَالُوا: مَاتَ. قَالَ" أَفَلَا كُنْتُمْ آذنتمونى". قال: فكأنهم صغروا أمرها (أوأمره). فقال: "دلونى على قبرها" فَدَلُّوهُ. فَصَلَّى عَلَيْهَا. ثُمَّ قَالَ "إِنَّ هَذِهِ الْقُبُورَ مَمْلُوءَةٌ ظُلْمَةً عَلَى أَهْلِهَا. وَإِنَّ اللَّهَ عز وجل ينورها لهم بصلاتى عليهم".

اس حدیث کا وہی ترجمہ پیش کر دیتے ہیں جو مفتی احمد یار نعیمی نے کیا ہے روایت ہے حضرت ابو ہریرہ سے کہ ایک حبشی عورت یا مرد مسجد میں جھاڑو دیتے تھے اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گم پایا تو اس عورت یا مرد کے متعلق پوچھا لوگوں نے عرض کیا کہ وہ فوت ہو گیا فرمایا تم نے مجھے اطلاع کیوں نہ دی راوی کہتے ہیں کہ شاید انہوں نے اس کا معاملہ حقیر جانا فرمایا مجھے اس کی قبر بتاؤ لوگوں نے بتائی آپ نے اس قبر پر نماز پڑھی پھر فرمایا کہ یہ قبریں اپنی میتوں پر تاریکی سے بھریں ہیں اللہ میری نماز کی برکت سے انہیں نورانی کر دیتا ہے (مسلم، بخاری) لفظ مسلم کے ہیں۔ ایک اور حدیث بھی پڑھ لیں۔

سنن ابن ماجہ « (1 / 489 ت عبد الباقي):1528-

حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ ثَابِتٍ، وَكَانَ أَكْبَرَ مِنْ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا وَرَدَ الْبَقِيعَ فَإِذَا هُوَ بِقَبْرٍ جَدِيدٍ، فَسَأَلَ عَنْهُ، فَقَالُوا: فُلَانَةُ، قَالَ: فَعَرَفَهَا وَقَالَ »أَلَا آذَنْتُمُونِي بِهَا« قَالُوا: كُنْتَ قَائِلًا صَائِمًا، فَكَرِهْنَا أَنْ نُؤْذِيَكَ، قَالَ: »فَلَا تَفْعَلُوا، لَا أَعْرِفَنَّ مَا مَاتَ مِنْكُمْ مَيِّتٌ مَا كُنْتُ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ إِلَّا آذَنْتُمُونِي بِهِ، فَإِنَّ صَلَاتِي عَلَيْهِ لَهُ رَحْمَةٌ« ثُمَّ أَتَى الْقَبْرَ، فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا سنن ابن ماجهكتاب

جنازوں کا بیان باب: قبر پر نماز جنازہ پڑھنا حدیث نمبر: 1528 ترجمہ: یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ

(وہ زید بن ثابتؓ کے بڑے بھائی) کہتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نکلے، جب آپ مقبرہ بقیع پہنچے تو وہاں ایک نئی قبر دیکھی، آپ نے اس کے بارے میں پوچھا تو لوگوں نے کہا: فلاں عورت کی ہے، آپ نے اس کو پہچان لیا اور فرمایا: تم لوگوں نے اس کی خبر مجھ کو کیوں نہ دی؟، لوگوں نے کہا: آپ دوپہر میں آرام فرما رہے تھے، اور روزے سے تھے، ہم نے آپ کو تکلیف دینا مناسب نہ سمجھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اب ایسا نہ کرنا، آئندہ مجھے یہ معلوم نہ ہونے پائے کہ پھر تم لوگوں نے ایسا کیا ہے، جب تم لوگوں میں سے کوئی شخص مرجائے تو جب تک میں تم میں زندہ ہوں مجھے خبر کرتے رہو، اس لیے کہ اس پر میری نماز اس کے لیے رحمت ہے، پھر آپ اس کی قبر کے پاس آئے، اور ہم نے آپ کے پیچھے صف باندھی، آپ نے اس پر چار تکبیریں کہیں۔

محدث کشمیری رحمہ اللہ نے بھی اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت شمار کیا ہے

، محدث کشمیری حضرت مولانا انورشاہ رحمہ اللہ نے بھی اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت قرار دیا ہے اور حافظ ابن حجر کی طرف سے کیے گئے ایک اعتراض کا تسلی بخش جواب بھی دیا ہے» فيض الباري على صحيح البخاري «(2/79):

ولنا أيضا أن نعدها من خصائصه صلى الله عليه وسلم لما عند مسلم »إن هذه القبور مملوءة ظلمة على أهلها، وإن الله ليدخل عليهم نورا من صلاتي«، أو كما قال. فعلم منه وجه الخصوصية، ومن يكون بعده من يدخل بصلاته نور على أهل القبور. ومر عليه الحافظ وقال: إنه مدرج دخلت فيه قطعة من الحديث الآخر، وهو وهم من الراوي.قلت: وإذا كان حديثا فكيفما كان يكون حجة، وإليه أشار محمد رحمه الله تعالى في الصلاة على الغائب، وقال: وليس النبي صلى الله عليه وسلم في هذا كغيره، يعني به الإشارة إلى الخصوصية وقد

ذ کر ناہ.

فتح الباری کی ایک حدیث سے بریلویوں کا استدلال اور اس کا تسلی بخش جواب

بریلوی حضرات فتح الباری کی ایک روایت پیش کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ پڑھنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے لیے دعا مانگی پہلے وہ روایت اپ حضرات کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے »فتح الباري« لابن حجر (3/118ط السلفي ※):

فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِينَ أَصْبَحَ، فَجَاءَ حَتَّى وَقَفَ عَلَى قَبْرِهِ، فَصَفَّ النَّاسَ مَعَهُ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ الْقَ طَلْحَةَ يَضْحَكُ إِلَيْكَ وَتَضْحَكُ إِلَيْهِ.

اس روایات کا ترجمہ یہ ہے صبح کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے مرنے کی خبر دی گئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی قبر پرا کر کھڑے ہوئے اور اپ کے ساتھ صحابہ نے صفیں بنائی پھر اپ نے ہاتھ اٹھائے اور دعا مانگی اے اللہ اپ طلحہ سے سے اس حالت میں ملیں کہ طلحہ اپ کو دیکھ کر ہنس رہا ہو اور اپ طلحہ کو دیکھ کر مسکرا رہے ہوں اس حدیث میں واضح طور پر فقط نماز جنازہ پڑھنے کا ذکر ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں صحابہ رضی اللہ عنہم نے صفیں بنائیں پھر اپ نے نماز جنازہ کے اندر سلام پھیرنے سے پہلے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے لیے دعا مانگی نماز جنازہ پڑھنے کے بعد دعا کا نام ونشان بھی نہیں ہے یہ دعا نماز جنازہ کے اندر تھی دو محدثین کی وضاحت حافظ ابن عبدالبر اور حافظ ابن بطہ الحنبلی دونوں محدثین نے فتح الباری والی مختصر حدیث کو مکمل بیان کیا ہے اس حدیث کے اخر میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت طلحہ کی قبر پر کھڑے ہو سلام پھیرنے سے پہلے نماز جنازہ کے اندر دعا مانگی تھی »ال إبان ※ ال ※ بر ※ - ابن بط ※« (7/101):

فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِينَ أَصْبَحَ فَجَاءَ حَتَّى وَقَفَ عَلَى قَبْرِهِ فَصَفَّ وَصَفَّ النَّاسَ مَعَهُ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: »اللَّهُمَّ الْقَ طَلْحَةَ يَضْحَكُ إِلَيْكَ وَتَضْحَكُ إِلَيْهِ« ثُمَّ انْصَرَفَ »التمهيد - ابن عبد البر « (4/ 245 ت بشار): »فأُخبرَ النبى صلى الله عليه وسلم حينَ أصبَح، فجاء حتى وقَف على قبرِه في قِطارةٍ بالعَصَبةِ، فصفَّ وصفَّ الناسُ معه، ثم رفَع يدَيْه وقال: "اللَّهُمَّ الْقَ طلحةَ تضحَكُ إليه ويضحَكُ إليكَ". ثم انصرَف

فتح الباری کی حدیث سے ایک اور استدلال اور بریلویوں سے ایک عاجزانہ سوال

بریلوی لفظ ثم سے استدلال کرتے ہیں اگرچہ جواب دینے کی کچھ ضرورت محسوس نہیں ہوتی کیونکہ اوپر وضاحت گزر چکی ہے کہ یہ دعا سلام پھیرنے سے پہلے تھی پھر بھی ایک اور جواب عنایت کیا جاتا ہے کہ بعض روایات میں فا کا لفظ ہے اور بریلویوں کا اصول ہے کہ فلا تعقیب بلا مہلت کے لیے آتی ہے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم صفیں بنانے کے فورا بعد بلا کسی تاخیر کی دعا مانگی کیا صفیں بنانے کے بعد نماز جنازہ پڑھا جاتا ہے یا دعا مانگی جاتی ہے؟ فقال والی حدیث بھی قارئین کی نظر کی جاتی ہے

الآحاد والمثاني لابن أبي عاصم «(4/155): 2139-

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُطَرِّفٍ أَبُو سُفْيَانَ السُّرُوجِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُثْمَانَ الْبَلَوِيِّ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَوْ عُرْوَةَ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَصِينِ بْنِ وَحْوَحٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَتَى قَبْرَ طَلْحَةَ بْنِ الْبَرَاءِ فِي قِطَارٍ بِالْعُصْبَةِ فَصَفَّ وَصَفَّنَا خَلْفَهُ فَقَالَ: »اللَّهُمَّ الْقَ طَلْحَةَ يَضْحَكُ إِلَيْكَ وَتَضْحَكُ إِلَيْهِ

بریلویوں کی گرتی دیوارکو آخری دھکا لیجیے بریلویوں کی مقتدر اور محترم شخصیت مفتی احمد یار نعیمی سے ہم دکھا دیتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا نماز جنازہ کے اندر مانگی تھی چنانچہ مفتی صاحب لکھتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ کے بعد ان کی قبر پر نماز پڑھی۔ مرقات نے فرمایا کہ اس قبر والے کا مبارک نام طلحہ ابن براء ابن عمیر علوی ہے جو انصار کے حلیف ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جنازہ میں یہ دعا پڑھی کہ یہ طلحہ ہیں تو ان سے راضی اور یہ تجھ سے راضی الخ۔

(مراۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 487)

امید ہے اب کوئی اشکال باقی نہیں رہے گا انشاء اللہ۔ (ختم شد)

اللہ اکبر! اسے کہتے ہیں علم علامہ نقشبندی صاحب زید مجدہ کو اللہ نے وہ علم دیا کہ تم جیسے گدھے اس کی خاک کو بھی نہیں پہنچ سکتے اس لئے عاجز ہو کر گالیاں دے دے کر اپنے حرام کے گیارہ لاکھ حلال کرتے ہو۔

اس کے بعد صفحہ 600 تا 601 پر ایسے مولویوں کے حوالے دیئے جن کی کوئی حیثیت مسلک میں نہیں کسی کتاب کے ٹائٹل پر کچھ لکھا ہونے سے کیا رضاخانیوں کے ہاں وہ حجت ہو جاتا ہے؟ اپنے اصول سے جواب دیں تاکہ ہم کتاب کے اگلے ایڈیشن کے ٹائٹل پر لکھوالیں ''ابو حامد رضوی کی دوشقی وقف فی سبیل الشیطان''۔

سادات احناف پر رضاخانی فتوے

رضاخانی علامہ نقشبندی صاحب پر غراتے ہوئے لکھتا ہے:

''وہابی اسمٰعیلی نے جتنے فتوے بزعم خود ہم پر لگانے کی کوشش کی ہے وہ ہم پر نہیں لگیں گے لیکن دوسرے قول کے قائلین فقہائے کرام پر ضرور لگیں گے وہابی اسمٰعیلی ساجد خان نے جو گڑھا ہمارے لئے کھودنے کی کوشش کی تھی اب خود ہی اس میں گر گیا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول، ص 587)

مزید بھونکتے ہوئے لکھتا ہے:

''وہابی اسمٰعیلی ساجد خان نے اس مسئلہ کو بیان کر کے اپنے ہی کئی اکابرین کے سر پر جوتے مارے ہیں اور ان کیلئے ذلت و رسوائی کا سامان کیا ہے۔۔وہابی اسمٰعیلی ساجد خان کی عیاری مکاری اور دھوکہ نازی سب کو معلوم ہو سکے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 582)

بانس بریلی کا یہ کتامزید شریف انسانوں پر بھونکتے ہوئے لکھتا ہے:

''اب وہابی اسمٰعیلی ساجد خان امام ابو بکرمحمد بن فضل پر بھی دو چارفتوے لگائے اور انکو حنفیت سے خارج کرے یا اپنی جہالت سے باز آئے۔۔۔وہابی اسمٰعیلی ساجد خان کو تو کوئی شرم وحیاء نہیں کیاسارے وہابی اسمٰعیلی ایسے ہی ہو گیے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول،ص 589)

اب خود رضاخانی لکھتا علامہ عبدالحیٔ لکھنویؒ کے حوالے سے جو رضاخانیوں کا بھی بزرگ ہے:

''ایک روایت کے مطابق وہ جنازے کی دعا ہے جس کے بعد دعا مانگنا مکروہ ہے الزاہدی نے ابو بکر بن حامد کے حوالہ سے القنیہ میں لکھا ہے کہ نماز جنازہ کے بعد دعا کرنا مکروہ ہے۔۔نیز المحیط سے نقل کیا گیا ہے کہ نماز جنازہ کے بعد دعا کیلئے لوگ نہ ٹھریں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 585)

مزید لکھتا ہے:

''ہم نے یہ حوالہ صرف اس لئے دیا ہے کہ نماز جنازہ کے بعد دعامانگنے کے حوالے سے فقہاءاحناف کے دوقول ہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 586)

معلوم ہوا کہ فقہائے احناف کاایک قول جنازہ کے بعد دعا کے مکروہ و ناجائز ہونے کا بھی ہے۔اور سلام کے فورا بعد دعا کو تو رضاخانی بھی ناجائز و مکروہ کہتے ہیں اور فقہائے کے اقوال کو اسی پر محمول کرتے ہیں۔اب عمر اچھروی کا فتوی ملاحظہ ہو:

''اللہ کریم نے اس آیت میں اپنے مومنوں کو خاص طور پر دعا مانگنے کا ارشاد فرمایا اور مومنوں کی دعا کو خصوصیت سے قبول فرمانے کا بھی وعدہ کیا اور جو لوگ اللہ کی دعا سے تکبر میں رہے تو ان کو اللہ نے ذلیل کر کے جہنم میں ڈال کر فرمائیں گے کہ تم وہ جماعت ہو کہ مجھ سے مانگنے والوں کو بھی روکتے تھے اور میرے دربار میں میرے بندوں کو بدعتی کہہ کر ہاتھ پھیلانے نہ دیتے تھے اب تم اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچو کہ جو لوگ نماز فریضہ جنازہ کے بعد دعا سے روکتا ہے تو کیا اس کی سزا جو اللہ تعالی نے سیدخلون جھنم داخرین فرمائی ہے نہ دے گا؟ کیونکہ اللہ تعالی کا اعلان عام ہے''۔

(مقیاس حنفیت، ص 530)

اب صفیں توڑنے سے پہلے تمام فقہائے اللہ کے بندوں کو دعا سے منع کرتے ہیں اور صفیں توڑنے کے بعد فقہائے کا ایک طبقہ منع کرتا ہے تو عمر اچھروی کے فتوے سے معاذ اللہ سب ہی سادات احناف جہنم کا ایندھن ہیں ۔تو اس عیار، مکار، ذلیل ورسوا جاہل بلکہ اجہل الکائنات کے فتوے ہم پر تو نہیں لگے مگر ہمت کرے اور ان تمام سادات احناف کو معاذ اللہ جھنمی کہے۔ یہ ابو حامد رضوی وقت کا ابو جاہل رضوی تو ہے کیا سارے رضاخانی بھی اسی طرح کے جاہل ہیں؟ رضاخانی اپنے منہ کا گٹر اگلتے ہوئے کہتا ہے:

''ساجد خان کوئی لایعنی تاویل کر کے ان کو بچانے کی کوشش کرے تو میں پہلے سے ہی کہتا ہوں کہ وہابی اسمعیلی جو بھی تاویل کرے اس کا بھی کم از کم پانچ معتبر ومستند سادات احناف سے ثبوت دے ورنہ اس کی وی تاویل اس کے چوڑے چماڑوں کی طرح گٹر میں پھینک دی جائے گی اور پھر اس گٹر کی حفاظت کی ڈیوٹی بھی وہابی اسمعیلی ساجد خان کو مفت میں دی جائے گی''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلداول، ص 595)

تو رضاخانی مرزائی ابو حامد رضوی اسمعیلی جو بھی تاویل کرے کم از کم پانچ مستند ومعتبر سادات احناف سے اس کو پیش کرے ورنہ وہ تاویل اس کے چوڑے چماڑ احمد رضاخان

بریلوی کی طرح گٹر میں پھینک دی جائے گی اور پھر اس پر رضاخانی قوم کے چوڑے مظفر حسین شاہ کو مفت میں چوکیدار کھڑا کر دیا جائے گا جس کی ذمہ داری ہر روز اس گٹر یعنی احمد رضاخان کے چوتڑوں میں ''نو جوڑ والا محققہ'' پھیر کر اس کی صفائی کرنی ہوگی۔

ایک اور حوالہ ملاحظہ ہو رضاخانی چماڑ سے زیادہ ذلیل اور کسی بھڑوے سے زیادہ کمینہ مفتری احمد یار پاپائے گجرات فقہائے احناف کے متعلق لکھتا ہے:

''عبارتوں میں تو دعا سے ممانعت ہے ہی نہیں بلکہ کھڑے ہو کر دعا کرنے سے منع فرمایا ہے وہ ہم بھی منع کرتے ہیں''۔

(جاء الحق، ص 288)

اور پھر خود ہی جناز کے بعد دعا کے ثبوت کیلئے لکھا:

''میں نے ابن ابی اوفی کو دیکھا یہ بیعت الرضوان والے صحابی ہیں کہ ان کی دختر کا انتقال ہوا پھر ان پر چار تکبیریں کہیں پھر اس کے بعد دو تکبیروں کے فاصلہ کی بقدر کھڑے ہو کر دعا کی اور فرمایا کہ میں نے حضور علیہ السلام کو ایسے ہی کرتے دیکھا''۔

(جاء الحق، ص ۲۸۲)

اب بقول رضاخانی صحابی رسول ﷺ اور خود رسول اللہ ﷺ نے نماز جنازہ کے بعد کھڑے ہو کر دعا مانگی تو فقہاء اور رضاخانی حکیم الامت کون ہوتا ہے کھڑے ہو کر دعا سے منع کرنے والے؟ معاذ اللہ۔ یہ رذیل اب حضور کا مقابلہ کرنے پر بھی نہیں شرماتے۔لہذا یا تو مانو کہ روایت سے استدلال کرنے میں رضاخانی پاپائے گجرات چماڑ سے زیادہ ذلیل بانس بریلی کے گٹروں کی مفت میں چوکیداری کرنے والے احمد یار گجراتی نے دجل وفریب کیا یا پھر حضور ﷺ کی سنت وطریقہ سے منع کرنے والے اپنے اس نام نہاد حکیم الامت کو بانس بریلی کے گٹر میں ڈبکیاں لگاؤ۔

نوٹ: رضاخانی نے فضلی کے قول کیلئے جو حوالے دئے اس کے متعلق کہا کہ ساجد خان کے اکابر ہیں تو رضاخانی اپنے اصولوں پر ان دیوبندیوں کو (ماسوائے مفتی کفایت اللہ صاحب

دہلوی ؒ کو کہ انہیں خود علامہ صاحب اپنے اکابر میں سے مانتے ہیں) علامہ نقشبندی صاحب کے ''اکابر'' میں سے ہونا ثابت کرے بصورت دیگر اپنا مکار و عیار ہونا تسلیم کرے۔

ہم نے یہ تمام تر تفصیلات علامہ صاحب کے دروس سے لی ہے جسے اپنے الفاظ میں خلاصۃً پیش کر دیا اور یہ خبیث کہتا ہے کہ علامہ صاحب کو تو پتہ ہی نہیں ذلیل انسان امام فضلی کے حوالے ہمارے ہی فتاوی سے لیکر ہم پر ہی رعب ڈلتا ہے جیسے بہت بڑا تیر مار لیا ہو۔

التزام پر لایعنی بکواس

رضاخانی کے پاس جب اپنے مدعیٰ پر کوئی حوالہ نہیں ہوتا تو ہر مسئلہ پر بیس سے چالیس صفحات کا کوٹہ پورا کرنے کیلئے دو کام کرتا ہے:

(۱) غلیظ سے غلیظ گالیوں میں کئی صفحات سیاہ کر دینا شروع کر دیتا ہے۔

(۲) لایعنی اور غیر متعلقہ موضوعات کو چھیڑ دیتا ہے۔

یہاں بھی یہی صورتحال ہے کبھی کس طرف بھاگتا ہے کبھی کس طرف۔اب اس موقع پر التزام کی بات سرے سے علامہ نقشبندی صاحب نے کی ہی نہیں مگر اس پر صفحات کالے کرنے شروع کر دئے مولانا غلام الرحمن صاحب کا حوالہ پیش کیا کہ اگر دعا کو لازم سمجھیں تو دعا چھوڑ دینا بہتر ہے اور پھر سوال کرتا ہے کہ''چھوڑ دینا بہتر ہے'' سے حرام ثابت ہوگا یا مکروہ؟

اول تو انہیں ہمارے ان اکابر میں سے ثابت کرو جو ہم پر رضاخانی اصول پر حجت ہوں۔**ثانیاً** مفتی غلام الرحمن صاحب نے یہاں''چھوڑ دینا بہتر ہے'' کو بطور حکم شرعی ذکر نہیں کیا کہ مقابل میں حرام و مکروہ کا سوال کیا جائے۔''بہتر ہے'' بمنزلہ جنس سے جس کا اطلاق کئی چیزوں پر ہوسکتا ہے رضاخانی بتائے کیا مکروہ گناہ کے کاموں کو چھوڑ دینا''بہتر چیز نہیں''؟

لہذا''بہتر'' کا اطلاق مدلول کے اعتبار سے بہت سی چیزوں پر ہوسکتا ہے مروجہ دعا کو چونکہ علماء فقہاء نے مکروہ و بدعت کہا ہے لہذا جو اللہ سے ڈرتے ہوئے اس مکروہ کو چھوڑتا ہے تو''یقینا'' ایک بہتر کام کرتا ہے۔اس جاہل کو اردو عبارت تک سمجھنے کی صلاحیت نہیں۔

باقی رضاخانی کا خود التزام کا معنی یہ کرنا کہ:

’’کئی سنی حضرات ہوتے ہیں جو دعا مانگے بغیر ہی قبرستان چلے جاتے ہیں اور کچھ اپنے کام کاج پر چلے جاتے ہیں کبھی بھی کسی سنی معتبر و مستند عالم نے ان پر کسی قسم کا کوئی فتوی نہیں لگایا‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص 604)

تو رضاخانی لکھتا ہے:

’’وہابی اسمعیلی ساجد خان ان وہابیوں کے نام بتائے جنہوں نے نماز جنازہ کے بعد دعا کر کے وہابیت اسمعیلیت کا بیڑا غرق کر دیا‘‘۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول،ص 603)

تو مرزائی رضاخانی ابو حامد ان رضاخانیوں کے نام بتائے جو بغیر دعا کئے قبرستان اور اپنے کام کاج پر چلے جاتے ہیں۔جب ایک لسٹ تیار ہو جائے تو احمد یار گجراتی نے جو کہا کہ دعا بعد نماز جنازہ جائز بلکہ سنت ہے (جاء الحق،ص 288) اور عمر اچھروی نے جو کہا احناف نماز جنازہ کے بعد دعا مانگتے ہیں (مقیاس حنفیت،ص 529)

لہذا ترک سنت اور حنفیت کے خلاف کرنے پر ان سے توبہ کروائیں اور اگر بغیر توبہ مر گئے تو مظفر حسین شاہ والی شکل کسی بانس بریلی محلہ جسولی کے گٹر کی نذر کریں۔اور جتنے بھی زندہ جماڑ سے زیادہ ذلیل رضاخانی اکابر و اصاغر زندہ ہیں ان کے گلے میں یہ ترک سنت و ترک حنفیت کا طوق ڈال کر ان سے توبہ کروائیں۔باقی رضاخانی جنازہ کے بعد دعا نہ کرنے والوں کو جھنمی سمجھتے ہیں کیا اس کے بعد بھی لزوم و التزام کے سر پر سینگ ہوتے ہیں؟

فقہائے احناف کی عبارات سے گلو خلاصی کی کوشش

رضاخانی نے علامہ صاحب کے دلائل قاہرہ سے مکمل عاجز ہو کر اول تو خوب گالیاں دی پھر صفحہ 606 تا 617 ان علماء کو پیش کیا جو ہمارے لئے حجت نہیں یا امام فضلی کے حوالوں کو دوبارہ پیش کیا جس کا جواب ہو چکا ہے۔ہم بار بار وضاحت کر رہے ہیں کہ یہ اس خبیث کی عادت ہے کہ ایک ہی حوالے کو بار بار نقل کر کے صفحات سیاہ کرتا رہتا ہے۔

امام اہلسنت ؒ اس قسم کے دیوبندیوں کے متعلق لکھتے ہیں:

''تعجب ہے کہ بعض دیوبندی حضرات کو بھی یہاں مغالطہ ہوا ہے اور بعض نے اس سلسلہ میں راقم سے خط وکتابت بھی کی ہے ان کی تسلی کیلئے ہم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ؒ کا حوالہ درج کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ:

''بعض فقہا نے فرمایا کہ کھڑا رہ کر دعا نہ کرے چونکہ نماز جنازہ کے بعد اسی حالت پر کھڑا رہنا اور دعا کرنا خاص طور سے اجتماع و اہتمام کو ثابت کرتا ہے اس لئے اس طرح تعبیر فرمادیا مطلب وہی ہے کہ اجتماع واہتمام سے دعا نہ کرے یعنی اگر کوئی ایک شخص نماز جنازہ کے بعد اتفاقی طور پر اپنی جگہ کھڑا رہا اور اس نے کوئی دعا اپنے دل میں میت کیلئے مانگ لی تو اگرچہ اس نے کھڑے رہ کر یہ دعا کی ہے مگر مکروہ نہیں ہوگی کیونکہ کراہت کی اصل علت اجتماع و اہتمام موجود نہیں اور نفس قیام علت کراہت نہیں ۔انتہی بلفظہ (دلیل الخیرات ص 51، 52)۔اس سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ کراہت کی علت اجتماع و اہتمام ہے اس لئے اگر صفیں توڑ کر یا بیٹھ کر اجتماعی صورت میں دعا کی جائے تب بھی مکروہ اور ممنوع ہے''۔(راہ سنت،ص 211،212)

لہذا ان بعض الناس دیوبندیوں کا یہ کہنا کہ کھڑے ہو کر نہ مانگے صفیں توڑ کر یا بیٹھ کر مانگے مردود ہے اور رضاخانی اصول کے بقول ان سے حق تک پہنچنے میں خطاء ہوئی ہے۔اور ابو حامد مرزائی کے اصول کے مطابق اکابر کے مقابل اس قسم کے اصاغر کی تحقیقات کی کوئی حیثیت نہیں ۔لہذا ایسی تحقیقات پر مشتمل تمام صفحات ،کتب وفتاوی کی بتی بنا کر ابو حامد مرزائی خان صاحب کی دوشتی کی نذر لغوی مان لے۔

ملاعلی قاری حنفی ؒ کی عبارت کے متعلق کہتا ہے کہ:

''میں آپ کو بتاتا ہوں کہ علامہ علی قاری علیہ الرحمۃ کی عبارت کا مطلب کیا ہے علامہ علی قاری علیہ الرحمۃ فرمارہے ہیں کہ اس صورت میں میت کیلئے دعا نہ کرے جس سے نماز جنازہ میں زیادتی کا شبہ لازم آئے اور یہ صورت اس وقت ہوگی جب صفوں میں اسی طرح کھڑے ہو کر دعا

کرے جس طرح نماز جنازہ پڑھی اگر صفیں توڑنے کے بعد دعا مانگی جائے تو اس عبارت سے اس کا ناجائز ہونا ثابت نہیں ہوتا''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی وہابی جلد اول، ص 610)

ہم رضاخانی ہی اصول پر مطالبہ کرتے ہیں کہ اس نے جو یہ تاویل کی اس پر کم از کم پانچ سادات احناف کا حوالہ پیش کرے کہ ملا علی قاری حنفیؒ کی عبارت کا مطلب یہ ہے بصورت دیگر بانس بریلی کے گٹر میں ڈوب مرے۔

اس جاہل کو یہ علم ہی نہیں کہ ملا علی قاری نفس دعا ہی کو نماز جنازہ میں زیادتی کے مشابہ کہہ رہے ہیں اسی لئے نفس دعا سے منع کر رہے ہیں۔

الحمدللہ آپ نے دیکھا کہ اس باب میں یہ رضاخانی مکمل عاجز ہے۔ اس کے پاس اپنے مدعی و دعوے پر کوئی ایک دلیل بھی نہیں علامہ صاحب کے دلائل سے مکمل عاجز ایک کا بھی جواب اس کے پاس نہیں سوائے اس بکواس کے کہ فلاں دیوبندی نے یوں کہا فلاں نے یوں جبکہ وہ دیوبندی خود اس رضاخانی کے اصول پر ہم پر حجت نہیں۔

پچاس کے قریب دیوبندی علماء اور چالیس کے قریب فقہاء اور پھر رضاخانی مشایخ کے مقابل خود رضاخانی اصول پر کسی کو لاچی و حقانی کی کوئی حیثیت و وقعت نہیں۔

گیارھواں مسئلہ

نماز جنازہ کے ساتھ باآواز بلند ذکرو مروجہ نعت خوانیاں

مسئلہ نمبر......11

نماز جنازہ کے ساتھ باآواز بلند ذکر کرنا

احناف کے ہاں نماز جنازہ کے ساتھ باآواز بلند ذکر کرنا یا نعرے وغیرہ لگانا مکروہ یعنی بدعت ہے انہی کی پیروی میں احناف دیوبند کا بھی یہی نظریہ ہے۔

(۱) شیخ عبدالرحمن بن محمد بن سلیمان المدعو بشیخي زاد ※ معروف بداماد أفندي (المتوفی ۱۰۷۸ھ) رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں

(وَعَنِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَنَّهُ كَرِهَ رَفْعَ الصَّوْتِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَالْجِنَازَةِ) .وَفِي الْبَزَّازِيَّةِ وَيُكْرَهُ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ وَيَذْكُرُ عِنْدَ الْجِنَازَةِ فِي نَفْسِهِ

(مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر، ج2، ص 551)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرات قرآن و جنازہ کے وقت آواز بلند کرنے کو ناپسند فرماتے اور فتاوی بزازیہ میں ہے کہ جنازے کے وقت بلند آواز سے ذکر مکروہ ہے اگر ذکر کرنا چاہے تو دل میں کرے۔

(۲) علامہ کاسانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۸۷ھ) لکھتے ہیں:

وَيُطِيلُ الصَّمْتَ إذَا اتَّبَعَ الْجِنَازَةَ وَيُكْرَهُ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ لِمَا رُوِيَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّهُ قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - يَكْرَهُونَ رَفْعَ الصَّوْتِ عِنْدَ ثَلَاثَةٍ: عِنْدَ الْقِتَالِ، وَعِنْدَ الْجِنَازَةِ، وَالذِّكْرِ؛ وَلِأَنَّهُ تَشَبُّهٌ بِأَهْلِ الْكِتَابِ فَكَانَ مَكْرُوهًا.

(البدائع الصنائع، ج1، ص 230)

جنازہ کے ساتھ چلتے وقت خاموشی اختیار کرے اور اس وقت باآواز بلند ذکر کرنا مکروہ ہے جیسا کہ حضرت قیس بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین موقعوں پر آواز بلند کرنے کو ناپسند کرتے جنگ کے وقت جنازہ کے وقت اور ذکر کے وقت اور یہ اہل کتاب

سے مشابہت ہے اس وجہ سے مکروہ ہے۔

(۳) امام أبوبکر بن علي بن محمد الحدادي العبادي الزَّبيدِيّ اليمني الحنفي رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۰۰ھ) لکھتے ہیں:

وَعَلَى مُتَّبِعِي الْجِنَازَةِ الصَّمْتُ وَيُكْرَهُ لَهُمْ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ وَالْقِرَاءَةِ.

(الجوهرة النيرة، ج1 ص 180، فتاوی عالمگیری ج1، ص 223)

جنازہ کے ساتھ چلنے والے خاموشی اختیار کریں اس وقت ان کیلئے آواز بلند کرنا مکروہ ہے۔

(۴) شیخ ملا خسرو محمد بن فرامرز بن علي الشهير رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۸۵ھ) لکھتے ہیں:

وَيُكْرَهُ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ وَيَذْكُرُ فِي نَفْسِهِ

(درر الحكام شرح غرر الأحكام، ج1، ص 167)

جنازہ کے ساتھ بآواز بلند ذکر کرنا مکروہ ہے اگر ذکر کرنا چاہے تو دل میں کرے

(۵) ابن نجیم مصری لکھتے ہیں:

وَيَنْبَغِي لِمَنْ تَبِعَ جِنَازَةً أَنْ يُطِيلَ الصَّمْتَ وَيُكْرَهُ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ وَقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَغَيْرِهِمَا فِي الْجِنَازَةِ وَالْكَرَاهَةُ فِيهَا كَرَاهَةَ تَحْرِيمٍ

(البحر الرائق، ج2، ص 207)

جو جنازہ کے ساتھ چلے اس پر لازم ہے کہ خاموشی اختیار کرے اس وقت بآواز بلند ذکر کرنا اور تلاوت قرآن وغیرہ کرنا مکروہ ہے اور یہ کراہت کراہت تحریمی ہے۔

(۶) فتاوی بزازیہ میں ہے:

ويكره رفع الصوت بالذكر خلف الجنازة ويذكر في نفسه

(فتاوی بزازیه، ج1، ص 54)

جنازہ کے پیچھے چلتے وقت بلند آواز کے ساتھ ذکر کرنا مکروہ ہے اور ایسے موقع پر دل میں ذکر کرے

(۷) قاضی خان میں ہے:

یکرہ رفع الصوت بالذکر فان اراد ان یذکر اللہ یذکرہ فی نفسہ و عن ابراھیم رحمہ اللہ تعالی کانوا یکرھون ان یقول الرجل وھو یمشی معھا استغفروا لہ غفر اللہ لکم

(فتاوی قاضی خان، ج1، ص119)

جنازہ کے وقت بلند آواز سے ذکر کرنا مکروہ ہے اور اگر ذکر کرنا چاہے تو دل میں کرے حضرت امام ابراہیم سے منقول ہے کہ وہ لوگ اس بات کو مکروہ جانتے کہ جنازہ کے ساتھ چلتے وقت یہ نعرہ لگایا جائے جنازہ کیلئے اللہ سے بخشش کا سوال کرو اللہ تمہاری بخشش کرے۔

(۸) فتاوی سراجیہ میں ہے:

رفع الصوت بالذکر و قراۃ القرآن و قولھم کل حی یموت و نحو ذالك خلف الجنازۃ بدعۃ

(فتاوی سراجیہ، ص 130، باب التکفین)

جنازہ کے وقت بآواز بلند ذکر و تلات کرنا مکروہ ہے اور لوگوں کا اس وقت یہ نعرہ لگانا کہ ہر جی نے مرنا ہے یا اس جیسے نعرے وغیرہ (جیسا کہ ہمارے ہاں آج کل نعرہ لگتا ہے کلمہ شہادت۔۔) بدعت ہیں۔

بدعتی نظریہ

آپ نے ملاحظہ فرمالیا کہ نبی اکرم ﷺ ان کے اصحاب اور ان کی پیروی میں فقہاء احناف جنازہ کے وقت بآواز بلند ذکر کرنے کو یا کسی قسم کے نعرے لگانے جیسا کہ آج کل ہوتا ہے کہ کلمہ شہادت اس کو مکروہ جانتے اور بدعت جانتے مگر اہل بدعت آج نہ صرف نعرے لگاتے ہیں بلکہ باقاعدہ بعض جنازوں میں مائیک کے ساتھ یا بآواز بلند نعت خوانیاں کرتے

ہیں یہ سب گناہ و بدعت ہے۔

بانی فرقہ بریلویت جناب مولانا احمد رضا خان بریلوی (المتوفی ۱۳۴۰ھ) اپنی وصیت میں لکھتے ہیں:

''جنازہ کے آگے پڑھیں'' تو تم پر کروڑوں درود''۔

(وصایا ص 15، انجمن انوارالقادریہ کراچی)

جب فقہاء نے اللہ کے ذکر اور قرآن کی تلاوت کو بھی اس موقع پر مکروہ لکھا تو خان صاحب کو یہ اجازت کس نے دی کہ وہ اپنی لکھی ہوئی نعتیں اپنے جنازے پر پڑھوائیں؟

خود خان صاحب بریلوی سے یہ سوال ہوا کہ ''جنازہ کے آگے بلند آواز سے ذکر کرنا مولود شریف پڑھنا جائز ہے یا مکروہ بعض کتب فقہ میں اسے مکروہ تحریمی اور تنزیہی لکھا ہے''۔

(اذان القبر ص 45، ناشر دارالکتب حنفیہ کراچی باہتمام سید شاہ تراب الحق قادری)

بجائیے یہ کہ خان صاحب اپنی حنفیت کا دم بھرتے اور اس فتوے کو برقرار رکھتے ان کے اندر کے بدعتی اور فقہ حنفی کی دشمنی نے انگڑائی لی اور نام نہاد صغرے کبرے ملا کر یہ فتوی جاری کر دیا کہ اگرچہ فقہ نے مکروہ لکھا ہے مگر اب اس دور میں یہ سب جائز ہے۔

سوال یہ ہے کہ خان صاحب کی حیثیت و اوقات کیا ہے کہ وہ فقہاء کرام کے فتوے کو کالعدم قرار دیں؟ کیا یہ شریعت کے مقابل اپنی شریعت گھڑنی نہیں؟ آج جو لوگ فقہ حنفی کے منکر ہیں انہیں کس منہ سے خان صاحب الزام دیتے ہیں؟

(رضاخانیت بمقابلہ حنفیت، ص 67 تا70)

رضاخانی کا ان دلائل کے سامنے عاجزی

رضاخانی ان دلائل قاہرہ کے جواب میں ہر قسم کی ننگی گالیاں دینے کے باوجود اس اعتراف پر مجبور ہوا کہ:

''ہم تو خود کہتے ہیں کہ فقہاء احناف نے اس کو مکروہ لکھا ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص 632)

جب فقہائے احناف نے اس کو مکروہ لکھا ہے تو نے تسلیم کرلیا تو اب جتنی بکواس تو نے علامہ نقشبندی صاحب پر اس مسئلہ میں کی ہے وہ سب مردود ہے اور وہ گالیاں دراصل تو نے ان سادات احناف کو دی ہیں۔

رضاخانی رکیک تاویلات

رضاخانی نے اول تو گالیوں میں صفحات سیاہ کرنے کے ساتھ ساتھ صفحہ 619 تا 628 علامہ عبدالغنی نابلسیؒ کے حوالے دئے کہ وہ جنازہ کے ساتھ بآواز بلند ذکر کو جائز کہتے ہیں۔ تو اس پر عرض ہے کہ:

(۱) عبدالغنی نابلسیؒ تو خود احمد رضاخان کے فتوے سے گستاخ رسول ﷺ سے ہے معاذاللہ وہ قوالیوں کو ناچ گانے کو جائز کہتا ہے جسے احمد رضاخان حرام تو اب تمہارا ہی اصول ہے کہ جسے تم خود نہیں مانتے اسے ہمارے خلاف کیسے پیش کررہے ہو؟

(۲) ''پاک پیغمبر ﷺ، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین، صاحب مجمع الانھر، علامہ کاسانی حنفیؒ، فتاوی عالمگیری کے پانچ سو فقہاء، اام ابوبکر زبیدی یمنی حنفی، شیخ ملاخسرو، ابن نجیم مصری، صاحب فتاوی بزازیہ، قاضی خانؒ، صاحب فتاوی سراجیہ کے مقابلے میں خود رضاخانی اصولوں پر کیا حیثیت ہے؟ غلام رسول سعیدی احمد رضاخان کے مقابل کوئی حیثیت نہیں رکھتا تو نابلسی کی رسول ﷺ کے مقابل کیا حیثیت ہے کہ معاذاللہ رسول اللہ ﷺ ایک کام سے منع کرے اور نابلسی اس موقع پر فضول قیاس کرکے اسے جائز کہے؟

احمد رضاخان ابوحامد جیسے بدمست رضاخانی شیاطین پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''بعض جہال بدمست، یا نیم ملا ہوس پرست، یا جھوٹے صوفی باد بدست کہ احادیث صحیحہ مرفوعہ محکمہ کے مقابل بعض ضعیف قصے یا محتمل واقعے یا متشابہ کلمے پیش کرتے ہیں، انہیں اتنی عقل نہیں یا قصدا بے عقل بنتے ہیں کہ صحیح کے مقابل ضعیف، متعین کے آگے محتمل محکم کے حضور متشابہ واجب الترک ہے، پھر کہا قول م کہاں حکایت فعل''۔

(رسائل رضویہ جلد اول، ص 472 م 473)

تو نیم ملا بدمست، اور جاہل ملا ہوس پرست رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرامؓ اور اور سادات احناف کے مقابل عبد الغنی نابلسیؒ کے قول کی کوئی حقیقت نہیں جو تمہارے اصول پر بھی بدعت ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

رضاخانی کے سادات احناف بدعتی ہیں

رضاخانی عقل وخرد سے عاری ہو کر سید ابو طاہر ابدال کا قول علامہ عبد القادر الرافعی کے حوالے سے لکھتا ہے:

''السنۃ و ان کانت ھنا السکوت ۔۔اس مقام پر سنت اگرچہ خاموشی ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیو بندی جلد اول، ص 634)

اب سنت جنازے کے موقع پر خاموشی اور دل میں ذکر کرنا ہے جیسا کہ علامہ نقشبندی صاحب نے کہا اور رضاخانی کہتا ہے کہ نہیں:

(۱) علامہ عبد الغنی نابلسی۔

(۲) عبد الوہاب شعرانیؒ

(۳) سید علی خواصؒ۔

(۴) شیخ الرافعیؒ۔

(۵) قہستانی۔

(۶) شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ۔

(۷) دجال مائۃ سابقہ وحاضرہ احمد رضاخان۔

(۸) دجال ابن دجال مصطفی رضاخان۔

(۹) خلیفہ دجال اعظم امجد علی گھوسوی رضاخانی۔

کہتا ہے کہ نہیں بلکہ ذکر بالجہر کرنا مستحب ہے نعتیں پڑھنا مستحب ہے۔گویا یہ حضرات سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف فعل کے جواز کے قائل ہیں اب سنئے رضاخانی مذہب میں بدعت کی تعریف کیا ہے مفتی عبد القیوم ہزاروی لکھتا ہے:

''بدعت مذمومہ وہ کام ہے جو کتاب وسنت کی نصوص یا اجماع امت کے مخالف ہو''۔

(عقائد ومسائل،ص 76)

اب سنت خاموشی ہے انہوں نے اس سنت کی مخالفت کرتے ہوئے جہر کو مستحب کہہ دیا تو معلوم ہوا کہ یہ سب بدعت مذمومہ کے مرتکب ہو کر بدعتی ہوئے۔

اقبال سعیدی رضا خانی بدعت کی تعریف لکھتا ہے:

''اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ بدعت دراصل احکام شریعت میں تحریف کا نام ہے۔ یعنی جو حکم شرعی کسی دنیوی یا دینی چیز کے بارے میں شریعت میں قرار دیا گیا اس کی بجائے اپنی طرف سے کوئی حکم لگانا''۔

(مصباح سنت، جلد اول،ص 12)

اب شریعت نے جنازہ کے موقع پر حکم شریعت خاموشی قرار دیا اسے سنت کہا اور یہ اسے اپنی طرف سے اب بدل کر جہر کو مستحب قرار دے رہے ہیں تو حکم شرعی میں تحریف کر کے رضا خانی فتوے سے بدعتی ہوئے۔احمد یار گجراتی لکھتا ہے:

اب بدعت تین معنی میں استعمال ہوتا ہے نیا کام جو حضور انور کے بعد ایجاد ہوا خلاف سنت کام جو دافع سنت ہو''۔

(جاء الحق،ص 195)

مزید لکھتا ہے:

''ایسے عمل ایجاد کرے جو دین یعنی کتاب وسنت کے مخالف ہوں جس سے سنت اٹھ جاتی ہو وہ ایجاد کرنے والا بھی مردود ایسے عمل بھی باطل

(مراۃ المناجیح جلد اول،ص 462)

تو جاہل رضا خانی! تیری فضولیات مان لیں تو یہ دافع سنت و رافع سنت ہو کر خود تیرے حکیم الامت کے ہاں مردود و باطل عمل ہے۔

مجھے حیرت ہوتی ہے کہ ابو حامد رضا خان کیا بھنگ پی کر کتاب لکھتا ہے؟ یہ سمجھ آتی ہے کہ یا تو اس نیت سے کتاب لکھی ہوگی کہ بھلا اتنی غلیظ گالیوں اور لایعنی بے تکی باتوں کا جواب بھلا کون دے گا؟ لہذا جو منہ میں آئے بک دو جو حوالہ ملے کتاب میں درج کردو کون پوچھنے والا ہے؟ یا پھر کم از کم شراب کے نشے میں دھت ہو کر یہ سب حرام کاریاں کر رہا تھا۔
ایسی جہالتیں کسی صحیح العقل آدمی سے متصور نہیں یقینا ابو حامد رضوی کی عقل کافور کی طرح اس کے اعلی حضرت میں تھی اور اعلی حضرت بھی کٹے ہوئے تو وہاں سے بھی عقل نکلی ہوئی تھی۔ یہ اس قدر عقل سے عاری ہے کہ شیخ عبد القادر رافعیؒ کے حوالے سے لکھتا ہے کہ خاموش رہنا اگر چہ سنت ہے مگر لوگ غیبت و برائی کرتے ہیں تو اب:
''دو خرابیوں میں ہلکی خرابی کا ارتکاب کرتے ہوئے اس کا ترک کر دینا زیادہ پسندیدہ ہے''۔(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص635)
یعنی ترک سنت بھی خرابی ہے لیکن چونکہ غیبت بڑی خرابی ہے اس سے بچنے کیلئے ہم ذکر بالجہر کی اجازت دے دیں گے۔تو خبیث آدمی! علامہ نقشبندی صاحب نے جو کہا کہ خاموشی سنت ہے اسے تو بھی مان رہا ہے۔اس سنت کو ترک کرنے کو تو بھی خرابی مان رہا ہے تو پھر آخر علامہ صاحب پر بکواس کس چیز کی کر رہا ہے؟
باقی ان حضرات کا یہ قیاس کہ لوگ غیبت کرتے ہیں تو ہم سے تو یہ رضاخانی لسٹیں مانگتا ہے کہ کون کونسی دیوبندی بدعت کرتے ہیں؟ تو ہم بھی تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کون اس موقع پر غیبت کرتا ہے؟ ہم تو جب بھی جنازہ کے ساتھ جاتے ہیں واللہ آخرت پیش نظر ہوتی ہے۔
ثانیا ہمیں گالیاں دیتا ہے کہ جاہلوں کے عمل کو کیوں حجت بنا کر پیش کر رہے ہو؟ تو یہاں بھی جو عوام جاہل ہیں اور غیبت کر رہے ہیں تو ان جاہلوں کے عمل سے سنت کو کیوں ترک کیا جا رہا ہے؟ جب علامہ ساجد صاحب یہی کچھ نذر و نیاز،عرس،غیر اللہ سے استمداد،مزارات، چراغاں کے موقع پر کہہ رہے تھے اور خرافات کو ترک کرنے کا کہہ رہے تھے تو اس وقت تیری بکواس ختم نہیں ہو رہی تھی اور اب جب اپنی گردن پر بات آئی تو جاہل عوام کی خاطر سنت کو

ترک کرنے پر بھی تیار ہوگیا اور باقاعدہ اسے حنفی قاعدہ کہہ رہا ہے۔

اب اس بدبخت شخص کی بدبختی کا اندازہ اس سے لگائیں کہ احمد رضا خان کے نزدیک مکروہ حرام کے قریب ہے اس فعل کو پاک پیغمبر ﷺ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سادات احناف مکروہ بقول احمد رضا خان حرام کہہ رہے ہیں لیکن یہ بدبخت عبدالغنی نابلسی کے حوالے سے لکھتا ہے:

''جو اسے حرام کہے وہ فہم شریعت سے قاصر ہے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 626)

استغفراللہ! یہ فتوی کس پر لگ رہا ہے رضاخانی اصولوں پر؟ رضاخانی بھیگی بلی بن کر کہتا ہے:

''جو باتیں حضرت علیہ الرحمۃ نے بیان کی ہیں وہ وہی بیان کر سکتے ہیں ہماری وہ اوقات نہیں''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 627،628)

کیوں؟!!! یہ شریعت تیرے باپ کی ہے؟ علامہ نقشبندی پر تو بھونک بھونک کر ہلکان ہوجاتا کہ شاباش مشرک، بدعتی کے فتوے سادات احناف پر لگاؤ اور یہاں تجھے اوقات یاد آگئی؟ جب تیری اوقات نہیں تو اوقات سے بڑھ کر باتیں کیوں نقل کرتا ہے؟ تیری اوقات نہیں تو اپنے اصولوں پر جواب دے کہ علامہ عبدالغنی نابلسی کی یہ اوقات کہاں سے ہوگئی کہ وہ رسول اللہ ﷺ، صحابہ کرام سادات احناف پر معاذ اللہ کوتاہ۔۔۔۔استغفراللہ!!

رضاضانی کہتا ہے:

''اب جو بھی فتوے وہابیہ اسمعیلیہ نے لگانے ہیں وہ علامہ نابلسی علیہ الرحمۃ پر لگادیں اور فقہائے احناف کے جتنے بھی فتوے وہابی اسمعیلی ساجد خان نے نقل کئے ہیں ان سب کا مصداق علامہ نابلسی علیہ الرحمۃ کو بنادیں اگر ہم پر فتوے لگتے ہیں تو جواز کا جو کہہ رہے ہیں وہ کیسے وہابیہ کے اصول سے فتوے سے بچیں گے''

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 622)

تو لیجئے احمد رضا خان، مصطفی رضا خان، امجد علی گھوسی پر تو ہم فتوے لگا دیتے ہیں کہ پکے حرام خور، مشرک، بدعتی جہنم کے کتے سنت کارد کرنے والے شریعت میں تحریف کرنے والے محرف یہودی ہیں۔ لیکن رضاخانی اصولوں وفتووں پر جو بدعتی کے فتوے:

''سادات احناف پر لگتے ہیں وہ رضاخانی لگائے اگر ہم پر فتوے لگ سکتے ہیں تو رضاخانی اصول پر سادات احناف ان فتووں سے کیسے بچیں گے؟''۔

ہماری طرف سے تو اصولی جواب

چونکہ رضاخانی کے نزدیک ہر بات جو کتاب میں وہ اس کے نزدیک سادات احناف کا مذہب بن جاتا ہے لہذا اس پر تو فتوے لازم ہیں لیکن ہمارا یہ نظریہ نہیں ہمارے نزدیک خود خان صاحب کے اصولوں پر کتب میں رطب و یابس ہر چیز ہوتی ہے کتاب کا معتبر ہونا اس کے مصنف کا معتبر ہونا اور بات ہے اس کی ہر بات کا معتبر ہونا اور بات ہے اس لئے اس باب میں جتنے اقوال رضاخانی نے پیش کئے وہ سب ضعیف غیر مفتی بہ مردود اقوال ہے۔

امجد علی گھوسوی رضاخانی لکھتا ہے:

''کسی کتاب کے معتبر ہونے کا یہ معنیٰ نہیں کہ اس میں جو کچھ لکھا ہے سب مسلم ہے۔ یہ شان تو صرف قرآن مجید ہی کی ہے ورنہ ہر کتاب میں بعض بعض امور متروک بھی ہوتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم''۔

(فتاوی امجدیہ جلد بر چار، ص 463 بحوالہ فتح الرحمن، ص 134)

تو یہ تمام اقوال سادات احناف کا مذہب نہیں بلکہ واجب الترک متروک وشاذ اقوال ہیں۔ خود رضاخانی نے تسلیم کیا کہ:

''ہم تو خود کہتے ہیں کہ فقہاء احناف نے اس امر کو مکروہ لکھا ہے اس کے ساتھ ایک اور قول بھی ہے جس کو وہابیہ اسمعیلیہ نہیں مانتے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلد اول، ص 632)

معلوم ہوا کہ اصل تو فقہاء کا مذہب اس کو ''مکروہ'' کہنا ہے۔ ہاں ایک قول اور ہے مگر

اس کی حیثیت صرف ایک ''قول مردود ومتروک'' کی ہے۔ ہم رضاخانی کو اس قسم کے اقوال کی بیسیوں مثالیں پیش کر سکتے ہیں جہاں فقہاء ایک طرف اور قول ایک طرف مگر اسے رضاخانی نہیں مانتے۔ مثلاً غائبانہ جنازہ فقہائے احناف کے نزدیک جائز نہیں احمد رضاخان نے اس پر پورا فتوی رسالہ کی صورت میں شائع کیا اسی فتوے میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی ؒ کا قول غائبانہ جنازہ کے جواز پر موجود ہے جسے خان صاحب نے رد کیا۔تو جاہلوں یہاں محض ایک قول کو نبی کریم ﷺ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین، فقہائے احناف کے مقابل لیتے ہوئے اور اسے ہی مذہب بناتے ہوئے تمہیں شرم نہیں آتی ؟ پھر بدمعاشی بھی کرتے ہو کہ ہمیں بدعتی اور احناف کا مخالف نہ کہو۔

رضاخانی کا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ؒ پر فتوے

رضا رضاخانی صفحہ 637،636 پر ملفوظات شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ؒ جیسی غیر معتبر کتاب سے حوالہ نقل کرنے کے بعد نیم ملاں جاہل بدمست بن کر لکھتا ہے:

''وہابی اسمعیلی ساجد خان اینڈ کمپنی تو جنازہ کے ساتھ ساتھ ذکراللہ اور نعت شریف پڑھنے پر فتوے داغ رہی تھی شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے تو اس سے بھی بڑا کام کر دیا اور قوال اور گانے تک کا جواز جنازہ کے ساتھ ثابت کر دیا کیا وہابی اسمعیلی ساجد خان بتائے گا کہ جنازہ کے ساتھ قوالوں کا گانا جائز ہے اگر نہیں تو شاہ صاحب پر کیا حکم لگے گا؟''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 637)

یہ فتوے کس نے لگائے اسی مکار، عیار، دھوکہ باز، فراڈی کی زبانی ملاحظہ ہو:

''ہم تو خود کہتے ہیں کہ فقہاء احناف نے اس امر کو مکروہ لکھا ہے اس کے ساتھ ایک اور قول بھی ہے جس کو وہابیہ اسمعیلیہ نہیں مانتے''۔

(حنفیت کے باغی دیوبندی جلداول،ص 632)

الحمدللہ ہمیں فخر ہے کہ ساجد خان نقشبندی اینڈ کمپنی کے فتوے عین سادات احناف کے مطابق ہیں لیکن رضاخانی دجل وفریب نہ کرے تو کیا کرے؟ کیونکہ اس نے اپنے گرو گھنٹالوں سے

سیکھا ہی یہی ہے ۔رہے شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ ان پر ہم کیوں فتوی لگائیں جبکہ احمد رضاخان پہلے ہی اس فتوے داغنے کی مشین گن ہاتھ میں لئے اسی انتظار میں کھڑا ہے کیونکہ احمد رضاخان نے قوالیوں اور گانے کے حرام ہونے پر پورا رسالہ ''

مسائل سماع

لکھا ہے اب رضاخانی ہمت کرے اور احمد رضاخان کا حلالی فرزند ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے شاہ صاحب پر فتوے لگائے۔

لا باس بہ کا پنکچر

رضاخانی نے صفحہ 632 و 633 پر ایک مردود قول ''لاباس بہ و خلاف اولی'' کا ذکر اور جنازہ کے ساتھ ذکر بالجہر کو مکروہ کو مکروہ تنزیہی ثابت کرنے کی ناکام کوشش پر پھولے نہیں سمارہا کہ دیکھو جنازہ کے ساتھ بآواز بلند ذکر ''لاباس بہ و خلاف اولی'' ہے تو اس لاباس بہ و خلاف اولی کی حقیقت بھی اپنے مناظر اعظم کی زبانی ملاحظہ ہو:

''یعنی اللہ تعالی بھی حرام، مکروہ اور خلاف اولی کام پر غضب کرتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی حرام، مکروہ، وخلاف اولی کام پر غضبناک ہوتے تھے۔۔۔اللہ تعالی خلاف اولی پر راضی نہیں بلکہ غضب فرماتا ہے''۔

(عصمۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ص 65)

''ہم نے مستند دلائل سے ثابت کر دیا ہے کہ خلاف اولی اور بظاہر خلاف اولی و ترک افضل و مکروہ تنزیہی بھی ممنوع شرعی و باعث سخط و غضب الہی کام ہیں''۔

(عصمۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ص 65)

تو آپ کے مذہب میں لاباس بہ خلاف اولی جواز اور کرنے کیلئے نہیں بلکہ خدا کے غضب کیلئے ہوتا ہے۔ ہائے رے رضاخانی تیری کونسی ''کل'' صحیح۔ حقیقت میں رضاخانیوں کو ذلیل کرنے کیلئے بس ان کی کتب ہی کافی ہیں بشرطیکہ گہرائی سے مطالعہ کیا ہو۔

بعض دیگر حوالے

